
بعون صانع مکین و مکان و فضل خالق زمین و زمان



[illegible]





بسم اللہ الرحمن الرحیم

بی زبان بی دہن ہی نطق کام اللہ کا / سب کلاموں سی ہی بالاتر کلام اللہ کا

ہو بیان بندوں کو ہی لازم صبح شام اللہ کا / دلمین یاد اللہ کی ہو لب پہ نام اللہ کا

کون جانی ہست کس کی کیا کس کی حقیقت / کارخانہ یون ہی جاری ہی مدام اللہ کا

تابع فرمان نجوم چرخ و ذرات زمین / دونون عالم مین ہی کیسا انتظام اللہ کا

آسمان پر بھی کوئی فارغ عبادت سی نہین / مہر و مہ کرتی ہین سجدہ صبح شام اللہ کا

باہمین مل کر ہوا سی جو صدا دیتی ہین برگ / فی الحقیقت ذکر کرتی ہین تمام اللہ کا

سفلی علوی کے سنم کی ہجا ہے شی / مصلحت سی کب کوئی خالی ہی کام اللہ کا

ہی یہ ظاہر وہ کسی کا ہی نہ اوس کا ہی کوئی / لم یلد ہے اور لم یولد کلام اللہ کا

بطن مین کودک تو کیڑا سنگ مین پاتا ہی رزق / پرورش کرنا زمانی کا ہی کام اللہ کا

دیکھتا سنتا ہے سب لیکن نہین ہی چشم و گوش / سب جگہ ہی پر نہین کوئی مقام اللہ کا

منتظر ہین روز محشر کیون نہ ہو ہمکو امید / سنتی ہین ہم بھی ہم غفار نام اللہ کا

قاصد ایسا ہو کہ جیسی تہی جناب مصطفیٰ — سن وعن بندونکو پہونچایا پیام اللہ کا

آسمان سی کب اونکے پاس آتی جبرئیل — متصل کہدن نہ پہونچایا سلام اللہ کا

کون ہی بہتر علی سی اوس نبی کا جانشین — عمر بہر کیا گیا حضرت نے کام اللہ کا

نور اونکا ہی وہی ہی جو ہی نور مصطفیٰ — نام اونکا بہی رہا ہی جو ہی نام اللہ کا

ہین محمد سی محمد تک جو چودہ مقتدی — فی الحقیقت ایک ہین اونپر سلام اللہ کا

ہم ہی اپنی گوشۂ عزلت سی وٹہین گی اسیر
حشر کی دن ہوگا جب دربار عام اللہ کا

خشک جب دم سی وہ نخل حسن جوانی ہوگیا — ہم تو سمجہی گل چراغ زندگانی ہوگیا

ہی ترا پرتو یہ سب آئینۂ آفاق مین — تو وہ اول ہی کہ اپنا آپ ثانی ہوگیا

حال اپنا عین عبرت ہی اگر ہو چشم فہم — شرم عریانی سی آنسو پانی پانی ہوگیا

جب تلک قاصد پہرا جاتا رہا آنکہون سی نور — خط جانان ہمکو پیغام زبانی ہوگیا

ناتوانونکو دیا خالق نی کیا نعم البدل — گہٹ گئی قوت تو زور ناتوانی ہوگیا

در پہ یوسف طلعتون کی اب کوئی آتا نہین — چار دن ہنگامۂ حسن جوانی ہوگیا

ضعف پیری مین امید ثمرۂ عشرت کہان — سوکہ کر کانٹا نہال زندگانی ہوگیا

کب دکہاتا ہی بہلا دیدار وہ مطرب پسند — مونہ سی جو نکلا ترانہ لن ترانی ہوگیا

ماجرای عالم نیرنگ ہی عبرت فزا — آج جو آنکہون سی دیکہا کل کہانی ہوگیا

کیا نقاہت ہی جو رنگ گل سی ہی کہنچا — کہنچی کہنچی اپنا چہرہ زعفرانی ہوگیا

تیزی ہی کیا آتش سودا اگر دہمین سر کی — طوق مثل حلقۂ گرداب پانی ہوگیا

وصف تیرا جب لکہا ای خنجر قاتل حسن — نثر کا ہر ایک فقرہ مصرع روانی ہوگیا

بھر گیا ایسا ہمارے نالۂ وفغان سے آسمان
یہ جہان گنبد گردان وخسانی ہوگیا

سنکے باتین اوسکی پردے ہی مین شرما گیا
شعلۂ آواز برق لن ترانی ہوگیا

صبح کو خورشید ہوتا ہی عیان جیسے آتشین
گیسوان نہان پیری مین خورشید جوانی ہوگیا

کعبہ و بتخانہ دونون ہیچ ایسے ہین اسیر
تھا جہان ان میں تیرے نالون سے پانی ہوگیا

جدا عزیز ہین بیگانہ و یگانہ ہوا
پلک جھپکتی ہی کچہ اور کارخانہ ہوا

نبی کے بعد یہ قرآں کو دیکہ کے سمجھی
کہ نامہ دیکے ہمین نامہ بر روانہ ہوا

کیا ہے آپنے دولت کا خاصہ پیدا
کہ جس طرف ہوئی تم اوس طرف زمانہ ہوا

پی سجود جبکی سر خدا پرستون کی
تراش کی بت جو ترا سنگ آستانہ ہوا

شباب تھا کہ آئی نسیم کا جھونکا
کہ دفعتہ ادہر آیا اور ہبر روانہ ہوا

دیے خدا نے عوض ایک ایک کی دس دس
کریم بانٹ کی زر صاحب خزانہ ہوا

ظہور حشر ہو دیکھین جمال یار آنکھین
دراز ترک ملاقات کا زمانہ ہوا

لگا رہا ہی جو شرطین نماز مین واعظ
خدا کا گھر یہ نہ ٹھہرا قمار خانہ ہوا

خوشا وہ تن جو تری تیغ کا بنا چونک
خوشا وہ دل جو تری تیر کا نشانہ ہوا

کبھی جو موسم پیری نے اپنی بال سفید
مقام خندۂ دندان نما ہی شانہ ہوا

بقدر حال ہین قوت مین سب عجیب آئینہ
دہن کو دانت ملی آسیا ہی دانہ ہوا

تمہین نصیب ہے بزم عیش و صحبت غیر
کفن ملا نہ ملا دفن مین ہوا نہ ہوا

رکا جو آنکھ مین گلگون سرشک خون مین کا
تو اوسکے جنبش مژگان کا تازیانہ ہوا

کیا ہی شوق کی مضمون نی کاغذ بادی
ہوا کی ڈاک پہ نامہ مرا روانہ ہوا

وہ بادہ کش تھا کہ رحمت خدا کی پیر مغاں
لحد پہ ابر بہار آکے شامیانہ ہوا

کبھی جو نالہ کیا اور داغ دل چمکا
ہوا سے گرم سے روشن چراغ خانہ ہوا

نکالی آگ مری بخت بد نے پانی سے
خزانہ حوض کا بندوق کا خزانہ ہوا

دکھا کے خال چھپایا بتوں نے چاہ ذقن
ملا نہ آب میسر مجھے نہ دانہ ہوا

خط ذقن نہ کبھی کے ہوش نہیں سمجھا
کنوئیں میں تنگ پڑی نخیب زمانہ ہوا

اسیر وصف لکھی ہیں جبینوں کے
ہر ایک صفحۂ دیوان نگار خانہ ہوا

منہ روز حشر بھی نہ دکھانا رقیب کا
پروردگار واسطہ اپنے حبیب کا

ہیں نگاہ خال ہے روئے حبیب کا
تارا چمک رہا ہے ہمارے نصیب کا

آئی خزاں فسردہ ہوئے گل گئی بہار
طوطی چمن میں بول چکا عندلیب کا

اے تیر آہ توڑ میں اب تو کمی نہ کر
ہے آفتاب حشر نشانہ قریب کا

گذرا دل ضعیف حسینوں کی عشق سے
بیمار تختۂ مشق ہو کس طبیب کا

معشوق سے ہے شکوۂ بے پردگی عبث
دیکھا جمال سب نے خدا کی حبیب کا

پروا نہیں ہے عشق کو نالاں ہو لاکھ دل
سنتا ہے راہ زن کوئی نالہ غریب کا

اللہ رے رشک کی یہ خواہش ہے بعد مرگ
تکیے میں میری آئے نہ مردہ رقیب کا

ہر صبح اٹھ کے پیتے ہیں ہم ساقیا شراب
اختر ہے آفتاب ہمارے نصیب کا

ہر گل کا منہ صبا کی تماچوں سے لال ہے
لایا ہے طرفہ رنگ لہو عندلیب کا

خالی نہیں ہے فیض سے تکلیف اغنیا
منعم مریض ہو تو مقدر طبیب کا

سرگشتہ ہوں میں راہ تلاش عروض میں
چکر مرا ہے دائرہ بحر قریب کا

ہمکو غم فراق رقیبونکو عیش وصل
کوئی نہین شریک کسی کی نصیب کا

حیلہ جہانمین کچہہ سبب روزی ضرور ہے
عطار کی دکان ہی خزانہ طبیب کا

مرکر ملی نہ پنجۂ صیاد سے نجات
تکیہ قفس ہی خشت پہ عندلیب کا

اتنی لی ہے خندۂ گل نے صدا اسیر
جاگی نہ بخت خفتہ کہین عندلیب کا

تیغ کا منہ مجھکو روئی صاف دلبر ہو گیا
طائر جان پای بند زلف جوہر ہو گیا

تیغ کھینچی جس پہ وہ جامے سے باہر ہو گیا
تیر تیرا کھا کی فربہ صید لاغر ہو گیا

بحر عالم مین ہی آفت لازم اہل کمال
ٹوٹنی کا خوف ہی قطرہ جو گوہر ہو گیا

جسجگہہ ہین صاف طینت ایک ہی پست و بلند
آگیا پانی جہان سطحہ برابر ہو گیا

مست مے اپنی نقاہت سی ہو مین بار تن
سیر پہرا سیرا تو تجھکو دو ساغر ہو گیا

چشم پوشی کی اگر احباب نے پروا نہین
عین عریانی مین یہان جامہ میسر ہو گیا

بیٹھ پڑی شمشیر قاتل مر گئی خنجر کی باڑھ
پھر گئی بخت اپنی برگشتہ مقدر ہو گیا

کوئی اوٹھتا ہی لب بام مکان یار سے
جم گیا ایسا کہ خال اپنا کبوتر ہو گیا

صبر کا کچھ حال طوفان حوادث مین نہ پوچھ
ایک خس مین تہا سو وہ بھی وقت صرصر ہو گیا

مردہ کچھ سنتا نہین چلاکی روتی ہین عزیز
دم مین کتنا فاصلہ اللہ اکبر ہو گیا

ہوش کیا اعضا تلک صبح شب وصل اڑ گئی
توپ کا گولا بھی خورشید انور ہو گیا

قائل نیرنگیٔ قدرت نہو کیونکر صدف
موتی مین پانی دانۂ رزق مقدر ہو گیا

قدرت حق ہی ہماری دلمین داغونکی بہار
کیا تماشا ہی کہ گلبن بیچ صنوبر ہو گیا

سخت جانی میری حق مین بار سر ہو گئی
قتل سی پائی امان سونیکا خنجر ہو گیا

شگفتہ کیون نہ کہی داغ وحشت کو اسیر
کوچۂ زنجیر زلف آسا معطر ہو گیا

حال بیتابی عیان اشکو نسی سب پر ہو گیا
ترجمان دل ہمارا دیدۂ تر ہو گیا

اشک افشان قبر مین بہی دیدۂ تر ہو گیا
بوریا زیر قدم پانی کی چادر ہو گیا

ایک ہفتہ وصل اگر اوس شعلہ خو سی رہا
مین گدا ہی بادشاہ ہفت کشور ہو گیا

پیر سکتا ہی کوئی جوش محیط عشق مین
مچھلیون کا رزق بازوی شناور ہو گیا

سو ویونکی پرورش ہی باعث آزار خلق
خار صحرا جب ہوا بالیدہ نشتر ہو گیا

خاکساری سی نہین بہتر جہانمین منعمے
مل گئی جسکو یہ دولت کیمیا گر ہو گیا

خط پشت لب ترا دیکھا تو یہ آیا خیال
آتش یاقوت سی پیدا سمندر ہو گیا

ہی چرخ گردان ہی ترقی مین تنزل کو نہ بہول
ماہ نو ہو کر قوی کیا جلد لاغر ہو گیا

زیر پا سمٹی پہ راہ شوق جاتا مین زمین
عرصۂ کونین ذری کے برابر ہو گیا

رفتہ رفتہ محفل محبوب مین پہنچا رقیب
دخل اس ابلیس کا جنت مین کیونکر ہو گیا

بعد مدت چاہ سی نکلا جو ہمرا قاصدے
ہو کی اونچا بر مین نہان کبوتر ہو گیا

اشک بی تاثیر سی کب چہتا ہی لوث معصیت
دین گریان سی دامن شمع کا تر ہو گیا

دل سی جاتا ہی کوئی اوس شاہ خوبی کا خیال
نقش سنگ آئینہ مین عکس سکندر ہو گیا

بی تمیز دن کو تمیز حلت و حرمت کہان
خون حیض دختر رز شیر مادر ہو گیا

دیکھی پروانی جو گرد شمع یہ آیا خیال
مجمع زیر علم جانباز لشکر ہو گیا

ہون وہ گلشن جسکی جب تجلی اٹہی اسیر
مین نہ سمجھا باغبین فرش مشجر ہو گیا

کشتہ کی مژگان نی تری تیر کو چلنے نہ دیا
کام تلوار کا ابرو نی سے نکلنے نہ دیا

سر کو دھنتی نہ دیا ہاتھ کو سے ملنے نہ دیا
ضعف نی ایک بھی ارمان نکلنی نہ دیا

تاب نظارۂ معشوق کہان عاشق کو
غش نی موسی کو سر طور سنبھلنی نہ دیا

دخل پایا جو مقدر سی تو یاد ہی یہ ہوا
کہ ہوا کو بھی تری کوچے مین چلنی نہ دیا

حسن دل مین اوگا بھی جو کوئی نخل امید
کاٹ دی یاس نی جڑھ پھولنی پھلنی نہ دیا

کیسی متصعت تھی کہ خود چاہ سی نکلی یوسف
چاہ سی اپنی زلیخا کو نکلنے نہ دیا

قصد اوٹھنی کا ہم اوس بزم سی کیونکر کرتی
ادب حسن نی زانو بھی بدلنے نہ دیا

ضبط رونی کا کیا دیدۂ تر مین ایسا
لاکھ اوبلا یہ کنوان ہمنی اوبلنی نہ دیا

محتسب ہمکو ہوا ضعف ہمارا ساقی
جام کو ہاتھ پہ رعشی نی سنبھلنی نہ دیا

کچھ عجب چرخ نی اندھیر کیا ہجر کی شب
چاند کیا ایک ستارے کو نکلنی نہ دیا

اوسکی قسمت مین کہان میوۂ گلزار بہشت
ذائقہ جسکو تری تیغ کے پھل نی نہ دیا

روئی قاتل کا مین جی بھر کی نظارہ کرتا
وقفہ اتنا بھی تہ تیغ اجل نے نہ دیا

جبتلک اوس گل عارض کی نہ مضمون باندھو
رنگ محفل مین کبھی اپنی غزل نی نہ دیا

اوٹھ چلی بیٹھتی ہی آپ مری پہلو سی
دل مضطر کو ذرا تمنی سنبھلنی نہ دیا

تپ فرقت سی ہمیں جان بچای گا وہی
آگ مین جسنی براہیم کو جلنے نہ دیا

خوش خرامی کا جو آیا اونہین گلشن مین خیال
کبک سا اوس کو دو گام بھی چلنی نہ دیا

کام کیا ہی کہ چلی تابش خورشید مین تم
دوپہر کو بھی ذرا آپ نی ڈھلنی نہ دیا

کوچہ اوس زلف کا تھا بھول بھلیان شاید
کہ کسی طرح مری دلکو نکلنے نہ دیا

طوق کا جرم نہ زنجیر کی تقصیر اسیر

قید سی مجھکو نقاہت نی نکلنی نہ دیا

موئی جو ہم تو وہ تابوت کی قریب آیا
بدن سی جان جو رخصت ہوئی طبیب آیا

حضور یار جو آئی وہی ہی باعث رشک
جو غش سی آیا مین سمجھا مرا رقیب آیا

تپ آئیگی نہ کبھی اب نہ درد سر ہوگا
مری علاج کو جلاد سا طبیب آیا

گیا شباب ہوئی پیر ہی قضا باقی
جو وقت دور تہا ہمسی بہت قریب آیا

تمہاری چشم سی بادام خاک ہو ہمچشم
ازل سی لیکی یہ پہوٹا ہوا نصیب آیا

کسی کا ساتہ مصیبت مین کوئی دیتا ہی
قفس مین پہول نہ ہمراہ عندلیب آیا

بیچانہ دست ہوا و ہوس سی زاد سفر
ٹہگون نی لوٹ لیا جب وطن قریب آیا

کہو یہ حضرت موسیٰ سی ہم نہین ایسی
تمہین کو غش دم نظارۂ حبیب آیا

کمال شان کو تہا شوق کوچۂ گیسو
پہنچ گیا تو بڑی پیچ مین غریب آیا

گئی وہ بزم مین جا کی نصیب پروانہ
چمن کا قصد کیا اور عندلیب آیا

زیادہ شب سی بہی ہی ابھی جہان مین اندہیر
یقین ہی روز قیامت بہت قریب آیا

ہزار حادثہ ہین سایہ وار ساتہ مری
قیامت آئی جہان مین بلا نصیب آیا

فرشتہ زمین آیا نظر تو سمجہا مین
ہوئی حضور سی میری طلب نقیب آیا

دوای زہر فراق آب تیغ کا شربت
ہماری جان کو مین آپ ہی طبیب آیا

ملک نی آکی بشارت جنان کی دی مجہکو
لی وطن کی خبر قاصد حبیب آیا

یہ کیا سبب نہ ہوا ابتک دعا قبول ہوی
ہزار بار زبان پر ہو المجیب آیا

چمن مین تازہ ہوئی گل کھلی ہوای بہار
اسیر موسم فریاد عندلیب آیا

نوجوانی کا نہ پیری مین کبھی ہوش ہوا
خواب دیکھا تھا جو شب صبح فراموش ہوا

بعد مدت مری قسمت کا ستارہ چمکا
قطرہ اشک کسی کا گہر گوش ہوا

پا برہنہ نہ جنون مین بھی خدا نے رکھا
آبلہ بڑھ کی مری پاؤن مین پاپوش ہوا

چاہ مین پہیک کی یوسف کو نہ روئی اخوان
کیا غضب ہی نہ کبھی خون کا بھی جوش ہوا

نقد افلاس رہا اور نہ عصیان باقی
مہربان جب وہ عطا پاش و خطا پوش ہوا

جس کو دیدار دکھایا ہمہ تن چشم کیا
بات کی آپ نی جس سی ہمہ تن گوش ہوا

ٹہیک آئے یا نہ مری تن پہ کوئی اور لباس
رخت عریان بدنی زیب بر و دوش ہوا

وصل ادنا کا نہوگا کبھی اعلا سی نصیب
ذرہ خورشید سی کس روز ہم آغوش ہوا

سر مین کس اٹھی گیسو کی ہوا ہی پس مرگ
کہ چراغ آکی مری قبر پہ خاموش ہوا

پہس گئی ایسی حوادث مین عدم سی آکر
وعدہ روز ازل ہمکو فراموش ہوا

قیمتی رخت سی کیا اہل صفا کو درکار
دیکھ لو آئینہ بنتی ہی نمد پوش ہوا

بیہشی خوب تہی کچھ فکر زمانیکی نہ تہی
ہوش جاتی رہی جبسی ہمین ہوش ہوا

کون کہتا ہی نہین گرمی صحبت مین اثر
جل اٹھا پنبہ شرر سی جو ہم آغوش ہوا

رنج مین بہول گئی صحبت احباب بہی ہم
دام مین لطف چمن خواب فراموش ہوا

عشق کامل کو کہان دیدہ اغیار سی شرم
شمع سی بزم مین پروانہ ہم آغوش ہوا

تیزی ناخن بلبل سی یہ گلشن مین ڈرا
دام کو اوڑھ کی صیاد زرہ پوش ہوا

سر جو اڑتا تو بہ دی حلق بریدہ نی صدا
شکر صد شکر کہ مین آج سبکدوش ہوا

وہ مرا قلم اپنی ہی کہ جسکو ستمگر
چہچہہ باغمین بلبل کو فراموش ہوا

قحط رد تری کا زمانہ مین ہی ایسا رونا
شیر دایہ جو پیا طفل نی خاموش ہوا

فصل گل آئی جا صحبت احباب کا رنگ
باغ مین مجمع رندان قدح نوش ہوا
عمر بہر مین جو کیا جرم تعجب کی ہی جا
اونکو بہولا نہ کوئی ہمکو فراموش ہوا

حرف مدغم کی طرح اوس بت تو خط سی اسیر
پہر جدائی نہوئی جبسی ہم آغوش ہوا

دیی جا جام بہر بہر کر شراب ارغوانی کا
یہی ہی ساقیا روغن چراغ زندگانی کا
جو غافل ہی او تہا دلسی تعلق دہر فانی کا
دم آیا یا نہ آیا کیا بہروسا زندگانی کا
نپوچہو ضعف دلمین حال اشکونکی روانیکا
جہان تہا تور پانیکا وہین توڑا ہی پانی کا
پہنچکر یار تک جاتا کہون کچہہ درد دل اپنا
نہ نکلی بات تک منہ سی برا ہو ناتوانی کا
سکان باقی ملکین رخصت ہیا مشکل نشان غم کا
نگہبان دیکہی دیوار کو چہلا نشانی کا
کہڑی ہین منتظر سیکش کہ اک جلسہ ہاتہ آ گر
الٰہی خم کوئی توٹی شراب ارغوانی کا
تمہارا طالب دیدار ہو وہ صورت موسی
گوارا ہوا و تہا نا جسکو ناز لن ترانی کا
دو پیشہ آسمانی او ڑہ کر وہ روبرو آسے
الٰہی سامنا ہی کس بلائی آسمانی کا
شب تاریک فرقت نی بہت ہمکو ستایا ہی
چمکا ای مہر محشر وقت ہی یہ مہربانی کا
مسی اوسکی لب جان بخش پہ دیکہی تو سمجہی ہم
نہان ظلمات مین چشمہ ہی آب زندگانی کا
نگاہوں مین سرا کے زلف پیچ پیچی صورت ہو ست
بسیتی جسی کہتی ہین عالم ہی جوانی کا
کسی گل کا ہون کشتہ بیدماغی میری ظاہر ہی
لحد پر بلبلین کرتے ہین کیون غل نوحہ خوانیکا
وہ سیکش ہین کہ شل چشم اپنا دل ہی پر خون
یہ ساغر ہی تو وہ شیشہ شراب ارغوانی کا
کہا ہو یار نی جو کچہہ بیان کر جلد ای قاصد
پڑا کہٹکا ہون بہت مشتاق پیغام زبانی کا
چٹک کر گل نی غنچہ سی تو اوس سی یہ صدا آئی
کہ کل مرجہا جاوین مہمان ہی جو دن جوانیکا

خضر اسا جہان مین زندہ ہی نام سکندر بھی
مگر آئینہ بھی چشمہ ہی آب زندگانی کا

اسیر اپنی زبان سی گرم سب مضمون نکلتی ہین
زمانہ کس طرح قائل نہو آتش زبانی کا

سفر در پیش ہر روزہ یہ عالم ناتوانی کا
کئی کس طرح دیکھین سخت میدان زندگانی کا

نکالا چشم بد دور آپ نی جوبن جوانی کا
مبارک سامنا عاشق کو مرگ ناگہانی کا

دل خرسند اپنا ہی عجب گلزار داغون سی
خلیل اللہ کو عہدہ جہان ہی باغبانی کا

تری جو بات ہی ہرگز نہین چھپا تا آل اوسکا
چھپانا زخم کی حق مین سفر ہوتا ہی پانی کا

جوان تھی جبتلک پیری تصور مین الٰہی تھی
نظر آتا نہین اب خواب مین عالم جوانی کا

وصیت ہی کہ کشت زعفران مین قبر ہو میری
گرشتہ ہون کسی گل کی لباس زعفرانی کا

ہمین تو یاد کی زلف عرق آلود سے تارا
غلط سنتی تھی خالی زہر سی ہی سانپ پانی کا

نکلتا ہی نہین ہرگز سوا ہی جنگ کچھ منہ سی
تری باتین ہین قاتل ترجمہ شمشیر خانے کا

جہان مین نام اگر چاہی تو کر کوئی ہنر پیدا
فن تصویر سی شہرہ ہوا بہزاد مانی کا

ہماری پیاس کیونکر بجھ سکی گی اس حرارت تیز
توسی کی بوند بنتا ہی زبان پر قطرہ پانی کا

ہمین کیونکر نہ ہم صیاد خامی کو کہ سطرون سی
بچھایا ہی ورق پر دام مرغان معانی کا

بہر آتی ہی بزم ماتم مین جو چشم یار سمجھا مین
لبسیا ہی رخ بیمار پر یہ ناتوانی کا

ادب رکھتا ہی ہم ساتھ موسی کی اگر ہوتی
جواب اپنی زبان سی کب نکلتا لن ترانی کا

کسی کی سامنی جو دست خواہش وا نہین سکتا
یہ احسان عالم افلاس مین ہی ناتوانی کا

جوانی کیون تلف کرتی ہو عصیان مین خود اپنی
بہت یاد آئی گا پیری مین یہ عالم جوانی کا

یہ گھبرائی ترانی مونہہ سی نکلا حرف لن ہوتی
بناتا ہی بتا یا تمکو فقرو لن ترانی کا

بہار باغ نی مستی اسیر اپنی زیادہ کی
کہلا جو گل ہوا ساغر شراب ارغوانی کا

کہاں شہرہ نہیں عالم میں گریہ خوش بیانی کا
فغانی ایک بلبل ہی مری باغ معانی کا

تلاشی مزرع امید ہی وہ ایک پانی کا
کہو ابر کرم سی وقت ہی یہ مہربانی کا

کہا مطلع جو وصف آدم و حاتم میں سمجھی ہم
ملا اول سی بہتر قافیہ مصراع ثانی کا

تنا ور کو کہاں طاقت کہ بحر عشق میں پیرے
یہ وہ دریا ہی جس میں ہر جگہہ ہی زور پانی کا

فقط نقصان نہیں کچھہ نفع بھی ہی درد فرقت میں
گھٹایا تن بڑہایا زور رسنی ناتوانی کا

جگر لب تہا کہ ہوتی ایسی آفت میں تہہ ہم مضطر
نہیں ملتا جو دل اپنا سبب ہی ناتوانی کا

کبھی ہوتی نہ دیدار خدا کی حشر میں قائل
سمجھتی قائل رویت جو مضمون لن ترانی کا

قلم لرزی پڑی ہاتھوں میں رعب حسن سی عشق
تری تصویر کھینچیں ہو نہ ہی کیا بہزاد و مانی کا

عبث ترک فلک کو ہم سی قصد جنگ ہی تیغ ہی
اثر نالی میں ہی اپنی درفش گاویانی کا

توقع رکھنہ دینداری کی ہرگز اہل دنیا سی
نشان الفاظ مہمل میں نہیں ہوتا معانی کا

تری آگی نکھولی آنکھہ غنچہ ہی تماشا ہی گل نی
دیا شبنم نی چھینٹا لاکھہ اوسکی ہو نہ ہی پانی کا

اوٹھا سکتی نہیں دل ہی کسی صورت حسینو نسی
یہاں تک حال پہنچا ہی ہماری ناتوانی کا

اوٹھوں کا حشر کی دن بھی کفن پہنی ہوئی گلگون
کرشمہ ہوں کسی گل کی لباس زعفرانی کا

الہی خیر ہو مکتب نہ تنہا ہی کہیں مقتل
معلم ہی سبق پڑہتی ہیں وہ شمشیر خانی کا

اسیر اندیشۂ روزی جو رکہتی ہیں وہ نادان ہیں
کہ ضامن ہی خدا رزق اقاصی وادانی کا

کبھی جو ملک شہادت کا بندوبست کیا
قضا نی خنجر قاتل کو پیشدست کیا

ازل کی روز سی ہمکو خدا نی مست کیا | خراب بادۂ پیمانۂ الست کیا

وہ تیری نرگس میگون ہی صاحب تاثیر | کہ اک نگاہ مین زاہد کو می پرست کیا

وہ مست تہا کہ پس مرگ بہی قاتل نے | سر بریدہ کو قندیل دار بست کیا

جو تیری بزم مین بیٹہا وہ کوئی اوٹہا ہی | سپند نی بہی نہ مجہ سی عزم جست کیا

فراق نرگس جانا نمین چہپائی جو غذا | تو خلق نی مجہی مشہور فاقہ مست کیا

بلا سی اپنی جو برخاست ہو گیا در یار | ہمین تو اوسنی اشارہ پی نشست کیا

وہ بادہ کش ہون کہ زور شراب سو ساقی نے | شکار فیل سحاب سیاہ مست کیا

فلک کا قصد تہا پائی جگہ زمین کی تلے | اجل نی حوصلہ کیا سر کشونکا پست کیا

خدا کو بہی ہی طمع ناگوار بندون کی | سوال جسنی کیا اوسکو زیر دست کیا

ہوا حریص کو جز خاک گور کیا حاصل | عبث تمام زمانی کا بند و بست کیا

زمین پہ مین ہون تو تحت الثری مین اوسکی جگہ | زیادہ مجہ سے بہی طالع کو میری پست کیا

عبث نہین تری بالی کی مچہلیان بیتاب | کہ دیکہہ کر خم گیسو کمان سی شست کیا

ہوئی جو مستی تو آیا خیال ہستی دوست | خودی کی ترک نی ہمکو خدا پرست کیا

جنون کی جوش مین سیلاب کی چلی ہمراہ | کبہی نہ خوف طریق بلند و پست کیا

رہا جو پیش نظر رنگ لی تہا سستی وہ | سہر و فتح نہ ہمنی غم شکست کیا

ہوا سی رب نہ کسی کو جہان مین رب بہی
اسیر ہمنی وفا وعدۂ الست کیا

مصرع ہو کیون نہ گرم مری آہ سرد کا | مضمون بندہ گیا نہین پہلو نی درد کا

رکہتی ہین خاکسار تلون سی احتراز | سایہ بہی ایک پیرہن جسم و زرد کا

زاہد شراب خوار کدورت سے ہین بری
اوٹھنا ہمین ترے سے ہے دشوار گرد کا

سمجھے یہ ہم زمین سے اوٹھا جو گرد باد
چکر مین تھے ہری کسی صحرا نورد کا

کیون کر چھپے نگاہ ظلم سے ترک فلک کا دل
ہٹ جور تونکی پائی جگر اسنے مرد کا

تختہ مری لحد کا نشانہ بنا ہے
ہو توڑ دیکھنا جو پینچی کی فرد کا

پرسون پیا ہے آب ملا کر شراب مین
چکھا ہے ہمنے خوب مزہ گرم و سرد کا

جو لوگ زرد ہو کے ترے غم مین مر گئے
جنت مین قصر پائین کے یاقوت زرد کا

بجھ جائے گی تمام جہنم کی نار گرم
جھونکا کوئی چلا جو مری آہ سرد کا

مین کچھ نہین مگر ہے سخن معتبر میرا
سچ ہے کہ نام مرد سے بہتر ہے مرد کا

کشتہ ہون بدعت فلک نیلگون کا مین
تھے مری مزار پہ ہو لاجورد کا

کیجیے سوال بھی تو در سفلہ پر نہ بھی
احسان کیجیے جو گوارا تو مرد کا

بولا وہ شوخ اپنے مریضونکو دیکھکر
سو کہا ہوا یہ نسخہ ہے گلہاے زرد کا

کس کس کو خاک مین نہ فلک نے ملا دیا
نوشیروان کا ہے نہ پتا یزدجرد کا

پڑتی ہے جان اوس مین بھی اعجاز سے ترے
پتلا کرے ہین جو وہ کاغذ کی فرد کا

ممکن نہین کہ ہمکو زمانہ دبا سکے
رستم سے زال قصد کرے کیا نبرد کا

جبتک نصیب فرقت جانان رہی اسیر
دیوان مطالعہ مین رہا میر درد کا

ہر خاکسار صاحب توقیر ہو گیا
پارہ ہوا جو خاک تو اکسیر ہو گیا

زندان خیال زلف گرہ گیر ہو گیا
زنجیر مجکو سایہ زنجیر ہو گیا

سیر چمن سے کی تھی کہ نخچیر ہو گیا
نکلے جو بال و پر بہدف تیر ہو گیا

زخم بدن نے شستگی ہی اتنا تو خون دیا
رنگین حنا سے ناخن شمشیر ہو گیا

کیون ہمنے آہ موں نہہ سے نکالی غضب کیا
برہم مزاج زلف گرہ گیر ہو گیا

تربت پہ بھر نہ آیا وہ سیم تن
مرنا ہمارے واسطے اکسیر ہو گیا

پوچھو نہ عشق ابروے قاتل مین حال دل
اس سرزمین پہ قبضۂ شمشیر ہو گیا

حیرت ہوئی یہ اوسکی نظارے سے خلق کو
عالم تمام عالم تصویر ہو گیا

زائل ہوا نہ سردی ایام کا اثر
کہا یا جو داغ قرص طباشیر ہو گیا

غازہ ملا تو اوسنے کیا اور قتل عام
چہرہ چمک کی صورت شمشیر ہو گیا

بیٹھے ہین جا کے پہلوے زاہد مین تیری مست
مسجد کے پاس میکدہ تعمیر ہو گیا

دیکھوں ہو عکس عدو بھی حیرت حضور یار
تصویر کو مین دیکھ کے تصویر ہو گیا

پہنچا نہ اشک گرم مژہ تک زہے کرم
قصر گھر بہشت مین تعمیر ہو گیا

کی عاجزی جو ہمنے گئی سرکشی نفس
یہ دیو اس لباس مین تسخیر ہو گیا

دکھلا کے اوسنے خال رخ اپنا چھپا لیا
پنہان چمک کے اختر تقدیر ہو گیا

جبتک مین نوجوان تھا وہ کمسن تھی طفل تھا
اب وہ ہوے جوان تو مین پیر ہو گیا

کوچ و مقام ایک ہی اس راہ مین اسیر
گھر بن چکا کہ مقبرہ تعمیر ہو گیا

جھوکا ہوا کا تا کشتگیر ہو گیا
لب ہل گئی تو وا در تاثیر ہو گیا

مجھ سے جہاں جو یار مین تسخیر ہو گیا
قد خمیدہ حلقۂ زنجیر ہو گیا

تدبیر سب کو تہی نہ چلی وصل یار کی
انجام اسکا رقائل تقدیر ہو گیا

جا یئنگی اوسکی صحبت اچھا چھے کہان
الفت کا سلسلہ مین زنجیر ہو گیا

کشتہ غرور اہل جہان نی کیا مجھے
نخوت سی جو کہچا مجہی شمشیر ہوگیا

دولت ہماری ہاتہ جو آئی تو نام کو
مٹی بگڑ کی نسخہ اکسیر ہوگیا

گہونٹا گلا جنون نی گریبان کی طوق نی
دامن لپیٹ کی پاؤن مین زنجیر ہوگیا

روز ازل سی قسمت ظالم مین ہی نہ دا
کس دن جوان تہا کہ فلک پیر ہوگیا

پہنچا جو اوس گلی مین مرا مرغ نامہ بر
بجلی برنگ طائر تصویر ہوگیا

خال عذار یار سی کیونکر عجب نہ ہو
ہندو کا گہر بہشت مین تعمیر ہوگیا

آتی نماز شام مین کیون ہی دیر کی
دروازہ سیفہ روش کا تکبیر ہوگیا

کی یار نی جو غیر کی جانب نگاہ لطف
اپنی جگر سے پار یہان تیر ہوگیا

پائی نجات رحمت تدبیر سے چہٹا
اچہا رہا جو قائل تقدیر ہوگیا

لی یار کب چمن مین معطر ہوا دماغ
سونگہا جو پہول کو گل تصویر ہوگیا

برباد جب جنون نی لیی سیکڑون مکان
آباد ایک خانۂ زنجیر ہوگیا

گردن پہ کیون وبال لیا سر کو کاٹکر
تقصیر وار شمع کا گلگیر ہوگیا

خاک شفا اوسی کی ہوئی خاک ای اسیر
جا کر جو ساکن در شبیر ہوگیا

جا سکا پہر نہ میری گہر جو وہ جانے آیا
رحمت اللہ کی آئی کہ یہہ پانے آیا

آرزو آنکہون نکلی نہ کبہی کانون سے
نہ خط یار نہ پیغام زبانے آیا

لاکہہ کہینچا دہن تنگ کا نقشہ نہ کہچا
تنگ کیا کیا تری تصویر مین مانی آیا

ہمت عشق سے نے فرہاد سی کٹوائی پہاڑ
پیر کی بازوُن مین زور جوانی آیا

گندہ ہا وسمہ آئینہ رو کا مری زندانہ ہوا
سیر ظلمات کو اسکندر نادانے آیا

جان آب دم شمشیر سے بچتی کے نہیں
ڈوبتا ہوں کہ گلی تک مری پانی آیا

تیغ بنکر رخ قاتل سے لئے گیا دل زخمی
دھیان گیسو کا پئے مشک فشانی آیا

نشئہ بادہ ہوا غازہ رخ گلگون کو
رنگ پر اور ترا باغ جوانی آیا

میری نزدیک گیا باغ سی زندان مین گذر
جو عدم سی طرف عالم فانی آیا

اک جہان ہوگا خریدار زلیخا کی طرح
سر بازار جو وہ یوسف ثانی آیا

حق تو یہ ہی کہ کیا موت نی احسان مجھپر
قبر پر یار پئے فاتحہ خوانی آیا

بیوفائوں مین بہی ہوتا ہی وفادار کوئی
کام مسلم کی بہت کوفی ہین مانی آیا

سو کبھی دھانو نہین ہماری کبھی پانی نہ پڑا
کبھی پوشاک پہنکر نہ وہ دھانی آیا

بزم مین دیکھ کی عاشق کو وہ کیا کہتی ہین
کوئی پوچھی تو کہان یہ خفقانی آیا

وصف اوسکی رخ سیمین کا لکھا مین نی اسیر
آج قبضہ مین مری گنج معانی آیا

جب کسی جانب چلا مین زار جل کر رہگیا
اپنی دروازی سی بس باہر نکل کر رہگیا

حرص تھی مثل ہمسن بچا کہ آخر ای حریص
خوان نعمت اوٹھہ گیا تو ہاتھ مل کر رہگیا

کس جگہہ کی ہمجانو تکی مقدر سے کمی
میان سی وہ نیمچہ آدہا او گل کر رہگیا

دیکھنا قسمت لگا ہی ایک بھی مجھپر نہ چوٹ
تیری ۔۔ قاتل عالم بدل کر رہگیا

ہے پیام مرگ عاشق کی لیی وصل حبیب
شمع تک پہنچا جو پروانہ تو جل کر رہگیا

چھا گئی حیرت یہ اوس بالکی مچھلی دیکھکر
جوشش دریا رک رہا میدہا اوچھل کر رہگیا

ہوگیا پہلے ہی امر اصل تمنا کس طرح
بیچ رہا بجلی سی تو پانی سی جل کر رہگیا

دست و پا ہی یار مین جب عجز نی جنبش ...
آگ سی دل مین لگی میں ہاتھ مل کر رہگیا

قصد اوٹھنی کا تو تھا اوسکو ہماری پاس سی
چار آنکھیں ہو گئیں زانو بدل کر رہ گیا

گرمی خورشید روی یار کا دیکھو اثر
برف کی مانند آئینہ پگھل کر رہ گیا

لب نی کی معجز نمائی بچ گیی وصلتین جان
سحر مجھپر نرگس جادو کا چل کر رہ گیا

گریہ مجنون سے خاک نجد ای لیلی تہی گل
خیر گذری پاؤن ناقی کا پہسل کر رہ گیا

کام کیا وحشت مین آی گرمی داغ فراق
تن مرا اولی کی طرح پہیر پگھل کر رہ گیا

کیسی کیسی گل تر انکی جور سے مرجہا گیے
پتا پتا اس چمن کا ہاتہ مل کر رہ گیا

جم گیا کیا رنگ غربت سیا نسی نکلی تیغ
آستین ہی ہاتہ قاتل کا نکل کر رہ گیا

جسم خاکی پہر نہ نکلا گور مین جا کر اسیر
کیا کہون کسطرح سانچی مین ڈہل کر رہ گیا

زبان خاموش رکھا ای دل قابو ہو نہ شمشیر زن کا
حقیقت مین ہی زنگ کار دان جاسوس رہزن کا

وہ ہون راحت رسان خلق مرکر بہی حسرت ہی
چراغ اگر کوئی مفلس وٹہا لیجای مدفن کا

معاذ اللہ کیا زخم زبان خلق کاری ہے
لگی شمشیر مین بہی کاٹ ہی شمشیر آہن کا

کسی لعل مسی آلود کی تعریف لکھتے ہین
دوات اپنی قلمدان مین ہی گویا پہول سوسن کا

نہین ای چرخ بعد مرگ حاجت شامیانہ کی
کہ مدفن کو مری کافی ہی سایہ نخل مدفن کا

نہین عریانی وحشت مین فکر پیرہن لیکن
کبہی آنکہین جو روتی ہین خیال آتا ہی دامن کا

خدا وندا ہمین بہی دیدۂ احول عنایت کر
مگر دیکھا نہ مشکل رہی اوس دوستی دشمن کا

خیال زلف ہی کیونکر میری آنکھونمین آتا ہے
کہ دستہ بند کر دیتا ہی گلہای ریاحین کا

صبا کو تا آیا رحم میری ناتوانی پر
کہ مٹی جسکی ناحق بہید ڈالا اسکی مدفن کا

ادہر بہی یا سکی قدرت لو سر پہی یا مٹی تہت
ترا خنجر ہے پیاسا خون کا مین تشنہ گردن کا

کہیں لوہو نگر ہماری تیغ قاتل جا نہیں سکتا
پڑا ہی پاؤن نہیں بہندا مری رگہای گردنکا

زمانہ دی اگر راحت پیام مرگ جان اوسکو
کہ جلوہ از ہر سے خالی نہیں ہی دست سوزن کا

روئی کو کاٹتی ہی تیغ لیکن سخت مشکل سے
جو نرمی ہو طبیعت مین چلی کم زور دشمن کا

فراق یار آسان ہی وصال یار مشکل ہے
نکل کر شیر سی دشوار پہر ملتا سی روغن کا

جو اہل حرص ہین نعمت سی بہی محروم راحت ہین
دہان بند ایکدم کہلتا نہیں ہی گاو خرمن کا

اسیر اس باغ مین ہی کون طائر خوشنوا ایسا
جلا جل ہی ہر اک پتا مری شاخ نشیمن کا

بہار آئی ارادہ قید خانہ سی ہی گلشن کا
اثر باندہ پاؤن کی بیڑی او تار وطوق گردنکا

سپید ایسا ہوا خون خوردگی ہاری مری تن کا
کہ پردہ حشر کی دن رہ گیا قاتل کی دامنکا

چمک کر برق آفت اب جو آئی کی تو کیا لیگی
نہ پہوڑا چہ بیٹھون نی اکیدانہ میری خرمن کا

نہ بہی ساقی نی مجہکو جم و مینا سی کیا شکوہ
قصور اس تنگدل کا ہی نہ اوس کوتاہ گردنکا

وہ ہوا ن چہایا ہی ایسا آہ کا گور غریبان پر
فرشتون کو نہیں ملتا ہی رستہ میری مدفن کا

کبھی ممکن نہیں زنہار اسکی غیر افزائش
یہ داغ دل ہی یا وہ ہبا کسی دیبا مین معدن کا

جگر مین چہید ہون مجہسی تو پائی مرتبہ انسان
کبھی خواہاں نہیں خیاط بلی سوراخ سوزن کا

نہیں تنہا ہم اوس لعل سی آلودگی وحشی
گریبان چاک ہی گلزار مین گلہای سوسن کا

قدم سی جو لگی ہین آج کل رنگینی حنا اپنا
کہ نعل آہنی دیکہا ہی آلہ داغ لوہن کا

دم قلیان کشتی اوس ترک کو نکر پسند آئی
نہ سونی کا نہ چاندی کا ہی چنبر میری گردنکا

گلا کیا خشکی ایام کا کرتے ہین پیدا سے
اثر ہی ایک اشک شمع مین ہی موم روغن کا

نہ کیونکر اہل دنیا ہون مطیع نفس امارہ
کہا اس دوست مین بچنا مشکل ہی دشمن کا

بسان شمع کل تک دل مرا جسنی جلایا تھا
وہی گل آج پروانہ ہی میری شمع مدفن کا

وہی دل زندہ ہی چھپری جیسی سوی مژہ اوسکا
گھڑی کی زندگانی جس طرح چلنا ہی سوزن کا

کسی کو بیچ مین دیکھا دل اپنا رحم سے ٹوٹا
تختہ گرداب دریا تنگ ہی ہمکو ملاخن کا

کڑی جو ہین کڑاین چاہیئی ادن سی ضرور اہل
کہ آہن سی جہان مین ٹالنا ممکن ہی آہن کا

اثر جس مین نصیحت کا نہو محنت بہی ضائع ہی
دباغت سخت دل کی کوٹنا ہی سرد آہن کا

سمونکی ٹاپیونکو کیون نہ کہیئی مردم آبلے
قدم دریا ہی شل اسپ کشتی اوسکی توسن کا

مین پروانہ ہون اوسکا جس جگہہ ہی نور صورت
بجھا دیتا ہی دل میرا بجھانا شمع روشن کا

تماشا ہی بہار تیرہ بختی بعد مرگ اپنے
چراغان لحد یا تختہ ہی گلہای سوسن کا

جو نیند بش صاف ہو معنی سمجھ مین سبکی آتی ہین
کہ پڑہنا کم سوادون سی ہی ممکن دو ہی روشن کا

سوائی دردسر فہمایش جاہل سی کیا حاصل
گرفتاری مصیبت ہی معلم طفل کودن کا

اسیر اہل جہان کیونکر دلی سمجہی نہ گردون کو
کوی دانہ نہین ملتا کسی کو مہ کی خرمن کا

ہو گیا جزو بدن جائیگا اب کیا سودا
مرد مک آنکہون مین ہی دلمین ہی سویدا

عاشق زلف ہون جکڑو نہ سلاسل مین مجھے
یہ جنون کوئی جنون ہی نہ یہ سودا سودا

بوسہ مانگا لب شیرین کا وہ بہت تلخ ہوا
سچ ہی کڑوا ہی بہت راہ خدا کا سودا

تنگ آیا ہون بہت شہر کی آبادی سی
لیچلے کاش مجھی جانب صحرا سودا

لی کی دل یار نی بوسہ جو دیا سمجھا مین
سستی مولون مجھی ہاتھ آگیا مہنگا سودا

چار اخلاط ہین اندوہ و غم و رنج و الم
خون بلغم ہی مری تمین نہ صفرا سودا

حسن کی جنس گران نقد دو عالم کم وزن
تیری کانہ بنی گا نہ بنیگا سودا

عاقلون سی ہی قیامت مین عمل کی پرسش
ایسی ہشیاری سی دی بار خدایا سودا

بیڑیان پاون کی موجین ہین تو گرداب ہی طوق
اپکی ایام بہاران مین ہی دریا سودا

داغ کرتا ہی مقابل مری داغون سی جو تو
ہی مقصر تجہی ای لالۂ صحرا سودا

اوسکی زنجیر سی بھاری ہی ہماری زنجیر
وحشت قیس سی بڑہ کر ہے ہمارا سودا

گلبدن غنچہ دہن گرد رہا کرتے ہین
ہمکو گلشن کا دکہاتا ہی تماشا سودا

الفت گیسوی مشبر رنگ کا ہمکو ہی مرض
کیون نہ تجویز کرین سارے اطبا سودا

ہتکڑی ہاتہین ہی پاؤن مین زنجیر ہی تنگ
مرگ کی بعد مری ساتہ ہی میرا سودا

اب نہ روتا ہون نہ کرتا ہون گریبان تنگ سی
یار کی آتی ہی جاتا رہا سارا سودا

شعر کی فکر سی کیا غیر ہون آگاہ اسیر
میری ہمدرد ہی دل سوز ہمارا سودا

اپنی ہی کا قاتل خون خوار ہو گیا
نقشہ ترا کہینچا مجھے تلوار ہو گیا

قاصد روان ہی جلد سوی یار ہو گیا
دو پر لگا کی جعفر طیار ہو گیا

ملنا گلی ہی یار کی دشوار ہو گیا
اوس در تلک پہونچکی مین دیوار ہو گیا

تو نے کہا نام مین لی لیا کیا غضب کیا
بیہم مزاج حضرت خمار ہو گیا

وحشی وہ ہون مجہی جو ہوئی خواہش ثمر
چہالون سی پاؤن شاخ ثمر دار ہو گیا

عاشق کیا نصیب ہی طفل طبیب پر
دار الشفا مین جاکی مین بیمار ہو گیا

زینت بڑہی جو یار کی چہری کا خط بنا
آگی تو گل تہا اب گلزار ہو گیا

کیون کر ڈری نہ میری نقاہت سی تیر چرخ
قد خمیدہ سی مین کمان دار ہو گیا

مارا پڑا جہان مین مین اپنی نصیب سی
بخت سیاہ مجکو سیہ کار ہو گیا

ممنون تہا کسی کا جہان مین تو تہا یک
احسان اوٹہا کی منت گرانبار ہو گیا

وہ ماہ چہرہ ہی کہ تیری تلاش مین
گردون پہ قطب کوکب سیار ہو گیا

اوجہل نگاہ سی نہین ہوتا ہی ایکدم
کیا آئینہ مصاحب سرکار ہو گیا

وحشت مین مجکو کیا ہی سواری کی احتیاج
اوٹھا جو گرد باد ہوادار ہو گیا

چمکا یہ تیری رنگ طلائی سی اے صنم
سونی کا تار رشتۂ زنار ہو گیا

فالج کا مادہ ہی مگر بار عشق سے
جس پر گرا وہ عضو بیکار ہو گیا

پیری مین دور ہو گئی سب غفلت شباب
سویا مین شب کو صبح کو بیدار ہو گیا

اوس چشم سرمگین سی محبت ہوئی اسیر
کاجل کی کوٹھری مین گرفتار ہو گیا

سینی کا چاک چاک در یار ہو گیا
رخنہ جگر کا رخنۂ دیوار ہو گیا

آخر رہ جنون مین یہ مین زار ہو گیا
ذرہ بدن پہ کوہ گران بار ہو گیا

قید آئینہ مین عکس تن زار ہو گیا
جوہر کی سلسلہ مین گرفتار ہو گیا

نقصان کیا ہوا جو کیا تم نی در کو بند
داخل مین گھر مین پہاند کی دیوار ہو گیا

اللہ ری شوق خط بہی نہ بہیجا گیا تمام
قاصد کمر کو باندہ کی طیار ہو گیا

ہای کسطرح جیسی ملا خلعت حیات
زخم گلو گلی کا مری ہار ہو گیا

ہوتی نہین دعا و دوا کوی کارگر
ثابت نہین کہ کیا مجھی آزار ہو گیا

آئی پسند دل کو جو حیدر کی پیروی
مومن مین توڑ کر بت بیدار ہو گیا

دل تہا جو آئینہ اثر عشق زلف سی
تاریک مثل روی گنہگار ہو گیا

آمد سی کسکی ہی یہ گل افشان چراغ گور
پہولون کا میری خاک پہ انبار ہو گیا

گلدام مین گیا تری زلف رسا کا دام
ہر داغ دل مرا جو گرفتار ہو گیا

فردوس مین پہنچ کی جو یاد آگئی وہ زلف
گیسوی حور مجھکو سیہ مار ہوگیا

مضمون جو کوئی دیدۂ گریان کا بندہ گیا
دریا مرا سفینۂ اشعار ہوگیا

کوچی مین اوس پری کی جو پہنچا جنون ہوا
آسیب مجھکو سایۂ دیوار ہوگیا

آخر یہ رفتہ رفتہ وہ گیسو ہوا دراز
عمر خضر بنا شب بیمار ہوگیا

احسان راہزن کا ہی رخت سفر لیا
ہم تو سبک ہوی وہ گران بار ہوگیا

دنبالہ کسکی سرمی کا آیا چمن مین یاد
اژدر عصای نرگس بیمار ہوگیا

گھبرا یہ مجھکو آگئی مقدر کی پیچ سی
مین بھی اسیر نقطۂ پرکار ہوگیا

ہوا جو خاک بدن ساغر شراب بنا
ہزار شکر کہ ذرہ سی آفتاب بنا

عروج بخت خرابی ہی کوی الفت کی
بگڑ گیا جو یہان وہ مری حساب بنا

ہوا شکست سی ہم میکشون کا کیا نقصان
سبو جو ٹوٹ گیا ساغر شراب بنا

نہین جو قبر کسی ناتوان کی دریا مین
تو سطح آب پہ کیون گنبد حباب بنا

بہت قریب اجل ہی کہو یہ منعم سے
مکان کی ساتہ کوئی مقبرہ شتاب بنا

وہ کشتہ تہا مین کسی جامۂ معطر کا
کہ سنگ گور سی بھی شیشۂ گلاب بنا

گرا جو پاون پر اوس شہسوار کی مین ضعیف
تن خمیدہ مرا حلقۂ رکاب بنا

کیا جو خالق عالم نی خلق دل میرا
خلیل نی یہ کہا کعبی کا جواب بنا

ہماری گھر سی در میکدہ تلک زاہد
سڑک بنی کہ کوئی جادۂ ثواب بنا

اجل نی دی ہمین مہلت نہ عہد طفلی مین
ہوا جنازہ جو گہوارہ بہر خواب بنا

تڑپ کی لاشہ گرا پاس اسپ قاتل پہ
پلک کی کام مرا وقت اضطراب بنا

مکان یار بنا جب کہا فرشتون نی
زمین یہ عرش علی کا یہ جواب بنا

جو یاد گوہر دندان مین ہم ہوی گریان
گرا جو آنکھہ سی آنسو دُر خوشاب بنا

سوا ہی سیل حوادث ہی خاک تیا مین
نہ ایکدم کو مکان صورت حباب بنا

رہا جو بعد فنا اشتیاق بادہ کشی
اسیر خاک سی میری خم شراب بنا

طاعت مین دہیان ہی کسی قد دراز کا
اغلب یہی ہی لکن ہماری نماز کا

کشتہ ہون بسکہ یار کی قد دراز کا
سایہ مری مزار پہ ہی سرو ناز کا

توپین برج توپ کی گولی مین مہر و ماہ
ہی چرخ پر گمان ہمین حقگی جہاز کا

مسجد کو میکدی سی نہ زاہد بُلا مجھی
تخمین کیا ہی وقت تو آتی نماز کا

فرقت مین یون مرون کہ نہو موت کو خبر
ایسا خیال ہی مجھی اخفای راز کا

یارون سی کہدو گہر کو چلی جائین بعد دفن
تخلیہ ہو کہ وقت ہی راز و نیاز کا

منظور ہو مثال تو طوبی سی دون مثال
مضمون بلند چاہیی قد دراز کا

محشر مین کس نشان سی اٹہی ہون واہ واہ
کشتہ ہون تیر غمزہ و شمشیر ناز کا

محمود کو ہی کیا دل گم گشتہ کی تلاش
چہانی تو جا کی کوچہ گیسوی ایاز کا

عالم مین موجزن ہو جو دریای معصیت
کوثر ملک سی تر ہو مری جانماز کا

زنجیر و طوق موم کی صورت پگہل گئی
اللہ رے سوز نالۂ آہن گداز کا

ہر دم او ترلی چڑہتی کا کوٹہی پہ کیا سبب
کچھ دہیان ہی جہان کی نشیب و فراز کا

دل صاف اگر نہین تو عبادت سی کیا حصول
ظاہر ضرور چاہیی جامہ نماز کا

کیا آشنا ہی اہل صفا ہو جہان زشت
بد شکل قدردان نہین آئینہ ساز کا

زیبا ہی فتنی اس سی جو پیدا ہین قد ترے
دور فلک ہی دور تری پیشواز کا

طول شب فراق جو دیتا ہی دلکو رنج
یہ بھی اشارہ ہی تری زلف دراز کا

سر غیر کا جھکا ہی تری پاؤن پر تو کیا
ہوگا نہ کچھ ثواب ریائی نماز کا

زیبا ہی صرف ہون جو مری استخوان تن
ہی نوخطون کو شوق قلمدان کی ساز کا

طاعت ہی جسکا نام وہ ہی حبس دائمی
چھٹتا ہی بعد مرگ سفید نماز کا

شاہ و گدا ہین محفل شعر و سخن مین ایک
اس میکدی مین دخل نہین امتیاز کا

مطرب سنائی مجکو جو در پردہ وہ صدا
جاگیر پای ملک عراق و حجاز کا

نیرنگیان طبیعت جانان کی دیکھ کر
دم بند ہی زمانۂ نیرنگ ساز کا

مال و متاع دہر کی پروا نہین مجھے
ہون بی نیاز شکر ہی اوس بی نیاز کا

خزین تیرا سوائی خلعت ماتم نہین لیتا
گدا تیرا خطاب خسرو عالم نہین لیتا

کسی کا نام میرا دیدۂ پرنم نہین لیتا
خط اوسکو کس طرح لکھون کہ پانی دم نہین لیتا

جو وسعت رزق کی چاہی تو استغنا کی عادت کر
زیادہ دیتی ہین حصہ اوسی جو کم نہین لیتا

رہون ہی باغبان چندی مین گلشن مین تو کیا
زرگل مین غنچہ گوہر شبنم نہین لیتا

سنا سبحان زاہد وہ سبحہ ہی کہ کچھ کر جانا
نہان ہوتا ہی کچھ کچکا مسافر دم نہین لیتا

وہ زخمی ہون کہ بیٹھی درد مین پانی ہی
کہ بہولی سی ہی نام بخیہ و مرہم نہین لیتا

برابر گردنین عشاق کی کٹتی ہین مقتل مین
جو اوسکا ہاتھ رکجاتا ہی خنجر دم نہین لیتا

کوئی یہ بہر واعظ جو شیخی ہین مسیحی غم
وصال یار کا جب تک کہ نقشہ جم نہین لیتا

وہ عالم بخش ہی کیا جود دل کشا ہی حق حق
نری ہمت ہی ایسی ہین دو کی حاتم نہین لیتا

اوٹھاتی ہو عبث تم تورہ تعزیر ستین پر
کبھی بل کی حضور طرہ پر خم نہین لیتا

کیا بیقرار ایسا دور دور چشم ساقی نے
کہ کوئی کوزیون کی سون جام جم نہین لیتا

کہان تک ہجر کی باتین عیان روز قیامت ہو
کبھی ایسا حرارہ نیر اعظم نہین لیتا

مری جنت مین جا بیٹھی فرشتی کیون ہین حیرت مین
ذرا سوچین تو کیا مین ترکۂ آدم نہین لیتا

وہ زخمی ہون کہ عادت ہی مجھی ایذا اوٹھانی کی
سوائی مشک زخمون کی لیی مرہم نہین لیتا

یہ نفرت وصل سی وہ طفل رکھتا ہی کہ ہو کیسا
جو دیتا ہی کوئی بادام اوسی توام نہین لیتا

بڑی وہ مرد ہین چلتی ہین جو میدان تقصیر
یہان کس روز ٹھوکر توسن رستم نہین لیتا

ترا چہلا جو پایا ہی دماغ اسدرجہ عالی ہے
سلیمان نذر دیتی ہین تو مین خاتم نہین لیتا

تمول کو غنیمت جان منعم خیر جاری کر
زمانہ گردشین لیتا ہی پر ہر دم نہین لیتا

اسیر اوسکی گلی مین کیون بجاؤن دوڑ کر گہر سی
دل بیتاب پہلو مین قرار اکدم نہین لیتا

وہ رحم دل ہون غیر مرا حال ہوگیا
کانٹا کبھی جو راہ مین پامال ہوگیا

جب دم عیان وہ کودک قوال ہوگیا
محفل مین صوفیون کا عجب حال ہوگیا

صد شکر آج شام سی آیا وہ ماہ وش
تابان ہمارا کوکب اقبال ہوگیا

اوفہ یہ ربط قاتل و مقتول کا ہی رنگ
دامان زخم تیغ کا رومال ہوگیا

اوس مہ کو میری پاس جو دیکھا دم سحر
غصی سی آفتاب کا منہ لال ہوگیا

ممکن نہین ہی اب کہ فرشتی بھی پڑھ سکین
ایسا سیاہ نامۂ اعمال ہوگیا

سر رکھ کی پاؤن یار پہ رویا مین اسقدر
گرداب بحر حلقۂ خلخال ہوگیا

ذکر اور ساتھیون کا رہ عشق مین ہی کیا
دل سا عزیز جان کا جنجال ہوگیا

گریان وہ ہون کہ آئی جو صحرا مین میری موت
رویا یہ ابر آکی کہ غسال ہو گیا

اوس رشک ماہ سی رمضان مین ہوا جو وصل
ہر روز مجکو غرۂ شوال ہو گیا

لکہا جو وصف یار کی کندن سی رنگ کا
کاغذ بسان کاغذ زرسال ہو گیا

جن و ملک سی بڑہکی ہی انسان کا مرتبہ
یعنی یہ بار عشق کا حمال ہو گیا

پیری مین ہم سی خاک مضامین نو بندہین
بی بر ہوا جو نخل کہن سال ہو گیا

کنگہی کی جا بتاتا ہون کہ توڑینگی دانت وہ
بیکا جو گیسوون کا کوئی بال ہو گیا

بیچی درم مین اشرفیان اشرفی کی پہول
گلزار بہی بہار مین ٹکسال ہو گیا

پیری نی آکی زور جوانی کا کہو دیا
رستم تہا دل مرا مگر اب زال ہو گیا

سہما شب وصال صدا سنکی دل میرا
گھڑیال اسکی واسطی گھڑیال ہو گیا

طول فراق یار سی ہی زندگی وبال
روز ایک ماہ ماہ مجہی سال ہو گیا

ہر مو تر لوٹتا ہی یہ داغون سی آگ پر
دل ہجر یار مین حسن ابدال ہو گیا

بی یار جاکی باغ مین آنکھین دل نہ ہنسا
[illegible]

کیا رنگ پان سی یار کی دندان چمک گئی
یاقوت سان ہر ایک گہر لال ہو گیا

لیٹا جو پاسی یار سی مین ناتوان اسیر
تن خمیدہ حلقۂ خلخال ہو گیا

ہر جا پسند خلق کو میرا چلن رہا
کعبی مین شیخ دیر مین مین برہمن رہا

کس روز اپنی دل مین نہ داغ محن رہا
بخت سیاہ لالہ صفت جز و تن رہا

بلبل کی اب قفس سی رہائی ہوئی تو کیا
وہ بوی گل رہی نہ وہ رنگ چمن رہا

جہوٹی کسی کی بات نہ پوچھی تمام عمر
اپنی وطن مین بہی مین غریب الوطن رہا

اوس چشم شوخ سی نہ غزالونکی چل سکی
شیر دن کا بلکہ نشہ جرأت ہرن رہا

عریان تنی مین پردہ نقاہت نی رکھہ لیا
پنہان نظر سی روح کی صورت بدن رہا

پانی نہ ایک قطرہ ملا اسپہ رات دن
پیاسون کا جھمگھٹا لب چاہ ذقن رہا

رخصت ہوا وہ مہر تو تا شام صبح سے
اپنی سیاہ خانہ مین سوچ گہن رہا

جبتک کہ ہم جیی کبھی بھولی نہ موت کو
تکیہ مین مرتی مرتی ہمارا کفن رہا

اہل وطن سی شوق ملاقات رہ گیا
موت آئی جب قریب ہمارا وطن رہا

ٹکڑی اوڑائی دست جنون نی ہر رنگ گل گیا
ثابت کبھی نہ تن مین مری پیرہن رہا

ای عشق زلف تجھہ سی ہی نقصان کیسکا
ہر روز کچھہ نہ کچھہ تری سودی مین بن رہا

ہم دل سی ہم سخن رہی دل ہمسی ہم سخن
خلوت مین بھی مکالمۂ انجمن رہا

دونون کو ہی زوال یہان حسن ہو کہ عشق
شیرین رہی نہ ولولۂ کوہکن رہا

وقت سخن جو بیدمی اونکی کہل گئی
اہل سخن کو کچھہ نہ مقام سخن رہا

مشتاق مرگ کون ہی مجھسا جہان مین
باندہی ہوی مین سر پہ ہمیشہ کفن رہا

جنت مین قصر لعل و زمرد ملی اسیر
اسوجہ سی کہ عشق حسین و حسن رہا

جھکایا سر ہوا رتبہ میسر مجکو عابد کا
کمان تیغ قاتل پر ہوا محراب مسجد کا

وہ طائر ہون کہ ہی بالکل طریقہ مجھمین عابد کا
نشیمن ہی منارہ آشیان گنبد ہی مسجد کا

نہ ہو آزردہ سیر گل کو آیا مین جو گلشن مین
بہت مشتاق تہا ای عندلیبان نالہ وارد کا

سنا ہی غیرت نوشاہ ہی وہ حسن و خو مین
چلون مثل سکندر مین بدل کر بہیس قاصد کا

ضیا چاہی تو دل مین حرص دنیا کو نہ آنی دی
چراغ ایسا نہ ہو یہ سگ اوٹھا لیجای مسجد کا

ہوئی میخانہ ہولی کھیلنے کو مست آئی ہیں ۔ بنالا رنگ ساقی زردی رخسار زاہد کا

شہادت نامہ لکھو دیر کو شاید وہ خط لکھی ۔ عدم کا قصد ہے پر انتظار اب ہے قاصد کا

نانہ پڑھنے کو جو وہ گاہ وہ نہیں آتا ۔ موذن کی نظر میں خار گلدستہ ہے مسجد کا

نہیں کچھ عذر ہمکو دولت دنیا لینے میں ۔ خدایا پر نہیں دل کو گوارا رنج حاسد کا

سمان کا حال آتا ہے نظر سب فیض ساقی سی ۔ ہوئی جمشید ثانی ہم پیالہ لی کی مرشد کا

سزا دی خوب اوس قاتل نے خط شوق کی لکھنی پر ۔ جواب خط کی جا سر کاٹ کر بھیجا ہے قاصد کا

تواضع اوس ہی سب کی ہیں جو صاحب تواضع ہیں ۔ خم محراب میں سر ہی نگون ہر ایک ساجد کا

شیاطین نفس امارہ ہیں سب پیش امرد ہی ۔ کرے گا سامنا کیا کوئی کافر اس مجاہد کا

یہ ا کہتا ہے مجھکو غیر اکیون سچ سمجھتی ہو ۔ گواہی کیا نہو جبتک کہ ثابت عدل شاہد کا

مقرر کیجیے دو چار دوست کا تو روزینہ ۔ توقع پر کردن دربار کبتک پیر و مرشد کا

تری چشم سخنداں پر نہیں سطریں یہ پلکوں کی ۔ نظر آتا ہے ہمکو حاشیہ شرح مقاصد کا

کنارے سی عرض ہے لیا کردن ہیچ کی دو ۔ بہت بہتر ہوئی سی نہو نا امر زائد کا

ندی ای چرخ ساغر دولت جمشید کا مجھکو ۔ لگاؤن خاک منہ اسکو نجس جوٹھا ہے ملحد کا

دہی ہنستی ہی ہنستی وصف جو اوس زلف کا لکھی ۔ شرف پا لی شبہہ مرح سنبلہ میں ہی عطارد کا

مرا دیوان ہی یہ مثنوی کب ہی غنیمت کی ۔ بیان اس میں کہاں عشق عزیز و حسن شاہد کا

ہوئی وہ آگ فوراً پانی پانی دیکھ کر مجھکو ۔ تعصب کی برخلافی ہے ٹھکانا بھی ہے اس ضد کا

نہیں مومن علی و مصطفیٰ کو جو اچھا ۔ اسیر ایمان ہی باہر ہے دو بین ہونا موحد کا

تمہاری حمد کا صوبہ جواب کیا ہوگا ۔ یہ مصرع منتظر ہی انتخاب نیا ہوگا

ایا حسن میں اوسکا جواب کیا ہوگا　　غلام کیخسی کا آفتاب کیا ہوگا

خدا سی شرم نہیں ہی تجھی گناہ کی وقت　　نگا خلق سی اوسکو حجاب کیا ہوگا

رد شہسوار کبھی پاؤں تک نہیں کہتا　　چمک کی بدر ہلال رکاب کیا ہوگا

خلاف وقت ملی گا نہ رزق تقدیری　　کری گا لاکھہ کوئی اضطراب کیا ہوگا

ادھر گناہ ادھر بیحساب سی رحمت　　عبث ہی فکر کہ روز حساب کیا ہوگا

بتون کا شوق ہی سو کعبہ پہنچا ہی تجھے　　یہی جو حج ہی تو حاصل ثواب کیا ہوگا

یہ میری رونی سی گھبرا گئی ہیں حضرت نوح　　خدا سی پوچھہ رہی ہیں جناب کیا ہوگا

زبان غیر پہ ہی ذکر روی یار عبث　　پڑہی گا گر جو قرآن ثواب کیا ہوگا

عبث چھپائی ہو زلفون میں عارض روشن　　حجاب ہی پریشان سحاب کیا ہوگا

نہیں ہی کچھہ دل سوزان کو خوف دوزخ کا　　سمندر آگ میں گر کر کباب کیا ہوگا

ملی گی پیر مغان سی ضرور کم و بیش　　ورسہی سی گدا کو جواب کیا ہوگا

پڑی ہیں تشنۂ افشا ہی راز دار تری　　بیان گنگ سی احوال خواب کیا ہوگا

گھڑی گھڑی کی خبر ہمکو دل سی ملتی ہی　　جو خط کا وہ نہ لکھین گی جواب کیا ہوگا

مجھی تو منع کری آپ ہی پیئو واعظ　　اوسی نہیں تو مجھی اجتناب کیا ہوگا

نہ نقاب وہ رخ آفتاب محشر سے　　کھلی جو یار کی بند نقاب کیا ہوگا

تڑپ کی بعد فنا ہون گی خلد میں داخل　　لحد میں ہم تڑپین گی عذاب کیا ہوگا

غلط ہی یہ خط اوس روی صفا پر نکلا　　وصال شب پرہ و آفتاب کیا ہوگا

ازل کی روز ملی ہی تجھی جو عمر قلیل　　تو جیسی دم ہی بھی نقش حباب کیا ہوگا

امیدوار عنایت رہین گی کیا محروم　　شہر امجانہ میں قحط شراب کیا ہوگا

بنا ہی جود وکرم ہی یہ آب و گل کی جگہہ
اسیر خانۂ احسان خراب کیا ہوگا

جہومتی آتی ہی کیا سوی چمن کالی گہٹا
دختر رز سی سوا ساقی ہی متوالی گہٹا

ہون وہ دیوانہ جو آئی میری زندانکی طرف
پہیرون سی اپنا دامن کر گئی خالی گہٹا

قاصدا جلدی روان ہو صاف مطلع ہی ابہی
تار بارش کا ہی دم مین باندہنی والی گہٹا

کشت میری ہی ابہی تک قابل نشو و نما
کیا تکلف ہی جو برسی بعد پامالی گہٹا

ورفشانی چاہتی ہی میری کشت آرزو
لائی گی ایسی کہان سی ہمت عالی گہٹا

دن بڑہائی قید کی میعاد مین صیاد نے
شکر سید کہہ تو سنجی بی پر و بالی گہٹا

زلف چہری پر تمہاری دیکہہ کر کہتی ہی خلق
واہ کیا چہائی ہوئی ہی باغ پر کالی گہٹا

ہو گیا اک جام پیکر دو جہان سی بیخبر
دی گئی مجہکو پیام فارغ البالی گہٹا

اسکی سر مین بہی ہی سودا کیا کسی کی زلف کا
کرتی ہی میری طرح رو کر جو دل خالی گہٹا

کیون کیا تہی توقف کنج عزلت مین اسیر
سیر کو تب آئی تم جب باغ سی جالی گہٹا

بوی خوش دیتا ہی محفل مین پسینا یار کا
عطر کہینچا خوب گرمی نی گل رخسار کا

غیر کیون کرتا ہی وصف اوس ابرو خمدار کا
باندہنا نامرد کو زیبا نہین تلوار کا

برگ نخل طور ہلتی ہین تو آتی ہی صدا
آنکہہ کر پیدا اگر ہو حوصلہ دیدار کا

جوش حیرت کا یہ عالم ہی کہ گر سکتا نہین
ہی مژہ پر میری آنسو آئینہ دیوار کا

مرد عالی قدر سی دنیا کمر رکہتی کیا خلش
پا ہی اک بہی کو نہین رستی مین کہٹکا خار کا

موذیون کی ہین شریک حال اسفل بعد مرگ
چیونٹیان آتی ہین اوٹہانیکو مردہ مار کا

دولت ہمسایہ کردیتی ہی لذت مین شریک
آنکھہ دیکھی دل اوٹھائی ذائقہ دیدار کا

آنکھہ کا حلقہ سجائی طوق گردن چاہیی
ہو نہین دیوانہ کسی کی نرگس بیمار کا

بہوک مین سنگ شکم سی نقش ہو کودون شکست
چاہیی سنگ گران سی سر کچلنا مار کا

ایک سمجھون جان کا دشمن ہو چھوٹا یا بڑا
کام وقت ذبح کرتی ہی چھری تلوار کا

اسفل و اعلی ہین دونون ایکسی حاجت سی شہر
کام خندق کرتی ہی گرد چمن دیوار کا

صحن محشر سی ہمین کرتی ہین باہر کیون ملک
ہم بہی آئی ہین تماشا دیکھنی بازار کا

اہل دنیا حرص زر مین ہو گئی کیا کیا ہلاک
زہر قاتل ہو گیا شربت اونہین دینار کا

تیرگی کہتی ہین اوسکو نور سمجہا ہی سواد
چشم اعمی ہی چراغ اپنی مکان تار کا

ہین تماشائی جو گلزار محبت کی اسیر
پہل سر منصور کو کہتی ہین نخل دار کا

ڈر نہین مجھکو کسی قاتل کسی خونخوار کا
مہر حق ہی مجھہ سخت جانکی مونہہ پہ بہی تلوار کا

سب ہین طالب یکتا ہی کون جلوہ یار کا
چشم مردم سی نہان ہی یوسف اس گلزار کا

ہستی نقاش قدرت صاف ظاہر ہو گئی
موسم گل مین مرقع دیکھہ کر گلزار کا

رہ کی منجا نہین یون گلزار جنت کا جو نام
ساتہ زاہد کی ہو ساقی حشر مجھہ میخوار کا

شکل اپنی کب نظر آتی ہی اپنی آنکھہ سی
آئینہ پیش نظر رکھہ دیدۂ اغیار کا

تیری گریان کو خوشی سی اور بہتا ہی زخم
کیا ہنسائیگا نظارہ قہقہہ دیوار کا

میری چشم تر سی چمکی روی جانانکی بہار
باعث آب چاہ ہی شادابی گلزار کا

حلقۂ گیسو لی رکہا بوسۂ عارض سی باز
ہو گیا قفل در میخانہ غنچہ مار کا

ناتوان بینی ہی اون آنکہونکی نرگس عیان
حال کہلجاتا ہی جیسی نبض سی بیمار کا

غفلت دنیا سی ہی کیا دین ہائین میری خلل
دیدہ خفتہ ہو نہین لیکن رہے بیدار کا

میری چپ رہنی سی رہتی ہی زبان تشنگی بند
غیر خاموشی نہین افسون کوئی اسرار کا

صحبت پاکان مین اک دن ہو بیا نیک
نیت کب نیار ہی مین رہا زنار کا

صنعت خالق جدا ہی صنع اسکندر جدا
کب ہوا محتاج صیقل آئینہ رخسار کا

عہد پیری مین کمال اپنا ہوا رونق پذیر
دن ڈہلا تب قیمت آیا آگے بازار کا

معصیت مین تنگ ہی کیا مرد ہمت اسیر
ورد یا غفار یا غفار یا غفار کا

کون دل زخمی نہین قاتل تری رفتار کا
کاٹ ہی اس نیمچین تیغ جوہر دار کا

رقص مین کشتہ ہی عالم اوس بت خونخوار کا
ہر قدم کا تیرہ کی پڑنا تہہ ہی تلوار کا

آچکی ہی موت لیکن دیکھتا ہستنا ہون سب
خواب مین بہی ہی وہی عالم ترے دیدار کا

میکدہ بہی گرمی ساقی سی ہی آتشکدہ
ہر بط ... سی ہی عالم مرغ آتشخوار کا

کیون نہ ہو پست و بلند دہر سی اندیشہ علو
ٹہیرین کہا آتی ہی رہرو راہ ناہموار کا

خاک پر جو نقش پا ہی کم نہین تصویر سی
کیا مرقع ہی تری رنگینی رفتار کا

بڑہ کی دریا ہوا اگر اوس تیغ کا چاہ ذقن
سیر ہونا کب ہی ممکن تشنہ دیدار کا

غنچی کرتی مین چٹک ار زمزمون پر آفرین
طرفہ طوطی بولتا ہی بلبل گلزار کا

سینہ کاوی کم کبہی تہا تیشہ سی نہین
ناخن ربا تیشہ ہا فرہاد شیرین کار کا

ایک دو سی ہمین بہی بیچی خیرات حسن
نیر اقبال روشن سایہ ہشت و چار کا

بیجگر کہتی ہو کیا ہمکو جگر ہی نذر تیر
درد مین لاتا ہی پہلو حرف پہلودار کا

جا نہی نامہ باندہ دو بال کبوتر مین اوڑ
ہی پہنچنا یار تک منظور جسم زار کا

شکست گر پہ کری گی منہدم جسم ستم گلے — سیل کو مشکل نہیں کچھ توڑنا دیوار کا

عجب ہو رہی ہے بھلا کس تیغ بن ناوک کا توڑ — جز فرقہ کس تیر میں ہوتا ہی خم تلوار کا

غار میں بیٹھا ہوں چھپ کر اہل دنیا سی اسیر
ہی تقاضا کون مجھ سا ختم مختار کا

گھٹا کی بدر کو ہر ماہ میں ملال کیسا — تمہاری چاندنی پھر لی ہی کمال کیا

مرا ایک امر میں اندیشہ تامل کیا — غم سے درد ہجر درد غم و ملال کیا

کہوں نا حشر میں آئی اگر وہ زلف نظر — اسی لئے مجکو گنہگار بال بال کیا

ہماری بعد کہاں حال اونکی الفت کا — کمال درد سی روئی بڑا ملال کیا

کہیں زیادہ ہی قصاب سی یہی غمزہ دوست — جسی حلال کیا لی چھری حلال کیا

گدا ہوئی تو گدا ہی در کریم ہوسے — کیا سوال تو اللہ سی سوال کیا

بجا ہی عکس جو آئینہ میں نہیں پڑتا — خدا نے تمکو زمانی میں بیمثال کیا

جواب خط کا رہا انتظار نزع میں بھی — فرشتہ آیا تو قاصد کا احتمال کیا

نہ سوجھتا ہی چمن کا نہ دشت کا رستہ — جنون کی جوش نے اندھا پکی سال کیا

وہ میزبان ہوں چھوڑی رعایت مہمان — جو ٹھہری دعوت مجنون ہرن حلال کیا

نقیض بات کسی نے کہی تو سمجھا میں — کسی نے کند چھری سی مجھے حلال کیا

وہ تحت پست ملی ہیں مجھی برنگ حنا — کہ جسکی جوتی قدم اوسنی پایمال کیا

رہا مرض میں بھی اخفای عشق مد نظر — ہوا جو زرد تھا چہرہ سی منہ کو لال کیا

خوشی ہوئی جو کبھی سامنا مرا غم کا — شکست رنگ نے چہرے مرا بحال کیا

ہوئی یہ بات تمہیں سال ہوری [illegible] — دیا زوال جسی صاحب کمال کیا

ملا جو کعبۂ ابرو کا اوس سی اذن طواف — کسی لی قصد نہ کعبی کا ایکی سال کیا

سواد شام کو سمجھی سواد مرقد سم — جو خواب آئی لگا مرگ کا خیال کیا

رہی زبان فلاطون جواب مین قاصر — کبھی جو مسئلۂ عشق کا سوال کیا

اسیر مجھ سا کہان کوئی کشتۂ بیکس — موا مین قتل تو جلاد نی ملال کیا

دم بھر وہ مہرخ یوسف جو گوشہ نشین ہوا — ہر غنچۂ حباب گل آتشین ہوا

اون کو کبھی نہ عشق مرا دل نشین ہوا — سو نہ بہی جو اشک عرق کا یقین ہوا

انگشتری جو یار کی پائی یقین ہوا — سارا جہان اب مری زیر نگین ہوا

چھوتا تو اوسکی ساعد سیمین و ساق پا — دامن ہوا جہان مین زمین آستین ہوا

بزم جہان مین مین بہی ہون ہمشکل آئینہ — دیکھی ہزار عیب نہ چین بر جبین ہوا

نالون سی میری تہ و بالا ہوا جہان — گردون زمین بنگئی گردون زمین ہوا

جاسوس اونکی ساتہ رہی میری قسمت — پہنچی گھڑی گھڑی کی خبر مین کہین ہوا

آخر تو ہوگا گور کا تہ خانہ خوابگاہ — بس دل مین یہ سمجھ کی مین عزلت نشین ہوا

رکھا زمین پر آپ نی اس ناز سی قدم — ہنگامہ حشر کا تہ چرخ برین ہوا

عاشق کا سوگ چاہیی زینت نہ کیجیی — چہلم کیا سوم بہی ابہی تو نہین ہوا

احوال دور دور کا دیکھا کتاب مین — ہر صفحہ ہمکو آئینۂ دوربین ہوا

لوٹا خزان نی جامۂ زیبائی چمن — ہر نخل شکل ساعد بی آستین ہوا

مضمون عیان ہوا نہ عبارت پڑہی گئی — خط یار کا مجہی خط لوح جبین ہوا

کھایا جو تیر یار تو ہم نامور ہوی — خاتم دہان زخم تو پیکان نگین ہوا

مضمون تری مژہ کی یہ وحشت فزا لکھے / تنکے چنے کبھی جو عدو نکتہ چین ہوا

بعد فنا ہی ظلم فلک سے نہین نجات / کس مردی پہ فشار نہ زیر زمین ہوا

ہستی نہ کس طرح تن بیجان کی ہو خراب / آراستہ مکان نہ کبھی بے مکین ہوا

کیون محفل سخن مین نہ شاعر کا جی لگی / دو شعر پڑھ سکے مورد صد آفرین ہوا

وصف نبی لکھا تو یہ پایا شرف اسیر / خامہ ہمارا شہپر روح الامین ہوا

کمال نیستی سی دل اگر آگاہ ہو جاتا / زبان سی ہو نکلتا تن فنا فی اللہ ہو جاتا

تری طرز طبیعت سی جو کچھ آگاہ ہو جاتا / مصاحب چار دن مین بندۂ درگاہ ہو جاتا

بڑی دولت ہی جسکا نام ہی عالم مین استغنا / گدا اس کوچی مین آتا تو شاہنشاہ ہو جاتا

زبانین تشنگان وادی الفت کی تر ہوتین / جو وہ چاہ زنخدان فی سبیل اللہ ہو جاتا

فقیر اللہ کی ہین ہم اثر کہتے ہی بڑ لیتے / زبان سی جو نکلتا حکم نادر شاہ ہو جاتا

ضیائی دل سے کچھ نہ دور معاصی جل نہین سکتا / مقرر رات بڑھ جاتی جو دن کوتاہ ہو جاتا

جبین سا ہم جو ہوتی در پر اوس خورشید طلعت کے / یقین ہے داغ سجدے کا چمک کر ماہ ہو جاتا

کرامت شیخ مین دیکھی نہ قدرت کوئی راہب مین / کسی کا معتقد کیون بندۂ درگاہ ہو جاتا

ارادہ بتکدی سی مین کبھی کرتا جو کعبی کا / قدم پر بت ہر اک گر کر کی سنگ راہ ہو جاتا

وہ پیاسا ہون توقع ہی مجھی کب بیان تشنگی کے / قریب چاہ مین جاتا تو اندھا چاہ ہو جاتا

دھڑکتا ہی کلیجا ذکر محشر سنکی واعظ سی / جو کل کی دن ہی ہونا آج یا اللہ ہو جاتا

چھری کیطرح چلتی ہی زبان اوس طفل کی ایسے / سبق پڑھتا تو بسمل مرغ بسم اللہ ہو جاتا

ہمین تو دوڑنا تہا روز راہ سعی مین لازم / نصیب آئندہ تہی مطلب نہوتا خواہ ہو جاتا

اگر دولت کہ صورت وصل کی دولت بہی مل جاتی
ابھی تو کارنامہ اپنا عالیجاہ ہو جاتا

سیہ طالع وہ تہا گہ سی اگر شب کو نکلتا مین
ہوا ایسی چلتی کہ گل چراغ راہ ہو جاتا

گلستان مین جو بازی کو سیہ طفلان حسین جاتی
گلون کا رنگ اور کر گرد بازی گاہ ہو جاتا

شب وصلت کی کوتاہی سی دل کو سخت ایذا ہے
یہہ شب رہ جاتی جو روز ہجر کہ کوتاہ ہو جاتا

اسیر اہل جہان کی نوازش سی ہمکو کیا حاصل
اگر تنخواہ سے ملتے کم رتبہ تنخواہ ہو جاتا

دھیان آجائی اگر اونکو خود آرائی کا
تماشہ ہر دہ ہوائی چشم تماشائی کا

دیکھہ صحرا مین سمان لالۂ صحرائی کا
رنگ لایا ہے لہو یہہ تری سودائی کا

ہی یہہ سرسبز گلستان سخن آرائی کا
کلمہ پڑھتی ہین طوطی مرے گویائی کا

تنگ کرنیکو نکیرین یہان بہی آئے
گور کو سمجھی تہی ہم گوشہ ہی تنہائی کا

پنجۂ غم سی جو یہہ چاک رہا کرتا ہے
دل مرا کیا ہے گریبان کسی سودائی کا

خوب سمجہا وہ ہوا جو نہ سمجھنے کا مقر
ماعرفناک سے ہے حق اوسکی شناسائی کا

خون ابنائی جہان کا ہی یہانتک نہ سفید
شیر مادر یہہ سمجھتے ہین لہو بہانے کا

سجدہ بہی دہشت دربان سے نکرنے پائی
لیچلی داغ تری در سے جبین سائی کا

آگیا موسم پیری علم قد ہے نگون
دانت کہتی ہین نہین وقت صف آرائی کا

تاب باقی نرہی دیکھہ کے وہ زلف دراز
سلسلہ ٹوٹ گیا صبر و شکیبائی کا

آشنا جان گئی تہا قاتل نی مجہی قتل کیا
کشتہ ہون جوہر شمشیر شناسائی کا

ہون وہ عاشق مجہی سوز غم فرقت سی پتنگ
دل ہی پروانہ چراغ شب تنہائی کا

بہرگئی سرمین ہوا اوس کاکل مشکین کی جو
سفر نافہ ہوا آہوے صحرائی کا

شعر کی فکر میں بیگانۂ آفاق رہے
کبھی مصرع نہ لگا مصرعۂ تنہائی کا

چاک کر میرے گریباں کو نہ ای دست جنوں
نظر آتا ہے یہ کوچہ مجھے رسوائی کا

کونسی بزم ہے جس جا گذر شمع نہیں
طور سیکھا ہی کسی شاہد ہرجائی کا

زندہ دل جو ہیں وہ ہیں غیر کی احسان سے بری
مردہ مشتاق ہو اعجاز مسیحائی کا

ہوں وہ بیکس کہ نہیں کوئی شناسا اپنا
عین مجمع میں ہے عالم وہی تنہائی کا

بھر چکی ساری زمیں ظلم سی ای مہدی دین
قصد خلوت سی کرو انجمن آرائی کا

غنچہ چٹکا جو کوئی خوف یہ بلبل کو ہوا
ہو ڈھنڈورا نہ کہیں یہہ مری رسوائی کا

قصد سجدہ جو تمہیں پائے صنم پر ہی اسیر
اذن لو پہلی برہمن سے جبیں سائی کا

پاؤں کیا بلکہ پھرا سر تری سودائی کا
مرحلہ طی نہوا بادیہ پیمائی کا

دل کرے خواہش مرہم تری سودائی کا
داغ اچھا ہوا گر لالۂ صحرائی کا

آتی جاتی ہیں بہت ساتھ میں اعمال اپنے
خوف کچھ راہ عدم میں نہیں تنہائی کا

دل مضطر کہیں عاشق کا ٹھہر سکتا ہے
نام ہی نام ہی بس صبر و شکیبائی کا

وہ حسیں تو ہی کہ دیکھی جو تجھی ساری عمر
دل نہو سیر تماشی سی تماشائی کا

کبھی یہاں ہی کبھی یہہ دولت دنیا ہی وہاں
ایک جا پاؤں ٹھہرتا نہیں ہرجائی کا

خاک پیری میں کروں گوشۂ عزلت کو ترک
حوصلہ ہے نہ رہا انجمن آرائی کا

تیز خنجر سے سوا ہے ترا نشتر فصاد
خون گردن پہ نہ لینا کسی سودائی کا

دن تو مہلا کی دل زار کو کاٹا ہر طرح
کیا کرے دیکھیی صدمہ شب تنہائی کا

مرگ کی وقت کسی کا نہیں ہوتا کوئی
گور میں ساتھ نہ بھائی نے دیا بھائی کا

گیسو کی سو بار سے تو ہوئی پیشانی بدر — یہ وہی شوق ہی اوس مہ جبین سائی کا

حباب چپنگی دیتا نہین اک قطرہ شراب — کیا بگاڑا ہے بھلا گنبد مینائی کا

کیا کرون مدح تری آپ کی ای شاہ سوار — شیر کی آنکھ سے ہے رم آہوی صحرائی کا

واہ ای رونق فلک خانہ احسان آباد — جیتے بخشا سر مجنون کو انگڑائی کا

آ کے ہستی مین گئی اہل عدم سوی عدم — شہر مین دل نہ لگا مردم صحرائی کا

حشر تک خانہ تربت سی نہ نکلین گے قدم — مل گیا خوب یہ گوشہ مجھی تنہائی کا

چار عنصر کو بدن مین فقط اتنا ہے ثبات — جیسی آجاتا ہے جھوکا کوئی چوبائی کا

سخن صاف مرا سنکے کہا اوسنی اسیر — ایسی گوہر کو لقب چاہیے یکتائی کا

کس خرابی سے مین اوس تک گیا — راہ مین گر گر پڑا تھک تھک گیا

ہو گئی ایسے جنون مین ہم ضعیف — ہاتھ مشکل سے گریبان تک گیا

خاکساری سے ہے ما ل پختگی — شاخ سے ٹپکا جو میوہ پک گیا

ضعف پیری کا سبب ہی طول عمر — دور منزل سے تھے مسافر تھک گیا

چپ ہوا سے ناصح بہت باتین بکر — تیری گرمی سے کلیجہ پک گیا

زار ہون ساقی کرون کیا غم کے خم — پی سکے مے مین ایک قطرہ چھلک گیا

گالیان دین آپ سنے اچھا کیا — تھا جو ہونی مین وہن کی شک گیا

ہو گئی غم سے سراپا داغ ہم — کیا ستمگر روئی کا پردہ ڈھک گیا

اب نہ اکی کیا سمجھے پیوار ہے — لقمۂ غم کھا ہی کھاتی جھبک گیا

تنگ ہو کر کیون نہ دے مجکو فشار — گور کی گھر مین مین سنے دستک گیا

منزل الفت کرے گا کون طی — دو قدم چل کر مسافر تھک گیا

کیا اوٹھانا لفظ و مضمون کا اسیر
طور پر گل چراغ طور ہوا

داغ کہا کہا کے مثل مہر اسیر
سر سی پا تک مین ایک نور ہوا

بوسہ کیا لیجی کہ ہی وہ خال دانہ مشک کا
دیگا آخر داغ رسوائی چہرانا مشک کا
الفت گیسو مین کیونکر دلکو پوشیدہ کرون
کوئی ہوسکتا ہی پردی مین چہپانا مشک کا
زلف مشکین کی تصور مین مجہی آیا ہی غش
ہی مناسب لخلخہ مجکو سنگہانا مشک کا
کسکی زلف مشکبو کا وصف کرتا ہون رقم
ناف آہو دائرہ نقطہ ہی دانا مشک کا
کون ہی جسمین نہین سودا زلف جانان کا
ہی خریدار آج کل سارا زمانہ مشک کا
بہر چشم بد سویدا ہی مری دل کا سپند
فرض کیا ہی خال چہری پر بنانا مشک کا
چاہتا ہے صحبت رخسار و گیسو کا اثر
اپنے کافور کا بنجانا ہے شانہ مشک کا
نامہ بر خوشبو کی تا چلنی لگی آہو کی چال
خط مین لکہہ کر بہیجی نافہ روانا مشک کا
اپنی بالونکو نہ تم مٹی بہی دہو وہ یار
خاک مین اچہا نہین صاحب ملانا مشک کا
میری چشم شوق مین ہی یون نہفتہ زلف یار
جسطرح ہو ناف آہو مین چہپانا مشک کا
کیا دل آوینر جہان ہو حلقۂ گیسوی یار
پہر تو مٹی ہی جو ہو نافہ پرانا مشک کا
عاشقون کی دل جلاتی ہین گہر بہر بخور
عود کا حیلہ وہ کرتی ہین بہانا مشک کا
پابجا بند زلف مشکین ہی ہمارا مرغ دل
جا ہی دانہ دہی سی صیاد دانا مشک کا
ہی معطر نکہت گیسوی جہو یان سی ہند
تا چہوا پہیجین سی لاتی ہی لانا مشک کا

پہر تو گیسوی قاتل نے یہ دکھلایا اثر
کوچۂ ہر زخم مین پایا ٹہکانا مشک کا

کاکل مشکین سی کرتی ہین مقابل ای امیر
ہے جو منظور نظر اونکو مٹانا مشک کا

بچ رہے کیونکر نشانہ اوس نگاہ ناز کا
تیر کرتا ہی خطا کوئی قدر انداز کا

حال ہی خط مین جو اپنی شوق بی انداز کا
قصہ ہی اسکو کبوتر کی طرح پرواز کا

صاف روشن ہی کمال نغمہ پرداز دل
ایک ساز نطق مین یہ اختلاف آواز کا

عجز سی خواہان اعانت کی نہین ہمت بلند
چنگل شہباز با بی رزق ہی شہباز کا

ذکر محشر سنکی واعظ سی ہی خاموش ہم
فہم مین آیا نہ مطلب دور کی آواز کا

گھر وہی اوس ہرزہ وش کا جانتا ای نامہ بر
دیکھنا جس گھر کی دروازی یہ پردہ ساز کا

ہاتہ آجائین جو موسی سی ہمین کچہ سنگ طور
مقبرہ بنوائین ہم تیری شہید ناز کا

مرغ دل سی میری ہو صیاد کیونکر مطمئن
بند آنکہین ہین مگر ہی حوصلہ پرواز کا

بی قد خم گشتہ کب تاثیر دکھلاتی ہی آہ
ہی کبادہ کھینچنا آغاز تیر انداز کا

کب ہی مجہہ سا اس چمن مین طائر عالی وقار
عرش استقبال کرتا ہی مری پرواز کا

جسجگہہ ہی بابی وزی ہین وہین ہی سر دام حرص
چہوڑتی ہی کو لی گر یہ گہر کبوتر باز کا

طائر بی بال و پر ہون کیسی پرواز چمن
نام ہی بیتابی دل شوخی پرواز کا

دیکھ لی نامہ مرا آہن کو کر دیتا ہی موم
ہو جو منکر حضرت داود کی اعجاز کا

دم نکل جائی نہ نکلی مرتی مرتی منہ سی آہ
چاہیی ایسا محبت مین چھپانا راز کا

خواب غفلت سی چونکین گی کہان تک مردہ دل
منتظر بیٹھا ہون مین بہی صور کی آواز کا

عشق کا یہ زخم ہی آسکی کسیکو کیا نظر
سینہ تا پشت دل نشانہ ہی خدنگ ناز کا

ختم ہی آتا ہی کوئی میری نجوان کا شمار	صورت سبحہ سبب انجام ہی آغاز کا

وصل کا جب نام لیتا ہون وہ کہتا ہی اسیر
فال دیکھون لاؤ دیوان حافظ شیراز کا

ضعف مین کیا کسی دلبر سی ہوا تھا پہلو اپنا
دل سنبہلتا نہین ہرگز کسی پہلو اپنا

ہم تری عشق مین بیگانہ ہوئی عالم سی
لیکن ای فتنۂ عالم نہوا تو اپنا

یار آتا ہی شب ہجر نہ موت آئی سی
نہ تو جینی پہ نہ مرنی پہ ہی قابو اپنا

چاہتا ہی کہ جگہ پائی تری چوٹی مین
منہ تو آئینہ مین دیکھی گل شبو اپنا

دو گھڑی اور ٹھہر جاؤ تو احسان کرو
مرگ مین دیر نہین قصہ ہی یکسو اپنا

اپنی ہاتھون سی جو تم غیر کو دو جام شراب
خون گھٹ جائی نہ کیونکر کوئی حلوا اپنا

قیس کیا مال ہی لیلی مین ہماری جی تلی
کوہکن بہی نہین پاسنگ ترازو اپنا

تنگ آئی ہین یہان تک کہ ارادہ ہی اب یہ
پہینک دین دل کو کہین چیر کی پہلو اپنا

تیری دوری مین نقاہت نی جہکایا ہی ایسہ
تکیہ زانون کو دم خواب ہی زانو اپنا

دل قوی ہی کہ دریا پہ پائی ہی جگہ
ہو گیا بازوی قوت دربازو اپنا

امر آسان نہ رولانیکو ہماری سمجہو
ہوگا طوفان جو گرا ایک بہی آنسو اپنا

جام اگر ٹوٹ گیا کیا ہی ترود ساقی
حاجت جام نہین جام ہی چلو اپنا

شکم صاف دکہاؤ نہ مسلمانون کو
ای صنم پیٹ نہ مارے کوئی ہندو اپنا

اسکو کرتی ہین وہ خود حسن خداداد پہ ناز
دیکہتی ہین کبہی سینہ کبہی بازو اپنا

تیری مژگان کی خلش سی جو ذرا چہوٹ عدو
ٹوٹ کر ڈنک ابہی پہینکدی بچہو اپنا

گرم تسخیر جہان شعر ہماری ہین اسیر

معجزہ ہے کہ کرامات ہی جادو اپنا

کبھی توفی نہ تب ہجر کا نسخا لکھا
یہ بھی تقدیر کا اک رشک مسیحا لکھا

دیر تک اشک تاسف سی بہائی سرلوح
جب قلم نی مری قسمت کا نوشتا لکھا

داغ اوٹھانیکی جزا کاتب اعمال نی دی
کہ مری نام پہ جنت کا قبالا لکھا

کی جو اجرت مین بہت نامہ برون نی تکرار
ہمنی خط لکھنی سے آخر کو مچلکا لکھا

پھونک اے نالۂ دل صور کہ ہو آج ہی حشر
یار نی خط مین اب مجھے وعدۂ فردا لکھا

سادہ روئی سی جو آگاہ مجھے کرنا تھا
اوسنی نامہ مین کہین ایک نہ نقطا لکھا

تھا جو اغیار سی اخفای کتابت منظور
لکھ کے خط یار کو ہمنی نہ لفافا لکھا

ہمنی جب بوسون کی تنخواہ کی بھیجی درخواست
اوس بشر حسن نی بر عالم بالا لکھا

پرزی نامی کی کیی یار نی دیکھو قاصد
ابھی آگی مری تقدیر مین ہی کیا لکھا

روز ہر شام و سحر کاتب اعمال سی ہم
پوچھ لیتی ہین مقدر کو کہو کیا لکھا

قسمت اپنی مجھی اولٹی نظر آتی ہی اسیر
خط مگر کاتب اعمال نے اولٹا لکھا

گئی وہ دن کہ کرتی تھی ارادہ شیر گیری کا
ہلا جاتا نہین اب بھی یہ عالم ضعف پیری کا

غضب ہے عالم کج دی فلک جامہ فقیری کا
گزری ہمنی جو عالم ہو مقامات حریری کا

دل حر سند گنجینہ ہی انکا بوریا مسند
تری درویش بھی سلطان کہتی ہین امیری کا

ردا و جبہ و دستار خلقت کی ہے سا اینکو
الٰہی وسیلہ ہو دونون عالم مین فقیری کا

نہو جائی ضرر جی کا کہین ملا ہہ دنیا ہے
سبق پڑھنی جو وہ مکتب مین آتی ہین امیری کا

ہیولی سون جیسی ہین پیدا نہان ہون چشم عالم سی
ازل سی ہمنی شوق ہی تند خوئی گوشہ گیری کا

یہی توشہ ہماری ساتھ ہی صحرای وحشت مین
کہ عالم پانو نکی چھالی مین ہی پانی خمیری کا

سپیدی آگئی بالون مین جاگو غافلو اوٹھو
ملو آنکھین ہوا روشن ستارہ صبح پیری کا

غم واندوہ وحرمان ہین صاحب بوریا مسند
فقیری مین اسیر ٹھاٹ ہی ہمکو امیری کا

خداوندا توہی ہو دل کوئی مضمون نو نکلی
جوان فرزندی شبہہ عصا ہوتا ہی پیری کا

نظیر مطلع خورشید ہی سر مطلع روشن
نظر مین کب جچتا ہی یہان دیوان نظیری کا

حقیقت کیا غزال دلکی چشم یار کی آگی
یہ وہ آہو ہی جسکو ہی ارادہ شیر گیری کا

غبار خط اگر نکلا کمی کیا حسن عارض مین
یہ وہ خسرو ہی جسنی پہنی ہی لانی فقیری کا

اطاعت سی تری بندہ نہین اے سرو قد باہر
گلی مین مثل قمری طوق ہی فرمان پذیری کا

اوٹھایا دور گردون سی یہ صدمہ سست بازو نی
کمان کی گھر مین تیرونکی ہی قبضہ اب گوشہ گیری کا

نگاہ اہل عالم سی اسیر زار گرتا ہے
یہی ہنگام ہا دست خدا ہی دستگیری کا

دل یہ سمجھا جو شب ہجر مین کوکب نکلا
اور اک نیش زنی کی لئی عقرب نکلا

گھر سی ابتک وہ نہ نکلا تھا مگر اب نکلا
بعد مدت دل مشتاق کا مطلب نکلا

کیا چنک خال کی ہی واہ لب چاہ ذقن
چاہ نخشب سی یہ گویا مہ نخشب نکلا

نظر آیا نہ شب ہجر کہین نام کو نور
چرخ پر چاند تو کیا ایک نہ کوکب نکلا

ہوگئی صبح شب ہجر قیامت برپا
مہر شاید طرف غرب سی یارب نکلا

فرش تا عرش تلک دم مین گیا دود جگر
ہم نہ سمجھی تھی بڑا تیز یہ مرکب نکلا

کسنی اوس ناوک مژگان کا نشانا تو بنا
ہر کا مذار کبادی کی طرح دب نکلا

سنگ طفلان لگی ہاتھ نہ جب مین جانی تنہا
کوئی دیوانہ مگر جانب مکتب نکلا

منزل عشق مین رہزن کو کہان دخل تہا
ہر کنوان راہ مین کشتو نسی لبالب نکلا

ہر طریقی سی ہی بڑہکر روش وحشی زلف
طرۂ ہفتاد و دو ملت پہ یہ مذہب نکلا

تجہہ سی ای مہر جو دریوزہ گر نور نہین
ماہ کاسہ لیی کیون چرخ پہ ہر شب نکلا

محتسب فاش نکر پردہ یہ تہمت ہی عبث
گہر سے باہر قدم دختر رز کب نکلا

موں نہ چہپا کر وہ عیادت کو ہماری آئی
ہم تو محروم رہی غیر کا مطلب نکلا

ساقیا نام کو باقی نہین شیشی مین شراب
روح سمجہا تہا مین پر روح پہ قالب نکلا

وصف اوسکی خط عارض کا جو کاغذ پہ لکہا
حرف پر نور ہوئی رنگ مرکب نکلا

چار عنصر سی بشر بنکی ہوا فتنۂ دہر
یہ عجب نسخہ معجون مرکب نکلا

آستان یار کا شاید در مسکت تہا امیر
تہک گئی دوڑ کی ہم ایک نہ مطلب نکلا

وہ زار ہون کہ تختہ ہوا میری گور کا
سایہ اگر پڑا مژۂ چشم مور کا

چمکا ہی حسن سی جو وہ رخ چاند کیطرح
عمدہ ہی اپنی طائر دل کو چکور کا

ثابت نمود خط سیہ سی ہوا ہمین
چاہ ذقن نہین کوئی روزن ہی نور کا

آرام کی طلب ہی تو عبرت کیواسطے
سایہ پسند ہی تو مجہے نخل گور کا

کیون صیدگاہ دہر نہ عبرت کا ہو مقام
کہیلا شکار گور نی بہرام گور کا

چاہی جو ناتوان وہ کری عشق اختیار
ایذا کی کہینچنے مین نہین کام زور کا

پی دیکہی کہینچتا ہی شبیہ میان یار
مانی کا مو قلم ہی عصا دست کور کا

شیرین ہین شکر کیطرح اوسکی انگلیان
پوچہو ہماری دل سی مزہ پور پور کا

سرمایہ ہی بشر کی لیی مایہ ضرر
کہٹکا ہے مالدار کو دنیا مین چور کا

ساقی صدای قلقل مینا کا وقت ہی
اوٹھا ہی ابر باغ مین کس زور شور کا
ہی موذیون کا قتل ضعیفونکی پرورش
موت آئی مار کو تو کھلا رزق مور کا
مرنی کی بعد ایک ضعیف توی ہین سب
جامہ ہر ایک جسم پہ ہی ٹھیک گور کا
شب وسکی گہر گیا جو مین پر اونکی طرح
اوس شمع رو نی شور کیا چور چور کا
جوش جنون مین شوق تماشا ہوا اگر
جنگل مین جا کی دیکہہ لیا رقص مور کا
شب کو وہ بہر فاتحہ آئین تو دیکہہ لون
مشعل جلائی اوڑکی شرر سنگ گور کا
مجہہ ناتوان کو خوب سمجھتا ہی وہ پری
معلوم حوصلہ ہی سلیمان کو مور کا
تلخی ہی سہل یار جو دی بوسہ دہن
شیرین کنوان ہی ساحل دریای شور کا
کہتی ہین جسکو مہر وہ اوسکا نگینہ ہے
تار شعاع نام ہی اوس مہ کی ڈور کا

ہر نوجوان کی حسن نی مارا ہمین اسیر
چمکا جو رخ چراغ ہوا اپنی گور کا

راحت وصل مین مجکو غم ہجران بہولا
باغ آیا جو نظر خانۂ زندان بہولا
عشق مین کبر تو کیا دین مسلمان بہولا
اوسکو پوتھی نہ رہی یاد پہ قرآن بہولا
جیسی مشہور ہوا عشق مرا حسن ترا
خلق کو قصۂ بلقیس و سلیمان بہولا
والوی عشق ہی یہ عرصۂ شطرنج نہین
نقد جان ہار گیا چال جو انسان بہولا
ولولی ساری جوانی کی مٹی پیری مین
صبح ہوتی ہی سحر خواب پریشان بہولا
مشعل داغ اوسی شب کو دکہاتی ہمنے
کوئی پروانہ اگر راہ چراغان بہولا
چار دن زیست کی کس بیمزگی سی کاٹی
موت کا مجکو نہ کہٹکا کسی عنوان بہولا
وہ فقط تہی رہ پیچ پہ ہی دام اجل
کوچۂ زلف مین دل بہول بیابان بہولا

کیون نپائی وہ سزا ہو جو خدا سی غافل
مار کہائی جو سبق طفل دبستان بہولا

بخت کوتہ نے ادہر کا نہ ادہر کا رکہا
دام سی چہوٹ کی مین آہ گلستان بہولا

تشنہ رزی کیا صاحب دولت کو بہ پست
فاتحہ جا کی سر گور غریبان بہولا

زیست تا حشر جو تقدیر سکندر مین نتہی
خضر کی ساتہ رہ چشمۂ حیوان بہولا

تیری چلنی کا تو انداز نہ آیا اوسکو
چال اپنی بہی مگر کبک خرامان بہولا

سیر ہو نیکا نہین چشمۂ کوثر پہ بہی مین
مرتی مرتی نہ ترا چاہ زنخدان بہولا

مین تو کیا مصحف عارض جو ترا دیکہہ لیا
گم یہ حافظ کی ہوئی ہوش کہ قرآن بہولا

دست وحشت نہوا جامہ دری سی فارغ
یاد آیا اوسے دامن جو گریبان بہولا

سہو و نسیان سی خمیر گل آدم ہی اسیر
آدمیت کا کیا کام جو انسان بہولا

ٹہرا نہ یہان قدم کسی کا
مشکل ہی مقام دوستی کا

ای جوشش جنون عدم کو لیچل
جنگل ہی یہ شہر آدمی کا

دریا مین عیان ہی حال امواج
عالم ہی یہان وارفتگی کا

غربت مین وطن سی کہینچ لائی
ہو خانہ خراب بیکسی کا

پہلی مجہے قتل کرکی جاو
ہو قصد جو خون مدعی کا

بسمل یہ تڑپ رہا ہے بسمل
قاصد یہ پتا ہی اوس گلی کا

آئینہ تمہاری عکس رخ سی
طوطی نامہ ہے بخشنی کا

افلاس نی دی ہی ہمکو دولت
دینار ہی داغ بے زری کا

اپنا تن زرد تار زر ہے
عالم ہے قبا مین زری کا

بیطاقتی کی ہمکو سخت جانی
خنجر کا ہوا جو بال بیکا

کیا ترک ہو شرب بادہ ساقی
روغن ہی چراغ زندگی کا

دشمن ہوئی عشق مین ہمارے
دعوی تھا جنہین کہ دوستی کا

بگڑی وہ لیا جو بوسہ لب
سودا نہ رہا ہنسی خوشی کا

دو بوسہ کرو نہ بخل اتنا
انجام بخیر ہے سخی کا

گرتی ہوتی ہم اسیر سنبھلے
کیا نام ہے مرتضے علی کا

غرور عجز مین صاحب کمال ہونا تھا
جو بڑھ کی بدر تو گھٹ کر ہلال ہونا تھا

نصیب چشم کہان جلوہ تجلئ دوست
نہال طور جلا کیون نہال ہونا تھا

وہ خط کو چہرہ روشن سی دور کیا کرتی
کہ ہمکو کند چھری سی حلال ہونا تھا

غضب ہوا وہ ہوئی زرد رو جو دل سنکر
زبان کو لال دم عرض حال ہونا تھا

شروع سال مین موت آتی تیری گیسو یا ہمکو
تمام خلق مین قحط ایکی سال ہونا تھا

گرا جو ہاتھ سی جام اختیار کیا ساقی
تجھی ملال ہے مجھے انفعال ہونا تھا

بدی نصیب کی یہ بھی ہوئی بیابان مرگ
بدن کو طعمہ گرگ و شغال ہونا تھا

کہا یہ اونسی جلیسون نے ہو کیا جو مین دفن
پہ چلین حضور ہوا جو ملال ہونا تھا

بلند ہو کی نحوست مین کیون ہوا مشہور
زحل کو اوس رخ روشن کا خال ہونا تھا

پیام سے لیکے مرا دل گیا سو تھی قاتل
اس ایلچی کی لیے یون زوال ہونا تھا

دعا وصال صنم کی ضرور تھی ای دل
خدا سے طالب امر محال ہونا تھا

بہائی یاس نے آنسو جو نزع مین دیکھا
یہ مرتی مرتے ہے مجھے انفعال سونا تھا

یکا یک اوسکو عیادت کا آگیا جو خیال
مریض عشق کو چندی بحال ہوتا تھا

ہوئی جو پیر تو اوس ماہ رو سی وصل ہوا
ہمین زوال مین حاصل کمال ہوتا تھا

خروس صبح نی چلا کی کی جو نیند حرام
ہماری ہاتہ سی اوسکو حلال ہوتا تھا

اسیر بزم غنا سی وہ گیسو پیچ اوٹھہ جاتی
مری نصیب مین صوفی کا حال ہوتا تھا

سرای ہستی سی ای مسافر ضرور کر قصد اب عدم کا
سحر ہی نزدیک رات ہی کم سحر کا تارا فلک پہ چمکا

جو ہو ملاقات کی تمنا اودہر کو تو بہی روان ہو ای دل
سفر سی ممکن نہین ہی پھرنا مسافران رہ عدم کا

گئی کچہ ایسی نہین پتا بہی کوئی ڈھونڈی کبہی نپاسے
غبار رہ بانگ جرس تو یکسو نشان نہین ایک کی قدم کا

ہوئی تلف تخت و تاج کیا کیا مٹی وہان سکے کیسے کیسے
کہان ہی وہ حشمت سکندر نشان دیکہو کہین ہی جم کا

نہین ہی کوئی مرض سی خالی قمر ہو تب کو کہ مہر دن کو
کوئی تپ لرز سی ہی مضطر کوئی ہی بتلا دق و ورم کا

بدن ہی لاغر جگر فسردہ دماغ ہی خشک دل ہی مردہ
الہی آجای کوئی جہوکا کسی نسیم مسیح دم کا

کسی کو باندہا کسیکو پیٹا کسیکو مارا کسیکو لوٹا
بلا کی گیسو ہین قد قیامت غضب کی چتون چلن ستم کا

اگرچہ ماہ صیام ہی یہ پلا ہی جام شراب ساقی
دہی تو ہین چند روز روزی کسی بہروسا ہی ایکدم کا

رہ طلب مین تمہارے طالب ہزرخی جو ادارہ ہوئی آخر
تو پہر دیکہو کہ خاک سی بہی درخت پیدا ہوا قدم کا

وہ طبع عاشق ہین تہاندون ہانہ دون بہی ایک مذہب
کبہی بنا دیر مین برہمن کبہی مجاور رہوا حرم کا

پکارتا ہون یہ جنگ ری ہین جو ای واحد خدا ای اعلیٰ
جواب دی مجکو ای برہمن یہ منہ ہی تیری کسی صنم کا

وہ بادہ کش ہون کہ رعب میرا فقط ہہین محتسب پہ غالب
جو چہینٹی مجہسی جام آئی تو خشک ہو جای تہ جم کا

نجات دنیا کی مخصوصی ہمین نہین کچہ ہی دینی والا
دراز عمر حسام قاتل جو آسرا ہی تو اسکی دم کا

جہان سی جو لوگ اوٹہہ گئی ہین خبر ہو معلوم اونکی کیونکر
کبہی نہ ہستی مین پہر کی آیا کوئی مسافر رہ عدم کا

ہوا ہی یہ حال زار اپنا کہ ایک شمہ کبہی جو لکہا
دوات کی آنکہہ خون روئی فگار سینہ ہوا قلم کا

جو اپنی ساتہی تہی سب ہارگئی جان ہین وہ کدہر کو ڈہونڈہئی ان
جگر کو دیتا ہی داغ فرقت نقش ہستی مین ہی قدم کا

ذرا جو تیرا اشارہ پاؤن ابہی تہ تیغ سر جہکا دون

ہزار جان سبی ہون مین تو قاتل مطیع حکم قضا شیم کا

پڑا ہون پیر مغان کے در پہ یہانسے جا مین کہان مین اوٹھکر | لی کوئی خم کہ کوئی ساغر خیال اسکو ہی بیش و کم کا

گذر ہوا ہی جو میکدی مین ہی صید کرنی مین کیا تامل
اسیر لطف ہی شراب کی یہ نہین ہی طائر کوئی حرم کا

قطع رہ فنا مین کہان ہوش نقش پا | ہی گور کی بغل مجھی آغوش نقش پا

وہ پاتون ہون جو زینت آغوش نقش پا | گل کیطرح ہنسین لب خاموش نقش پا

جس راہ سی گئی ہوا وسی کہ اوسی پہرو | ای رفتگان یاد فراموش نقش پا

راہ جنون مین برہنہ پائی کا خوف کیا | کافی ہی میری پاؤنکو پاپوش نقش پا

پوچھون مین کس سی قافلہ والونکی سرگذشت | کب ہی سخن سرا لب خاموش نقش پا

زینت ہماری پاؤن نی دشت جنونکو دی | ہر آبلہ ہوا گہر گوش نقش پا

مہندی لگا کی پاؤن مین کسنی کیا خرام | لبریز گل ہے دامن آغوش نقش پا

سینی سی میری داغ ہی یون انکی قریب | ہو جیسی نقش پا کوئی ہمدوش نقش پا

یہ اوسکی پیچھی پیچھی چلا بدحواس مین | رستہ بہٹک گیا نہ تہا ہوش نقش پا

دید و شنید خاک نشینون کی ایک ہے | جو چشم نقش پا ہی وہی گوش نقش پا

شکوہ کرو نہ سختی منزل کا رہرو | سمجھو اشارہ لب خاموش نقش پا

رہرو وہ ہون کہ شوق نی اندہا بنا دیا | رستی کا فہم ہی مجھی مدہوش نقش پا

رنگینی ہی میکی پا کی مستانہ چال سے | شاہد ہی جام بادہ سر جوش نقش پا

شکر ہو خاک رہ جو وہ شیرین ادا چلی | طوطی کی دی صدا لب خاموش نقش پا

پہونگی گرد ہین جو تماشائیون کی غول
ہی فصل گل مین جمع تشن گل و جوش نقش پا

وا ماندگی کا سیری کرسے تذکرہ اسیر
گویا کبھی جو ہو لب خاموش نقش پا

جاتا باقی تو دنیا کی حکومت مانگتا
چار دن کیواسطے کیا پنج نوبت مانگتا

پیسکر دندان وہ سر پر آرہ کیچو آتا ضرور
مانگ کا بوسہ جو مین گشتہ قسمت مانگتا

کر دیا گستاخ تمنی ورنہ گہر مین آپکی
آئینہ آتا تو آنیکی اجازت مانگتا

پیرہنی نامیکی اوڑائی یا نلی کیا جواب
نامہ بر آیا ہے مجہ عریان سی خلعت مانگتا

تہا سوال زر عبث ہوتا اگر سائل کو فہم
صبر تہوڑا سا تو تہوڑی سی قناعت مانگتا

کچہ سمجہکر مینی کی ہی پستی طالع قبول
آسمان سولی پہ رکہدیتا جو رفعت مانگتا

بال سلجہاتی جو تم لیکر حنائی ہاتہ مین
دست شانہ پنجۂ مرجان سی بیعت مانگتا

چشم پوشی اقربا سی تہی بجا ہنگام نزع
بات کی مہلت تہی کس سی نہ رخصت مانگتا

دو قدم تابوت یارونکو بالی دوش سے
یہ سمجہتا تو خدا سی مرگ غربت مانگتا

طبع مستغنی ہوئی میری فقیری کا سبب
کیا نہ ملتی مین اگر دنیا کی دولت مانگتا

افسر شاہی سی بہتر تہا مرا کجکول فقر
ہوکی مین تیر اگدا کیا پادشاہت مانگتا

زشتی اعمال سی دوزخ کی تہی قابل تہا
کیا سمجہکر مین خدا سی باغ جنت مانگتا

طالع وارون سی کہلاتی وہ عادو لٹا اثر
برق گرتی مین اگر باران رحمت مانگتا

خانہ و اولاد فانی مال و دولت کو زوال
سب سے بہتر تہا جو مین سب سے فراغت مانگتا

توڑتا کیا اگر ہوتا دل گلچین مین درد
دیکہتا گل کو تو بلبل سی اجازت مانگتا

عالم وحشت مین تہی مقبول حق میری دعا
گنج ویرانہ او گل دیتا جو دولت مانگتا

آسمان سی اپنی کپڑی بھی بچانی تھی محال
چھین لیتا رخت عریانی جو خلعت مانگتا

مرتی مرتی بھی مجھی معلوم تھا یا رونگ حال
زہر دیتا جس سے قیمت نسخۂ شربت مانگتا

مال دنیا کو مین کیا کرتا حسینو نسی عزیز
جان تک دیتا جو کوئی خوبصورت مانگتا

باغ عالم مین مرا حصہ سوائی غم نتھا
خار لیتا گل جو مین برگشتہ قسمت مانگتا

داغ کھاتا تھا مقدر تھا پیری مین امیر
وقت سی پہلی مین کیون نکر رزق قسمت مانگتا

حباب وار جو سر مین بھری سفر کی ہوا
اوسی طرف کو چلی ہم چلی جدھر کی ہوا

وہ گل ہوا کبھی اغیار کا کبھی میرا
کبھی ادھر کی کبھی چل گئی ادھر کی ہوا

نعش اٹھیگا جو مجھی گرمی قیامت مین
تو جبرئیل مین ہنگی بال و پر کی ہوا

جواب نامہ کہان نامہ بر کب آتا ہی
مجال کیا کہ ادھر آ سکی ادھر کی ہوا

ملا نہ قلزم ہستی مین امن مثل حباب
پھری ہی تی رہی ہمسی ہماری گھر کی ہوا

خدا کیو اسطی سر خواب سی اوٹھا ساقی
پیام بادہ کشی دیتی ہی سحر کی ہوا

ہماری آہ سی بجلی کا گرم ہے بازار
ہماری آنکھہ نی باندھی ہی ابر تر کی ہوا

جو گلبدن سبب زیب باغ عالم تھے
کدھر گئی وہ الہی چلی کدھر کی ہوا

حیا ضرور ہی نکلو نہ گھر سے بی پردہ
چراغ شام بجھا دیگی رہگذر کی ہوا

خیال زلف مین بہتا ہون بسکہ مین دم سحر
ہمیشہ شام سی چلتی ہی یہان سحر کی ہوا

عدم ہی پر قدم لامکان ہی پیش نظر
تری دہن کی ہوس ہی تری کمر کی ہوا

کسی سی کام نہین کچھ چکور کی صورت
جو سر مین ہی تو کسی غیرت قمر کی ہوا

ابھی مثل کبوتر اوڑا خط او قاصد
اوڑا کی خاک ذرا دیکھہ ہی کدھر کی ہوا

فراق یار ہوا بعد وصل یار اسیر
جہان مین چین سی تہا لگی سقر کی ہوا

ہی اہل زمین پر جو ستم چرخ برین کا
در پردہ اشارہ ہی کسی پردہ نشین کا

مسجد سے نکل کر مین تو بتکدہ بہولا
تقدیر نی میری مجہے رکہا نہ کہین کا

سجدہ تو مین کرتا ہون مگر خوف ہی اتنا
بدنامی کا ٹیکا نہ بنی داغ جبین کا

وا رشونی قسمت کی سہی نام متن ناشیر
چہا مین بہی تو اولٹا ہی وہی نقش نگین کا

آیا ہی سہی ہو نہ پہ تری کہینچی تصویر
فق رنگ ہوا جاتا ہی صورت گر چین کا

اقرار ہی ہر وصل کا انکار کہان تک
ہان منہ سی کبہی کہتی نہین کام نہین کا

کس موسم سی گلشن مین بہار آتی ہی ساقی
اللہ سے اب زاہد سجادہ نشین کا

سب سمجہی کہ جہڑتی ہین سر نو نسی ستارے
پوچہا جو عرق یار نی اونگلی سی جبین کا

حسرت ہی کہ بجہاتی تری ہاتہ کا چہلا
طالب مین نہین مہر سلیمان کی نگین کا

قاصد مجہی ہرگز نہین خط لکہنی کی حاجت
سر کاٹ کی بہیجو کہ چہپی خط تو جبین کا

بازو کی جگہ شانہ قاصد مین لگا دون
شہپر مجہی ہاتہ آئی جو جبرئیل امین کا

تالی یہ حسینون نی تری راہ محبت
گر بنگیا ہر غیرت شمشاد زمین کا

کس دو کہ وہ دیدار دکہا جائین دم نزع
ہی حوصلہ باقی نگہ باز پسین کا

یکسان ہین ابہی مین یا نہ او ہین بچکی پردے
ہستی مین تری مرتبہ ہی ہمکو یقین کا

چاہا ہی قلم نی کہ لکہنی لف کی تعریف
تا چرخ طرف دود گیا کشور چین کا

دل اونکی بڑسکی کا ہمیشہ سی ہی قاتل
العظمة لله ہی نقش اپنی نگین کا

دیکہا کبہی چلمن کی طرف پہار کی نمکین
جلوہ نظر آیا نہ کسی پردہ نشین کا

	جتنی ہین اسیر اہل کمال اُنکی ہین وہ مول دیوان مرا ہیچ ہے دیوان حزین کا	

مژدۂ وصل گلبدن آیا	قاصد اشک قطرہ زن آیا
اس رخ زرد پر پڑی وہ آنکھ	زعفران زار مین ہرن آیا
نامہ بھیجا ہی اوسنے یعنی	بدلی یوسف کی پیرہن آیا
کچھ خبر ہی مریض عشق کی بھی	قبر کھودی گئی کفن آیا
شکر کرین کیا تین لاکھ کی تقلید	کبک کر کب ترا چلن آیا
ہمنی مانگا کبھی جو بوسۂ لب	تنگ کیا کیا وہ بیدہن آیا
رفتہ رفتہ لحد مین پہونچی ہم	راہ غربت کٹی وطن آیا
ہون وہ بیکس رہا نہ ضبط مجھی	ابر جب جانب چمن آیا
نہ گئی تنگ چشمی شیرین	تنگ چشمی سے کوہکن آیا
واہ ری ساکنان یثرب مین	نہ کبھی درمیان سخن آیا
ہمنی پہنا جو رخت عریانی	ٹھیک یہ جامۂ کہن آیا
کیون نہ کھینچان سینہ زن اوس بت تک	دیکھنے ہاتھ برہمن آیا

	حمد رب سے ملی نجات اسیر کام میرے مرا سخن آیا	

جو بحر شرم مین وہ مست ناز ڈوب گیا	یہان سفینۂ عمر دراز ڈوب گیا
نہ پوچھو مجھ کی ہجران مین حال کشتی عمر	لگی پہاڑ کی ٹکر جہاز ڈوب گیا
ضرور کیا ہے تمھین یون وضو اشک [illegible]	کہ جی حضور کا وقت نماز ڈوب گیا

خیال سرو قد یار مین یہ رویا مین
جو نخل باغ مین تھا سر فراز ڈوب گیا

شراب شیخ نی پی طرفہ بی تمیزی سے
کہ می مین جبۂ بی امتیاز ڈوب گیا

اوٹھا یہ ہند مین طوفان ہماری اشکون کا
تمام ملک عراق و حجاز ڈوب گیا

تمہاری چاہ ذقن پر پڑی جو اوسکی نظر
حیا سے گر کی کنوین مین ایاز ڈوب گیا

تری نگہ سی طیور فلک بچین نہ بچین
بلند ہو کے ہوا مین یہ باز ڈوب گیا

تری غرور سی لے دیا جو مین تو شکریہ ہے
کہ پہلی خانۂ آئینہ ساز ڈوب گیا

اسیر غم ہی اسیکا کبوتر دل کو
کہ خون مین پنجۂ شاہین باز ڈوب گیا

نالہ فلک کو توڑ کے تا لامکان گیا
گستاخ رفتہ رفتہ کہانسی کہان گیا

طاعت مین بھی نہ دل سی خیال فغان گیا
مسجد مین پانچ وقت مین بہر اذان گیا

پیہ تو کی طرح ساتہ نہ چھوڑا اسیطرح
جس جس جگہ وہ مہر گیا مین وہان گیا

آیا کسی کا قیدی گیسو ہوا یہ غل
مین حشر مین جو پہنی ہوئی بیڑیان گیا

نالون سی میری نعمت دلمین پڑا نہ فرق
چھوٹی ہزار تیر نہ زور کمان گیا

صندل لگا کی آتی ہے شیرین مزار پر
فرہاد درد سر نہ ترا رائگان گیا

دنیا بسان چاہ ہی انسان برنگ دلو
دم بھر کو جو یہان سبک آیا گران گیا

ہمراہ ہم بھی جائینگی یوسف کو دیکھنے
ابکی جو سوی مصر کوئی کاروان گیا

برسون تلاش خنجر قاتل مین سر پھرا
دوران ہجر صورت سنگ فسان گیا

روتی ہین لگکی یہ تن بیجان پہ میری گو
برباد قیدخانہ ہی یوسف کہان گیا

انسان کی گرد کو نہ فرشتہ پہنچ سکا
یہ مشت خاک وہ ہی کہ تا لامکان گیا

ابتک نہ کوئی یار سے لایا جواب خط
یارب تباہ ہو کے کبوتر کہاں گیا

آیا جو وقت نزع کسی لف کا خیال
ہستی سے نیستی کو میں شب درمیاں گیا

حاصل ہوا نہ خاک اوسے مانند گرد باد
ہر گوشہ اگر زمیں سے تا آسماں گیا

پیری میں بھی خیال حسینوں کا ہی ہے
اچھا ہوا جو زخم نہ اوسکا نشاں گیا

کعبہ کو جاتے جاتے سوئے دیر پھر پھرا
تھا قصد کسطرف کا بہک کر کہاں گیا

پھیکے تھے محفل واعظ منبر نشین کی وعظ
دھوکا ہوا سمجھ کے میں دیکھی دکان گیا

جوہر دکھائے صبر کی ہمت نہ زیر تیغ
قاتل کے دل سے حوصلہ امتحان گیا

پیری میں اب تو آہ کی طاقت نہیں رہے
وہ ولولہ وہ جوش جوانی کہاں گیا

کھائی ہمانے کچھ سگ جاناں نے کچھ اسیر
صد شکر رائیگاں نہ کوئی استخوان گیا

ہم فقیروں پہ اگر فضل الٰہی ہوگا
بوریا زیر قدم مسند شاہی ہوگا

دل مرا دیر کو یا کعبہ کو راہی ہوگا
وہی ہونا ہے جو منظور الٰہی ہوگا

اوسکو بھیجا تھا خط شوق نہ سمجھے تھے یہ ہم
کہ کبوتر بھی گرفتار تباہی ہوگا

کیا ہوا آتا ہے منزل جو گئی تیز قدم
ہم بھی پہنچیں گے اگر فضل الٰہی ہوگا

دوست اعضائے بدن کو بھی نہ سمجھے کوئی
یہی بولیں گے جو ہنگام گواہی ہوگا

مے کشی کو جو گیا میں ابھی بدلی گی ہوا
ابر گلزار سے کہسار کو راہی ہوگا

دل دریا کو کرے گی نگہ یار دو نیم
سان اس تیغ کو سنگ سماہی ہوگا

تم دکھاؤ گے اگر چشم سخنداں کی بیاض
نظرے فقرہ اشعار نگاہی ہوگا

کسکی ہے ہوس طفل نے مکتب میں نصاب آئی کی شرح
کسقدر شاد الو النصر فراہی ہوگا

جان دین کیون نہ تیری ابرو پہ پرخم پہ دلیر / قدر شمشیر کریگا جو سپاہی ہوگا

تخت بنجایگا اوٹھیگا جو صحرا سے غبار / جو بگولا ہی مجھے افسر شاہی ہوگا

وہی سمجھیگا ہماری دل مایوس کا حال / جو سفینہ پہ گرفتار تباہی ہوگا

بت کو بتخانی مین تجھ برہمن کی پرستش کیسی / شامل حال اگر فضل الٰہی ہوگا

ہی یقین جوش پہ آیا جو مرا … اب / ماہ نو اوج فلک پر پناہی ہوگا

عمر بھر ظلمت عصیان سی کریگا جو حذر / کنج مرقد مین جسی خوف سیاہی ہوگا

مرگ کی بعد کوئی کام نہ آیگا اسیر / گور تیرہ مین مددگار خدا ہی ہوگا

جب کوئی نازل ہوئی ہم پر بلا / یاد آئی سرگذشت کربلا

کبھی یہ ظلم پہ قاتل کے صبر / ہو بلا گردان تہ خنجر بلا

کیا بلاؤن کا بیان ہو ہجر مین / گھر بلا اندر بلا باہر بلا

فی الحقیقت یہ الف کہتی ہین جسے / مو بمو آفت ہی سر تا سر بلا

بوسہ گیسو پہ تکرار اسقدر / دیجیے صدقہ کہ رد ہو سر بلا

زار ہون ایسا نہین پاتی مجھی / ڈھونڈتی پھرتی ہی بستر گھر بلا

دفعتہً دل قیدی گیسو ہوا / پیچ سے کچھ آئی نہین کہہ کر بلا

سر کٹی تو حرص دنیا دل سی جای / صدقہ دیجیے گھر سے ہو باہر بلا

یہ ارادہ تھا تو پھر روز نخست / کیون کہا اے سنگدل اور بلا

یا الٰہی دیکھ تیغ قاتل سی نکے / یا نہ ہو بیتاب تاب ضرب لا

اسکے بنتا ہون مین شعر مولوی / جس کا حاصل یہ کہ ہی بیت بلا

دید حق گر چشم بینا چاہیے　　کور کورانہ سرمہ در کربلا
کب تجہی تاج شفاعت ہو نصیب　　تا نیفتے چون حسین اندر بلا

کام کیا نام سے ایا اسیر
شل گئی ائی ہوئی سر پر بلا

بدلی انکا عیش و غم مین مرا حال زار کیا　　افسوس [illegible] مروانکے خزان کیا بہار کیا
شل حباب آب ہی دم بہر کی زندگی　　ہم کیا ہماری ہستی ناپایدار کیا
برسون مین بہی نہ آئی جو نوبت سلام کے　　تو ہی بتا کرین تری امیدوار کیا
پی لے شراب کسیوقت ہم نہین　　تو ڑ دیکا ہاتہ پاؤن ہماری خمار کیا
مضطر ہی بہوک سی جو سگ یار اسقدر　　کہین ٹہریان ہمانے مری نہ ہار کیا
مردی ہماری خواب مین آتی تو پوچہتی　　اتنا کہو گذرتی ہے زیر مزار کیا
جتنی ملی شراب پئین مست ساقیا　　دی جام سو پیا بس انہین وتین چار کیا
سامان اگر نہین تو حوادث سی کیا خطر　　جو نخل بی ثمر ہی وہ ہو سنگسار کیا
کہدو نہ پیدلون سی تکبر کرین سوار　　او سیچے جو چار ہاتہ ہوئی افتخار کیا
بہر بہر کی ڈہال اشرفیان جام جام پر　　لاکہون کی اپنی خرچ مین سو کیا ہزار کیا
بیکار ہی بندہی ہوئی مضمون کا باندہنا　　چہوٹی خیالی جو کوئی دی بسیار کیا
جاتا تہا سوی کعبہ پہرا دیر کیطرف　　حیران ہون ہو گیا ہے مجہے پروردگار کیا
کیون تو ڑتا ہی شیشہ کہ شیشی مین ہی پری　　ای محتسب ہی جن تری سر پر سوار کیا
ضعف مرض سے آہ کی طاقت نہین　　بیمار تیر سے دل کا نکالین بخار کیا
بہوا کی خط کو بوسہ عارض عطا کرو　　رکہتی ہو دل مین صاف لبون سے غبار کیا

تعویذ سے حصول عزیمت سے فائدہ — غافل قضا کو روک سکی گا حصار کیا
سو جو دنوع میں ہیں حجامت کو پنجتن — اپنی جو اس خمسہ میں ہو انتشار کیا
کیا وجہ بار بار جو آتی ہیں ہچکیاں — کرتا ہے یاد کوئی دم احتضار کیا

بخشی نہ بخشے حشر میں ہی اوسکو اختیار
میں کون ہوں اے اسیر مرا اختیار کیا

ہی جنون کی ہوش نہ بنگ کا سو الٹ کا — ہاتھ آیا ترے دیوانی کو اچھا لٹکا
شنکی نام آئی اکھاڑی میں تمہاری ہم سے — چھوڑ دی ہاتھ ادھر بھی تو کوئی پالٹ کا
مر گئی پر بھی مقدر میں لکھی تھی تشہیر — کٹ چکا سر تو ورہا ہی لاشہ لٹکا
شانہ کرتی تو ہی لی وہ ترے زلف میں ای مشاطہ — ٹوٹی کہا نگی ہوا بال جو بیکا لٹکا
ہجر میں گھر کی تہ چرخ جو آیا کبھی ابر — ہم یہ سمجھے کہ سر کوہ سے کالا لٹکا
کیا ہوا ہنستی نکی جو لئی بوسہ رخ — منہ خفا ہو کی نہ ای پیر کلیسا لٹکا

صورت تیرہ فرعون سیہ دل تھا اسیر
کیا ہوا اپنے جھکے اکر رات کو او لٹا لٹکا

شوق رکھتا ہی بہت وہ گلبدن تصویر کا — کھینچ لا مانی کوئی تازہ چمن تصویر کا
جانتا ہوں میں بھی ای نقاش فن تصویر کا — ہی مرا دیوان رنگین ہی چمن تصویر کا
ای جنون نوبت بدلنی کی کبھی آتی نہیں — کیا ہمارا پیرہن ہی پیرہن تصویر کا
صنعت خالق جدا ہی صنعت انسان جدا — دیکھ لو ہی جان سے خالی بدن تصویر کا
تو حسن تو نہیں اگر تصویر اپنی بھیجدے — بیٹھ کی حیرت سی رہی انجمن تصویر کا
قابل غیرت ہی غربت میں ہمارا حال زار — بھیجنا اچھا نہیں سوی وطن تصویر کا

ہون وہ دیوانہ جو بہولی سی مرقع دیکہلون
چوکڑی بہر کر ابہی بہاگی ہرن تصویر کا

اہل حیرت کی خرابی غیر کی احسان سی ہے
آب سی برباد ہوتا ہے چمن تصویر کا

پیار آجاتا ہی ایسا اوسکا نقشہ دیکہکر
چوم لیتا ہے مصور بہی دہن تصویر کا

تنگ عریانی گوارا اہل حیرت کو کہان
کب اوترتا ہے بدن سی پیرہن تصویر کا

بات کرنیکی نہین طاقت ہین ایسی ناتوان
ہی ہمارا بہی وہ ہن گویا دہن تصویر کا

صاحب حیرت حوادث مین نہین چین بر جبین
کب ہوا اوریا ہوا سے موج زن تصویر کا

کہہ کہو غنچہ لب مطلق نہین دیتی جواب
کیا دہن انکا بہی ہی یار یہ دہن تصویر کا

وصل شیرین کی ہوس مین کاٹتا ہی کیا پہاڑ
دیکہہ لیتا کم نہین ہی کوہ کن تصویر کا

ہی عاوی رتبہ حیدر تحریر کا مقام
چوکہٹہ ہی عرش رب ذوالمنن تصویر کا

آدمی ہون نام کو طاقت نہین مجہ مین اسیر
جسم بیحس ہے مرا گویا بدن تصویر کا

ولہ

چل جائیگا داغ دل بیتاب کا پہاہا
بالفرض ہو خورشید جہانتاب کا پہاہا

یہان داغ پہ ہی داغ اذیت یہ اذیت
تیزاب کی بہائی یہ ہی تیزاب کا پہاہا

رکہو [illegible] نکا جو مین جاکی خط شوق سفر مین
ہوگا وہی داغ دل احباب کا پہاہا

غم [illegible] ت وہ ہون داغ جگر پہ وہی رکہون
ہاتہ آئے اگر دامن مہتاب کا پہاہا

ہر درد کو لازم ہے مداوا ہی مناسب
داغ تن [illegible] ہی پہ ہو گرداب کا پہاہا

ہین وضع تکلف سی بری صاحب ایذا
یکسان ہی گزی کا ہو کہ کمخواب کا پہاہا

جراح کو مٹی یہ رقیبون نی مجہ ہاتہ آئے
اتو [illegible] کیا انہیں سے تیزاب کا پہاہا

ہشیار اسیر آنکھہ ہی تجکو جو سخن مین
غافل ہی وہ فن سی جو کہی خوابکا پہانا

عجب طرح کا یہ آیا ہے وقت تنگی کا / کہ زن کو قصد ہی شوہر سے خانہ جنگی کا

بر مہ توپین ہین انجم ہین توپ کی گولی / فلک پہ کیون نہ گمان ہو جہاز جنگی کا

یہ گر گئی ہی سرایت بدن مین الفت زلف / کہ پیچ ہی مری رگ رگ مین زلف زنگی کا

ترش ہوا کوئی محبوب کٹ گیا مرا رنگ / سبب کچھہ اور نہین ہی شکستہ رنگی کا

گروہ ہزار گناہ اوسکی پرورش ہی وہی / نہ بند رزق شرابی کا ہی نہ بھنگی کا

ضرور اوسکی سواری مین دوڑتا تیمور / شکستہ پا کو نہوتا جو عذر لنگی کا

کسی کو حکم خدا و رسول یاد نہین / زبان پہ خلق کی قانون ہی فرنگی کا

ولہ

شعر کہتی مین خیال رخ گلگون باندھا / آج کیا فکر نے گلدستہ مضمون باندھا

اور تشبیہ سوجی کمر لیلی سے / موشگافی جو بہت کی تن مجنون باندھا

دیکھہ لینا جو کسی روز کیا قصد شکار / پہلی فتراک مین ہمنی سر گردون باندھا

سامنی اوس قد موزون کی یہ ناموزون ہے / کیا غلط فکر نی سرو کو موزون باندھا

کھل گئین نوح کی آنکھین وہ اٹھایا طوفان / تار رونے کا جو ہمنی لب جیحون باندھا

اشک خون تیری ہوئی لالہ عذارو نہ حنا / رنگ تونی عجب ای دیدہ پرخون باندھا

خاک کو بوجھ اوٹھانیکی کہان طاقت تھی / کس لیے پشت پہ گنجینۂ قارون باندھا

طرفہ بہکا مین دم فکر سخن مستی مین / لالہ عارض کو کہا خال کو افیون باندھا

ہم غریبون کا وہی پار کریگا بیڑا / جسنی دریای جہان پر پل گردون باندھا

جی اب لپٹنے لگا آنکھون مین اندھیرا چھایا	جب تصور ترا ای گیسوی مشکون باندھا
سامنے ہی ہمکی چلی نرگس جادو کی حضور	ہر فسونگر کا تری سحر نی افسون باندھا

بال کو دی کمر یار سے تشبیہ اسیر
خوب باریک مری فکر نی مضمون باندھا

ردیف بای موحده

جنت مین جا خرید کسی حور سی شراب	ساقی ہماری واسطے لا دور سی شراب
حاصل ہی نزع مین بھی مجھی لطف مستی	کھینچتی ہی جان تن سی کہ انگور سی شراب
تعریف چشم مست سے ہم مست ہو گئے	حاصل ہوئی شراب کی بدکو شیشی آب
دی پہلی مجھکو بعد مری سبکو ساقیا	تقسیم ہو تو بزم مین دستور سی شراب
دو مست ہون کہ ہوگا جو پیر اگر وہان	فردوس مین ملی گی کف حور سی شراب
کرتی ہی صاف لگ کے جلا دیتی ہی جگر	یارب بنی ہی نار سی یا نور سی شراب
زخمی ہون خنجر نگہہ مست یار کا	کھینچین سگی میری خم کی انگور سی شراب
دو عیش یکجا نہین ہوتے کبھی بہم	رہتی ہی دور کاسہ طنبور سی شراب
توڑا ہماری سر پی سبو ہو کی بد دماغ	مانگی کبھی جو ساقی مغرور سی شراب
ظاہر قبا سے ہوگی تری سرخی بدن	کیا چھپ سکی گی شیشہ بلور سی شراب
دل مست ہی تصور روئی صبیح سے	ہاتھ آئی ہمکو چشمہ کافور سی شراب
لیا ہات بوسہ لب میگون مغیزرہ	ایسی تو ہاتھ آئی ہے مقدور سی شراب
بیہوش دیکھکر جو تری چشم مست کو	گر جاتی کیون نہ دیدہ مخمور سی شراب
غلطی سے کہا ہم ایک ہی میخانہ و بہشت	نزدیک سی ملی کہ مجھے دور سی شراب

شاہی سی بڑھ کی ہی مجھی مستی مین فقیر		بدلون کبھی نہ دولت فغفور سی شراب

کم آفتاب چشم حسد سے نہین اسیر
ڈہانپون مین دامن شب دیجور سی شراب

کب ہو مقابل رخ گلفام آفتاب — ہو لاکھ سرخ صبح کی ہنگام آفتاب

یون نقاب مین وہ چہرہ روشن نہان ہوا — ہو جس طرح غروب سر شام آفتاب

جس پر ذرا وسکی چاند سی رخ ٹپک پڑا — رکھین گی طفل اشک کا ہم نام آفتاب

طائر تمہاری پرتو رخ کا نہو شکار — تار شعاع سی جو بنی دام آفتاب

اوسکو نہ ہی ثبات نہ اسکو قیام ہے — ہی عمر پیر جیسے لب بام آفتاب

کرتا ہی روز کوچہ محبوب کا طواف — پھرتا ہی گرد صبح سی تا شام آفتاب

رکھا کبھی جو میری سیہ خانی مین قدم — ہوگا زحل کی طرح سیہ فام آفتاب

پینکو شراب خواب تغافل سے غافلو — دیتا ہی ہر سحر یہی پیغام آفتاب

وسعت نہو جو میکدہ دل کی ساقیا — ہی آسمان سبو تو یہان جام آفتاب

رخشندہ لون کا رتبہ ہی آفاق مین بلند — ہی شہسوار ابلق ایام آفتاب

اک دن جو آگیا تماشا ہی عکس حسن مین — رہتا ہے روز زرد عرق اندام آفتاب

ذرون پہ اکدن جو نہ کی مصر کی نگاہ — محشر مین ہوگا مورد الزام آفتاب

ممکن نہین کہ بڑھ کی تری راہ مین چلے — سو ٹھوکرین نہ کھائی ہر اک گام آفتاب

اہم دل شب فراق مین گر التجای صبح — کر دیگا اس مہم کو سر انجام آفتاب

عریانی تنون کو تیری ہی کیا خوف بخش لباس — ہی انکو مثل جامہ اندام آفتاب

بچا ہو مزہ جو سیب ذقن مین تو ہی میوہ — پختہ کرے گا یہ ثمر خام آفتاب

کہتی ہین کسکو امن جہان قتل گاہ ہی
آتا ہی روز کھینچکے صمصام آفتاب

سرگشتہ پہر رہا ہے فلک پہ عبث اسیر
باندہی حریم یار کا احرام آفتاب

قالب سی روح جب ہوی ونزازل قریب
کب دور تھی ہمین تو کہ تھی ہی اجل قریب

ہی بعد مرگ کون کسی کا کہ زیر خاک
مدفون ہوی عزیز نہ میری بغل قریب

منظور فاتحہ ہے اگر تمکو گاہ گاہ
گاڑو ہماری لاش کو زیر محل قریب

کہتا ہی رعب حسن نہ آگی بڑہی قدم
ہی شوق وصل کا یہ ارادہ کہ چل قریب

آتی ہی کان مین یہ لب گور سی صدا
ہشیار غافلو کہ بہت ہی اجل قریب

اہی موت لی خبر کہ یہ ہی مفلسی کو فکر
دین تالیان عزیز بجائین بغل قریب

کیونکر مین دور ہین نکرون ہین صاف کو
مضمون ہین دور کی وہم فکر غزل قریب

حیران ہون دیکھکر رخ جانان پہ خال سیاہ
ہی منزل قمر سی مقام زحل قریب

ای شاخ ہاتہ اوٹہا جو ہمارا تو لطف کیا
اتنا تو جہک کہ ہون لب دندان کے پہل قریب

اتنا ہی دور کنج قناعت سی ہی گدا
جتنا کہ اس سی ہی در اہل دول قریب

ہین جسمکان مین ساری جہان مجہ ہر جمع
ہم بہی تو جا رہی ہین ہمین آجکل قریب

محفل مین بیٹہتی نہین تہی وہ ہمکو پاس
جبتک کہ بہر کی رکہہ نہین لیتی بغل قریب

آتا صدای تیشہ فرہاد سے نہ خواب
شیرین کا بیستون سے جو ہوتا محل قریب

کیونکر نصیب ہوتا ہے دیدار دیکہیی
ہی دور ہمسی کوچہ جانان اجل قریب

دریا ہین اپنی رونی سی بحرین عمر و ضلع
کامل ہی نہج طویل بشاکل رمل قریب

جب چاہین دیکہہ آئین حسینونکو جاکی ہم
اپنی مکان سی ہی فرنگی محل قریب

جاتا ہین اوٹھہ کی گوشۂ عزلت سی لی اسیر
ہوتی کہین جو صحبت شعر و غزل قریب

صاف ہی وس چہرۂ روشن مین نور آفتاب
پردہ اوٹھہ جائی تو شب کو ہو ظہور آفتاب

خشک آنسو کیون نہون دیکھین جو ہم رخسار یار
نجم ہو جاتی ہین پوشیدہ حضور آفتاب

میری گھر اکر سیاہی سی بدل جاتا ہی نور
کیا گناہ ماہ اسمین کیا قصور آفتاب

دن کو بالائی فلک تہا شب کو ہی زیر زمین
جھک گیا کیا جلد فرق پر غرور آفتاب

ایک روٹی خلق کو دیتا نہین طباخ چرخ
صبح کو کیون گرم کرتا ہے تنور آفتاب

سامنی کامل کی ناقص کی نہین بنتی ہی قدر
کب فروغ ماہ ہوتا ہی حضور آفتاب

خط نکلتی ہی ہوا رخسار جانان کا یہ حال
شام کو جسطرح گھٹ جاتا ہی نور آفتاب

کلفت دل نی چھپایا ہی جلوہ یار کا
ابر ہٹ جائی تو ہو جائی ظہور آفتاب

ہر سحر کیونکر نہ حاضر ہو تماشی کی لیے
جلوہ گاہ یار ہے بیت السرور آفتاب

کام کیا اونکو تعلق سی جو عالی قدر ہین
کب ہی پیراہن کا طالب جسم عور آفتاب

ہاتہ لو جہاتی ناخدائی سی اگر تیرا کرم
قلزم گردون سے مشکل ہو عبور آفتاب

خاک سوجہی زاہد فنکو رتبہ جام شراب
کور آنکھین شپرہ کی ہین حضور آفتاب

داغ سینہ ہی مری چاک گریبان سی عیان
صبحکو جسطرح ہوتا ہی ظہور آفتاب

یاد روی یار سی روشن ہی میلو داغ دل
جسطرح مہتاب مین پاتی ہی نور آفتاب

کیا سیہ خانی مین میری آوہ خورشید رو
پردۂ ظلمات مین کب ہے مرور آفتاب

گردش گردون گردانسی تعجب کیا اسیر
ذرہ ہو جاوے جو تہا امور آفتاب

وله

بوی گل دینی لگی گلہای داغ عندلیب
کیا ملی گا باغبان کو اب وہ باغ عندلیب

حسن سے بڑھکر ترقی دی خدائی عشق کو
برگ گل ہوتی نہین جتنی ہین داغ عندلیب

ایکدم مین نالہائی گرم کرتا ہون ہزار
سامنی میری جلی کیونکر چراغ عندلیب

اوسکی مستی سی کیونکر میری مستی ہو سوا
جام میرا روی گلگون گل ایاغ عندلیب

تیری آگی وصف گل کرنیکی آجاتا ہی شرم
سرخ کر دیتا ہی ہمکو یہ سراغ عندلیب

وہ تری چٹونمین ہر دم یہ تری کو جسکی گرد
ہی پتا گل کا نہ گلشن مین سراغ عندلیب

تو وہ گل ہی سونگھ لی جب تیری پیراہن کی بو
نکہت گل سی پریشان ہو دماغ عندلیب

عاشقونکا ضعف معشوقونکو ہی جیسے دوا
ہی شراب جام گل خون دماغ عندلیب

ساری عالم مین کھلا گل آتشی ای فصل بہار
خانۂ صیاد بھی ہو جای باغ عندلیب

قدر عاشق جانتی ہین ہم کہ ہین عاشق مزاج
باغبان گل سی ہی اچھا ہمکو داغ عندلیب

شاخ گلبن پر جو بیٹھی ہی یہی وقت ہی
کیون نہو چرخ چہارم پر دماغ عندلیب

گل کتر کر گئی تا غنچہ کا گلشن مین اسیر
تہا یہی مرہم خزان مین ہر داغ عندلیب

نہین دیتے اگر ہمکو شفا لب
کہو پھر کس مرض کی ہین دوا لب

سنین باتین تو ہون مردی بھی زندہ
مسیحا ہین تری معجز نما لب

غم عشق اپنا میخانہ ہی ساقی
می خون سی ہے جام دل لبالب

وہ محزون ہون جو دیکھون زعفران زار
ہنسی سے ہون میری آشنا لب

پلاتی ہین تمہاری خال افیون
شکر پارون کا دیتی ہین مزا لب

کہین کیونکر نہ ہم قند مکرر　　زیادہ ایک سے ہی دوسرا لب
ہوئے اوسکا چشمۂ آب بقا ہی　　بعینہ موجۂ آب بقا لب
بیمار ہی آہ سبب یہ ناتوان ہے　　کہ آسکتی نہین سینی سی تا لب
نجا تو پاس سے میری نجا و　　قیامت ہی فراق روح و قالب
پوچھ احوال راہ منزل عشق　　کنوین کشتون سی ہین لا کہون ابالب
فقط ہے گفتگو وجہ جدائی　　خموشی مین نہین دیکھے جدا لب
الٰہی زخم مشتاق نمک ہے　　دکہائین خندۂ دندان نما لب
کسی دیتا ہے جام بادہ ساقی　　یہان ہی عمر کا ساغر لبالب
لیا بوسہ تو جان تازہ پائی　　عجب جان بخش ہین نام خدا لب

اسیر اپنی زبان ہی بیزبانی
بنا ہی مثل ابرو بی صدا لب

پوچھا بڑہا کی ہاتہ عرق اوس جبین سے کب　　داس کا ہمنی کام لیا آستین سی کب
آئینہ سی کام دل صاف کو نہین　　واقف ہوا یہ آئینہ چین جبین سی کب
آسمان ... ہی مسئلہ جبر و اختیار　　اوٹہتی ہین پاؤن ہمارا تہ ہی دونون ہین سے کب
بسکہ جوش پیار کرین سینۂ صدف　　پوچہین جو ظالم اشک یتیم آستین سی کب
لکہتا ہی جیسی معنی رنگین مرا قلم　　تصویر ایسی کہنچتی ہی نقاش چین سی کب
اقرار وصل کا تو لیا پر ہوئی یہ چوک　　اتنا نہ ہمنی پوچھ لیا اوس حسین سی کب

جاتی ہوتی دہان جو فرشتونکی پر جلین
پیغمبری اسیر ہو روح الامین سے کب

ردیف تای مثناة فوقانی

دم بھر فراق دوست ہی بہر وصال دوست　　ہستی مری حباب ہی دریا جمال دوست

آنکھوں کو بند ہو گیا ہی یہان تک خیال دوست　　دشمن پہ کی نظر تو ہوا اقبال دوست

آباد ہی وہی جو ہی برباد راہ عشق　　سرسبز ہی وہی کہ جو ہی پائمال دوست

خنجر سی ہی سوا مجھی ایک ایک موی تن　　گولی سی کم نہین مجھی اک ایک خال دوست

سیر چمن کو چشم ادا فہم چاہیی　　ہی ہر نقاب گل مین عروس جمال دوست

خط کی نمود ہو کہ نہو روی صاف پر　　ہم جانتی ہین ایکسے زوال و کمال دوست

جب کبھی ہم سفر مین ہین تجھے مہربان ہین وہ　　آتی ہین ناجہا ہی علی الاتصال دوست

تسکین دل نہ خط سی ہوی نہ جواب نامہ سے　　بہتر کہ بیان زبانی ہی حال دوست

لی لی وہ نقد جان تجھے فراغت نصیب ہے　　مدت سی میرے پاس امانت ہی مال دوست

آزردگی نہین دل دشمن کی ہی پسند　　کسطرح ہمکو ہوگا گوارا ملال دوست

ترغیب کیا بہشت کی دیتی ہو واعظو　　مشتاق کب ہی حور کا محو جمال دوست

ایسا رفیق کوئی ہی آفاق مین کہان　　ہمسے کبھی جدا نہین ہوتا خیال دوست

آئی نہ تاب حضرت موسی کو غش ہو گئی　　آسان نہین نظارۂ برق جمال دوست

جاتی لگا ہی کبر نکلنی لگا ہے خط　　ہونی لگی ہی کچہ تو امید وصال دوست

عاشق کو قتل کرکی ندامت کہان تلک　　عالم ڈبو چکا عرق انفعال دوست

آیا جو وقت نزع فرشتہ مجھی نظر　　سمجھا کہ ہی یہ قاصد فرخندہ فال دوست

واعظ ہی ہمکو دوزخ و جنت سی کام کیا　　دوزخ فراق یار ہی جنت وصال دوست

آتش نظارہ رشک سی یہ چاہتا ہی دل　　دشمن کی خواب مین بہی آئی خیال دوست

کیا خوب [illegible] پردہ نویسی خیال نی
دل پر لکھی [illegible] دیکھ خیال دوست

سمجھی [illegible] ہر چہ ہو گئی یہ تیغ
بی پردہ ہو گیا جو [illegible] خیال دوست

نصرت اسیر [illegible] ہوئی اوسکو [illegible]
تا [illegible] ہی خواب مین بھی اب خیال دوست

اون کا [illegible] آج جو [illegible] تمام رات
کچھ عرض حال کر [illegible] تمام رات

دکھلا ہی حسن عشق نی عالم تمام رات
مہتاب وہ چلو [illegible] تمام رات

آتا ہی یار صبح کو جاتا ہی شام کو
دل بھر گیا بہشت [illegible] رات

ای چشم کر نہ دیکھو تو افشا ہی راز عشق
رونی کیوا [illegible] تمام رات

اللہ ری اشتیاق کہ ستو بار ہا وہ ماہ
ہالی کی طرح [illegible] تمام رات

انسان بھی کیون نہ جو پوشیدہ ہو وہ رخ
بی آفتاب [illegible] تمام رات

کیا کیا نہ ہمنی کین شب وصل اوسکی منتین
سر یار کی قسم [illegible] تمام رات

زندان کا حال پوچھتی ہو مید یونسی کیا
دن بھر تو [illegible] تمام رات

مر گیا مین بزم طرب مین بغیر یار
مطرب کی تال تجکو ہوتی [illegible] تمام رات

تم وقت شام گھر تلک آکر جو پھر گئی
او [illegible] مریض غم کا چلا دم تمام رات

کس ابرو [illegible] کا رہا خواب مین خیال
کی ہمنی سیر [illegible] تمام رات

ہون مریض عشق کہ کرتی ہین [illegible]
پڑھ کر مسیح سورہ مریم تمام رات

اور ونکو عیش ہمکو غم ہجر ای فلک
سوتی ہی خلق جاگتی ہین ہم تمام رات

تیغ نگاہ یار سی ڈرتی ہی فوج نجم
کیسی صفین ہین برہم [illegible] تمام رات

پروانی اس طرف تو اودھر جل رہی ہی شمع
یہ طرفہ اختلاط ہی باہم تمام رات

کئی شام ہجر میں جو درد سے بسمل تڑپ کر صبح [illegible]
درد جگر ذرا نہوا کم تمام رات

جاتے ہیں بہشت کو دیکھا نہ [illegible]
گرتی ہیں وہ [illegible] کی ہم [illegible] تمام رات

[illegible] بال [illegible] ہوئی کہ شمع [illegible]
رہتا ہی گھر [illegible] تمام رات

رو [illegible] تعزیہ خانی [illegible] نہیں
پڑھ پڑھ کی نوحہ [illegible] تمام رات

ادھر گلبدن کی عشق مین [illegible] کیون آسیر
ہوتی مجھکو رشک طالع شبنم تمام رات

اٹھاؤن منت کسکی ہر گھڑی بات
کہ تجھ سے ہے مری [illegible] بات

دہان یار سے غنچے کو دعوی
غلط ہیچ ہے کہ چھوٹا منہ بڑی بات

سنا جب اوسکو گل غیرون نے بھیجی
تو بلبل کسطرح [illegible] بگڑی بات

کہون کس سے اون باتون کی گرمی
بتا سا سا دہن [illegible] بات

کہا جب ختم ہی ہو گی شب ہجر
قضا بولی یہ ہی [illegible] بات

جبھی رنگین بیانے کا جو لا کہا
نکالی اوسی کی [illegible] بات

فرشتی ہم سخن ہین نزع کی وقت
کری کوئی نہ ہمسے [illegible] بات

بیان گریہ کرتا ہون اگر مین
تو بن جاتی ہی ساون کی جھڑی رات

پری رو ہے یہ کیا زنجیر کا منہ
کری جو تیری وحشی سے کڑی بات

کہو تو کوہ کاٹون مثل فرہاد
مری آگی یہ ہی کتنی بڑی بات

مسلسل ہین عجب اوصاف باتین
کہان پائی یہ موتی کی لڑی بات

سنا جو کچھ وہ سب ہمنے یاد رکھا
گڑی دل مین جو کانونمین پڑی بات

سر واعظ نہ بی دستار دیکھا
حقیقت مین بڑون کی ہی بڑی بات

سلاسل زلف جو کر کون سی پہنی
اسیر او ٹھتی نہین ہمسی کڑی بات

کچھ تو دیکھی تری ابرو سی خطر کی صورت
بن گیا تیغ سے جو ماہ سپر کی صورت

رگ ہین اشک تو پیدا ہو ضرر کی صورت
دیدۂ تر مین ہی ناسور جگر کی صورت

دل پریشان ہی مرا اوسکی پریشان گیسو
شکل جو کچھ ہی ادہر کی وہ اودہر کی صورت

تھر تہی صبح شب وصل ہوا دامنکی
دل بجھا کر وہ گئی شمع سحر کی صورت

جای کیا صبح کا کھٹکا کسی ساعت شب وصل
چھاگلین یار کی بجتی ہین گجر کی صورت

وحشت دل نی دکھایا ہی وہ صحرا ہمکو
سیکڑون کوس نہین جسمین بشر کی صورت

دست جانان کا یہ ہی شوق جو قاصد نملے
نامہ خود اوڑ کی پہنچ جای خبر کی صورت

ظلمت گور مین دیکھا جو کفن سمجھے ہم
اب دکھائی شب فرقت نی سحر کی صورت

زندگی بہر مرا دل سینی سی باہر ہی رہا
کبھی دیکھی نہ اس آئینہ نی گھر کی صورت

زر کو پوشیدہ کرین حیلہ حجت سی بخیل
عیب خست نہ چھپی گا کبھی زر کی صورت

موت سی کرتا ہی آگاہ زبانی کو فلک
روز دکھلاتا ہی کافور سحر کی صورت

کبھی سحر دم کا سمجھی وہ اعادہ نہ محال
جسکو آجای نظر اوسکی کمر کی صورت

خلق جسمین کہ نہو اوسکو بشر کیا کہتی
یون تو ہی گھانس بھی جنگل مین شجر کی صورت

ہو نہ دشمن پہ جو مجھپر ہی شب ہجر عذاب
گور کافر نہ سیہ ہو مری گھر کی صورت

ہو وہ شاعر کہ نہین کچھ بھی بر دای سخن
وقف ہر بیت ہی اللہ کی گھر کی صورت

شعر کیون اپنی پسند آئین نہ شاعر کو اسیر
کس کو مرغوب نہین اپنی پسر کی صورت

واہی وسیر جسنی گندم روزیان کہائی بہت
گر گئی دم ایک دانہ نوش سی پچتائی بہت

چشم مجرم سی گراہی چاہتی ہین اشک شرم
کہہ دو مالک سی کہ دوزخ کو نہ بہڑکائی بہت

حرص جو حد سی زیادہ ہی وہی پیغام مرگ
زہر ہو انسان کو حلوا بہی اگر کہائی بہت

کشتۂ تیغ تغافل ہون مین کہولونگا نہ آنکہہ
شور محشر آکی تربت پہ نہ چلائی بہت

ایک نالی کی بہی رخصت جب نہ دی صیاد نی
زمزمی اپنی ہمین گلشن مین یاد آئی بہت

ہون وہ سرگشتہ بنائی جب مری مٹی سی ظرف
کاسہ گر بہی چاک کی مانند چکرائی بہت

خار اگر اوگا ان کی تیون نی تیون کو دئی
پہول بہی وسکی کرن پہولوں سی تپائی بہت

کب شب گیسوی مشکین کی سیاہی کم ہوئی
تیری افشان نی ستارہ سی گو چمکائی بہت

واہ ری فیض سبکروحی رہا محفوظ مین
ہاتہ کانٹون نی مری اسر پہ ڈالی بہت

جانکر باطل نہ آئی ہم فریب دہر مین
صورت ساحر تماشی اسنی دکہلائی بہت

کچہ پڑی امید ہمکو بہی دل صد چاک سی
بال جب الجہی ہوئی شانی نی سلجہائی بہت

کی دعا باران رحمت کی جو وحشت مین اسیر
کو دکون نی ہر طرف سی سنگ برسائی بہت

ردیف ثای مثلثہ

ہوا وصال دل بیقرار کی باعث
دعا قبول ہوئی اضطرار کی باعث

حجاب ابروی جانان ہی یہ کلفت دل
ہلال بہی نہ دیکہا غبار کی باعث

بس فنا ہی نہین ہی مجہی مزار مین چین
تڑپ رہا ہون دل بیقرار کی باعث

گیا نہ دہشت گیسو سی اوس گلبدن کو تئی
یہ راہ بند رہی خوف مار کی باعث

سپید موی سیہ اپنی ہو گئی کیا جلد
دو رنگی چمن روزگار کی باعث

لحد سی کیون نہ صدا آہ آہ کی نکلے
کہ چور چور بدن ہے فشار کی باعث

شباب مین ہی عجب ہے وہ یار کی رونق
چمن عروس ہوا ہے بہار کی باعث

ہماری آہ سی کیون گلرخون کو ہی پرہیز
کہ پھول کھلتے ہین باد بہار کی باعث

غضب ہی یار نی کھولا ہی زلف کا جوڑا
جو اسکم ہین یہان انتشار کی باعث

جہان مین کرتی ہے صاف آئینہ کو خاکستر
نمود آپکی ہے خاکسار کی باعث

دل و جگر نی چھینی کلید قلعۂ چرخ
یہ جنگ سر ہوی اُسکی ذو الفقار کی باعث

شب وصال نہ ہم تاب کر سکی اوسکی
وفور گریۂ بی اختیار کی باعث

ہماری کشت تمنا ہری ہوئی آخر
سحاب رحمت پروردگار کی باعث

نکال بیٹھی جالے سی تنگ چمن مین اسیر
جگر مین رخنی ہین اس نیش خار کی باعث

ولہ

دست جاہل مین ہی یون خامۂ تحریر عبث
جسطرح قبضۂ نامرد مین شمشیر عبث

آہ سوزان مری فولاد کو کر دیتی ہی موم
کہدو حداد سی پہنائے نہ زنجیر عبث

آگئی کوچی مین ڈہونڈتی ہی دل لیلی چھوڑا
قیس کو ہمنے دکھائی تری تصویر عبث

کرچکی مرحلۂ ہستی فانی ہم طی
ملک الموت سی کہدو کہ ہی تاخیر عبث

دہن یار کا عقدہ نہ کھلے کا ہرگز
گفتگو اس مین ہی بیفائدہ تقریر عبث

ضعف سی ہل نہین سکتا ہی ترا دیوانا
طوق گردن مین عبث پاؤن مین زنجیر عبث

نامہ ہو جائیگا اک اشک ندامت سی سیاہ
سیری اعمال ملک کرتی ہین تحریر عبث

جان بچنی کی نہین کشتۂ وقت ہون مین
نہ کھلاؤ نہ کھلاؤ مجھے اکسیر عبث

اس مرقع مین کہان سامع اصوات کوئی
نہین خاموشی لب مردم تصویر عبث

کون آیا ہی خبر لی جو تری وحشی کی
کوئی سنتا نہین غل کرتی ہی زنجیر عبث

اب نہ وہ یار نہ وہ دل ہی ہمارا ای حسد
خط کی آنی پہ ہی مکتوب کی تحریر عبث

شوق کہتا ہی بغل مین رہی نقشہ اوسکا
ہی تصور کا تقاضا کہ ہی تصویر عبث

تن لاغر ہی نہان کون نشانہ ہوگا
ہر طرف ڈھونڈتی پھرتی ہین ترے تیر عبث

کون مرتا نہین ای قاتل عالم تجھپر
تونی باندہی ہی پی قتل یہ شمشیر عبث

کون سنتا ہے دل زار کی فریاد اسیر
مشتعلین ہو نکلتی ہین نالہ شبگیر عبث

اشک افشان غم احباب مین ہونا ہی عبث
پہلی منزل پہ جو پہنچا وہ نہین رونا ہی عبث

اہل غفلت سی یہ کہدو کہ ہوئی بال سفید
کوچ کی صبح نمایان ہوئی سونا ہی عبث

چند روزہ ہی یہان جان نہ تن کا بھی ثبات
زر خریداری املاک مین کھونا ہی عبث

تیری دیدار کی کافر ہو جو رکھی امید
میری نزدیک قیامت کا بھی ہونا ہی عبث

دولت وصل ملی کی نہ دلا بی قسمت
سلطنت کی لیے محتاج کا رونا ہی عبث

ظلمت بخت نجائیگی کبھی رونی سے
کہ سیاہی کا پر زاغ سے دھونا ہی عبث

کوئی نعمت نہین اس خوان جہان مین بیکار
ذائقہ ہو تو نہ میٹھا نہ سلونا ہی عبث

زیر سر ہاتھ ہی بالش کی نہین کچھ حاجت
بستر خاک اگر ہی تو بچھونا ہی عبث

سرکٹی کا مری قاصد کا وہان جانکی ضرور
کاٹنا نامی کا مقراض سی کونا ہی عبث

ہین جو بد اصل نصیحت سے وہ نہین کیا حاصل
ہی جہان شور زمین تخم کا بونا ہی عبث

دامن غیر سے پوچھو نہ پسینا رخ کا
عرق شرم مین عاشق کا ڈبونا ہی عبث

دشت بیدا نہ دکھایا ہمین قسمت نی اسیر
بھوک کی تاب نہین ہاتھ مین سونا ہی عبث

ردیف جیم تازی

مرگئی پر مجھ سی ہی یہ چرخ کجرفتار کج
ہی یقین اوٹھی گی میری خاک سی دیوار کج

عیب ظاہر سی ضرر کچھ اہل باطن کو نہین
کیا ہوا محراب مسجد ہو اگر طیار کج

کیا کہون ہی کسقدر راونکی طبیعت مین کجی
زلف کج دستار کج رفتار کج گفتار کج

کج ادائی یار مین ہی کجروی اغیار مین
ہین عجب طالع ہمارے یار کج اغیار کج

غیر ممکن ہی کہ جائی طبع دنیا سی کجی
ہی مُدام سگ کی طرح ہر وقت یہ مردار کج

راست ہون یا کج ہون باطن جدا ایسی ہی شرط
نیمچہ سیدھا ہی قاتل خونفشان تلوار کج

زلف و قد یار کی تعریف مین لکھتا ہون شعر
راست مضمون ہین ہی دو چار تو دو چار کج

جو بنا ڈالی کجی کی اوسپہ سارا ہی عذاب
جرم ہی معمار کا مسجد جو ہو طیار کج

ہی درستی کلک معنی آفرین کی آشکار
کیا شکستہ طرہ ہی کیا گیسوی خمدار کج

پختہ کارونکو تواضع اس چمن مین ہی سرشت
دیکھ لو بار ثمر سی شاخ پر اشجار کج

نیک ہی کج کی بساط دہر مین کج کی ہے بد
رخ کی سیدھی چال ہی فرزین کی ہی رفتار کج

اپنی بیگانی کی ہی رکھتی نہین ہرگز خبر
ہین جو موذی ہر جگہ چلتی ہین مثل مار کج

عیب ہی اہل صفا کا کچھ ہنر سی کم نہین
کیا ہوا دریا مین موجونکی جو ہی رفتار کج

ہی دلیل جبن ظاہر سر مین رکھتی ہین غرور
فہم زن سی ہی کم مین مردونکی بھی دستار کج

راست بازون سی کبھی سیدھا نہین چلتا ہے تو
چال تیری ہی بہت اے چرخ کجرفتار کج

مردم دنیا جو کجرو ہین تعجب کیا اسیر
بیشتر گلشن مین آتی ہین نظر اشجار کج

ہی پسند اوس طفل کو تحریر موج
کتنا روشن ہے خط تقدیر موج

دیکھ کر بازو تمہارے وقت غسل
چھپ گئی دریا میں چل کر شمشیر موج

ناتوان وہ ہوں ہرگز ہل سکوں
ہو جو میرے پاؤں میں زنجیر موج

بحر میں ٹپکے جو میرا اشک گرم
بول اٹھی اف اف لب تقریر موج

صفحۂ دریا پہ پایا اوسکے جبین
جبین پیشانی سے ہے یا تصویر موج

عکس سیمرو کا دریا میں پڑا
کہکشان دریا کی ہے تنویر موج

دھوتی ہیں افشان کو وہ پانی میں آج
کیوں نہ چمکے اختر تقدیر موج

تشنہ لب ہوں جو آئی میرے تلک
پنجۂ مرجان ہو دامنگیر موج

اشک کی دریا میں رہتا ہوں سدا
بچ گیا ہے یہ تقدیر بھی تاثیر موج

سب میں دیوانی تیری ای بحر
پانی دریا میں بھی ہے زنجیر موج

ضعف سے ہے بے صدا اسیر آخرش
کیسے کیسے ہیں لب تقریر موج

جب سے گئے ہے یار دریا پر نہانے
ہمنے کھائے ورق قسمت تیر موج

ہی بعد وصل ہجر کا ہمکو کمال رنج
ہر شب ہی ہجران میں ہمیں خیال رنج

آتی ہیں وہ کبھی رخ روشن پہ ہی نقاب
دیتی گنا دل سے بھی بانوں وبال رنج

دی بوسہ اپنی پیو سی رخسار کا کبھی
سکا نہی کسطرح دل سی ہا نکال رنج

اوس نو بہار گلشن خوبی سی ہوں جدا
کیونکر نہ دی بہار مجھے ابکی سال رنج

روز وصال ذکر جدائی ضرور کیا
دیتی ہیں باتیں تیری رنج کی باتیں نکال رنج

بوسہ کبھی کروں جو طلب منہ نہ موڑیے
دیتا ہی ہر فقیر کو رد سوال رنج

شاید کبھی ہوا تری ابرو سی سامنا
کاہیدہ ہو گیا جو اوٹھا کر ہلال رنج

ابر کرم شتاب پہنچ ہی مدد کا وقت
کشت امید کو نکرے پائمال رنج

گہر ہجر مین ہی مسلخ قصاب سی سوا
کرتا ہی بی چہری مجہی ہر دم حلال رنج

پیری ہی قہر صاحب افلاس کی لیے
عریان تنونکو دیتی ہی کہدی کہال رنج

ہوتا ہی کیون نہ دلا کی مجہی عرق عرق
دیتا ہی مجکو اور ترا انفعال رنج

خوگر جو رنج کی ہین وہ راحت طلب نہین
جسم گلیم پوش کو دیتی ہی شال رنج

مرنی سی میری غیر ہین خوش یار ہی اداس
دہرا ہو کیون مجہی نہ دم انتقال رنج

ہر وقت کی ملال سی کہٹکا ہی یہ مجہی
ڈالی جو اس مین نہ کہین اختلال رنج

اس ماہ مین جو آہین ہین اوس رشک ماہ سی
دیکہا جو ہنی چاند اوٹہائی کہال رنج

مرنی سی میری خویش و احبا کا ذکر کیا
غم رو رہا ہی رنج کو ہی ہی کمال رنج

اس شش جہت مین جب جو دیکہا تو ہی اسیر
اندوہ صدمہ درد مصیبت ملال رنج

کل کی ضرور فکر رہی تجکو یار آج
ہی کار نیک و بد مین تجہی اختیار آج

رکہتا ہی تند باد خزان سی بہی کچہ خبر
ای محو رنگ و بوی گل نوبہار آج

کر فیض سی جہان مین کشادہ کسی کا دل
لازم ہے فکر وسعت کنج مزار آج

دو پہول بہی چڑہین گی نہ کل اونکی خاک پر
جنکی گلو سی لپٹی ہین پہولونکی ہار آج

ہی کفش فرش خاک پہ چلنا پڑی گا کل
جیسا کہ اسپ و فیل پہ ہی تو سوار آج

کل تو بہی جائی گا کسی در پر امیدوار
جسطرح لوگ تجسی ہین امیدوار آج

رہتی تہی جو وسیع مکانو مین کل تلک
باقی نہین ہین اونکی نشان مزار آج

جی بہر کی دیکہہ لون وہ عیادت کو آئی ہین
ای ضعف آنکہہ بند نکر بار بار آج

دستار سرخ کیون سر صیاد پر نہو
بلبل کا خون سر پہ ہی اوسکی سوار آج

اتنا سہنے کہ قلزم غم سی عبور ہو
دریا ہی جوش گریۂ بی اختیار آج

ساقی ہوا ہی سرد ہی گلشن ہی ابر ہے
ہی ولیکن کیلیے بط مے کا شکار آج

کانپون مین کب تلک غم فردای حشر مین
ہونا جو ہی وہ ہو مرے پروردگار آج

خورشید تھک گیا ہی کہ گردون ٹھہر گیا
ہوتی نہین جو صبح شب انتظار آج

آمد یہ کسکی ہی کہ یہ ہے دل کو اضطراب
اوٹھہ اوٹھہ کی بیٹھتا ہی پہلو مین دل فگار آج

ساقی نہ کام سو سے نہ مجکو ہزار سے
گن گن کی جام دی مجھی دو تین چار آج

رخصت ہوا وہ شوخ گراہ تک نکی
کیا میری دل پی جبر کیا اختیار آج

شاید کہ اس مین روز قیامت کا طول ہی
کٹتی نہین اسیر شب انتظار آج

کہدی کوئی طبیب سی کرتا ہی کیا علاج
بیمار ہی مریض محبت سے لا علاج

جبتک طبیب کی ہوا حال کچہ کا کچھ
ہی درد دل یہی تو چلو ہو چکا علاج

ہی شربت وصال مداوای درد ہجر
اس کا کریگا کون سوا ے خدا علاج

اپنی دوا ہی مرگ کہ بیمار عشق ہین
ساری جہان سی ہی ہمارا جدا علاج

جانی نہ دیگا کون تمہین ذوق شوق سے
ہی محض یہ اہمہ کہو اسکا ہی کیا علاج

نسخی بدل چکا تری تدبیر ہو چکی
بس ای طبیب درد محبت ہے لا علاج

خط اوسکا نامہ بر نی دیا مجہ مریض کو
نسخہ نیا حکیم سے پایا ہی نیا علاج

کیا شوخ ہی مسیح سی کہتی ہی چشم یار
تیرا جدا علاج ہے میرا جدا علاج

خورشید کحل چشم کری خاکپای یار
آشوب چشم کا ہی یہی توتیا علاج

بیمار ہون مین پست عنائی کی [illegible] ہین
ہی درد دل کا روغن برگ حنا علاج

بیمار ہی فصد کی نہ اب اسکو ضرورت ہے
آیا مسیح ہو گئی صحت ہوا علاج

ازراہ غلطی ہے اگر تم نکہا اسیر
ہر درد کی جہان مین ہین مشکل کشا علاج

ردیف جیم فارسی

نہ پوچھو اوس کے لف مین ہین کسقدر پیچ
یہ قصہ ہے نہایت پیچ در پیچ

گرا مکتوب کشتی مین جو تجھ سے
مری تقدیر کا اسے نامہ بر پیچ

ملا فرہاد کو خلعت پس مرگ
ہوا دامان زخم تیشہ سرپیچ

نہ کیونکر عمر کا رشتہ ہو کوتاہ
اوٹھایا کرتے ہین ہم پیچ پر پیچ

کرے کیونکر نہ رشتے دل کی گو سلے
کہ پیچک ہے تری گیسو کا ہر پیچ

بلائین الفت گیسو مین جھیلین
پڑی سر پر ہمارے پیچ در پیچ

تری زلفون سے کیا سنبل کو نسبت
نہ ایسی خم نہ اوسمین اسقدر پیچ

جو پہنچی آتش عارض کی گرمی
کرے کیونکر نہ وہ موے کمر پیچ

اوڑاتی ہے اگرچہ چوٹی سی تکل
لڑاؤ ہم سے کوئے مختصر پیچ

فسون گر سی نہین کم قاضی شہر
کہ سر پر سانپ ہے پگڑی کا ہر پیچ

اسیر اوٹھتی ہین دریا مین موجین
زمانی کی یہ آتے ہین نظر پیچ

کثرت مال و منال و زر و گوہر ہمہ ہیچ
وسعت کشور و جمعیت لشکر ہمہ ہیچ

ذکر اورنگ سلیمان و خم افلاطون
قصہ جام جم و سد سکندر ہمہ ہیچ

نخل و آوان علم طنطنهٔ طبل و ظفر
رفعت تخت و سرافرازی افسر همه هیچ

رخت زرین و کمربند مرصع همه پوچ
مسند بوقلمون فرش مشجر همه هیچ

زینت خانه و رنگینی سقف و در و بام
نرمی بالش و آرایش بستر همه هیچ

حرص دولت طلب جاه سر قدر بلند
فکر دنیا غم روزی طمع زر همه هیچ

جمله افراد به یک رنگ خط باطل باطل
مفتی و ناظر و سردفتر و دفتر همه هیچ

جوهر خنجر و شمشیر هنرمندان همه لغو
قوت بازو مردان دلاور همه هیچ

جق جق اهل خبر بق بق ارباب سیر
مستی صاحب زر کبر توانگر همه هیچ

صنعت خامهٔ نقاشی و هم تیشهٔ کن
نقش ارژنگ و صنم خانهٔ آذر همه هیچ

دامن ساقی و دست طلب باده کشان
حلقهٔ انجمن و گردش ساغر همه هیچ

یہی کرتی ہیں دعا ہاتھ اوٹھا کر پلکیں

ڈوبتی وقت تو تنکوں کا سہارا ہو جائے
دیکھیوں نہ [illegible] یا خالق اکبر پلکیں

سینہ مرے قتل کو تیار ہیں [illegible] تو وہ تلواریں
ابرو ویسے نہیں کم بال برابر پلکیں

صفحۂ آئینہ آجائے اگر پیش نظر
ابھی پر تو سی بنا دیں اوسے مسطر پلکیں

بعد مردن نہ ہی مجکو کفن کی حاجت
منہ چھپانیکو جو دیں اشک کی چادر پلکیں

زیب اللہ نے بخشی ہی مناسب سبکو
آنکھ کے واسطے ہی شیشہ ہیں [illegible] پلکیں

ہر گھڑی بنتی ہیں [illegible] لہو کی اونسے
ہیں رنگیں حلق [illegible] کی [illegible] پلکیں

اوٹتی ہی نشتر غم مری دلمیں ہی چبھیں
جتنی آنکھوں میں ہیں یا خالق اکبر پلکیں

کیا تعلق سے تری حسن کو اللہ اللہ
قدسی ہے زلف سوا زلف سے بڑھ کر پلکیں

لاکھ خونریز ہیں گردن [illegible] دلمیں جگہ
کیسی کھٹکیں جو پڑیں آنکھ کے اندر پلکیں

نام کو خون ہماری تن لاغر میں نہیں
نوک کی لیتی ہیں کیا صورت نشتر پلکیں

خواب میں ہاتھ لگی دولت بیدار اسیر

کہ ہوتین شانۂ گیسوی پیچ بلبلین

جو شاہ عشق کا دفتر تمام لکھتے ہین
وہ لوگ ہمکو مدار المہام لکھتے ہین

ڈرو حسد اسی بڑا ہمکو اے بتو نکہو
فقیہہ غیبت مومن حرام لکھتے ہین

شہید عشق مجھی جانتے ہین کاتب ہے
یہی سبب ہے جو سرخی سی نام لکھتے ہین

ہمارا نام فقط خط مین بھول جاتے ہین
دعا کسی کو کسی کو سلام لکھتے ہین

خلاف مجھ سے بیانتک ہین کاتب اعمال
کوئی گناہ کری میرے نام لکھتے ہین

ہوای بادہ کشی ہی یہہ خوشنویسی مین
کہ روز خط کی عوض خط جام لکھتے ہین

دوات جام ہی خامہ ہے گردن مینا
ثنای نرگس میگون مدام لکھتے ہین

بتون کی وصف لکھین کیا حجاب کی ہی جگہہ
ہم اس قلم سے خدا کا کلام لکھتے ہین

کبھی ہمیسے وہ لکھواتے ہین کوئی احوال
ہم اوسمین اپنے ہی قصہ تمام لکھتے ہین

یہہ عشق سبزہ خط مین ملا شرف ہمکو
سلام خضر علیہ السلام لکھتے ہین

چھپین گی داور محشر سی کسطرح عصیان
فرشتی میرے عمل صبح و شام لکھتے ہین

یہہ تیز دست ہین ہم وصف زلف کی لکھتی ہین
کہ ایک دم مین حدیقہ تمام لکھتے ہین

جو صرف دام بیانی مین کرتے ہین صیاد
اسیر نام مرے دام دام لکھتے ہین

چار عنصر مری رباعی ہین
ہفت اعضا نہین سباعی ہین

حال عاشق نہین انہین پڑھیے
جتنی پرچے ہین اطلاعی ہین

روی روشن ہے یا کہ خورشید
موی خط یا خط شعاعی ہین

نامہ بر کچھ نہین کہا اوسنے
تیری باتین سب اختراعی ہین

وصل ممکن نہین ہے بی قسمت ۔ سارے بیکار ہیہ مساعی ہین

خوف روز حساب کیا ہے اسیر
کہ ائمہ ہمارے ساعی ہین

دہوپ کی گرمی نہین زنہار قیصر باغمین ۔ چہتریان ہین سایۂ اشجار قیصر باغمین
کس سے ہجانی ہیہ کی گفتار قیصر باغمین ۔ ساری تصویرین ہوئین جاندار قیصر باغمین
کیا ریان ہین گلشن جنت کے جتنی ہین چمن ۔ کوثر و تسنیم ہین انہار قیصر باغمین
دیکہ لین حورین اگر رضوان کے دل خالی کرین ۔ کیا بہری پہولونکی ہین جہنار قیصر باغمین
ایک یوسف تہا وہان ہین سیکڑون یوسف یہان ۔ مصر سی بہی بڑہ کی ہی بازار قیصر باغمین
قاف کی پریون سے بڑہ کر ہین ستارہ روسی ادا ۔ مہ جبینان پری رخسار قیصر باغمین
ہین شکر لب مہربان چاہ زنخدان ہے سبیل ۔ بٹ رہا ہے شربت دیدار قیصر باغمین
شوق سیر ایسا ہے دروازہ کہین یہان بند ۔ آ گئے رضوان پہاند کر دیوار قیصر باغمین
ذکر کیا ہی اوج و پستی کا کہ [illegible] ہین تمام ۔ سطح دریا کے طرح ہموار قیصر باغمین
موسم گل مین بہار تازہ آتی ہی نظر ۔ جمع ہین محبوب گلرخسار قیصر باغمین
لوگ جو باہر ہین اونکو بہی تماشا ہے نصیب ۔ بسکہ آئینہ سے ہر دیوار قیصر باغمین
سبزۂ خوابیدہ چونک اٹہتا ہی اکثر خواب سے ۔ بخت نرگس کیون نہو بیدار قیصر باغمین
سنتری سی مقصود انکہونکا ہوا حاصل اسیر ۔ بخت خفتہ ہو گئے بیدار قیصر باغمین

ردیف واو

اسقدر بیار رونق پوچہا میری حال زار کو ۔ مرگ سے بدتر عیادت ہو گئی بیمار کو
مرا جب التعظیم تو کوچہ ترا جاتی ادب ۔ بیٹہ جاتے تو اوٹہانا چاہیی دیوار کو

بہون بلا گر ہین عشاق گیسو کو تسلا
رات جگمگٹ کی لیے ہی قاتل جگا تلوار کو

جہومتی چلتی ہین کیون ستی ہین نکہت فروش
کہدو ہشیار و نسی چہوڑین مست کے رفتار کو

لائی ہی کوچہ سے اوس گل کی صبا خاک شفا
باغبان صحت مبارک نرگس بیمار کو

حادثون مین ہرتی ہین مغلوب غالب بیشتر
لوٹ لیتی ہین وہ بامین عورتین بازار کو

ہون وہ مجنون میرے چہالونکو نہین کرتے قبول
خار صحرا اسے بہاری جانکر دستار کو

حفظ تہوڑا ہی بچاتا ہی بلای سخت سے
ہی سپر باران مین چہتیی گلی دیوار کو

تا اسی پردہ مین وہ مطرب پسپر ہو مہربان
جای مرغ نامہ بر بہیجو نمین موسیقار کو

ہی اذیت بہی زیادہ عمر ہی جتنی دراز
کیا پریشانی درازی سے ہی زلف یار کو

دی خموشی بہی اونہین جتنے دیا جنکو کمال
کب ہے گویائی زبان تیغ جوہر دار کو

خندۂ دندان نما ہر بات مین اچہا نہین
ارہ کردینگی یہہ دندانی تری تلوار کو

ہین جو جاہل اونکو بینائی کا دعوی ہی عبث
چشم روزن سی نظر آتا ہے کیا دیوار کو

شاید آنکلین اودہر اغیار بہی ہمراہ یار
پاس میرے قبر مین رکہدو سپر تلوار کو

عیش سے توام ہی غم ہی زخم سی ظاہر اسیر
چہرۂ خندان سے لازم دیدۂ خونبار کو

خوف گیسو سے چہوٹی کیا کوئی روسی یار کو
اژدہا گہیرے ہوی بیٹہا ہی اس گلزار کو

سخت نادان ہین جو ہمسایونسی کہتی ہین امید
تر ندیکہا آب پیکان سے لب سوفار کو

تہا قوی تن اسپ اوس سفاک نی پہنی زرہ
پایداری اور چہلنی سے ہوئی دیوار کو

ہین یہہ افسون کہ ہی ہوائی نگر اوس زلف کے
ہار کی بدلی لپیٹے ہین گلی مین مار کو

ظلم مین بہی ظالم تو نرم ہین یارب عجب
پاؤن جلتے وقت دست غیر ہی تلوار کو

تیغ دکھلا کے مجھی چپ ہو نہ قتل کل دور ہے
تشنہ تر رکھی کا وعدہ تشنۂ دیدار کو

حلق جو ہر ہو تو ہو ہر دم چلی گی تیغ یار
غرق عالم ہو تو کیا غم ابر دریا بار کو

اٹھو کی جنگ کا ہی وہ کیونکر سواد شہر سی
سیل کی پروا نہیں کچھ اپنی دیوار کو

ماتم مجنون میں یہ خیمہ بید مجنونکی ہی پست
کوہکن کا داغ ہے یہ لالہ کہسار کو

شکل یاران لباسی یہ دغا پیشہ نہیں
ای مسیحا تپ چھوڑیگی تری بیمار کو

جل رہا ہی دیکھکر ایسا مری سینے کا داغ
ڈھونڈتا پھرتا ہی سورج سایۂ دیوار کو

تیرہ دل ہوں کیوں نہ روشن حال جن میں کھینچ لوں زبان
شمع کر دیتی ہی روشن ہر مکان تار کو

یاد اوس حساب کی ای دل مرض میں چاہیے
باعث صحت ہی قرآن کی ہوا بیمار کو

تیرہ پر ہو جاتی ہیں محفل میں جب اوس سی دو چار
مرتی ہیں دو چار آجاتا ہی غش دو چار کو

تیرہ دل پایا جو شیخ شہر کو بیٹھی اسیر
گنبد مدفن میں سمجھا گنبد دستار کو

باغبانو پھول میں درکار بزم یار کو
لیجیو دار الشفا میں نرگس بیمار کو

آنکھ کی پتلی بنے دیتی تیزی نگاہ یار کو
یہ سپہر بڑھ کر فسان سی ہو گئی تلوار کو

گل کرون خون کف پا سے یہ میں پیکار کو
بلبلیں جنگل میں آئیں چھوڑکر گلزار کو

کیا سنبھالی دل پیچ پیچ زلف یار کو
فی الحقیقت شمع طاوس بنا ہی مار کو

اک نظر دکھلا دی اپنی جلوۂ رخسار کو
دیر سی آنکھیں ترستی ہیں تری دیدار کو

رو رہا ہوں اپنی جیبی کا دکھا کندن سا رنگ
تار سوئی کا بنا دی آنسوؤں کی تار کو

ای دل تنگ اوسکی ابرو کا تصور چھوڑدے
کھینچتا ہے تو شکنجے میں عبث تلوار کو

آگ پیری نے کیا پیوند چار عنصر کو خراب
جس طرح برباد کرتی ہی خزان گلزار کو

بار رہا ہمکو یہہ آیا جوش وحشت مین خیال
کوہر دندان ولعل لب کا بوسہ چاہئی

دل ہمارا ہی کہ ہی اسمین خیال چشم مست
صحبت احباب مین کیا دیدۂ تر کا ہی کام

عاشقون کی جان لی گا وسمۂ ابروی یار
باغبان فرقت مین مجکو گل نظر آتی ہین زخم

دو لون ہین مشتاق میری قتل کی تکلیف دو
جلئی اوس کوچی مین اوس کا نظارہ کیجئے

سیکڑون مین آ گئی ہو حضرت قاضی جو تم
سامنی اوس ترک کی آئی اگر جلاد چرخ

توڑ ہی سنگ ترازو سے سر بازار کو
کیا جواہر جوہرہ ہے درکار رخ بیمار کو

ورنہ کب مسجد مین ملتی ہی جگہ میخوار کو
سرد کردی گا یہہ باران گرمی بازار کو

بارہ کردیتی ہی خوتریز جہان تلوار کو
تیغ کا پانی دیا کیا تو نی اس گلزار کو

دورسی بندوق کو نزدیک سی تلوار کو
ہین قدم چلنی کی خاطر آنکھہ ہی دیوار کو

دولون ہاتھو ن سی سنبھالا چاہی دستار کو
پاؤن پر رکھدی کمر سی کھول کر تلوار کو

دشمنون کا ہی اگر بلوہ نہ گھبرا ای اسیر
آئین گی ہو لا صدا دی حیدر کرار کو

نظر آتا ہے ترا چہرہ زیبا کس کو
سیر گلشن کی ہی صیاد تمنا کس کو

ساری عالم سی مرا گوشۂ عزلت ہی جدا
خواب آرام ہین ہمسای ہین کوچی سنسان

قتل کرتی ہو شب آفاق کو اتنا تو کہو
کوچۂ زلف مین زنجیر ہی ہی طوق ہی ہے

حبب جلائین ہیلا ہین گی وہ میرا ہی جگر

حسن بی پردہ ہی ہی تاب تماشا کس کو
پر جو تو وا نہین کرتا تو ہی پروا کس کو

گردش چرخ کری گی تہ و بالا کس کو
کون سنتا ہی پکارون شب یلدا کس کو

اپنی جوبن کا دکھاؤ گی تماشا کس کو
کون آفت مین پھنسے جا کی ہی سودا کس کو

جز کلیم اور سے لگا ید بیضا کس کو

گالیاں تنگ لب محبوب پہ آئیں لیکن
مجھے اتنا ہی بچانا کہ کہا کیا کس کو

زیست ہی مرگ محبت میں مجھی لگتی ہے زیست
ملک الموت کہوں کس کو مسیحا کس کو

کون معشوقہ ہرجائی دنیا پہ مرے
سارے عالم کی رقابت ہی گوارا کس کو

واہ ای چرخ یزید اوج پہ محروم حسین
کون حق دار تھا دی شوکت دنیا کس کو

لذت فاقہ سے آگاہ ہیں جو لوگ ہیں خاص
بے خبر ملتے ہیں یہ نعمت عظمیٰ کس کو

خلق اللہ سے دنیا میں نہیں کی راحت
ڈھونڈتے پھرتے ہیں یہ مردم دنیا کس کو

شوق بوئے گل مقصود ادھر لایا ہے
ورنہ تھی گلشن امکاں کی تمنا کس کو

وصل تنہا ہو کہ جو تم بوسہ لب شیریں کا
منہ نہ موڑے کا کہو نہ ہو یہ حلوا کس کو

یار کی لعل لب و گوہر دندان سے بحث
کس کو سچا کہوں ان دونوں میں جھوٹا کس کو

شب کو آئی کو کہا اوس نے تو کہا اسکی خوشی
اپنے جینے کا نہیں ہے تا شام بھروسا کس کو

ہوں تو بیمار محبت مگر اتنا نہیں ہوش
درد کیا چیز ہے کہتے ہیں [illegible]

میں جو کرتا ہوں کرو یہ دل [illegible]
ہنسکی کہتے ہیں کہ سمجھے ہو مسیحا کس کو

سب سے آوارہ وحشت کی نہیں تجھی تلاش
ڈھونڈھتا پھرتا ہے جنگل میں بگولا کس کو

ہیچ سب ہونگی قیامت میں فقیر او غنی
دیکھیں یا وس روز ملے دولت عقبیٰ کس کو

فکر امروز میں مصروف ہیں سب اہل جہان
ای اسیر انہیں ہے اندیشۂ فردا کس کو

کیوں نہ شائق اوس نغ جوان کا ہو پیر کو
کیا کمان چلاتی ہی جب چھوڑتے ہی تیر کو

[illegible] نیست جانی میں مرے ہی تقریر کو
تو سمجھے دم تیغ دیکھا ہی کسی نخچیر کو

[illegible] کیا ہوں وہ جس میں [illegible]
سان پہ چڑھتی نہیں دیکھا گلوئے شمشیر کو

ظلم کی قوت بنا دیتی ہی انسان کو شریر
یہ بلا پیکان نے کیا خون ریز ظالم تیر کو

ہو قلم موے میان یار سے پہلی بنا
ای مصور کھینچ تب مجھ زار کی تصویر کو

خط نہ لکھا یار نے یہہ نامہ بر سے کہدیا
ہی جواب اتنا کہ وہ پڑہ لین خط تقدیر کو

جانتے اہل قلم ہین سب ایک ہین خبر و تحریر
لو رہا تھا آیا ہے نیزے کی برابر تیر کو

بدلے قاصد کے وہان کوی مصور بھیجیے
اسلیے تا کھینچ لائی یار کے تصویر کو

ہون وہ کشتہ میری دشمن میں بھی ماتم
کیا پریشانی سے ہے زلف جو شمشیر کو

وصل سے نفرت ہے ایسی شکل او چہای کے
کھینچی وصلی پہ جو مانی یار کے تصویر کو

ہون وہ طائر ہے جو مجھکو زخم کہانی کا مزا
پیرو ہی ہین اپنی اوس ناوک فگار بے پیر کو

خط شوق اوس کو دک نقاش کو مینے لکھا
چاہیئے قاصد بناؤن طائر تصویر کو

مانی و بہزاد باہم شک سی لڑنی لگی
کھینچ گئے شمشیر جب کھینچا تری تصویر کو

تیرہ بختی مین صفائی قلب کیونکر عیان
ابر ڈھکتا ہی نہان خورشید کی تنویر کو

کچھ نہ پایا ہمنے اوسکی زلف پیچان کی جستجو
کھیر کھر لیا جوش وحشت مین بہت زنجیر کو

تنگ آیا ہون یہ صدموں سے اگر پا اسیر
لوٹتا ہون حسرت مین اوج خط تقدیر کو

دیکھی تیزی سے ہوا ابرو کی بت بے پیر
بھیجیو ان دار القضا مین باندھ کر شمشیر کو

پھر خبر میری کرے کون اوس بت بے پیر
جب بنو حکم صدا دروازی کی زنجیر کو

ذبح کرنی کون آتا ہے یہہ مجھ نخچیر کو
پہلے بھیجا ہے خبر کرنیکے خاطر تیر کو

تیرے ابرو کی ہین تیغی ورسی کیا تیر کا کام
مونہہ لگاتے ہین ہمارے زخم کب شمشیر کو

عاشق مژگان ہون مجھکو غیر کی خاطر کیا
خانۂ دل مین جو آ سینے نکالون تیر کو

سب نے کھینچی ہے بہت ہن ہے تو مصور کیا کرے
ذلتیں کھینچی اگر کھینچے تری تصویر کو

شمع کا سر کاٹنے سے بزم میں کیا فائدہ
روسیاہی کی سوا حاصل ہی کیا گلگیر کو

تشنہ تر کرتا ہے ہمکو شربت دیدار یار
جس طرح زخمی پیئے آب دم شمشیر کو

وصل کی شب کان میں پہنچی جو آواز اذان
سمجھے ہم قاتل موذن کو چہری تکبیر کو

قید خانی سی رہا ہوتا ہوں پر اتنا ہی غم
اور قیدی آکی پہنیں گی مری زنجیر کو

قتل کرکے مجکو کیوں ہوتی ہو رسوا ای جہان
خون بہری کپڑے بدلیے دہوئی شمشیر کو

خواہش دولت نہیں رکھتے ہیں تیری خاکسار
سیم و زر کی کیا ہی حاجت صاحب اکسیر کو

کیوں اوٹھا ... تم عاسی پی توقع ہوگی ہاتہ
ہے وہ قادر کیا بدل سکتا نہیں تقدیر کو

پاسے غفلت نی مری اوسکو بھی بے حس کردیا
مار مردہ کی طرح جنبش نہیں زنجیر کو

آنکھ چہرے پر صفائی سی ٹہہر سکتی نہیں
کھینچ سکتا ہی مصور کب تری تصویر کو

صاف وہ پہچان جائیگا جو نکلی کی صدا
جا کے اوس در پہ ہلایا چاہیے زنجیر کو

دلکو میرے ہے تشی ہی اوس مہوی مرکا نکی تلاش
دہونڈتا پھرتا ہے ہر سو ... تا تہہ تیر کو

کھینچ غزلت میں جو تنہائی سے گھبرایا اسیر
ہم نشین میں نے بنایا معروم تصویر کو

ملجائے سزا و نہ پھر آزار کسی کو
اللہ کرے تم بھی کرو پیار کسی کو

جلاد یہی ہے ملک الموت یہی ہے
چھوڑے گی نہ زندہ تری تلوار کسی کو

پیدا و نہان اوسکے دہن کا ہے معما
آسان کسیکو ہے یہہ دشوار کسی کو

نسبت تن لاغر کو نہ دو اپنے کمر سے
کرتا نہیں اتنا کوئی طیار کسی کو

احباب کفن رکھے لحد میں نہ اوٹھائیں
منہ خاک دکھاؤ نہیں گنہگار کسی کو

در پردہ پتا حضرتِ واعظ نے بتایا
معلوم نہ تھا خانۂ خمار کسی کو

کیا بوسۂ ابرو کی مجھے اوس سے ہی ہو امید
خلوت میں جو دیتا نہو تلوار کسی کو

گھر میں وہ مجھی لیگئی دربان سے یہہ کہکر
پہنچے نہ خبر اسکے نہ خبردار کسی کو

جو خانۂ الفت میں گیا مر کے وہ نکلا
یہہ گھر نہیں ہوتا ہے سزاوار کسی کو

ناداں ہے جو پھولوں کا گلہ کرتی ہے بلبل
کب دیکھا نہیں لاتے ہیں پہندار کسی کو

معلوم ہوا ہمکو کہ یہ آبِ بقا ہے
دلبر سے ہمیں شربتِ دیدار کسی کو

مرنے میں تری زلف پہ ہندو و مسلمان
تسبیح کسی کو ہے یہ زنار کسی کو

کب خواب میں وہ سیمتن آتا ہی کسی کے
کب ملتی ہی یہہ دولتِ بیدار کسی کو

ڈر کر وہ کہی ہاتھ جو انگیا کو لگاؤں
رسوا نکرو پھاند کے دیوار کسی کو

کس شوق سے دیتا میں اسیر اوسکو دل اپنا
پاتا جو زمانے میں وفادار کسی کو

ہم مر چلے مصروفِ رخِ یار ہے تو ہو
بلبل نہیں خرابیٔ گلزار ہے تو ہو

کٹر کی ہے گردن بندِ دربار ہے تجہ ہو
کو تجھہ ملا ہے بیچ میں دیوار ہے تو ہو

جھنجھلا کے بولی وہ جو سنا میرا حالِ زار
مرتا ہے تو مرے کوئی بیمار ہے تو ہو

زور جنوں نہیں بام فلک پھاندتی ہیں ہم
اونچی مکانِ یار کے دیوار ہی تو ہو

شیدا ہے رخ کی حق میں یہہ ہو گا خدا کا حکم
داخل کرو جناں میں گنہگار ہے تو ہو

بدلی میں بیشتر نظر آتا ہے آفتاب
زیرِ نقاب یار کا رخسار ہے تو ہو

آنکھیں سفید اپنے ہوئیں شوق میں پر
اب آئینہ مصاحبِ سرکار ہے تو ہو

مجھکو نہ یکھی مرے مضمون کو دیکھئے
وحشت کدا میں گوہرِ شہوار ہے تو ہو

پوشیدہ کرکے چاہ زنخدان وہ کہتے ہیں
کیا کام کوئی تشنۂ دیدار ہے تو ہو

نازک بہت ہیں کیا وہ کرینگی کسی کو قتل
خنجر کمر میں دوش پہ تلوار ہی تو ہو

لاؤں کہاں سے داغ جگر قابل پسند
گولر کا پھول آپ کو درکار ہے تو ہو

ظلمت پسند ہی ہمیں بخت سیاہ کی
اونکی مسی کا رنگ جو ہموار ہے تو ہو

مشتاق حاجیوں سے زیادہ ہیں بادہ کش
کعبہ سے دور خانۂ خمار ہے تو ہو

کہتے ہے کوئی نفرت زاہد سے نابرے
خفا ہر شکوہ جو مجھ سے انکار ہے تو ہو

گھر میں تو دخل غیر نہیں ہے مری سوا
کوچے میں اوسکے مجمع اغیار ہے تو ہو

ہم تو قسم خدا کی نہ سجدہ کریں کبھی
کعبہ اسیر سنگ در یار ہے تو ہو

مرکے کافی ہے یہ میرا دل روشن مجھکو
کب ہے درکار چراغ سر مدفن مجھکو

آج منظور ہے وصف رخ روشن مجھکو
دیکھنا شاہد مضمون کا ہی جوبن مجھکو

آشیان کیا نہ ہے حسرت گلشن مجھکو
دست صیاد ہے اب شاخ نشیمن مجھکو

کوے جانان میں پہنچ کر اجل آئی صد شکر
کیا زمیں ہاتھ لگی ہے پئے مدفن مجھکو

دل میں آتا ہے جلوت دیر و حرم میں طریق
برہمن شیخ کہے شیخ برہمن مجھکو

کھینچ تلوار کمر سے کہ نہ کھینچ اے قاتل
مار ڈالے گا ترے حسن کا جوبن مجھکو

ہوں وہ کشتہ تن سے نہ سر سے میاں تھی جدا
کاش پامال کرے یار کا توسن مجھکو

شب فرقت میں جلاتا ہے چراغ امید
چاہئے یار کے تصویر کا روغن مجھکو

رات دن ہوتی ہیں پر سیر کی تصدق مجھ پر
ماہ و خورشید کا سب حال ہی روشن مجھکو

تہمی ہوتا ہے جگر دیکھ کے گہ سحر کی شب
چہرے سے بندوق کی ہیں ذرۂ روزن مجھکو

دم خنجر سے کوئی اب مرا اٹھتا ہے گلا
رفع کرتے ہے تنازع سر و گردن مجھکو

ہے گران زاد سفر مجھ سے نہین اوٹھ سکتا
کاش ملجائے کوئی راہ مین رہزن مجھکو

ہون جو تا قسم ہین فکر معیشت مین خراب
روز دیتا ہے خدا رزق معین مجھکو

دشت دکھلا مجھے ای حسرت عریان بجے
خار مشتاق ہین کیا چاہیے دامن مجھکو

شاخ گل سی کبھی لٹکا دے قفس ای صیاد
نہ ستائے حسرت نظارہ گلشن مجھکو

تنگ کرتا ہے شب ہجر بہت خانہ تنگ
آنکھین جو کھلاتے ہین دیوار کی روزن مجھکو

نقش پا کو رہنا دشت مین مجھ لاغر کو
آ نہ پڑھ سکے ہما گنبد مدفن مجھکو

[illegible] خوب امیرون کو کری کون سلام
کب سرکش سی جھکاتے نہین گردن مجھکو

آپ عریان ہون پئے غیر ہی پر قبا لباس
مرحبا اللہ نے دی ہمت سوزن مجھکو

وہ دہن تنگ ہین اوس شوخ کی مستی جو ملی
غنچہ گل نظر آیا گل سوسن مجھکو

[illegible] ہی کے لئے اللہ نے پیدا کئے ہاتھ
طوق کے واسطے ہاتھ آئی ہے گردن مجھکو

بعد مرون جبھی ہے منظور فلک دلشکنی
سنگ مرقد ہے مرا سنگ فلاخن مجھکو

شوخی ابلق ایام بھی ہے جو امیر
کور اک روز بنائے گا یہ توسن مجھکو

جیسا ہے ناتوان ہو کوئی ناتوان نہو
جسم نحیف یار کا موے میان نہو

مجھ سا بھی کوئی ناتوان نہو
دل آب ہو تو آئینہ آسا ہو داغ نہو

جل جائے دل اگر غم الفت عیان نہو
یارب کبھی اس آگ سی پیدا دھوان نہو

بیمار عشق مجھ سا کوئی ناتوان نہو
آئے عرق ہزار بدن پہ دھوان نہو

طاقت ستم اٹھانے کی باقی نہیں رہی
چلئے اب اٹھ کے جہان مین یہ جہان آسمان نہو

[illegible] صدا [illegible] صبح [illegible] — بولے نہ مرغ تب نہ چھوٹے اذان نہو

سمجھو نہ ہم ہین خاک ہین [illegible] — لیکن یہ شرط ہے کہ وہان آسمان نہو

[illegible] کوچہ گیسو مین ہو [illegible] — ہاتھ آئے یا نہ آئی کہان ہو کمان نہو

لیلی کا ناقہ نجد مین لایا تو ہے مگر — کیا قیس سے کہین آئے اگر ساربان نہو

حسرت یہ ہوگئی کہ بند قفس ہمین ہو نہین مگر — شبہہ ہے اب تلک کہ یہی آشیان نہو

[illegible] شدت جوش وحشت کی ہر گھڑی — چلا رہا ہے دل کو سے برگ خزان نہو

[illegible] ہوا سہمتا [illegible] تن مین — دشمن اگر بلا مین سے ہنسے شادمان نہو

آتی ہے جان آمد جانا سے جان مین — ایسا جو وہ تو لقب جان جان نہو

آئینہ کے طرف نہ کرین منہ کبھی حریص — موجود اوسکی گھر مین اگر آب و نان نہو

تو راستہ بتانے سے تجھے کیا کچھ دوستی کا ہم — مانند تیر حلقہ بگوش کمان نہو

کہتا ہون کچھ سمجھ کے مین دیر و حرم کو اک — ایسا کوئی مقام نہین تو جہان نہو

خط لیجیو تو نے یہ قاصد کو دی دعا — محنت خدا کرے کہ تری رایگان نہو

رہتا ہے غم سے باغ جہان نہین نشاط کا — قدر بہار کیا ہے جو فصل خزان نہو

کر دو سگان کوچہ محبوب کو خبر — مٹی کوئی لحد مین مرا استخوان نہو

ہم ڈھونڈ لین گے اور کوئی مہوش ای اسیر
پروا نہین وہ ماہ اگر مہربان نہو

طپش مین عشق رکھتا ہے ہماری جان مضطر کو — کبوتر باز کوئی جیسے پر کاٹی کبوتر کو

اوڑھا یا پردہ در کو دکھایا روئی دلبر کو — بہہ جیاتی خاک آخر رحم آیا بہت صرصر کو

خدا جانے کہ کتنی مے بھری ہی چشم ساقی مین — کری سکتی نہین ہین لاکھ میکش ایک ساغر کو

دماغ اپنا پریشان ہوگا آواز عنادل سے
اوٹھائین ہی مجاور قبر سی پہولونکی چادر کو

تری دیوانون کی یہہ چوٹ مین لذت اوٹھائی ہے
کہ ہوش آئی اگر تو چاہین یہہ ہنہد وسب نکے پتہر کو

نہجم سی کہو تحت الثری کو سی کبہی دیکہے
فلک پر ڈہونڈہتا ہی کیا سر ہی طالع کی اختر کو

نہایت گرمی خورشید محشر سی ہین مضطر ہم
خبر اسکی نہین شاید قسیم حوض کوثر کو

یہانتک رحم ہی دل مین اگر ہو دسترس میرا
اوتارون گردن شمشیر سی زنجیر جوہر کو

وہ آوارہ ہوہوتی ہین مری جامی بہی آوارہ
مرا مکتوب کہتا ہی بتاہی مین کبوتر کو

نکر کچہہ خوف قاتل تیرا دامن کوئی پکڑیگا
قیامت مین پڑی گی اپنی اپنی اہل محشر کو

ہوا ثابت ہمین ہی یہ کسی درویش کا حصہ
ملی ہفت آسمان کب بادشاہ ہفت کشور کو

کہو دربان سی اوس تک نامہ بر کو میری پہنچادے
فلک پر لیگئی جبریل ساتہہ اپنی پیمبر کو

وہان زخم تن جو خود بخود داد ترک مستی ہین
بجہایا شاید آب زعفران مین تو تی خنجر کو

بڑنگ رنگ گل گرتی نہین مے ایک قطرہ بہی
فلک تی گوکہ توڑا سو جگہہ سی میری ساغر کو

لکہا تہا نامہ اوس بیچارکو مین یہ نسمجہا تہا
گرہ ک سمجہی گا ظالم ہون کہائیگا کبوتر کو

تعجب کچہہ نہین محسن کشی سی اہل عالم کے
نکالی گھر سے آئینہ اگر عکس سکندر کو

اسیر ایسی لکہون تعریف اوسکی ہفت اعضا کی
کہ آب شرم سے دہوئی نظامی ہفت پیکر کو

رہا لایا ذبح کی دم خون کیا کیا اوسکی خنجر کو
رگین گردن کی نشتر بنگئین کہای جوہر کو

کیا خون ریزوسمی نے سوا ابروی دلبر کو
عجب کی ہی جگہہ یہہ سورہی ہی جائے خنجر کو

وہ قاتل لاش کو تشہیر کرنا ہی گئی آفت
کہ پہچانا نہ کشتو نہین ہماری جسم بی سر کو

اسی صورت جو ہمسائی ہمارا دل جلا ہین کے
کسی کو ہو برا نہین ہم جلا رہین گی پہونک کر گہر کو

جدائی کعبہ و بتخانہ مین ساری بظاہر ہے
خدا نے ورنہ دو ٹکڑی کیا ہی ایک پتہر کو

نہ کیونکر دیکہہ کر ہون مست شادی اہل نظارہ
سکہایا رقص تیری آنکہ کی گردش نے ساغر کو

ٹہر جاتی ہے عقل و ہندسی کچہہ دولت دنیا
جو رشتہ بیگرہ ہو روک کب سکتا ہی گوہر کو

حوادث مین کہئی ہوتی ہین مضطر صاحب تمکین
بہ رنگ خس بہا سکتا نہین سیلاب پتہر کو

ہزارون طائر رنگ حنا دل چہین لیتا ہے
بنایا ہے شکاری تمنی مرغ دست پرور کو

ہماری آنکہ فرقت مین ہی ضبط گریہ کیا مشکل
جو موج آتی ہی دل مین جہیل جاتی ہین سمندر کو

نہین نقصان اگر اوسکی رخ روشن پہ خط نکلا
سیاہی شب کی چمکاتی ہی روی ماہ انور کو

نہایت مرکی سختیا یا ہوئی تکلیف جانا نکو
پڑے مین تنہہ جو ریان دو لوتن اوتارا اونچی بستر کو

دباتی ہی جو خاک گور مردہ کو تعجب کیا
محبت کس قدر فرزند سی ہوتی ہی مادر کو

دل سوزان کی میری کیا حقیقت ای اسیر ہوتی
نکل جاتی ہی مچھلی تیری بالی کی سمندر کو

اسیر اہل تحمل کو کہان جمعیت خاطر
پریشان حال پاتا ہون ہمیشہ کیمیا گر کو

ہجر مین شام غم آ گئی ہی ستاتی ہمکو
مدد ای مرگ کہ گھیرا ہی بلا نی ہمکو

کیون کیا داخل فردوس خدا نے ہمکو
صفت حور و ملک پڑہی نماز اٹہانے ہمکو

کہو ای کعبہ نشینو کہ ہی کیا اسمین صلاح
یہ ہمین دیر سے آیا ہے بلانے ہمکو

وای قسمت کہ طلاطم نی اولٹ دی کشتی
جب لگا دور سے ساحل نظر آنی ہمکو

رنگ گردون مین نہ کعبہ مین ہی مسکن اوسکا
دہوکی دینی کو بتاتے ہین یہ کاتی ہمکو

آپ ہم الست خطا ہی نہ سر مو بہی مگر
فارغ البال کیا یہ بہی خدا نے ہمکو

سنا تھی وعدۂ روز قیامت نہ رہا
کردیا مست یہ قلقل کی صدا نی ہمکو

ملک الموت کو دیکھا تو یہ سمجھی دم نزع
آتی یار نی بھیجا ہے بلا نے ہمکو

ہم ہیں اور غیر ہیں یہی کچھ تو تفاوت لازم
پاتی اوسکو جگہ دو تو سرہانے ہمکو

نہ رہی فرزند کی خواہش نہ تلاش زر و مال
سب بلاؤں سے بچایا ہے خدا نے ہمکو

ہو گئی طفل جوان تھی جو جوان پیر ہوے
کیا بدلتی نظر آتی ہیں زمانے ہمکو

شہر بیگانہ ہے تبدیل شباہت کی سبب
جان قالب ہیں نہیں کہ یا کوئی جانے ہمکو

بھی ڈھوتا نہیں کس روز خیال خط سبز
روز آتے ہیں کنوین خضر جھکانے ہمکو

شعلۂ شمع کے مانند ہوئی حالت ہوا
کیا مٹایا ترے دامن کی ہوا نے ہمکو

مثل دیوار ترے کوچے ہیں ہم بیٹھ گئے
کہیں سے مرد و ر وسے اوٹہیں وہ اٹھانے ہمکو

ذات پاک آپ کی مقصد ہی جو مشتق ہین
جانتا ہو جو تمہیں خوب وہ جانے ہمکو

کیون نہ مرغوب طبیعت ہو ہر اک لیلی وش
خاک مجنون سی بنایا ہی خدا نے ہمکو

طوق و زنجیر کی طاقت ہی کہ اب ہل سکین
فصل گل آئی ہی زندان سی چھڑانے ہمکو

جانتا ہے طلب رزق کو سودا یہ فلک
کبھی دیتا ہے تو زنجیر کی دانے ہمکو

ہمنی وہ حال سنایا کہ وہ کچھ کہہ نسکے
قصہ گو آئے جو افسانہ سنانے ہمکو

آئی زندان سے عبث وادی وحشت میں اسیر
کیا پریشان کیا تند ہوا نے ہمکو

معجزہ ہے یہ پہنچا رہ و منزل کوئی حد کو
وہی اللہ کو جانے جو پہنچا نبی محمد کو

لب جان بخش ہی حسب گفتگو کی صورت عیسی
عطا کی روح تازہ آپ نے روح مجرد کو

شفا اقلیم تھا دنیا کو لائی شجاع اپنے
اگر در کا ہو تیر تار جھالا و سنکے مسند کو

جو انسان ہیں اونہیں کیا اونکی فرقت کا تحمل ہو
کرے نالہ تو آئی تاب چوب مسند کو

ضمین ہی ابروی پرخم کی نیچی آنکھ کی پتلے
کیا ہے نصب کعبہ مین خدا نے سنگ اسود کو

بنائی آسمان اللہ نے حضرت کی خاطر سے
نہ کرتا خلق انکو خلق اگر کرتا نہ احمد کو

کہو ... مہری سی ہلکم ہی ... روشن سامنے جھکے
ملا ہے نور ایسا ذرہ ہای خاک مرقد کو

کیا جسدن شب معراج قصد عالم بالا
ہوئی کیا شاد اہل عرش سنکر آمد آمد کو

چمن زار جنان مین واسطے حضرت کی [illegible]
کیا آراستہ ہر قصر یاقوت و زبرجد کو

عجب فیاض جس سی فیض عالم کو پہنچتا ہے
زمین کو آسمان کو انس و جن کو دام کو دد کو

نہوتا حشر کی دن پیاس غالب ونکی امت کو
عطا کی نہر کوثر حق تعالی نے محمد کو

نہ رد ہوتی جو کرتا تو یہ حضرت کی زبانی تک
مگر کب قصد استغفار تہا ابلیس مرتد کو

کیا تقسیم جسدن حسن اپنی خاص بندون کو
صباحت حق نے یوسف کو ملاحت دی محمد کو

عجب حد شریعت آپ نے ہستی مین کہینچی ہے
نہین ذرہ بہی رتبہ جسمین سی ذوالقرنین کی سد کو

ہمیشہ محفل آفاق مین ہی روشنی جس کی
کیا سبطین نے روشن یہ نام جد امجد کو

خبر احباب کو اونکے نہ دنیا مین نہ عقبی مین
کسی عالم مین ہون آخر پہنچ جاتی ہین مقصد کو

سپہر بی مہر مولا کیا کریگا خود مجل ہوگا
بہلا کہینچی تو ہندوی فلک تیغ مہند کو

شریعت کا جو مکتب ہی وہان ہین طفل ہی ایسے
کہ مفتاح زبان سی کہولتی ہین قفل ابجد کو

اسیر احباب مولا کو مبارک ختنہ شادی
جو کینہ دل مین رکھتے ہون وہ روئین طالع بد کو

خوشا طریق راست بادی سی بشر کیونکر نہو
جو چلے یہ راہ اوس کا دل مین گہر کیونکر نہو

جس نگینہ و سخت دل باہم ہون شرر کیونکر نہو
سنگ و آہن جب ملین پیدا شرر کیونکر نہو

ہمکو خالق نے بنایا ہی جہان مین آفتاب
ذرے ذرے پہ عنایت کی نظر کیونکر نہو

سخت

سخت ہی راہ عدم انسان کو بی اعمال نیک
مرد بے توشہ کو تکلیف سفر کیونکر نہو

ہو گئی دیدار روئی یار سی قطع امید
خواب مرگ آنکھون کو منظور نظر کیونکر نہو

اوٹھ گئی محفل نشین خالی ہوئی محفل تمام
دل فسردہ صورت شمع سحر کیونکر نہو

آئنہ آفاق مین ہوتی ہین خاکستر سی صاف
صیقل اوس رخ کو مری گرد نظر کیونکر نہو

زیب گوش یار نی مجکو کیا پابند عشق
رشتہ گردن مین مری مثل گہر کیونکر نہو

کثرت اندوہ وغم مین سچ ہی گنجائی ہی
ہیچ ہو جس مین وہ رشتہ مختصر کیونکر نہو

مر گیا مین قد کسی شیرین ادا کا دیکھکر
خاک تربت کشت زار نیشکر کیونکر نہو

سچ تو ہے نفرت کی قابل ہین سیہ اہل جہان
آفتاب آسمان کا رخ ادہر کیونکر نہو

جلوۂ جانان گریبان چاک کرتا ہی ہمین
جب عیان خورشید ہو پیدا سحر کیونکر نہو

ہین یہی صدمی تو جی اپنا یقین ہی ڈوبجای
غرق کا کشتی کو طوفان مین خطر کیونکر نہو

سنکی میری شعر اہل بزم روتی ہین بجا
نالہ دردانگیز ہی اس مین اثر کیونکر نہو

شمع روآتی ہین جسکو فاتحی کی واسطے
میری تربت پر چراغان رات بہر کیونکر نہو

مرد قانع ہم ہین مثل مردم چشم ای اسیر
مثل مژگان بوریا بیرون در کیونکر نہو

دیکھو مری طرف کو ہی صحت کی راہ ہو
خاک شفا مریض کو گرد نگاہ ہو

ہی چشم تر نہ قطع محبت کی راہ ہو
ہی موت راہرو کی جو بی آب چاہ ہو

تم دور ہی سی میری جنازی کو دیکھ لو
جھالر تو شامیانی کی برق نگاہ ہو

جاتا ہون سوی کعبہ مین ہمرہ کی میری
اس واسطے کہ شیخ و برہمن مین راہ ہو

ہوتا ہی ناقصون کا عیان امتحان مین عیب
آتش مین سیم قلب جو کہین سیاہ ہو

بیڑا ہی میکشون کا اسی سی جہان مین پار
کشتی شراب کی نہ الٰہی تباہ ہو

بوسہ کہین تو اوس لب تو خیر کا ملے
ای بخت سبز جا کہین خضر راہ ہو

کہتا ہی ہر حسین رخ روشن سی داغ رشک
خورشید تیری سامنی آئی تو ماہ ہو

چھڑکاو کرتی جاتی ہین چھالی قدم قدم
ممکن نہین ہلیں کہین گرد راہ ہو

پڑہتا ہو نہین یہہ شعر کہ کہتا ہون ورد دل
لازم ہے واہ واہ کے جا آہ آہ ہو

رہرو وہ ہون جو پیاس مین مشکی طلب کرون
اوٹھہ کر غبار راہ سے ابر سیاہ ہو

وحشت کا یہہ اثر ہی کہ خواہش ہی بعد مرگ
مرقد پہ بہی نہ سایۂ مردم گیاہ ہو

صورت سی ہی غرض ہمین سیرت سی کام کیا
محبوب خوبرو ہو بہو رحم خواہ ہو

یوسف کو بہی جو آئی وہ چاہ ذقن نظر
پیدا دوبارہ چاہ مین گرسنگی چاہ ہو

وحشی تمہاری چشم سیہ کے پڑہین نماز
نقش سم غزال اگر سجدہ گاہ ہو

افسانہ اوسکی چشم سیہ کا سنین جو ہم
کانون مین پنبہ بہی کف مار سیاہ ہو

خواہش یہہ مجہہ سی بیسرو پائی کی ہی اسیر
ہو پاؤن مین نہ کفش نہ سر پر کلاہ ہو

دنیا کی فکر جائی تو دل بادشاہ ہو
جمعیت حواس الٰہی سپاہ ہو

دولت مری قدم سی لگی ہی وہ ہون فقیر
تکیہ جہان بناؤن وہان شاہراہ ہو

شغل تعلقات سی انسان فقیر ہے
ترک تعلقات کری بادشاہ ہو

پہنچے خبر نہ اہل وطن کو کسی طرح
لیجائی خط مرا تو کبوتر تباہ ہو

سر کو جھکا کے ضعف بدن چاہتا ہی یہہ
سر پر ہمارے آبلۂ پا کلاہ ہو

غربت مین جوش غم سی ہی یون اپنا حال
طوفان مین جسطرح کوئی کشتی تباہ ہو

گریان وہ ہون چلون تو چلون پیرتا ہوا
خشکی کی راہ بھی مجھے دریا کے راہ ہو

باطن کو کیا خرابی ظاہر کرے خراب
بڑھ جائے نور کعبہ جو پوشش سیاہ ہو

کیا جانے کوئی صاحب جوہر کا مرتبہ
سمجھے وہ قدر تیغ کے جسکو نگاہ ہو

افراط سی نہ کام نہ تفریط سے غرض
وضع بشر وہ چاہیے جسکا نباہ ہو

ایسا بھی ای سپہر کبھی انقلاب کر
درویش کی قدم پہ سر بادشاہ ہو

ظلمت سیاہ خانہ کی فرقت مین کیا کہون
آندھی یہان جو سرخ بھی آئی سیاہ ہو

مرضی ہی آپکی نکرین آپ اگر قبول
بدتر کہین گناہ سے عذر گناہ ہو

اتنا بلند ہو سکے تو کام آئی دود دل
گردون پہ نجم طالع دشمن سیاہ ہو

ہمکو تو بزم پیر مغان کی پسند ہے
دونون یہان ہین ایک گدا ہو کہ شاہ ہو

ایمان اوسی کا نزع مین قائم رہے اسیر
جسکی زبان پر اشہد ان لا الہ ہو

شعلہ ہے ہجر کی شب ہر گل قالی مجکو
دیو آتی ہے نظر شکل نہالی مجکو

جوش مستی مین ملے ہمت عالی مجکو
نظر آتا ہے فلک ساغر خالی مجکو

تیر پڑتا ہے جو دیتی ہین وہ گالی مجکو
لب سوفار ہے اون ہونٹونکی لالی مجکو

عید قربان کی خوشی کیون نہو میری دلکو
نظر آئی ہے تری تیغ ہلالی مجکو

فرقت یار مین بیہوش پڑا رہتا ہون
کر دیا ضعف نے تصویر نہالی مجکو

اسقدر ابروے خمدار کی باندھی مضمون
جتنی شاعر ہین وہ کہتی ہین ہلالی مجکو

میری پہلو مین جو وہ غیرت مہتاب نہین
جو مہینا ہی وہ امسال ہے خالی مجکو

فرقت یار مین پرداغ ہی خود دل میرا
باغبان تند ہے پھولونکی ڈالی مجکو

تو ہی گر ہجر مین ای کلک تصور احسان
کہینچدی یار کی تصویر خیالی مجھکو

ناتوانی ہمین ہین بناؤن اوسی طوق گردن
ہاتہ آنے جو تری کان کی بالی مجھکو

آسمان زیر قدم آئی تو سمجھون مین زمین
میری اللہ نے دی ہمت عالی مجھکو

ناشناسای سخن کو ہی سخن کی کیا قدر
مرد نافہم کی تعریف ہی گالی مجھکو

اوڑ سکا ہو کی رہا ہی نہ گلستان کیطرف
دام صیاد ہوئی بے پروبالی مجھکو

خم چڑہاؤن جو مین ساقی مری نیت نہ بہری
سیر کرتی ہے کوئی می کی پیالی مجھکو

دوستی کیا بت بیمہر و محبت سی کرون
کہ بجاتی نہین اک ہاتہ سے تالی مجھکو

مرگ کی بعد نہین رنج اسیری ہی نجات
جال آتی ہی نظر روضے کی جالی مجھکو

ای پری سنتی ہی اوسکو مین ہوا دیوانہ
ہو گیا نام ترا اسم جلالی مجھکو

ہجر جانان مین ہی دن رات کی اندیشا
شکل گوری نظر آتی ہی نہ کالی مجھکو

غرق ہون حیدر صفدر کی محبت مین اسیر
لوگ کیونکر نہ کہین شیعۂ غالی مجھکو

بہار آئی ہی کہون چلکی مین صحرا گلشن کو
کہو خار مغیلان سے کہ چہوڑین میری دامن کو

مسیحی عشوؤن ہے ملک اگر کسی دن سیر گلشن کو
تماشا گر گریبان چاک کی گلہای سوسن کو

سوئی کعبہ بھیجی نازک دماغی دیر سی لائی
نہ لایا تاب سنکر شور ناقوس برہمن کو

مریض عشق سی ہی قول زور ناتوانی کا
اوٹہایا سر جو تونی تو جکر رکہدونگا گردن کو

ہوا ہون کی آرہو کر عشق خط روی جانان مین
کفایت کرتی ہین کاغذ کی تختی میری مدفن کو

کرامت ہای جادو یا خدا ان شہسوارون مین
اوڑے آتے پہرتی ہین بی بال و پر سمند توسن کو

نہ لیتا بوسہ خال ذقن لیکن ہوا دہوکا
مسلمان زادہ سمجہا تہا مین اس طفل برہمن کو

جو آتش مزاجی کسیلی کرتی ہین پیرون سے
دبا لیتا ہے کیسا سرد آہن گرم آہن کو

خبر اوس شمع رو کو کیا ہماری لگی جلنی کی
خیال سوزش پروانہ کب ہی شمع روشن کو

رہائی پر بہی رکہا مقید ناتوانی نے
نشان طوق ہی طوق گران ہی میری گردن کو

لڑائی ہو مقرر ایک گہر مین ہین جو دو سوکن
بناتی ہین جدا اسواسطی مدفن سی مدفن کو

تواضع مایہ دارونکو سیہ ستون سی لازم ہے
جہکائی سامنی ساغر کی شیشہ کیون نہ گردن کو

مزا ملتا ہی زخمونکو بہت ٹانکونکی کہانی سی
نمک جراح لایا ہے تری مژگانکی سوزن کو

رہین دیدار سی محروم جو کوچیمین ساکن ہون
میسر گہر مین نظارہ ہو تیرا چشم روزن کو

اسیر آنسو بہاتی ہین جو ہم شرم عصیان سے
حساب حشر سی ہمنی کیا ہی پاک دامن کو

نہ پچہتاو جہوا ب گردنی اوٹہکر جو دامن کو
چلی تہی کسیلی ٹہکراکی صاحب میری مدفن کو

ہجوم بلبلان ہوگا سنی لگا کون شیون کو
نہین درکار کچہ پہولون کی چادر میری مدفن کو

جہکی جو اپسی انسانکو جہکنا اوس سی لازم ہے
جو خم شمشیر مین پایا کیا خم ہمنی گردن کو

حریصونکو سوا ہی زحمت نعمت سے کیا حاصل
کہ جلتا ہی فتیلہ جسقدر پیتا ہی روغن کو

حیا سی ان حسینونکو عرق آئی تو بہتر ہی
بڑہا دیتی ہی شبنم باغ مین پہولونکی جوبن کو

جو بیٹہی صحبت کامل مین آخر وہ بہی کامل ہی
کہ چہوتی ہی طلا پارس بنا دیتا ہی آہن کو

پشیمان ہونگی جو قصد شکست غیر رکہتی ہین
سبب سرگشتگی حاصل ہی کیا سنگ فلاخن کو

بلا سی امن اگر چاہی کوئی پیدا حمایت کر
ہوا گل کر نہین سکتی چراغ زیر دامن کو

کری گی وصف کیا تیری سی آلودہ ہنوٹونکا
کہان ہی تاب گویائی زبان برگ سوسن کو

کیا اوس شوخ سو اوحسن کا قسمت نی دیوانہ
بناؤن طوق گردن مین جو پاؤن لعل تو سن کو

گرفتار ازل امید رکھین کیا رہائی کی
بھلا کیا طوق سی قمری نکالی اپنی گردن کو

اسیر اپنی لحد کو چاہیے آہن ربا پتھر
کہ کھینچی نعل آہن روک رکھی اوسکی توسن کو

قفس آباد کر بلبل لگادی آگ گلشن کو
جلایا باغبان نی کاٹکر شاخ نشیمن کو

عداوت بعد مرنکی نہین ہٹتی ہی دشمن کو
بجھا جاتی ہین کیون جہونکی ہوا کے شمع مدفن کو

بظاہر گو بنی ہی غیر کی قبر اوسکی کوچہ مین
فرشتی کیا بدل دیتی نہین مردونکی مدفن کو

جہان کی سرد مہری سی ہی ہمکو بچائی گا
بنایا جبۂ درویش جسنی مہر روشن کو

سمجھ کر کی کہ بی سمجھے الٰہی فاتحہ خوانی
نہین وہ جانتی یا جانتی ہین میری مدفن کو

سر بازار تمکو کیا کوئی فتنہ اوٹھانا ہے
اولٹ کر بیٹھتی ہین آپ کیون تمکین کی چلمن کو

نظر آیا ہمین ابر تنک مین ماہ کا جلوہ
جو وقت رقص اوس مہ رو نی رکھا منہ پہ دامن کو

لڑاتی ہین جو انسانونکو باہم سخت مفسد ہین
لڑائین ہم نہ بہر اخذ آتش سنگ و آہن کو

ضعیفونکو ہی لازم آپ جائین پاس منعم کے
بلاتا ہی کہین دعوت مین دہقان مور خرمن کو

گران زاد سفر ہی کاروان سے اوٹھ نہین سکتا
بٹائی بوجھ دی جلدی جرس کو اور رہزن کو

رگ گردن ہی گہر کسکا خبر ہی تجکو اے قاتل
بشر ہی کون کہ خنجر کاٹتا ہی کسکی گردن کو

جو چشم قہر اوسکی ہو بہار آنی مین خزان آئی
بجھائی آب شبنم آتش گلہائی گلشن کو

یہان بہی دی مجھی تکلیف آکر رونی والون نی
غلط نکلا مین گنج عافیت سمجھا تھا مدفن کو

عجب بیخود زلیخا تھی ذرا دیوانہ پن دیکھو
کہ پہاڑا اپنی کپڑونکی عوض یوسف کی دامن کو

نہ کہو راہ باقی یار نی کوئی نظارہ کی
چنی گہر کی کیا مسدود چہوڑا اوسنی روزن کو

چمن مین چھوٹتی جاتی ہین کلیان عندلیبونکی
مگر کلیون کی حاجت ہی کسی گل رو کی دامن کو

عدو کی سرکشی موقوف ہو جاتی ہی احسان سے
یہ وہ ہی بوجہ بھاری جو جھکا دیتا ہی گردن کو

اسیر اولٹا زمانہ ہی بُری نافہم ہین مردم
کہ خوش ہوتی ہین سنکر شُل نی یہ میری شیون کو

وہ دل ہی مردہ محبت کا جسمین داغ نہو
مکان گور سی بدتر اگر چراغ نہو

خوشی ہو کیا کہ دل مردہ باغ باغ نہو
نسیم صبح سی تازہ گل چراغ نہو

نکال دل کی جدائی سی جل رہا ہی جگر
کسی عزیز کا یارب کسیکو داغ نہو

سنون نصیحت ناصح تو جاکی مین لیکن
یہ خوف ہے کہ پریشان مرا دماغ نہو

مراد ہین مرا چلو ہے ساقیا کافی
شراب چاہیے شیشہ نہو ایاغ نہو

نکال مردم بیعلم سی ہی خوش ابلیس
بن آئے دزد کی گھر مین اگر چراغ نہو

سناکی ماہ کو کہتا ہی وہ سپہر جمال
پسند ہی وہ نگینہ کہ جسمین داغ نہو

وہ بادہ کش ہون کہ تسکین دل نہو ساقی
شراب شیشی مین جبتک کئی ایاغ نہو

بلا مین ہنس کی رہائی محال ہی میری
پڑھون جو علم فضیلت کبھی فراغ نہو

نظارہ کمر یار کی ہے فکر عبث
وہ کیا ملے کہین جس چیز کا سراغ نہو

دوا کی قدر رہی عالم مین درد کی باعث
کری نہ خواہش مرہم کوئی جو داغ نہو

شریک صحبت ظالم کو خوف ظلم نہین
شکار تیر کسی دن کمان کا زاغ نہو

نہین ہی کیا تجھی معلوم قصہ شداد
بنا کے باغ زمانی مین باغ باغ نہو

لحد تو داغ جگر سے تمام روشن ہے
نہین ہی غم جو مری گور پر چراغ نہو

ہی جہان مین دریا ہی جی اگر ساقی
حباب وار لبالب مرا ایاغ نہو

علی کی ذات ہی دنیا مین خضر منزل دین
کہ شب کو راہ نسوجھی اگر چراغ نہو

جہان مین کوئی نہین قدردان غم ایسا
پسند مجکو وہ مرکب نہین جو داغ نہو

وہ دل ہی کیا کہ جو ہو داغ عشق سی خالی
اسیر خانۂ دشمن بھی بے چراغ نہو

جو تم نہ آؤ تو جینی سے یاس ہو کہ نہو
تمہین کہو کہ مرا دل اُداس ہو کہ نہو

بغیر آہ یہ دل بے حواس ہو کہ نہو
ہوا ہو بند جہان احتباس ہو کہ نہو

نہوگی بھوک بھی قاتل تو زخم کہا ئینگے ہم
پیئین گی آبِ دمِ تیغ پیاس ہو کہ نہو

سوادِ گور کا مُردہ سے پوچھیی احوال
اندھیری گھر مین بشر کو ہراس ہو کہ نہو

کرینگی ردِّ دعا سے کبھی نہ ترکِ دعا
کرینگے عرض قبول التماس ہو کہ نہو

تجھی ہی ہر کس و ناکس سی کی ہے شرط
جہان مین دیدۂ مردم شناس ہو کہ نہو

نہ لینگی نام بھی پیرمغان کا بی تعظیم
ہمین تو پاس ہی زاہد کو پاس ہو کہ نہو

ستارہ مہر سی جب کفش یار کی چمکین
نجوم کو ہوس اقتباس ہو کہ نہو

بہت غضب کی حدیثین بہت سی آیۂ رحم
کبھی امید کبھی ہمکو یاس ہو کہ نہو

جو ساتھ ہمہ جائی سے یار ہو ہمہ جا
تباہ فہم پریشان قیاس ہو کہ نہو

جو قدردان شرافت نہین تو کیا پروا
کہ تیغ تیغ ہے جوہر شناس ہو کہ نہو

گئی وہ شیب مین عہد شباب کی رونق
سحر کو بزم شبینہ اداس ہو کہ نہو

دیا جواب طبیبون نی کر چکے تدبیر
تری مریض کو جینے سی یاس ہو کہ نہو

چلی تو ہین سوی دربار یار پر دیکھین
کہ دخل دی کی وہان سو پچاس ہو کہ نہو

ستارہی ہی سفاہت سی ہمکو پیر فلک
بہت ضعیف ہی سلب حواس ہو کہ نہو

لحد مین ساتھ ہماری ہین حشر تک اعمال

اسیر اور کوئی آس پاس ہو کہ نہو

نہ ہولی زخم کہانیکا جو اوٹہا تہا مزہ دل کو
ہجوم حشر مین ہم ڈہونڈلین گی اپنی قاتلکو

کری آزاد قید ہستئ فانی سی بسمل کو
خدایا کر عنایت خیر کی توفیق قاتل کو

نہ کریوان نعرۂ مستانہ ہردم دیکہلای مجنون
گرادی وجد مین آکر کہین ناقہ نہ محمل کو

مری کشتی جو ڈوبی غم نہین غم ہی تو اتنا ہی
لپٹیا اوٹہکی موجون نی سبکساران ساحل کو

حقیقت مرگ کی پوچہو تو تربت مین ضعیفون سی
تہکی ایسی کہ بستر پہ گری طی کرکی منزل کو

جو ہمسن تہی ہماری مرگئی سب پیر ہو ہو کر
سحر ہوتی ہوی تنہا آگئی محفل کی محفل کو

تصور چاند سی رخسار کا کس تیغ سی کم ہی
غلط ہی یہ کہ مارا چاندنی نی تیری بسمل کو

اسی کہتی ہین دل شوق شہادت ہو تو اتنا ہو
سر اپنی مول لی دی آپ ہنسی اپنی قاتل کو

کسی کا دل الہی جوشش غم سی نیون تہ پر خون ہو
سخن کرتا ہون مین یا ہچکیان آتی ہین بسمل کو

زبان جب ہوگئی ہی اپنی شرم ضعف پیری سی
بجہا دیتی ہین وقت صبح جیسی شمع محفل کو

کسی پہ چہوکوئی احسان رکہی سخت ناداں ہی
سخی دیتی ہین جب اللہ دلواتا ہی سائل کو

رہائی بخت نی دی قید خانیسی مجہی لیکن
بہت پچہتا رہا ہون چہوڑ کر طوق و سلاسل کو

سمند کو اشارہ ہی نہین کرتی ہو ابرو سی
گراتا ہی نظر سی یون کوئی مد مقابل کو

خط رخسار جانان کی کہین اصلاح ہو یارب
یہ ہالہ کب تلک گہیری رہی گا ماہ کامل کو

تہ خنجر یہ پائی ہمنی لذت قتل ہو نہین
وہان زخم دیتی ہین معاجینی کی قاتل کو

کرین عشاق نالی لاکہہ معشوقون کو پروا کیا
چمن مین گوش گل سنتی نہین شور عنادل کو

اسیر اپنی سخن سی کیا کلام غیر کو نسبت
چہپا ہی خصم مین سچاتی ہین حق باطل کو

اگر ہوتا ب گویائی وہان زخم بسمل کو
دعا ہی طول عمر خضر دی شمشیر قاتل کو

ہوئی شادی یہہ کہا کر زخم وا منہ بسمل کو
کیا روان خلعت میں عطا شمشیر قاتل کو

حسینوں مین پھری دن بھر یہان بیٹھی وہان بیٹھی
کھلی کیونکہ یہہ عقدہ جبہ ڈہ آ ئی ہم کہان دل کو

کہا غیرونکو دسنی مین سمجھکر دلمین وہ آیا
مثل سچ ہی کہ ہی کافی اشارہ مرد عاقل کو

تصور گیسوی شبگون کا آیا شکر کرتا ہون
سیہ پوشاک سی در کار ہی تری کعبہ دل کو

خبر ہی اپنی مرغ روحکی صیاد کچھہ تن مین
قفس مین کیون ہسار کہا ہی مین تو نی عنادل کو

جوان مرتی ہین بوڑھہ ہونسی پہلی کیا تعجب ہی
توانا ناتوان سی جلد طی کرتی ہین منزل کو

ہماری حسن معنی کو اگر الفاظ مین سمجھی
یقین ہی قیس بھی پھر نہ لیلی کو نہ محمل کو

جو دل مجروح ہو کس طرح عاشق کو قرار آئی
تڑپنی سی کہین تسکین نہین ہوتی ہی بسمل کو

بہار آئی ہی جوش لالہ گل باغ مین الیسا
جگہہ ملتی نہین ہی آشیانونکی عنادل کو

جدا ہوتا نہین ہی بید مجنون سی کبھی سایہ
اوڑا ہی کوئی کیونکر پاؤ ی مجنونسی سلاسل کو

عداوت چرخ کو ہی عالم افلاس مین مجہ سی
خفا ہوتا ہی ممسک دیکھہ کر جسطرح سائل کو

ہوتین تبدیل شکلین ایسی مونکی کہ محشر مین
مجھی قاتل نی پہچانا نہ میری اپنی قاتل کو

مقید دو ملک دو سمین ہین اسمین سیکڑون انسان
تری چاہ ذقن سی کیا ہی نسبت چاہ بابل کو

اسیر ایسی فصاحت دی مجھی اللہ نی مجکو
کہ کچھہ نسبت نہین باقی رہی سحبان وائل کو

پیشتر برسون تھی اشباب چمن کی آرزو
اب چمن پایا تو ہی ادسکی سمن کی آرزو

نوجوانون کو مبارک ہی چمن کی آرزو
عالم پیری مین ہی ہمکو کفن کی آرزو

الصبا لالہ کی زلف یار تازہ ہو دماغ
دیر سی ہی نکہت مشک ختن کی آرزو

محنت عاشق تلاش یار مین بیکار ہے
کوہ تک کاٹا نہ نکلی کوہ کن کی آرزو

تیری وحشی کو بیابان مرگ قسمت نی کیا
رہ گئی گز بہر زمین دو گز کفن کی آرزو

گر کی آرائش نہ آئی زال دنیا سامنے
کب جوان مرد ونکو ہی اس پیرزن کی آرزو

یاالہی صحبت احباب ہو دل کو نصیب
ہی بہت اس آئینہ کو انجمن کی آرزو

دل مرا ہی بندۂ دنیا تو زاہد ہی ہو فلک
شیخ بت پوجی تو نکلی برہمن کی آرزو

عمر کا پیمانہ ہی لبریز اے ساقی مگر
استلک ہی دل مین اوس پیمان شکن کی آرزو

اہل دنیا کی ہی نادانی جو بیجا ہے طلب
کیسی زندان مین تماشای چمن کی آرزو

ای فلک انصاف کر یہ بوجھ کیونکر اوٹھ سکے
ناتوان جان راوس پر لاکھ من کی آرزو

چاہتا ہون مری تربت پر غنچہ نکا ہجوم
عین خلوت مین ہی مجکو انجمن کی آرزو

ای صبا یہ نوجوانان مصر سی کہدی پیام
پیر کنعان کو ہی یوسف پیرہن کی آرزو

ہی وطن مین جسقدر مجکو غریبی کی تلاش
اہل غربت کو نہین اتنی وطن کی آرزو

ہو رہا ہی مدتون سی ان لکیرون پر فقیر
ہاتھ دکھلاؤ تو نکلی پیرہن کی آرزو

کیو تری تعریف کا مشتاق ہی میرا قلم
ہو زبان گنگ کو جیسی سخن کی آرزو

ذکر سی تیری پر آتی اپنی کانو نکی مراد
نام لب پر آگیا نکلی دہن کی آرزو

میری مضمون نی پہنا یا زیور زینت اسیر
اب ہوی پوری عروسان سخن کی آرزو

لاش عاشق نہ سر راہ نکل کر دیکھو
بلکہ کوٹھی سی ہی دیکھو تو سنبھل کر دیکھو

اسی منہ پر تمہین دعوی ہی مسیحائی کا
اپنی بیمار کا احوال تو چل کر دیکھو

بیقرارانہ سر شمع گری پڑتی ہو کیون
ای پتنگو نہ کہین خاک ہو جل کر دیکھو

ہو سوا پنجۂ مرجان سی جو سرخی مطلوب
مہندی ہاتھو مین مری خونکی مل کر دیکھو

خوش نہ ہوگی جو کرو گی کسی ناشاد کو شاد
خیرخواہونکی بھی کہنی پہ عمل کر دیکھو

شوخ چشم آینہ ہر چند بہت ہی لیکن
پانی پانی ہو جو آنکھوں کو بدل کر دیکھو

وہم و رہبر ہی کہ آیا ہی کوئی دیوانہ
اک ذرا تم بھی تو پہ ویسی شکل کر دیکھو

نگہ گرم مین جانب مہتاب ضرور
شمع کیطرح نہ بہ جا ہی پگھل کر دیکھو

غش نہ آئی کہین اے حضرت موسی تمکو
جلوہ اوس برق تجلی کا سنبھل کر دیکھو

دہر کرتی ہو عبث قتل مین جانبازونکے
آپ چل جای نہ تلوار اوگل کر دیکھو

حسن کی تیغ اگر آپ کو چمکانی ہی
غازہ رخسارۂ شفاف پہ مل کر دیکھو

خوبصورت ہو بہت تم نہ کنوین کو جھانکو
آئی بارہ نہ لب چاہ ابل کر دیکھو

گھر مین بیٹھی ہوی کیا کھوتی ہو برسات کا لطف
سیر سبزی کی ذرا باغ مین چل کر دیکھو

کس قدر کشتی ہین سرکتنی اولتی ہین صفین
تیغ آسا سر میدان کبھی چل کر دیکھو

شاعری سہل نہین بات ہی مشکل کی اسیر
نہ یقین آئی تو موزون یہ غزل کر دیکھو

جام ہی کا مزہ بیان کیا ہو
ساقیا تو ہو اور دنیا ہو

کر سکی کیا وہ تیری زلف کا وصف
جسکو یک سر ہزار سودا ہو

سبزہ رنگون کی عشق مین پیوست
تنک تو شون مین کیون نہ طرا ہو

نامہ بر خضر کو بنایا ہی
کوئی مضمون نہ تازہ پیدا ہو

قدر باقی نہین رفاقت کی
کیا سمجھ کر کوئی کسی کا ہو

کیسی شالہ کے بسم اللہ
ادسکے دل مین نہ ہو اثر یا ہو

شعر جو لوگ خوش بیان کیا جانین
دل ہو غمگین تو درد پیدا ہو

آئی ہو کیون مری عیادت کو
تب نہ تمکو نصیب اعدا ہو

اٹھوادو اس شوخ چشم قاتل پر
آنکھہ ڈالی ہی دیکھئی کیا ہو

تم ٹھہر جاو جس جگہہ سر راہ
بھیڑ لگ جای بند رستا ہو

شمع کی طرح ہی یہ خواہش دل
صرف گریہ بدن سراپا ہو

دل سی یارب نجای الفت زلف
جب تلک سر رہی یہہ سودا ہو

وعدہ روز حشر کا کب تک
یا خدا جلد ہو جو ہونا ہو

مثل شبنم تبسم گل پر
خوب روئی جو آنکھہ بینا ہو

تیری آنکھونکی رو برو بادام
آنکھین پھوٹین جو ہمنی دیکھا ہو

میری تربت بنی ہی چکی سر راہ
راہ پر آو اٹھو گمرا ہو

حال دل قابل تماشا ہی
تم جو دیکھو نیا تماشا ہو

اوسکی پوشاک دیکھہ لین جو اسیر
جامہ زیبون کا فاش پردا ہو

کیا آراستہ لیلی نی اپنی زلف شبگون کو
کہو وحشت سی زنجیرین نہین جکڑی اومجنون کو

قد موزون کہون کیا سرو کی مصرع موزونکو
تبا یا یہ معنی کا کیا جب غور مضمونکو

نہ پوچھو ہم سی کچھہ وسعت ہماری کشور دلکی
چہارم حصہ سمجھو اسکی آگی ربع مسکونکو

نرا شاعر نہین ملک سخن کا مین ہون حاکم بھی
مناسب ہے عوض مضمونکی باندہون زر مضمونکو

رہون محفوظ لیجل شہر سی مجکو بھی ای وحشت
لگا دی جاتی ہین کب طفل پتہر بید مجنونکو

کشش کی بھہ مری جانی ہی او ترا ای وہ کوٹھی سے
پری کی طرح شیشی مین اوتارا مہر گردونکو

جواہر اسمین ملتی رہتی ہین ہر دم مضامین کے
ترازو جوہری کی جان میری طبع موزونکو

کبھی اسفل سی ہو سکتی نہین تقلید اعلی کی
بگولا لاکہ چکرای نہ پہنچے دور گردونکو

خدا نی دی ہی محتاجی ہمین مجکو ہمت عالی
لٹا دون ایک ہی دن مین جو پاؤن گنج قارونکو

تلاطم غم کا ہی دل مین نکلتی تک نہین آنسو
کیا ہی بند ضبط عشق نی کوزہ مین جیحونکو

بھلا کیا محتسب کا رعب چہائی بادہ خوارون پر
نہ جام مہر کو چھوڑا نہ اس مینای گردونکو

جو شب کے ماہ تابان ہی تو دنکو مہر رخشان ہے
ترقی کس قدر ہی اوسکی حسن روز افزونکو

قدح نوشو نہین کیا پیر مغان نی آبرو رکھی
لبا لب خم دیا مجکو خم خالی فلاطونکو

رہی مجکو برابر عاشق و معشوق کی خاطر
سگ لیلی سی کم سمجھا نہ مین آہوی مجنونکو

لب میگون کی ہمرہ خال کی بوسی بھی لیتا ہون
ملا کر بادۂ گلرنگ مین پیتا ہون افیونکو

میسر ہو نہو تو لطف کیا عزلت نشینی کا
ملا کیا خاک خم مین بیٹھ رہنی سی فلاطونکو

کیے ہو رہتی ہین چپ کثرت جہال سی عالم
چھپا لیتا ہے جیسی ابر تیرہ گھر کی گردونکو

مری رندیلی فزون نشۂ حسن اونکو ہوتا ہے
مئی گلگون کا ساغر جانتی ہین چشم پرخونکو

کہان تاج و دستار حشمت کہان وہ حشمت و ثروت
بجا ہی ورد کو کو قمری طاق فریدونکو

نہین ہی بی سبب ہرگز سیاہ اسکی جو رنگت ہے
ہوا ثابت تمہاری خال کا سودا ہی افیونکو

پسند آتی کسی کو ہوا اگر مضمون کوئی تازہ
سخن اندیشہ دزد مضامین میری مضمونکو

علی مرتضی کو ہی محمد سی وہی نسبت
جو نسبت تہی جناب موسی عمران سی ہارونکو

نہ چھیڑو دلسی شکایت ہی راہ لقا جانی دو
نیند آجاتی شب وصل تو آجانے دو

روک رکھا ہی مجھی کس لیی دروازے پہ
آنی دو گھر مین تم اپنی مجھے یا جانی دو

گندمی رنگ کا بوسہ جو لیا ہو نہ خفا
آدمی ہم ہین ہوی ہمسی خطا جانی دو

دل ہی یکرنگ دوئی کا ہی عبث اسکو گمان
چشم احول یہہ نہین ایک کو کیا جانی دو

میرا تابوت جو دیکھا تو یہہ بولا وہ مسیح
کون روکی اسی جاتی ہی بلا جانی دو

تنگ آیا ہون یہان ای کعبہ نشینو تم سی
جانب دیر مجھی پھر خدا جانی دو

دولت پست کا طالب نہین مین تشنہ دہن
خاک مین آپ سمائی تو سما جانی دو

غافلو کچھہ تو ڈرو آب سی آتش نہ بنو
خاک ہو جاؤ گی اک روز ہوا جانی دو

گو گنہگار ہون پر دیکھیو رتبہ میرا
روز محشر مجھی نزدیک خدا جانی دو

حلۂ بخشش ہین نقد دو جہان ہی کیا مال
گوش فیاض مین سائل کی صدا جانی دو

غیر خارج جو ہون نام نہ کہون اپنا
محفل یار تلک مجکو ذرا جانی دو

ماہ نو ابروی پرخم کی چڑھا منہ تو چڑھا
نکرو اب اسی انگشت نما جانی دو

داغ دل روز سیہ اپنا کریگا روشن
مہر اگر آنکھہ چراتا ہی چرا جانی دو

قابل انجمن عیش نہین ہون مین اگر
قطعۂ نذر تو خلوت مین سنا جانی دو

ارنی کہتی ہو کیون طور پہ ہر وقت اسیر
اک ذرا حضرت موسی کو تو آجانی دو

پہنچون اوس در پہ یہہ امید ہو کیونکر مجکو
راہ چلتا ہون اگر آتی ہین چکر مجکو

طرف خانۂ عیسی جو چلا بہر علاج
لیگیا کوچۂ قاتل مین مقدر مجکو

دہوکی دیتی مجھی کیا آئی ہی ہلی ای زال جہان
تیرا چہرہ ہی رخ جونک سی بدتر مجکو

مر گیا کیا کہ مین غربت سی وطنکو پہنچا
لوگ پہنچا کی چلی آئی مری گہر مجکو

بانٹ کہاتا ہون مین آدہی جو [illegible]
ایک روٹی بہی جو آتی ہی میسر مجکو

یاد جس شام کو آجاتی ہی اون دانتونکی
شب گذر جاتی ہی گنتی ہوئی اختر مجھکو

طلب کم مین کرون کیا کہ بڑا تو ہی کریم
یا کوئی گنج ملی یا کوئی کشور مجھکو

زخمی ہوتا ہون تصور مین تری ابرو کی
یاد خنجر کی لگا جاتی ہی خنجر مجھکو

شوق نظارہ نی آئینہ بنایا ہی مجھے
حسرت دید لئی پھرتی ہی گھر گھر مجھکو

ہیچ سمجھا ہون جہان کو نظر آتا نہین کچھہ
شکل اعمی ہین شب و روز برابر مجھکو

ای پری بزم مین آتا ہون تری پر ہی یہ شرط
کہ بٹھانا تو سلیمان کی برابر مجھکو

واہ ای ساقی دوران یہ مری حق مین کہی
خم فلاطون کا نہ جمشید کا ساغر مجھکو

فرقت یار سہی قد مین تماشا کیا
باغبان سایۂ شمشاد ہی اژدر مجھکو

کیا سمجھہ کر مین کرون چرخ سی ملبوس طلب
دی یہہ ممسک تو کسی قبر کی چادر مجھکو

مجھ سا میکش کوئی میخانۂ عالم مین کہان
چین دم بھر نہین بی شیشہ و ساغر مجھکو

سامنی آئی وہ پوشاک بدل کر جس دن
بیقراری نی کیا جامی سی باہر مجھکو

اہل دنیا سی تواضع نہ مناسب تھی اسیر
خاکساری نی کیا خاک برابر مجھکو

خار گذری جو کہین ہوگی توانگر مجھکو
نام کو ہاتھہ لگا صورت گل زر مجھکو

ڈر گیا ہی یہہ دل افسانۂ یوسف سنکر
چاہتا ہی کہین یون ہی نہ برادر مجھکو

گھر در ہتی نہین بوجہ حریص دولت
قطرۂ آب ہون سمجھی ہین یہہ گوہر مجھکو

نہی وحشت یاجوج بلا مرگ کی بعد
تختۂ گور ہوا سد سکندر مجھکو

اسقدر شور زنگر سفر پریشان واعظ
جھیلنا ہی ابھی ہنگامۂ محشر مجھکو

یاد آیا نہی جو لکھنی مین ورق سیخ و سفید
حدق سیم بلا ہی قلم زر مجھکو

الفت موئے کمر مین یہ ہوا زار و نحیف
پہنچا ملک عدم کو تن لاغر مجھکو

دیو آتی ہی نظر اہل جہان کی صورت
لیچل ای جوش جنون شہر کی باہر مجھکو

خط مین ہین پیچ کی مضمون بناؤن گا صید
ہاتھ آئی جو گرہ باز کبوتر مجھکو

صورت شیشۂ نازک مری پہلو مین ہی دل
کس طرح ہو سخن سخت نہ پتھر مجھکو

سر کو ٹکراؤن گا ایسا کہ کرون گا روزن
روک سکتا ہی کوئی گنبد بی در مجھکو

کثرت ضعف نی یہہ حلقہ کیا پیری مین
ایک ہین اب یہ آسا قدم و سر مجھکو

رنج مین اور بہی مین مست مے عیش ہوا
گردش بخت ہوئی گردش ساغر مجھکو

چھا گیا دود دل ایسا کہ زمانہ ہی سیاہ
دن کو آتی ہین نظر چرخ پہ اختر مجھکو

نور موسی نی سر طور جو دیکھا قاتل
نظر آتا ہی وہ جلوہ تہ خنجر مجھکو

دہن شیر سی کم روزن دیوار نہین
پہاڑی کہاتا ہی شب ہجر مرا گھر مجھکو

شکر اللہ کہ جب تک نہ امیر اونسی ملی
کردیا دیکی زر داغ تونگر مجھکو

ہمہ تن داغ ہون اوس خال کی الفت مین امیر
کردیا دانۂ اسپند نی مجمر مجھکو

حسن معنی سی ہی اپنی شعر تر کی آبرو
ہی صدف کی آبرو جیسی گہر کی آبرو

چشم گریان سی مری نفرت نکرای سرو قد
باغ مین چشمی کی باعث ہی شجر کی آبرو

آئینہ کو اوسنی توڑا چشم عاشق جانکر
اب خدا کی ہاتھ ہی اہل نظر کی آبرو

دل مین اوسکی تیر کو دی میری سینی نی جگہہ
میزبان نی میہمان کی کس قدر کی آبرو

آکی میخانہ مین زاہد نی کیا مے سی وضو
خاک مین کیسی ملا دی عمر بھر کی آبرو

موئے مژگان یہہ کسی رشک مسیحا کا ہو
[illegible] رگ جان نیشتر کی آبرو

کتنا دنیا مین تلون ہی کہ اسنی خلق کو
ڈھلتی دیکھی شام کو وقت سحر کی آبرو

ہیا بند سو سج تیری چوٹیکی اگر اکر بنین
اور سی کچھ اور ہو شمس و قمر کی آبرو

عرش پر پہونچی ہی شوخی لامکان تک ہی پہنچ
ہی فرشتونسی کہین بڑھ کر اثر کی آبرو

کو نکہت آئینگا میری سینہ ریشی کا مزا
کرتی ہین اہل ہنر اہل ہنر کی آبرو

ماہ کو دو ٹکڑی انگشت پیمبر نی کیا
تیغ نی کیسی گرائی اس سپر کی آبرو

ہین جلیل القدر عقبی مین جو دنیا مین ذلیل
ہی ادہر کی جتنی ذلت ہی ادہر کی آبرو

ہم ہین مفلس مفلسونکی ہی ہمین معلوم قدر
اہل زر جو ہین کرین وہ اہل زر کی آبرو

لعل کو بیرنگ اوسکی لعل لب نی کر دیا
گوہر دندان نی کہوئی ہر گہر کی آبرو

تاج ہدہد کی طرح بخشا کبوتر کو اسیر
کیا بڑہائی اوسنی میری نامہ بر کی آبرو

خالق نی بی نیاز کیا مجھہ حقیر کو
ملبوس خاص شاہ نی بخشا فقیر کو

پیکان کھچ دیکھہ کر مہہ مری دلنی کی کشش
حاجت کمان کی نہوئی اوسکی تیر کو

رہزن ہی آسمان تو نہین مجھہ گدا کو خوف
چہینی گا کیا قبائی نقوش حصیر کو

ڈرتا اگر خدا سی تو ہوتا ابھی ملک
جتنا کہ پادشاہ سی ڈرتی ہی وزیر کو

ہی بیستون تو کیا جو وہ شیرین ادا کہی
لاوٗن جبان سی کاٹ کی مین جوئی شیر کو

بیجا ہی اہل ظلم سی امید فیض کی
کوڑی کنار کی نہین ملتی فقیر کو

جو لوگ ہین تصور گیسو مین سینہ زن
غائب ہی سانپ پیٹ رہی ہین لکیر کو

ابرو وہ ہی کہ تیغ کو تیزی کا دی سبق
مژگان سکہائی نوک کی پیکان تیر کو

مین ناتوان ہون خاک کرون شرح علم نحو
طاقت نہین ہی اتنی کہ پہیرون ضمیر کو

ساقی سی ملتی ہی کا اگر خم طلب کیا
ہنسکر کہا ابھی نہین عید غدیر کو

حق بین ملی ہی چشم مجھی گوش حق نیوش
سنتا ہون دیکھتا ہون سمیع و بصیر کو

کتنا نکل کی سنگ سی ہی بی لقا شرر
مہلت جہان ہین خاک ملی گی شریر کو

پیدا کری حسین و حسن علی سی وہ دوستی
چاہی جو جوشش نین صغیر و کبیر کو

تحریر وصف قد سی قیامت بپا ہوئی
سمجھا مین نفخ صور قلم کی صریر کو

اوس بت کا وصل ہمکو عجب کیا جو ہو نصیب
قدرت ہی ہر طرح کی خدا ہی قدیر کو

کہدو نہ آتی جامی سی باہر ہون پادشاہ
خلعت کا لطف ہی کفنی ہین فقیر کو

تا چند یا علی یہ رہی ہند ہین خراب
روضہ پہ اپنی جلد بلا دو اسیر کو

میری آگی غم اغیار ہین رو یا نکرو
عرق شرم ہین تم مجھکو ڈبو یا نکرو

ہو کی عاشق کہین یہ یان نہ اوٹھا لیجائین
کھول کر منہ شب مہتاب ہین سو یا نکرو

فائدہ خط کے ہی پانی سے گل عارض پر
ایسی کانٹی حق عشاق ہین بو یا نکرو

پھول سا چہرہ دکھا کر تو بنا یا شبنم
پھر مجھی آپ یہہ کہتی ہین کہ رو یا نکرو

اونکی زلفون پہ گری اشک ہماری تو کہا
جھوٹی موتی مری بالون ہین پرو یا نکرو

ایک دل کیا ہی کہ سو جانسی ہین بان ہمین
تم یقین میری محبت کا کرو یا نکرو

نہ سنا جای گا احوال مرا کہتا ہون
دیکھو میری لب خاموش کو گو یا نکرو

چشم ساقی کو کہو جام تو لب کو لب جام
میکشو ہوش کسی بات ہین کہو یا نکرو

ڈر ہی تمکو کہین جو اعظ نہ کہی تر دامن
دامن اشکو نسی اسیر اپنا بھگو یا نکرو

کیا رنج طعن خلق سی مجھ بی گناہ کو
کہتی ہین پیٹہ پیچہی برا بادشاہ کو

پردہ ہی کیون دکھائی چشم سیاہ کو
سرمہ بنائی مری گرد نگاہ کو

روندی نہ اوسکی کوچہ زلف سیاہ کو
زنجیر اشک چاہیی پائی نگاہ کو

قصد سفر کیا ہی تو مجھکو بہی ساتھہ لو
اوڑنی ندین گی اشک مری گرد راہ کو

بیمار چشم پر جو عنایت کی ہی نظر
بہیجو خبر کے واسطی پیک نگاہ کو

وحشی وہ ہون کہ دشت سی مین ہو گیا ہوا
دیکہا کبہی جو سایہ مردم گیاہ کو

کچہہ چاہیی سوال نکیرین کا جواب
لکہو کفن پہ اشہدان لا الہ کو

میری سیاہ خانیسی ڈرتی ہین اسقدر
خورشید و ماہ کاٹ کی چلتی ہین راہ کو

محبوب سی ہو ہجر تو نور نظر کہان
اندہا کیا جدائی یوسف نی چاہ کو

آفت ہی روی یار قیامت ہی زلف یار
پہچانتی ہی آنکہہ سپید و سیاہ کو

جاتی تو ہی جمال رخ یار دیکہنی
پہرنا کبہی نصیب ہنوگا نگاہ کو

ہین ہم فقیر اوسکی در فیض کی فقیر
جسنی کہ بادشاہ کیا بادشاہ کو

حق تو یہ ہی کہ اہل نظر مین مری سوا
پہچانتا نہین کوئی اوسکی نگاہ کو

پردہ حسین کرین بہی تو بی پردگی ساتہہ
برقع کتان کا چاہیی رخسار ماہ کو

بہکای غول بن کی رہ عشق لاکہہ عقل
کرتا ہی کب فقیر غلط شاہ راہ کو

جاتی نہ کس طرح دل پر داغ سوی زلف
طاوس دوست رکہتی ہین ابر سیاہ کو

خالی ہی سوز عشق سی کب سینہ فلک
دو داغ جانتا ہون مین خورشید و ماہ کو

سلطان وہ ہی کہ جسکی رعیت سپاہ ہی
سلطان نہین جو سمجہی رعایا سپاہ کو

چہپ جاتی ہین اسیر کی عصیان بہی مثل شیب
بخت سپید پردہ ہی روئی سیاہ کو

محشر کی روز داخل جنت ہوئی اسیر
پوچھا کسی نی بھی نہ ہماری گناہ کو

ستم ایجاد بت غنچہ دہن ایسا ہو
داغ دل دی کی یہہ کہتا ہی چمن ایسا ہو

گھر سی نکلی وہ مہ پردہ نشین گھبرا کر
کوئی ہنگامہ قوای چرخ کہن ایسا ہو

یار نی تیغ حسینی کا بلایا پانی
لطف کہتی ہین اسی خلق حسن ایسا ہو

الفت موی کمر کی ہی یہ پیچ پڑتا کہید
جان رہ جائی فقط زار بدن ایسا ہو

ایکدم ایکطرف اوسکی ٹھہرتی نہین آنکھہ
جو گھڑی پھرتی ہین چالاک ہرن ایسا ہو

ای زبان راز محبت کا چھپانا ہی ضرور
کان اپنی نہ سنین حفظ سخن ایسا ہو

برگ گل زرد خجل غنچہ پشیمان نرگس
آنکھین ایسی ہون لب ایسی ہون دہن ایسا ہو

مل گئی یار کی پوشاک کسی جلتی ہی
ابھی مرجائین اسیر جو کفن ایسا ہو

ہین غزل خوان ہون اسیر ثنا خوان رسول
سخن ایسا ہو شناسای سخن ایسا ہو

سر دیجیان تباہی کی ہمت کریم کو
جنت کری کی کندہ دوزخ لئیم کو

سکھلاؤ تم جو حسن کی شوخی شمیم کو
ہر پھول چٹکیون مین اوڑائی نسیم کو

رحم آگیا جو شرم گنہ سی کریم کو
جنت مین بھی جا کی جلایا جحیم کو

دی تو بھی کوئی داغ جگر بھلوای تم
اللہ نی دیا ید بیضا کلیم کو

سیری مین اپنی دانت جو گرتی ہین تو گرین
ہین ظلم باندہنا رفقای قدیم کو

بہکا دیا جو لکہہ غزل بہکتا ہون مین کوئی
بتلا گئی ہین خضر رہ مستقیم کو

عشاق و تاب تماشا ہی دی یار
چمکی جو برق طور غش آیا کلیم کو

ساقی اگر شراب سی لب تر نہین کیے
تیزی ملی کہانسی یہ عقل حکیم کو

رونیسی میری سرد ہوئی جسجگہ تھی آگ
فرصت ملی عذاب سی اہل جحیم کو

ہوگی اونہین پہ روز جزا شدت عذاب
جو خورد جانتی ہین گناہ عظیم کو

ہوتی ہی چشم تر سی صدف غرق بحر شرم
اشک آب آب کرتی ہین در یتیم کو

ممکن نہین کہ روح روان تن سی کر سکی
ملتی ہین کوئی بند کری کیا نسیم کو

اب ہم ہین اور بحر کرم ہین شناوری
طی کر چکی دو آبہ امید و بیم کو

بیمار عشق ہون کوئی میری دوا نہین
کب ہی یہہ درد سر کہ بلاؤن حکیم کو

افسان کو نیک کرتی ہی نیکونکی پیروی
خوشبو ہوئی سہیل سی حاصل ادیم کو

عالم کو تیری فیض نی ایسا کیا غنی
ڈھونڈہی ہے اب گدا نہین ملتا کریم کو

وہ زار ہون کہ باغ بھی زندان ہوا مجھے
سمجھا ہین طوق حلقۂ موج نسیم کو

رہتا ہے بینی و دہن و زلف کا خیال
کرتا ہون روز حفظ الف لام میم کو

برسون وہ جلوہ گاہ ہی اور اپنی چشم شوق
جس جا نہین ہی تاب تماشا کلیم کو

سونگھی گا اوسکی پھول کی بو کسطرح کوئی
جس بوستان مین دخل نہین ہی نسیم کو

حاجت تری مکان کو سفیدی کی ہی اگر
چونا بناؤن کوٹ کی در یتیم کو

رضوان بلا رہا ہی ابھی کیون مجھی اسیر
آراستہ کری تو ریاض نعیم کو

کب نہین قائل معراج پیمبر ابرو
رکھتی ہین معنی قوسین کو از بر ابرو

فرق رکھتی نہین کچھہ بال برابر ابرو
چشم ساغر ہین ہین مصراع مکرر ابرو

ہین مہینون سی مہ عید کی مشتاق نگاہین
دیکھون کس روز دکھاتا ہی مقدر ابرو

سینہ چون محراب حرم انکی تو کرونین یہہ دعا
پہر دکہادی مجہی یا خالق اکبر ابرو

زلف سنبل ہی دہن غنچہ ہی آنکہین نرگس
قد صنوبر ہی ترا شاخ صنوبر ابرو

آبرو کیون نہو انکی نظر مومن مین
واقعی کعبہ رخسار کی ہین در ابرو

صدقہ فاتح خیبر سی ہین ہون فتح نصیب
لاؤن قبضہ مین اگر ہون در خیبر ابرو

نظر آتی ہین مجہی عالم رویا مین ہلال
بسکہ آنکہون مین پہرا کرتی ہین شب بہر ابرو

کیا کرون وصف کہ ہی انمین حسین ایک سی ایک
لب ہین سینہ جبین زلف معنبر ابرو

ہی بجا دون انہین تشبیہ جو تلوار سی
صاف رکہتی ہین یہا مری قتل کا جوہر ابرو

جمع کیونکر نہ ہین روز زیارت کی لیی
چشم عشاق مین ہین موئی پیمبر ابرو

ہی شب وصل ہی عاشق کی لیی قتل کا ڈر
مژہ یار کٹاری ہی تو خنجر ابرو

کون مشتاق ہی جو پہیر لین ریا کی تیغین
موج گرداب ہی دیتا ہی یہہ چکر ابرو

فلک حسن کہین کیون نہ اوسی اہل نظر
بدر سی چہرہ مہ نو سی ہی بہتر ابرو

چاہتی ہین کہ نہین ہمسی کمانین ایسی
دیکہتی آتی ہین ہر روز کمان گر ابرو

کیون نہ نظاری کا مشتاق رہی یک جہان
کم مہ نو سی نہین بال برابر ابرو

خود جو کج ہین تو کجی سی ہی محبت انکو
کج اداؤن سی بدلتی نہین تیور ابرو

صاف معلوم یہہ ہوتا ہی کہ ہین کشتی گیر
قد خمیدہ ہی ملائی ہوی ہین سر ابرو

دون مہ نو سی جو تشبیہ تو ناقص ہی ہلال
حد تعریف سی ہین آپ کی باہر ابرو

دیگر

آئی نہ تاب اپنی دل دردمند کو
جلتی ہوئی جو آگ پہ دیکہا سپند کو

غش سی کبھی افاقہ جو ہوتا ہی ہجر مین
تب آکی توڑتی ہی مری بند بند کو

عقدہ دہان یار کا جیہہ تو کہلا مگر
وقت ہوئی طبیعت وقت پسند کو

ای بت خدا کی واسطی باتین کڑی نکر
پتہر کی چوٹ ہی یہہ دل دردمند کو

گردن پہ پہیرتی ہین جو خنجر وہ کون ہین
ہم تو کبھی چہری سی تراشین نہ بند کو

دریافت علم غیب کرین گی حکیم کیا
بام فلک پہ پہینک رہی ہین کمند کو

گردونکو میری سر کی اوڑانیکی ہی جو فکر
گولا دیا ہی توپ کا دستار بند کو

سمجہون مین بعد مرگ اوسی کو حصار مین
مرقد کی گرد دین جو دہ کاوہ سمند کو

جنکی رفیع قدر ہی آرام اونہین کہان
گردش سی کب نجات ہی چرخ بلند کو

شب کو ہماری قبر ہو روشن اسی طرح
لیجی چراغ یا کبھی آکر سمند کو

اونا کو ہمنشینی اعلا سی کیا ثمر
پاتا ہون پست سایۂ نخل بلند کو

اصلاح خط چہرۂ گلگون ضرور ہے
گلشن سی دور کیجئی اس خار بند کو

سینے سی دلکو کہینچکی لیجاتی ہی وہ زلف
ایسی کشش کبھی نہین آتی کمند کو

دعوی کری جو اوس لب شیرین سی نیشکر
لیکر چہری کرون مین جدا بند بند کو

عمر رواں کی ہو گی روانی کبھی نہ دور
وہ کون ہی جو روک سکی اس سمند کو

پامال کیجئی تن سوزان کو میری جلد
رکھتی بہت نہ نعل در آتش سمند کو

کس منہ سی وصف اوس لب شیرین کا کیجئی
نسبت نہین نبات کو شکر کو قند کو

سر سی ہماری زینت فتراک ہو گئی
گلگون کیا تہو نی تمہاری سمند کو

لیجا کی یہہ غزل تو سناتا اوسی مگر
پاؤن کہان اسیر کمال خجند کو

ایک مدت سی جو پنہان ہی دہن پیدا ہو
یارب اوس بت سی کہین راہ سخن پیدا ہو

رخ ہی گل غنچہ دہن سنبل پیچان گیسو
دیکہو آئینہ جو تم تازہ چمن پیدا ہو

ہدف دل کہین ہاتہون پہ لیی تیر ہون
اس ہوس مین کہ کوئی تیر فگن پیدا ہو

کاٹ ڈالو نہ مین زبان اف جو دہن سی نکلی
پہوڑ ڈالون مین جبین کو جو شکن پیدا ہو

گور مین ہی تن لاغر کو گران بار کفن
منتظر ہون کہ کوئی دزد کفن پیدا ہو

ای جنون دل کی طرح کر مرا سینہ پر داغ
اک چمن اور بہی بالای چمن پیدا ہو

رہنی والا ہون عدم کا ہین عدم کو پہنچون
یا خدا قبر کہندی راہ وطن پیدا ہو

کس طرح اوس شجر قد کو صنوبر کہیی
جس سی خرمای لب و سیب ذقن پیدا ہو

بعد مرنیکی بہی ہی اوس لب و دندان کا اثر
خاک چہانی جو مری در عدن پیدا ہو

ہاتہ دو ڈالون مین بدبخت تو دولت بہاگی
سیم و زر مین ابہی لی سکہ چلن پیدا ہو

زعفران زار مین جا کر جو ہنسین زخم مری
زعفران پہر یہ اوگی مشک ختن پیدا ہو

دون مین تیری قد موزون سی جو تشبیہ الگ
مصرعہ سرو مین بی ساختہ پن پیدا ہو

ہی ہوا تیری جدائی کی ہوا پیدا کی
دو گہڑی مین جو چلی درد بدن پیدا ہو

ہی تری چال کو منظور یہ ای فتنہ حشر
روز ہنگامہ تہ چرخ کہن پیدا ہو

حسن کیا ذکر حسین ابن علی مین ہی اسیر
دل ہی ٹوٹی جو مرا صوت حسن پیدا ہو

دست ستی سی خم نہین مجہ بادہ نوش کو
ہی امتحان می کا مزہ می فروش کو

کیا سبکدہی ہین نذر کرین سبو فروش کو
چہوڑ آئی خانقاہ مین ہم نقد ہوش کو

بیجا نہین جو آتی ہین شیشی کو ہچکیان
شاید کہ یاد کی ہی کسی بادہ نوش کو

ساقی مری طرف ہی کبھی بحر می کی موج — درکار تازیانہ ہی رہوار ہوش کو

دل ہی لبسان ماہی بی آب بی قرار — دیکھا ہی جیسی کودک ماہی فروش کو

خلوت سرا ہی اس دل آوارہ کی لیے — مکتب کی قید کودک بازیچہ کوش کو

آوارگان وحشت سی کہتا ہی گرد باد — کیا احتیاج خانہ ہی خانہ بدوش کو

آخر فریب زاہد مکار کھل گیا — گندم نمائیان نہ بھلین جو فروش کو

سامع ہی اسکی گرد نہ پروانی اوسکی گرد — کبھی چراغ کشتہ زبان خموش کو

کیا سرخ سرخ رخ ہین حسینونکی شل گل — فصل بہار کبھی جوانی کی جوش کو

سنیے کلام چہرۂ جانان کو دیکھیے — ایسی خوشی نصیب کہان چشم وگوش کو

تابوت کو مری لئی پھرتی ہین کیون عزیز — پھینکین گڑہی مین گور کی اس بار دوش کو

نغمہ کی ہی ہوس نہ تمنا شراب کی — ساقی بغیر بھول گئی نائ و نوش کو

دیکھین جو میری سینۂ پرداغ کی بہار — پوچھین نہ لالہ رو سبد گلفروش کو

مجمع تھا زاہدون کا کبوتر کا ساتھہ اسیر
سمجھا مین خرقہ بند ہر اک خرقہ پوش کو

حور شل دختر رز خوبصورت ہو تو ہو — میکدہ جیسا ہی ویسا باغ جنت ہو تو ہو

جو مزہ ہی اپنی دیوان مین گلستان مین کہان — باب ہجر مین کوئی ایسی حکایت ہو تو ہو

کیا خطا اس مین جو رستی مین کیا اونکو سلام — ترک اتنی بات پہ صاحب سلامت ہو تو ہو

صبح محشر چہرہ گیا پہلی اگر میرا حساب — شام تک بہی حاکم محشر کو فرصت ہو تو ہو

لا نہین گی اوس گل کو اپنی ساتھہ گلشن سی ہم — گل کو سودا ہو تو ہو بلبل کو حسرت ہو تو ہو

حرص دولت [illegible] رکھا ہی تجھی [illegible] — مشکل آسان ہی اجل تیری ہی بدولت ہو تو ہو

وعدۂ فردا مینوں سی کیا کرتی ہو تم
مقصد اس فردا سی فردائی قیامت تجھکو ہو

کب تپ فرقت سی تیری مریضوں کو نجات
مرگ گاو ان انکی حق مین یوم راحت تجھکو ہو

لطف سی دی دردی ساقی تو ہی آب حیات
چاہیی دل صاف ظاہر مین کدورت تجھکو ہو

زندگی بھر قید گیسو سی رہائی ہی محال
مرگئی ہو اس سی چنگاری کی صورت تجھکو ہو

کیا بنایا حق نی تجھکو نازکی سی موئی کمر
موج بوئی گل مین تیری سی نزاکت تجھکو ہو

کوہکن کو یہہ زبان تیشہ دیتی تھی صدا
عمر بھر خارا تراشی کر مشقت ہو تو ہو

یاس رسوائی کہان عشقی مین دل بیتاب سے
اب تو چلتی ہین ہم اوس کوچہ مین ذلت ہو تو ہو

ساری عالم مین بنایا جبین کا اپنی مقام
چل کی زیر خاک کچھ تربت مین راحت ہو تو ہو

دو گھڑی تو گھر سی بستی کی کنارے چل اسیر
دیکھ کر گور غریبان دل کو عبرت ہو تو ہو

کیا تری قصر سی نسبت فلک آبی کو
برج مہتاب نہ پہنچی تری مہتابی کو

شب فرقت کا فسانہ ہی بہت شور انگیز
نیند اوڑتی اوسکی سنی جو مری بیخوابی کو

دست پر نور مین ہوجاتی ہی افزائش نور
آفتابی وہ بنا دیتی ہین مہتابی کو

مرگئی وادی غربت مین ہزارون پیاسے
رحم آیا نہ ذرا گنبد دولابی کو

ہین حباب لب جو شرم سی پانی پانی
جیسی دیکھا ہی تری پیرہن آبی کو

حال دل پوچھتی ہو تشنۂ دیدار سی کیا
دیکھہ لو ماہی بی آب کی بیتابی کو

کس طرح گرگ سمجھتی نہ وری یوسف دل
دیکھہ پائی جو تری پاؤن کی گلگابی کو

حسن مین عجز جو پیدا ہی ادسی کیا حاجت کسب
پیرنا کوئی سکھاتا نہین مرغابی کو

چشم عاشق سی بھی اشک کا چھلکا کب تک
کھولکی گوشہ کر کبھی حجابی کو

بجلی آشیانہ کرائی چرخ کہ لاغر ہون بہت — قطرہ آب ہی کافی مری سیرابی کو

سیر کی دم جو وہ عیسی نگہ مہر کری — اوج خورشید ملی باغ مین مہتابی کو

بڑہ کی بولی گا جو دنیا مین ہوا ہی گلشن آرا — دار موجود ہی منصور کی تابانی کو

اس غزل کو عربستان مین بہیجون مین اسیر
چست و چالاک جو پاؤن کسی اعرابی کو

یون تو اور چلنی کو ناگن ہی تمہاری گیسو — پڑ گئی اور جو کنگہی سے سنواری گیسو

پہر گئی جب مری آنکہون مین تمہاری گیسو — شانۂ پنجۂ مژگان سی سنواری گیسو

عکس سی اپنی وہ آئینہ مین کرتی ہین بحث یہ — کہو اچہی ہین تمہاری کہ ہماری گیسو

مجہ پریشان سے نہ پوچہو مری مرنے کا سبب — کہ رولاتی ہین مجہی ہوا ان بنکی تمہاری گیسو

شب تاریک مین جگنو نظر آتی ہین مجہے — کیسی چمکاتی ہین افشان کی ستاری گیسو

سیری مرنی کا او نہین سوگ یا چہلم تک — نہ ملی ہاتہہ مین مہندی نہ سنواری گیسو

حسن کہتی ہین جسی کفر بہی اسلام بہی ہے — چہرۂ یوسف کنعان سی ہین پیاری گیسو

آج تک ہوتا ہی دریا مین جو عنبر پیدا — کبہی دہوتی تہی یہہ دریا کی کناری گیسو

بیستون پر جو گئی کرنکی وہ آرائش لعبت — دل فرہاد سی شیرین کی اتاری گیسو

زہر دندان کی سبب سانپ ہے دشمن خلق — تہر کیونکر ہون کنگہی سی تمہاری گیسو

بڑہ کی جاتی ہین جو صحرا مین پہنچاتی ہین جال — باندہ لاتی ہین ہرن کبک شکاری گیسو

سانپ کی طرح یہہ چاندا جو غرضا ہو جاتے — کاش کہانی کی لئی ہمکو پکاری گیسو

اسی جوڑے [illegible] سی انکی ہی نکلنا مشکل — بیڑیان ہونون یہہ کرتی ہین اشاری گیسو

میری مرنی کا [illegible] — تل سیہ پوش پریشان ہین تمہاری گیسو

حشر کا ذکر وہ عشاق سی سنکر بولی
ہین تمہاری خطِ اعمال ہماری گیسو

سچ کہو غیر کی ماتم مین اوڑائی کیا خاک
گرد آلود نظر آتی ہین ساری گیسو

یا نبی خوف قیامت نہین کہتا ہی اسیر
ہی سند اسکی شفاعت کی تمہاری گیسو

چاہتی طالب سی پردہ کچھہ نہ کچھہ مطلوب کو
پیرہن یوسف نی بھیجا جاتی خط یعقوب کو

روز خلقت صبر کی خالق نی دو حصی کیی
ایک مجھکو ایک بخشا حضرت ایوب کو

دل مین ہی پوچھون دہان یار کا اوسی پتا
غیب کا احوال آتا ہی نظر مجذوب کو

نامہ بر روتا چلا ہی کوچی قاتل کیطرف
موم جامی مین لپیٹا چاہیی مکتوب کو

خوب منہ مجھہ سی پھیری مین جو دنیا پھیر لی
صبحدم دیکھون نہ یارب دنی نامرغوب کو

یار کی اوتری ہوئی پوشاک کا پایا کفن
مر گئی پر بھی نچھوڑا دامنِ محبوب کو

ابلق ایام دکھلاتا نہین کسکو زمین
کیا عداوت اپنی راکب سی ہی اس مرکوب کو

یہ ہی قسمت کا لکھا پائی نہ کچھہ اوسکی خبر
نامہ بر آیا گرا کر راہ مین مکتوب کو

غیر کی باعث نکالا اوسنی محفل سی مجھے
کر دیا مرفوع اس مجہول نی منصوب کو

زور محشر کا جو کھٹکا ہی تو بس اتنے لیی
چاہتا ہون جلسی مین اللہ کی محبوب کو

کارہائی عشق کی دیکھو کہ یوسف یون چھٹا
چاہ کا پانی ملی سب دیدۂ یعقوب کو

شوق کی مضمون سی لی دوڑ جائیگا طائر کبھی
احتیاج نامہ بر کب ہی مری مکتوب کو

شہد لب کا بوسہ لیکر پڑ گیا جھگڑا ہمین مین
کیا خبر میری نہین ہی دین کی یعسوب کو

ای حسینان جہان ہی آئینہ کو کیا تمیز
سیر ہی آنکھین جانتی ہین روی زشت و خوب کو

سہل اندیشی چاہیی مضمون بیان کی لیی
سادگی ہی اور زیور شاہد محبوب کو

دیکھہ کر ابرو کو دیکھون کیون نہ اوسکا خط آہ
ماہ نو کی بعد مردم دیکھتی ہین رب کو

تھی جو مضمون درج اوس کنگن طلائی کی اسیر
کاغذ زرنامہ پہ بھیجا مرسے مکتوب کو

لکھون جو غم دل مین کاغذ کف حسرت ہو
شنگرف لہو خامہ انگشت شہادت ہو

بلبل کی طرح دم بھر نالو نسی نہ فرصت ہو
دو ٹکڑے اگر دل ہو منقار کی صورت ہو

وہ مست جو اوٹھہ جاتی ہر دلکو کدورت ہو
پھر شیشہ ہی ساقی اک شیشہ ساعت ہو

جو آپ کی مرضی ہی مرضی ہی وہی میری
رہنی ہی مجھی مطلب دوزخ ہو کہ جنت ہو

پروانو کی جلنی پہ جلتا ہی جگر میرا
خاموش کہین یارب شمع سر تربت ہو

سیکھون مین تواضع جب شیشی کی جھکی گردن
قلقل کی صدا مجکو واعظ کی نصیحت ہو

کم سن ہی بشر جتنا اوتنا ہی بری غمسے
کوتاہ اگر دن ہو مزدور کو راحت ہو

مردون سی بھی کھکر مین زیر زمین سویا
مجکو بھی خبر کرنا جب صبح قیامت ہو

کہتی ہی قیامت مین یہ وحشت دل مجہ سے
دوزخ کو چلو جبتک آراستہ جنت ہو

وہ زخمی الفت ہون صحت ہی مجھی تربت سے
یون نام جو مرہم کا زخمون کو اذیت ہو

پیری مین مری آگی سر سبکی جھکین یارب
پھر قامت خم گشتہ محراب عبادت ہو

محشر مین جو پوچھین کی اعمال کہون گا مین
دل آج پریشان ہی وہ روز کی مہلت ہو

تحریر لی اوسکی ہی ای دل تجھی کچھ تسکین
وہ دن جو خط لکھی معلوم حقیقت ہو

ظاہر ہی حسین ہی وہ الفت ہی حسینون سے
قاصد بھی وہ بھیجون مین جو حور کی صورت ہو

دستخط وہ نسخہ خوبان کا نامہ کو شرف بخشی
جو حرف لکھی خامہ وہ قابل خلعت ہو

کہنا [illegible] جلوا ہم زہر قضا قیمین
ایسا سر جو [illegible] گالی ہی عنایت ہو

خالق جو کری منعم وہی ہمت عالی ہی
او سیم بدن تجھہ سی دل اپنا لگاتی وہ

قارون کی جو دولت ہو حاتم کی سخاوت ہو
یاری کی طرح جسکو وہ جانتی حسرت ہو

مرضی جو اسیر اوسکی فرمان مین کمی کیسی
آنا بارادت ہو جانا باجازت ہو

بڑھ گئی ہی اور کچھ جانی سی شان لکھنو
لامکان سی کم نہین کوئی مکان لکھنو

اب کہان وہ لکھنو وہ ساکنان لکھنو
رہگئی باقی زبان پہ داستان لکھنو

شیشہ ہی بی بادۂ گلگون صدف بی گہر
جسم بیجان ہی نہین قالب مین جان لکھنو

اب اگر باغ ارم کہئی اسی تو ہی بجا
ہوگیا آنکھون سی پنہان بوستان لکھنو

سنگ پہ شیشہ گرا یا برق خرمن پہ گری
رہزن آئی لوٹنی کو کاروان لکھنو

پست اعلی سیکڑون وضع ہوئی لاکھون بلند
ہین تہ و بالا زمین و آسمان لکھنو

بیسرو پا گہر سی نکلی سیکڑون یوسف جمال
لٹ گئی ساری متاع کاروان لکھنو

وہ بہی اک دن تہا کہ حلوی کیطرح میٹھا تہا
ہوگیا اب زہر حلوائی دکان لکھنو

چرخ نی باندہی ہین یون اہل زمین کی دست و پا
باندہتی ہین جیسی مضمون شاعران لکھنو

مردم کوہی کی آنی سی ہوئی کیسی خراب
سب زبانون سی جو بہتر تہی زبان لکھنو

خوش معاشون سی ہوئی مفرور اکر بدمعاش
ہی بیدا شونکی خرابی ہی میان لکھنو

صاف ظاہر ہی کہ پہنچی عرش پر یہہ کسطرح
ضعف سی لب تک نہین آتی فغان لکھنو

موج زن دریا ہی ہر گہر مین موج اشک سی
مردم آبی ہین گویا مردمان لکھنو

جو مہینا ہی وہ اکی سال ماہ صوم ہی
اوٹہہ گئی روٹی ہی فاقہ میہمان لکھنو

سب خرابی ہو چکی جب فضل خالق نی کیا
فصل گل آئی گئی فصل خزان لکھنو

پھر سفر تو سے جوان مثل زلیخا ہو گیا
ہو گیا تھا پیر جو بخت جوان لکھنؤ

پھر وہی نرگس وہی گل ہے وہی جوشش بہار
پھر ہوا سرسبز وخرم بوستان لکھنؤ

دیدۂ بد سے نہ اب اس شہر کو پہنچے گزند
حشر تک آباد یارب صاحبان لکھنؤ

منتخب ہین منتخب ہے ذات تیری اے اسیر
لکھنؤ ہے جان عالم تو ہے جان لکھنؤ

ناقص ہے دور ابروے جانان نہین ماہ نو
ڈالی تو منہ کو اپنے گریبان مین ماہ نو

گردن نہین طوق پہنے مہینے گذر گئے
دیکھا کبھی نہ خانۂ زندان مین ماہ نو

رونے سے میرے ابروے جانان نہان رہا
آیا نظر نہ موسم باران مین ماہ نو

پاے جو دسترس تو لگا دے ابھی سپہر
کنٹھی کی طرح اوسکی گریبان مین ماہ نو

آنکھون سے ہو جو سبزۂ خط یار کا نہان
کس منہ سے دیکھئے مہ شعبان مین ماہ نو

کیونکر نہ چاک چاک جگر ہو کتان کی طرح
خنجر ہے ہمکو فرقت جانان مین ماہ نو

سنتا عدم مین شہرہ جو ابروے یار کا
آتا کبھی نہ عالم امکان مین ماہ نو

ہوتا ابھی سیاہ پر زاغ کی طرح
آتا جو ظلمت شب ہجران مین ماہ نو

جیسے کہ نقش ابروے جانان ہے دلنشین
موئے مژہ ہے دیدۂ انسان مین ماہ نو

رکھتی ہین داغ زانو و زخم گلو سے ہم
دامن مین آفتاب گریبان مین ماہ نو

بلبل کو کسطرح نہ ہو سر شام عید
ہے شاخ گل خمیدہ گلستان مین ماہ نو

ہین نقش نعل سم جو یہ اسی شہسوار حسن
دکھلا رہے ہین سیکڑون میدان مین ماہ نو

دیکھین گے اس مہینے مین چہرہ ترا جو ہم
دیکھا ہے ہمنے جا کے گلستان مین ماہ نو

تحریر وصف عارض جانان ہے اے اسیر

روتا ہوا آیا تری کوچہ سے کبوتر
خط لیکی گیا کیا کہ اوڑا یا مری دلکو

ثابت سی جو تہا شوق اسیر اسکو عدم کا
طاقت جو گہٹی اور بڑہا یا مری دل کو

خوب سمجہا ہون کہ تم مجکو برا سمجہی ہو
کچہہ سمجہہ مین نہین آتا کہو کیا سمجہی ہو

شاعرو منہ ہی کہ ہوا وس مین تنگ کا وصف
مین تو سمجہا ہون تم اوس کو کیا سمجہی ہو

جی مین جو آئی وہ لکہدو مری نامی کا جواب
اس سی کیا کام نہین سمجہی ہو یا سمجہی ہو

رو سیاہی کی سوا دولت دنیا کیا ہی
منعمو زاغ ہی وہ جسکو ہما سمجہی ہو

پاؤن پہ جفا ڈال ہی نافہمی ہی پر
خاطر خیر یون کہی تو کہدون کہ بجا سمجہی ہو

کیون رخ اسکا نہ ہی کعبہ ہر دکی طرف
دل ہمارا ہی جسی قبلہ نما سمجہی ہو

بیوفاؤن سی بہت ربط نہین خوب اسیر
دیکہو پچہتاؤ گی کہتی ہین برا سمجہی ہو

ردیف ہای ہوز

کتنی ہی خوشنما تری ای رشک ماہ آنکہہ
دیکہی نہین ہرن کی بہی ایسی سیاہ آنکہہ

غازی کی رنگ سی صبح وہ عارض چمک گیا
ہرگز ملا سکین گی نہ خورشید و ماہ آنکہہ

ہر چند اور بہی ہین زمانی مین مہروش
پڑتی ہی تجہپر ای بت زرین کلاہ آنکہہ

آئینہ کی طرح نہین ہوتی کبہی جو بند
حیران ہو نہین کہ دیکہتی ہی کسکی راہ آنکہہ

انکار و پہ جرم تبان چل سکی گا کیا
کیا روز باز پرس ہو گی گواہ آنکہہ

ہی دلنشین جو شوق تماشای چشم یار
پہرتی ہی دوڑتی ہوئی مثل نگاہ آنکہہ

وہ شرمگین ہی سامنے نہین آتی اگر وہ گل
اوٹہی نہ شرم سی سوی مردم گیاہ آنکہہ

دزدی کی جرم میں ہون یا خود دزدِ چشم
درویش سی چراتی ہین کیا پاشاہ آنکھہ

یہہ بات تو ہی آپکی انصاف سی بعید
مجرم ہون ہم قصور کری دل گناہ آنکھہ

جا جا کی دیکھتا ہون تبو نکو تو کیا ہوا
ہی طالب نظارۂ صنع الہ آنکھہ

الفت کی داغ سی دل عشاق کیا بچین
کاجل کی کوٹھری ہی تمہاری سیاہ آنکھہ

ظاہرین ہم ہین معتقد باطنین پارسا
دل بتکدی کی سمت سوی خانقاہ آنکھہ

الفت کسی جدا نہین اولاد سی نہین
رکہتی ہی طفل اشک کو پیش نگاہ آنکھہ

صدمی فراق یار مین ہین عضو عضو سی
دل ہی خراب کان پریشان تباہ آنکھہ

رونی میں اور تڑپنی مین گذری تمام رات
دل ہی گواہ آنکھہ کا دل کی گواہ آنکھہ

کیا دیکہتا نہین ہی زمانہ کا انقلاب
پہیری ہوئی گردسی ہی کیا بادشاہ آنکھہ

پنہان نظر سی ہی جو وہ چاہ ذقن اسیر
ہر دم اسیر رہتی ہی مانند چاہ آنکھہ

ہجر مین خوف اجل ہی غم جانکاہ کی ساتھہ
دل نکل جائی الہی نہ کہین آہ کی ساتھہ

ہی وہی حسن جسی حسن ازل کہتی ہین
وہی عاشق ہی جسی عشق ہی اللہ کی ساتھہ

کہدو دربان سی کہ دی در پہ جگہہ تہوڑی سی
گہر سی ہمکو جو نکالو بہی تو اکراہ کی ساتھہ

گل جنازی پہ بہی رو نیکو وہی آئین گے
آج خرسند براتی ہین جو نوشاہ کی ساتھہ

گہر مین وہ مجکو بلاتی ہین تو اتنا کہدو
علم آہ بہی ہی بندۂ درگاہ کی ساتھہ

ای شہ حسن تری تیغ ادا کا ہون شہید
لاشہ اوٹھیگا مرا کس حشم و جاہ کی ساتھہ

یوسف مصر نی کہایا نہ زلیخا کا فریب
نفس امارہ کری کیا دل آگاہ کی ساتھہ

خضر رہبر ہی تو کیا خوف ہی گمراہی کا
ہم تو ہین پیر مغان سلمہ اللہ کی ساتھہ

بی مشقت کوئی کرتی ہین یہہ زردار سلوک
داغ دیتی ہین ہزارون زر تنخواہ کی ساتھہ

کچھہ تو ملتی ہی تری شکل سی صورت اوسکی
انس ہی وجہ جو کو رونکو نہین ماہ کی ساتھہ

باعث رنج ہی تعظیم امیر ممسک
خلق کس کام کا ہی ہمت کوتاہ کی ساتھہ

ہم جو چتر ہی ہین لگا ہون پہ عدو کی جو پلک
ارکنکو کہتی ہین النصر من اللہ کی ساتھہ

غول لڑکونکا ہی پیچہی تری دیوانیکی
فوج جسطرح کہ ہوتی ہی کسی شاہ کی ساتھہ

کب گئی اور کب آئی شب فرقت یارب
چرخ پہ مہر ہوا رہوا ماہ کی ساتھہ

قید زندان مین زلیخا نی کیا یوسف کو
اسقدر خوب نتہا جو شغف چاہ کی ساتھہ

چاہ سی دلو نکلتا ہی رسن کی ہمراہ
منہ سی باہر نکل آئی نہ جگر آہ کی ساتھہ

مکر مکار سی اپنا نہین ندانا اسیر
شیر حیلہ نہین کرتی کبھی روباہ کی ساتھہ

محفل مین دیکھہ لی جو وہ جانانہ آئینہ
بنجا ہی عکس رخ سی پری خانہ آئینہ

رکھتا اگر وہ دیدہ بینا مری طرح
پہچانتا یگانہ و بیگانہ آئینہ

شکل اپنی دیکھتا ہی جبی چاہتا ہی جب
ساقی کو ہی شراب کا پیمانہ آئینہ

منہ دیکھتی ہین آئینہ تیغ یار مین
رکھتی ہین سر فروش جدا گانہ آئینہ

جوہر کی سلسلہ مین ہی پابندی پری
شاید کہ تیری رخ کا ہی دیوانہ آئینہ

دیکھی وہی جمال مین جاتا ہون جب ہم
کیون دیکھتا ہی مجکو حریفانہ آئینہ

جس چیز کا ہو مجہ سی اشارہ وہ بہیجدین
زیور لباس سرمہ مسی شانہ آئینہ

ہم اپنی گہر مین جا کبھی دیتی نہ شمع کو
ہوتا جو حال سوزش پروانہ آئینہ

ایسی نہ آب و تاب مین نہ اس شکل کو
اوس چہری کو کہی کوئی دیوانہ آئینہ

دیکھی جمال یار تو غالب ہی یہہ جنون
کیسا نہ کردے ترک کری خانہ آئینہ

شکل اپنی دیکھتا ہوں جہاں رو بطرف اسیر
جوش صفا سے ہی مرا کاشانہ آئینہ

یا با کلیم نے ید بیضا جلا کے ہاتھ
کچھ سعی چاہیے ہی عنایت خدا کی ہاتھ

کیجی نماز عشق نئی طرسی ادا
تکبیر کہنی دو دو جہان سے اوٹھا کے ہاتھ

تا حسن کا سلام ہی نہ کبوتر کا کام ہی
ادس گل کو نامہ پہنچی پیک صبا کی ہاتھ

اک قطرہ بھی جو پی تو بہائی ہزار اشک
آئندہ آبرو ہی ہماری خدا کی ہاتھ

دیکھیں بھلا کس طرح تری وحشی کی قبضہ پر
یہہ رعب ہی کہ کانپ رہی ہین قضا کی ہاتھ

قاتل نے قتل گاہ مین تری تمام کی
چھوٹی غضب کی وار لگائی بلا کی ہاتھ

مانند موج مٹ گئی ہم بحر عشق مین
پہنچے کسی طرح جو کنا رہی لگا کی ہاتھ

دامان وصل ہاتھ سے آتی تو کیا عجب
اٹھی تب تو ہی چٹے ہین ہمارے خدا کی ہاتھ

سختی اوٹھانی عشق کیا اوس صنم سے کیون
پچھتا رہی ہین سنگ کی نیچی دبا کی ہاتھ

ملتا ہی دیر مین کف افسوس اتبلک
جب سر پہ ہمنشو تم آتی دکھا کی ہاتھ

بالی مین ماہتاب نظر آگیا مجھے
انگڑائی لی جو نشہ مین ونسی اوٹھا کی ہاتھ

بیٹھی جو چار دن کنج قناعت مین کاٹ کر
کیون رو برو کریم کی پھیلین گدا کی ہاتھ

ممکن نہین کہ پاؤ نسی کانٹا ہی کیجی کی
وحشت مین اپنی ہاتھ ہین مردم گیا کی ہاتھ

اسواسطے کہ یار چلا چھڑا کی دوسے
ہم باندہتی ہین سیاستی دزد حنا کی ہاتھ

کیسی سمٹ گئی ہو لجالو کی طرح تم
پچھتائی ہم بدن کو تمہاری لگا کی ہاتھ

اہل جہاں کی وضع نے یہہ دل ہٹا دیا
ساری جہان سی بیٹھ رہی ہم اوٹھا کی ہاتھ

شال جہانکی مکر کو ہم جانتی ہین خوب
لکھی ہی اپنی مرگ اسی بیوا کی ہاتھ

کیا دو طرف سی ہاتھہ لگی واہ دو شرف | بازو ہین مصطفے کی توحید خدا کی ہاتھہ

محشر مین دستگیر ہوا سیدی اسیر
آنکھو سی ہم لگاتی ہین جس مقتدا کی ہاتھہ

[illegible] عالم مین ٹھکانا کی جگہ | مقبرہ ہمنی بنایا گھر بنانیکی جگہ

کیا سمجھہ کر آسمان پر سرکشونکی ہین دماغ | آخر اکدن خاک ہی سارے ہانیکی جگہ

کیجیے الفت کسی قاتل کسی خونریز سے | دل لگایا چاہیے دل لگانی کی جگہ

ہی خجل یہہ قتل سی میری کہ روز حشر بس | تیغ قاتل کو نہین ہی منہ دکہانیکی جگہ

کنج عزلت سی نہ نکالین گی کبہی اپنی قدم | بعد مدت ہاتھہ آئی ہی ٹہکانیکی جگہ

فصل گل آئی چمن مین جوش گل ہی اسقدر | ڈہونڈتی پہرتی ہی بلبل آشیانیکی جگہ

تہا مرا مردہ عذاب آیا وہ عیسی جی اوٹہا | گور سی کہدو یہہ ہی نعلین بجانیکی جگہ

تہا تو مجرم مین مگر اللہ ری اوسکا کرم | ابر رحمت گور پر ہی شامیانیکی جگہ

جب کمان کہنچتی ہی اوسکی ہی یہہ شوق خدنگ | دوڑ کر جاتا ہی دل پہلی نشانیکی جگہ

بزم جانان مین پہنچتا مین جو بنکر قصہ گو | درد دل اپنا سناتا کچھہ فسانیکی جگہ

ہو گئی پیاسونکی خبر لی تا ملی روز جزا | بحر خون مین قطری ہی دانی کی جگہ

گورکن نی پست اسدرجہ بنائی سقف گور | دب رہی ہین سرکش نہین ہی سر اوٹہانیکی جگہ

قبر پر میری کبہی آیا تو آیا خشمناک | تیوری اوس گل نی چڑہائی گل چڑہانیکی جگہ

جب بناتی ہین وہ گیسو آنکہہ کرتی ہی عجا | پنجہ مژگان مرا یارب ہو شانی کی جگہ

غیر کو بوسہ دیا ہی تمنی خط سبز کا | بی تکلف ہی یہہ میری زہر کہانیکی جگہ

شعر مین باندہا ہی وصف گیسوی جانان اسیر

اٹھ دیا وقر اس سن مین ہین ہی حنا بندی کی جا بجا

ناصحو ہمکو نصیحت اسقدر کیا فائدہ
جانتی ہو عشق مین کیا ہی ضرر کیا فائدہ

مردم بی فیض کا ہونا نہونا ایک سے ہی
خلق کو دیتا ہی نخل بی ثمر کیا فائدہ

ای زلیخا اور سودا ہی یہان مد نظر
مول لی سکتی ہین یوسف کو مگر کیا فائدہ

لالہ سان موقوف ہی اس پہ بہار زندگی
خواہش مرہم پی داغ جگر کیا فائدہ

جو کہا ہو اوسنی خط پڑہ کر وہ کہدی صبا و صاف
جہوٹی باتو نسی تجہی ای نامہ بر کیا فائدہ

اہل ہستی پہ عدم کا حال کہلنا ہی محال
کہیچی کیون فکر مضمون کمر کیا فائدہ

مبتذل مضمون کو لائین بیت مین ہم کسلیے
ایسی ہر جائی کو دکہلائین جو گہر کیا فائدہ

شکل آئینہ ہی قسمت مین نمد پوشی اسیر
چاندی سونی کا ملی ہمکو جو گہر کیا فائدہ

میری نا موفسی ہی سقف فلک پیر سیاہ
جیسی ہو جای دہوئین مین کہی تعمیر سیاہ

خط تری رخ پہ ہی یون ای بت بی پیر سیاہ
جیسی ہو سرخ ورق پر شب تصویر سیاہ

وجہ کیا تمکو جو نفرت ہی سیہ بختو نسی
خط سیہ خال سیہ زلف گرہ گیر سیاہ

ایک شمہ نہ رقم وصف ہوا اوس گیسو کا
جزو کی جزو اگر ہون دم تحریر سیاہ

عشق خال رخ جانان نی دکہایا یہ اثر
ہو گیا مثل زحل اختر تقدیر سیاہ

رنگ دلتا ہی زمانی کا عجب کیا ہی اگر
زاغ کی سرخ کہی لال کی تصویر سیاہ

گرد کلفت سی ہی اب صاحب جوہر کا حال
جسطرح زنگ سی ہو جاتی ہی شمشیر سیاہ

الفت زلف ہوی باعث تاریکی دل
ہو دہوان جس مین نہ کیونکر ہو وہ تعمیر سیاہ

ہی مری آبلہ پا مین چمک مثل چراغ
اب رہی گا نہ کبہی خانہ زنجیر سیاہ

رو سپہی کی نہ رکھہ ساغر مے سی امید
رنگ رخ کرتی ہی خورشید کی تنویر سیاہ

مہر آئی مری گھر مین تو تو انجانی
کسقدر تیرہ مین ہی کوکب تقدیر سیاہ

سرخ تاب اوس کف رنگین سی تیغ تاب ہوا
ہو گیا سرخ جو تہا قبضۂ شمشیر سیاہ

سلب طاقت جو ہوئی ظلمت عصیان سی
کبھی دیکھی نہین موی بدن پیر سیاہ

کسی صورت نہ نشان مرض عشق مٹی
زرد ہو سرخ کبھی یا مری تصویر سیاہ

ہی جو دیوانہ تری شوق مین اے تیر فگن
جوش سودا سی ہی خون تن نخچیر سیاہ

بیگنہ شمع کا محفل مین جو سر کاٹا ہے
ہی گنہگار کی صورت رخ گلگیر سیاہ

خون کس صاحب سودا کا کیا اے قاتل
تیری ابرو کی طرح ہی تری شمشیر سیاہ

دود دل نی یہہ کیا سقف مکان کو تاریک
شکل اژدر نظر آیا مجھی شہتیر سیاہ

آب حیوان ہین مری معنی پہ نور اسیر
کم نہین ہیں وہ ظلمات سی تحریر سیاہ

رخ روشن کا ہی پرتو قمر آئینہ
عکس اوس زلف کا شام سحر آئینہ

نگہ گرم جو دکھلا دے مہ زیب وہ ترک
پانی پانی ہو تہ کیون نکر جگر آئینہ

دیکھکر حسن کو اپنی ہوئی مغرور حسین
کاش محفل مین نہوتا گذر آئینہ

اوڑ کی آتی جو بکرین آپ مہ زیب طلب
نکلین طوطی کی طرح بال و پر آئینہ

کھینچتا ہی وہ شہ حسن اگر تیغ نگاہ
ڈال دیتا ہی سکندر سپر آئینہ

سر اوٹھائیگا وہ کیا تیری نظر سی گر کر
تختہ ہو جائیگی اے بت کمر آئینہ

ابھی کم عمر ہین واقف نہین آرائش سی
فکر شانہ ہی نہ اونکو خبر آئینہ

دل مین تم دیکھہ لیا اپنی جھلکا یا جب سر
اے سکندر رہی کسی درد سر آئینہ

دیکھوں ذرا مین جسکو محبت کے آنکھہ سے ممکن نہین کہ وہ نکرے پیار کی نگاہ

ہی قابل شفاعت احمد وہی اسیر
جسکی طرف ہے حیدر کرار کی نگاہ

لطف عیسی ہو تو پھر کیسا نشان آبلہ آب سوزن سیل ہے بہر مکان آبلہ

اس طرح میرا تن لاغر ہے زیر آسمان جسطرح ہو خار کوئے درمیان آبلہ

مرگئی پر آبلہ پائی کا باقی ہے نشان ہے ہمارا گنبد مدفن بسان آبلہ

دشت غربت مین عدو کرتی ہین مجھسی دوستی خار بنجاتی ہین دندان دہان آبلہ

حشر مین لاون گا کسکو اپنی وحشت پر گواہ پاؤن مین ہجای کوئی تو نشان آبلہ

خار صحرائی زبان خشک دکھلاتی ہین کیا ہی سبیل اللہ ہی آب روان آبلہ

عین ماتم جانتا ہون عشرت دنیا کو مین جسم فربہ پر نہو کیونکر گمان آبلہ

گردشین کرتا ہی لاکھون چرخ لیکن اے جنون پھر پہوتا ہے نہین بخت جوان آبلہ

جس بیابان مین قدم رکھتا ہون بنجاتا ہی باغ گل کھلا دیتی ہے چشم خون فشان آبلہ

ہی جنون میرا وہ عالی ظرف جسکی فیض سے نہ فلک سی تیرہ گیا ہر آسمان آبلہ

تیرہ بختی سی مری سرسبز ہی خاک دشت چپ زبان خار ہے ساکت دہان آبلہ

واہ کیا صحرا دیا ہی تونی ای وحشت مجھے ہی ہر اک اس سرزمین کا خار جان آبلہ

دشت گردی سے ہین شاخ بید مجنون کے نہال چاہیے مرغ جنون کو آشیان آبلہ

ہو جنون کمتر تو کیسی دشت گردی ای اسیر
ہے خزان گلزار وحشت کی خزان آبلہ

ردیف یای تحتانی

ہر جلوہ ہماوہو اسئے جلوہ جانانہ سے ہے
باغ مین بلبل دل اپنا بزم مین پروانہ ہے

دیکھی جسکو یہان تو وہین ہے بیگانہ ہے
چشم حق بین خواب گوش حق شنو افسانہ ہے

ذرہ آئی گا تو مثل عکس کیا لیجاے گا
آبرو یہان شکل آئینہ متاع خانہ سے ہے

سینے تنگ ہے روح وقت اب اس سینے مین قید
شمع اوڑتی پہرتی ہے فانوس مین پروانہ ہے

بادۂ عیش جہانکو اسمین کیونکر ہو قرار
دل مرے سینے مین اک ٹوٹا ہوا پیمانہ ہے

می پلاتا ہون جو بہین آنکہ لیتے ہین بند
موج بوے بادہ زنجیر در میخانہ ہے

جو مکان ہے وہ گہروندی کیطرح مٹجائی گا
سنتمو شوق عمارت بازی طفلانہ ہے

حسن کے طالب نہین رکہتے تمیز کفر و دین
ایک پروانے کو شمع کعبہ و بتخانہ ہے

ہر طرف سی سوی کعبہ ہی رخ قبلہ نما
آشنای حق ہمیشہ خلق سے بیگانہ ہے

جس مین کاؤ مہیان آیا دل کا مالک ہوگیا
بی تکلف میہمان اس گھر مین صاحب خانہ ہے

تیری اک گردش بزم کا نظارہ کر دیتا ہی مست
ہر گل قالین شراب سرخ کا پیمانہ ہے

پہنس گیا ہی تو جو فتنین تو گھبراتا ہی کیون
غمزہ ہی کرتی ہے یہہ دنیا ناز معشوقانہ ہے

دی خدا دولت تو بہہ سائل ہو انسان کسلیے
بی صدا ہے وہ لبالب ہے سی جو پیمانہ ہے

ہی جنون مین بہی ضعیفونکی ہمین غوث پسند
مور چون کا زرق ہی زنجیر کا جو دانہ ہے

ترک دنیا ہی جسے کہتی ہین آزادی اسیر
جو گرفتار علائق ہے یہان دیوانہ ہی

جسے دل کو عشق خط عارض جانانہ ہے
بخت سبز اپنے چمن مین سبزۂ بیگانہ ہے

قاف سی تا قاف تیری حسن کا افسانہ ہے
جو پری کا نام لی آگے ترے دیوانہ ہے

سرو قامت شمع عارض ماہ ہی اوسکی جبین
دل ہمارا فاختہ ہو کبک ہے پروانہ ہے

مفلسونکو دیدۂ کم سے نہ دیکھو منعمو
گنج سی خالی نسمجھو اوسکو جو ویرانہ ہے

ہم ہین وہ مجنون نہین ہی کسکو صحبت کا اثر
ہر غزال اپنی بیابان کا سگ دیوانہ ہے

مرگئی پر قدر عاشق ہوتی ہی معشوق کو
سرمۂ چشم شمع مین خاکستر پروانہ ہے

مین وہ دیوانہ ہون مطلب سے جسے مطلب نہین
ورنہ اپنی کام مین ہشیار ہر دیوانہ ہے

غیر کی محتاج اپنے کشت استغنا نہین
تازہ اپنی آب سی مثل گہر ہر دانہ ہے

عشق سے خالی زبانی مین پیمبر بہی نہین
سو سی عمران چراغ طور کا پروانہ ہے

شہسواری ہی چلا کرتا ہی اٹکھیلی کی چال
ابلق ایام مین بہی ناز معشوقانہ ہے

پر تو رخسارہ روشن نے یہہ چمکا دیا
ہی شب گیسو سنور بخت شانہ ہے

شمع جان پر اوڑ کی آتا ہی جو ای ناوک فگن
صرف تیری تیر مین شاید پر پروانہ ہے

فخر ذرہ کو سمجھتے ہین یہہ درزوان سخن
معنی بیگانہ انکو معنی بیگانہ ہے

آفتاب آئی اگر آئینہ مین تو بنجائے زحل
کس قدر تاریک فرقت مین مرا کاشانہ ہے

عکس دندان ہے تمہارے وقت گلگشت چمن
گل صدف ہی قطرۂ شبنم در یکدانہ ہے

کون ہو سکتا ہے تا قدر زلیخا مشتری
قیمت یوسف تمہاری حسن کا بیعانہ ہے

کانٹی تلوون مین چبہتی ہین جو چہنی دو اسیر
بہر زلف جادۂ رہ احتیاج شانہ ہے

عالم مستی کشان عشق کا میخانہ ہی
شور محشر ایک انکا نعرۂ مستانہ ہے

فصل گل آئی ہے دور شیشہ و پیمانہ ہے
اور اب آب و ہوا ہی گلشن میخانہ ہے

ہر بشر کو چاہیے خوف جہنم دہر مین
قطع ہو کر نخل گلشن صرف آتشخانہ ہے

رعد نامے مین لکہی جاتی ہین جو اعمال نیک
بہر ہو مین خلد کی جا کہر کا پروانہ ہے

کون کہتا ہی کہ ہی بیکار یہہ سینی کا داغ
دل ہی ماتم خانہ یہہ قندیل ماتم خانہ ہے

گفتگو سے اہل وحشت کو نہ بیجا سمجھہ
قابل تحسین کلام قاسم دیوانہ ہے

کون سامان وحشت وحشت مین تکلف کا نہین
بوریا رخت یار ہی مجکو نعمت خانہ ہی

کٹ گی گردن ہی گرا ہی پای قاتل پر جو سر
غور سی دیکھو تو یہہ بھی سجدہ شکرانہ ہی

ہمصفیرو سیر گلشن کی مبارک تمہین
خانۂ صیاد مین اپنا تو آب و دانہ ہی

کھینچتے بیٹھا ہی کس شمع تجلی کی شبیہ
ہر قلم دست مصور مین یہہ پروانہ ہی

لخت دل یاقوت خوشان اشک در آبدار
دیدہ گریان نہین کوئی جواہر خانہ ہے

تجہکو کیا قدر ضیای داغ دل روشن نہین
مرغ زرین فلک اس شمع کا پروانہ ہے

ہی غذا جان سیاہی دم او لجہتا ہی کمال
ہجر کی شب گور سی بدتر مرا کاشانہ ہی

بادشاہونکو کیا ہے عشق نے تیری گدا
وہ پری ہے تو سلیمان بھی ترا دیوانہ ہی

کون ہے مجھسا تہی قسمت کہ مانند حباب
ہی کا دریا ہی روان خالی مرا پیمانہ ہے

کھینچکر تلوار قاتل مجکو دھمکاتا ہے کیا
کھیل سر دینا حضور ہمت مردانہ ہے

سوز فرقت نے جلایا ہی یہہ دل میرا اسیر
برق خانے سی زیادہ مجکو آتش خانہ ہے

اوسنے اونگلی جو دبائی کبھی دندانکے تلے
شاخ مرجان نظر آئی خط لعل کے تلے

تیرے وحشی کو ہی کیا دشت مین بستر درکار
پڑ رہا ہوگا کسی نخل مغیلانکے تلے

باعث جلوۂ خورشید ہین آثار سحر
داغ سینے کا چھپے گا نہ گریبان کے تلے

کشتہ اک سرو گل اندام کا جسنے کیا
قبر ہو سایۂ شمشاد گلستان کی تلے

دلکو میری جو دغا کی تکیہ بنا کر سوتی
خواب گہ یار کی ہی قرآن کوئی قرآن کی تلے

دیکھتا ہون جسے پاتا ہون اوسی سرگردان
کون راحت سے ہی اس گنبد گردانکی تلے

نہین معلوم کہ ہی فلک اونہین کس پاتنکی آج
ہاتہہ رکھی جو وہ بیٹھی ہین نخدانکے تلے

نہ پہرون گہر کو اگر سیر کو جاؤن مین ضعیف
دب رہون سایۂ دیوار گلستانکی تلے

کیا اطاعت ہی جو قاتل کا اشارہ پایا
رکھدیا مینی گلا خنجر برانکے تلے

شورشِ خلق سے آتا نہین خواب اے وحشت
سوئی جا لکے کسی نخلِ بیابان کی تلے

اگیا غیر جو کوئی دم تحریر جواب
رکھہ لیا اوسنے مری خط کو قلمدانکی تلے

پاس پہنچونکا کرائی چرخ نہ او پہنچونکو گرا
خانۂ مور ہی ہے قصر سلیمانکے تلے

سنبلہ مین نظر آتا ہی ہمین نجمِ زحل
خالِ عارض یہ جو ہی زلف پریشانکی تلے

یون گری تیری تماشی کی لیی خلق پہ خلق
جسطرح ہی صفِ مژگان صفِ مژگانکی تلی

پسِ کی سم ہوگئی دانی جو مری قسمت کی
آسیا چپ ہی زبان دانکی دندانکی تلی

یادِ گیسوی زلف کی ہی بسکہ دمِ گریہ اسیر
ہے اندہیرا سا مرے دیدۂ گریانکی تلی

کوتاہ پای سعی ہی راہ کشادہ ہے
ہر نقشِ پا مرا گرہِ تار جادہ ہے

رکھتی ہی پست پست کی انسانکو پری
سایہ پیادہ ہی کا سرِ منزل پیادہ ہے

نکلین گی اشک دیدۂ گریانسے عمر بہر
ٹوٹے گا کیا کنوین میں ہیچ پانی زیادہ ہے

اعمالِ زشت اشک ندامت سے دہو گئے
شکر خدا کہ نامۂ اعمال سادہ ہے

جاتا ہے کون یکہی پیدلی بہشت مین
ہم مستِ ہی سوار نہ پا پیادہ ہے

جی بہر کی وہ عطوا سی ہو شغلِ میکشی
[illegible]

[illegible]
[illegible]

جب عجم کا سامنا ہو بین محشر سے سب ہین
جسوقت دل بہرا ہی مجہی جام بادہ سے

منظور ہے جو تیری سواری مین دوڑنا
جو ہی گل سوار چمن مین پیادہ سے

کیونکر پہری گا کوچۂ قاتل سی نامہ بر
سچ ہی کہ عمر رفتہ کا مشکل اعادہ ہی

کرتا ہون قطرہ ہو کی مین دریا کا سامنا
مقدور کم ہی پر مری ہمت زیادہ ہے

کشتہ نہین ہی کون تری تیغ ناز کا
گردون شفق سی بسمل و رخون فتادہ ہے

زور جنون مین دشت کو جاتا ہون بیخطر
کچہہ خوف شیر نر کا نہین کیا وہ مادہ ہے

شاکی ہون کس لیی کمی رزق کا مین زار
خرمن سی دانہ مور کی حق مین زیادہ ہی

موی کمر سی عشق ہوا جسکو مر گیا
ثابت ہوا کہ ملک عدم کا یہہ جادہ ہی

بی یار میکدہ بہی مقتل سی کم نہین
شمشیر بی نیام ہر اک موج بادہ ہی

سائل کرم کا تجہسے نہین کون ای کریم
دست گدا و دامن سلطان کشادہ ہے

سامع کو کیون پسند نہو وسعت بیان
راحت ہی راہرو کو جو رستہ کشادہ ہے

ظاہر ہی حال لاغری تن کا ای اسیر
ملبوس تنگ میری بدن پر لبادہ ہی

اللہ کو ہی عشق رسول کریم سے
جاری ہی راہ و رسم محبت قدیم سے

لاش اپنی بن گئی گل بازی پس فنا
دوزخ بنی لی جنان ہی جنان فی جحیم سے

حاجت روای خلق نہین ہین خسریان
بنتی ہے تیغ زر سی نہ ہندوق سیم سے

چہوٹون گا خاک رنج و الم سی مین خاکسار
اس خاک کا خمیر ہی اشک یتیم سے

سمجہا ہی میری آہ کو کیا چرخ سرنگون
دریا ہوا دو نیم عصاے کلیم سے

احسان کسی دنی کا اوٹہاؤنگا بعد مرگ
یا رب ملے کفن بہی تو دست کریم سے

یا خدا مین دل کو ہی پیدا ای درد کیا
بیمار کی رجوع ہی حاذق حکیم سے

سب لیگیا وہ ساتھہ یہہ غیرونکو دی گیا
ہمت مین ہی لئیم زیادہ کریم سے

ای گریہ دہو جریدہ اعمال نیک و بد
دل تنگ ہی شکنجۂ امید و بیم سے

شکر خدا کہ ہجر کی شب ہوگئی سحر
پائی نجات ہمنی بلای عظیم سے

ای خاک گور تو ہی ٹہکانی لگا انہین
نافرسنگ دہا ہین عظام رمیم سے

ساری علاج آکی اجل نی بہلا دئی
حکمت وہ کیا ہوئی کوئی پوچھی حکیم سے

دولت سی ہم فقیر کہانتک حذر کرین
یہہ برق لپٹی جاتی ہی اپنی گلیم سے

ای فصل گل ہین وحشی نازک مزاج ہم
طوق گلو ہو حلقۂ موج نسیم سے

عالم صدف کی طرح ترا سینہ ہوگا چاک
بہرنا شکم کا قہر ہے مال یتیم سے

کب سے تڑپ رہا ہون رہا کر عذاب سے
قاتل اوٹہانہ ہاتہہ عذاب الیم سے

افشا کریگی راز دل آخر یہ آہ سرد
غنچہ چہپا سکے گا نہ خوشبو نسیم سے

ہوتی کبھی نہ طالب دیدار طور پر
اصرار قوم کا جو نہوتا کلیم سے

محو جمال گل ہون نہین ایسا کہ ہر سحر
جاتا ہون صحن باغ مین پہلے نسیم سے

قرآن مین بھی اسیر ہی حال حرم حسین
مضمون کہلا یہ آیۂ ذبح عظیم سے

گردن کو خوف کیا جو وہ تیغ آبدار ہی
جبتک نہ آئی موت گریبان حصار ہی

جنبش نہین ہے ضعف سی بیجان [illegible]
مردہ ہے جان جسم ہمارا مزار ہی

اتنا تو آستان پہ جہکا سے سر سجود
مقبول تم کرو نہ کرو اختیار ہے

[illegible]
[illegible]

قاضی بھی شراب [illegible] [illegible] — [illegible] فصل بہار ہے
مجھ کو محبت سی [illegible] [illegible] — [illegible] جو سایہ [illegible]
رحمی کو دیکھتا ہوں [illegible] — [illegible] خنجر کی دہار ہے
دنیا میں بھی ہوائی حوادث [illegible] — برباد ایک [illegible]
مجھ فاقہ کش کو کیوں نہ وہ ابرو پسند ہو — ظاہر ہے ماہ عید کا جو روزہ دار ہے
لازم نہیں غرور حسینوں کو اسقدر — حسن دو روزہ جلوہ برق و شرار ہے
دریا کو کچھ نہیں جو روانی میں اختیار — شاید کسی کا گریہ بے اختیار ہے
میوہ فروش کی ہے دکان میکدہ نہیں — جو شیشہ شراب ہے پوست انار ہے
مغرور اپنی ساری حسینوں کو کر دیا — زیبا ہے آئینہ سے جو ہم کو غبار ہے
بلبل خبر ہے شہر کہ دشمن ہے باغبان — گلشن میں بود و باش تری اسکو خار ہے
مجبور ہم ہیں صبر میں عزت ہو کیوں خفا — انسان سے سوا خندہ تا اختیار ہے
لیتا ہوں سانس میں تو نکلتی ہیں لخت دل — تار نفس نہیں کوئی پہلو نکا ہار ہے

جبر اختیار ہم نے کیا عشق میں اسیر
اسیر ہی وہ ملے نہ ملے اختیار ہے

ظاہر دو رنگی چمن روزگار ہے — فصل خزان کبھی کبھی فصل بہار ہے
پوشیدہ آنسوؤں میں مرا جسم زار ہے — گویا یہ رشتہ گہر آبدار ہے
آتی نہ آئی ہاتھ کسے اختیار ہے — کہتے ہیں نوکری جسے تا نہ شکار ہے
ٹھوکر لگا کے چلتے ہیں میری مزار کو — میں خاک ہوگیا و نہیں اب تک غبار ہے
مکر عدو سے دوست تماشے حذر ہے شرط — ظاہر میں یار غار حقیقت میں مار ہے

بیٹھے ہین آکے آینہ خانے مین سادہ رو
آہن کا گرد شہر حلب کی حصار ہے

کسکو گلہ ہی آنکھین اگر تمنے پھیر لین
یہہ مقتضای گردش لیل و نہار ہے

انسان کو کیسی کیسے خدا نی دیئی ہنر
ہر گنج کا طلسم یہہ مشت غبار ہے

مردونکے طرح کرتی ہین ہم زندگی بسر
تنگی جہانکی ہمکو عذاب فشار ہے

آہو سے کیا سمجھ کے بہلا دیجئی مثال
وہ چشم شوخ آہوی مردم شکار ہی

دنیا مین گو کہ بارگران ہین بہت مگر
گردن اٹھی نہ جس سے وہ احسان کا بار ہے

بیتاب ہی جو دیکھ کی وہ روی آتشین
سیماب یا سپند دل بیقرار ہے

آسودگی کی ارض و سما مین نرکھ امید
نادان تھی یہہ دیگ یہہ خالی تغار ہی

بزم جہان مین تجھسے کسیکو نہین نجات
سوزان ہے مثل شمع اگر تاجدار ہی

اٹھنے کا ذکر کیا ہے کہ جنبش سہی محال
یارب یہہ جسم زار کہ بستر کا تار ہے

بدلے گا کیا طبیعت انسان کا خاصہ
شیرین نہو کبھی وہ ترش جو انار ہے

مجھسے یقین ہے کہ ملین چشم یار کی
نوروز ابکی سال ہرن پر سوار ہی

دل کلفت جہان سے ہمارا ہی صاف اسیر
جاروب آینہ کی مکان مین غبار ہی

چال اولٹی تری تلوار سے چلے یارونسے
بیگنہ قتل ہوئی پھلے گنہگارونسے

ہون خمیدہ تو حذر شرط ہی مکارونسے
بھاگنا چاہیے گرتی ہوئی دیوارونسے

دور سے ابروونکو دیکھکے عاشق ہے قتل
کام تیرون کا لیا آپ نے تلوارونسے

پیر مغان قفس حاجت مقراض نہین
اپنی پر آپ کترتی ہین یہہ منقارونسے

محو گلگشت ہی اشعین رند الفنسے رسلکر ظالم
طوق و زنجیر بہی ہین تنگ گرفتارونسے

وحشت غربت مین لگی پیاس الہی کسکو
نہرین مہندی ہوئی آتی ہین جو گلزارونسے

ہین مطلب نہ پایا جو کہے وہ پہچان گئے — ہنسکے بولا کہ الگ بیٹھیے بیمار ون سے

در پر وہ نکلے جو کبھی جھکے مین بیٹھا تو کہا — سیکھ لو بیٹھ کے اوٹھنا بھی تو دیوار ون سے

بیگنہ جا یین کہان اب کہ تری حرمت سے — بھر دیا گلشن جنت کو گنہگار ون سے

ڈھونڈتے ہین اوسے سب نہین پاتا کوئی — سنہ چھپائے ہوئے یوسف ہے خریدار ون سے

جا تو ولسی خ مری ای غم دانہ وہ والم — تعزیہ خانہ کی رونق ہے عزادار ون سے

اب زمانے مین نہین حاجت خورشید قمر — روشنی چار طرف ہی تری رخسار ون سے

کیمیا گر وہی اکسیر لیے پھرتے ہین — خاک کچھ کچھ جو جھڑی تھی تری دیوار ون سے

صنعت خلق جدا صنعت خالق ہی جدا — خانہ دل نہ بنے گا کبھی معمار ون سے

دل پہ جب صدمہ ہوا صاف بھر آئین آنکھین — درد دل چھپ نہین سکتا ہے کبھی یار ون سے

گو ریمن ہین مری اعمال مری ساتھ اسیر — یار چھٹتے ہین مصیبت مین کوئی یار ونسی

دام گیسو کا اشارہ ہی یہی یار ون سے — بڑھ کے آزاد وہ نہین اسیر کے گرفتار ون سے

گرم ہنگامہ شفاعت کا جو محشر مین ہوا — کچھ نہ پوچھے گا کوئی ہمسے گنہگار ون سے

روش باغ پر اوس گل کی ہی جو روشنی — کبک طاؤس چلے جائینگی گلزار ون سے

ہی نئی طرح کا سودا کہ اکیلے گھر مین — پھرون ہم باتین کیا کرتے ہین دیوار ون سے

کس کا دیوانہ گیسو سوی صحرا آیا — اژدہے ڈر کی نکلتی جو نہین غار ونسی

گرد کلفت سی ہٹی گیا دل عارف کی صفا — شہر دریا تھا امواج سے دیوار ونسی

جگر و دل مین نہ شوق فراغ تو کس کام کا جسم — رونق شہر ہے آراستہ بازار ونسی

نبساپہ مژگان کی محبت کا ہی رگ رگ مین اثر — جا بجا جسم مین مچھلی کیطرح خار ونسی

کیا کہون گو رکنون کا جو مرض مین ہی کرم — پوچھ جاتی ہین خبر روز پرستار ونسے

رہا زالفت کا چھپانا جو رہا مد نظر
اپنی دل کا نہ کبھی حال کہا یار رونسے

جا بجا مضمون ہیں سماسیع رباعی گو یا
چار رون باطل ہون اگر ایک ہی چار رونسے

کرکی گلگشت گیا کون گل اپنی گھر کو
سر پٹکتی ہی صبا باغ کی دیوار رونسے

نشان حق تو تجنی مری ادری کا ہیو فروغ
گرم بازار حبیبون کا ہی بہار رونسے

ہو گیا وصل حد حاصل صفت شبنم وگل
خوب رخسار ملی یار کی رخسار رونسے

زردی رنگ سی رکھتی ہین طلای چہری
کم نہین ہین تمہی بیمار بھی زردار رونسے

کیون مہرویی صفر ہین کہ یہ کثرت ہی اسیر
منزلین کم نہین کچھ شہر کی بازار رونسے

دل کو نالون کی دم نزع ہوس باقی ہی
منزل آخر ہوئی فریاد جرس باقی ہی

کہو چھٹی سی رہا ہو کی چھوٹی بلبل
کہ ابھی کشمکش دام و قفس باقی ہی

نہ سماعت نہ بصارت ہی نہ طاقت ہی نہ زور
اس خرابی پہ بھی جینی کی ہوس باقی ہی

جن فنا انس فنا عرش فنا فرش فنا
ذات باقی ہی تو اللہ کی بس باقی ہی

سبزہ مجکو نہ ہا لی [illegible] سمجھین سبزہ حیوان
کہ ابھی نشتہ خشک مین رس باقی ہی

ایک دو روز مین گہبرا گئی فصاد و طبیب
عمر سودا ابھی دو چار برس باقی ہی

کہہ دیا حضرت لیلی نی مجھی نزدیک فنا
زندگی شکل حباب ایک نفس باقی ہی

[illegible] ایسی [illegible] صاحب تاج
اب نہ گنبد ہی نہ گنبد کا کلس باقی ہی

نا تمول در منعم کو چھوڑ نیگی حریص
جب تلک شہد ہی انبوہ مگس باقی ہی

آشیانی کی لئی سب نگئی چن کر بلبل
خار باقی ہی گلستان مین خس باقی ہی

[illegible] سر جسم سی وہ کاٹ چکی
لاش پر ایک تگاپوی فرس باقی ہی

[illegible] عشق کی ہین
جب تلک بار [illegible] مین کس باقی ہی

چل کے کرتی ہین ائمہ کی زیارت بھی اسیر
زندگی اور جو دو چار برس باقی ہے

روح کی ساتھ ہی قالب مین قضا بھی آئے
شمع آئی مری گھر مین تو ہوا بھی آئے

طالع بد نی کیا وعدہ برابر کیا
یار آیا مری گھر مین تو قضا بھی آئے

وای تقدیر کہ ہم قتل سی محروم رہی
غصہ اوس ترک کو آیا تو حیا بھی آئے

آمد ناقہ لیلی ہی خبردار ای قیس
وہ اوڑی گرد وہ آواز درا بھی آئے

ساقیا دیر ہی کیا کیون نہین چلتا ساغر
جھوم کر ابر تو گلستان مین گھٹا بھی آئے

صحبت یار مین اغیار کا آنا کیا
آگیا مجکو پسینا جو ہوا بھی آئے

دیکھئی خون ہو کس کس کا خدا خیر کرے
غازہ ملتا رہا اوس کی حنا بھی آئے

نہین معلوم کہ کس کام مین تھی اہل قبور
دیر تک ہمنی پکارا نہ صدا بھی آئے

حال پوچھو نہ شب ہجر کی بیداری کا
صبح تک نیند نہ آنکھون مین ذرا بھی آئے

کہتی تہی اور حسینون سی یہہ تقلید اوسکی
میری صدقی مین تمھین اتنی ادا بھی آئے

بوسہ مانگا جو خط سبز کا ہمنی تو کہا
زہر کھایا تو سمجھ لو کہ قضا بھی آئے

مغز جان تازہ ہوا شاد کیا جیب گوئی گل
گل یہہ غنچہ جو ہوا بوئی وفا بھی آئے

قل ہو اللہ لگین پڑھنی ہماری آنتین
تا قد حسن روز ہوا یاد خدا بھی آئے

اب کہان اپنا ٹھکانا کہ ہوئی ہی دشمن
سر سی آفت ٹلی تھی کہ بلا بھی آئے

مہر عارض نہ گئی روز سیہ دل سی اسیر
دہوپ سی میلی رہی ہر چند گھٹا بھی آئے

آب حیات یار کا زہر فراق ہے
کچھ خضر سی علحدہ اپنا مذاق ہے

جنت ہی وصل یار جہنم فراق سے | یہہ قول ہر فریق کا بالاتفاق ہی
وہ مست ہین کہ بیٹھی ہین چلو مین ہم شراب | ساغر ہمارے بزم مین بالای طاق ہی
شاخ انسی جہٹر کی پاتین ہوتی ہین کہین خشک | احباب کو جدائی احباب شاق ہی
جاتا ہی یار ختم ہی شب ہوتی ہی سحر | نوبت نہین یہہ غلغلۂ الفراق ہی
اتنی لئی خدا سی دعا ہی بہشت کی | حورون کی دیکہنی کا کمال اشتیاق ہی
کرتی ہو کاٹ تیغ کا ملتی ہو جب سے گلے | کس کام کا وفاق جو دل مین نفاق ہی
ہی شہسوار کون سوای حبیب حق | رہوار برق سیر اگر ہی براق ہی
زال جہان کو منہ نہ لگا ئینگی ہم کبہی | تجہ ہو زن تو مرد کو لازم طلاق ہی
نسبت ہی تیری گا ؤ فسی کیا مہر و ماہ کو | اسکو محاق ہی تو اوسی احتراق ہی
قابو مین دل نہین کسی بیٹہی ہو حکم صبر | تکلیف اسطرحکی تو مالا یطاق ہی
لیلی سی بہی سوا ہی تری خوبصورتی | مجنون سی بہی زیادہ مرا جسم تاق ہی
ہاتہہ آ گئی اوسکی کا کل پیچ پیچ چھٹ گئی | قسمت کا پیچ یہہ ہی عجب اتفاق ہی
بولی وہ وصف مطلع ابرو مین سنکی شعر | وزدی سخن لکہیہ نہ سہی اشتقاق ہی
دیکہی جو وقت زیب جو اپنی سی اور شکل | آئینہ کی طرف نظر اشتیاق ہی
ابرو سی کر اشارہ کہ صحت ہوا ی مسیح | طاقت تری مریض محبت کی طاق ہی

جاہل کو میری شعر کی کیا قدر ای اسیر
سمجھے یہہ قوالقہ وہ جسی کچہہ مذاق ہی

لاکہون ہین عشق چاہ ذقن مین مری ہوئے | کشتی ہین اس کنوین مین لبالب بہری ہوئے
جوش غضب میں مین بہی کیا کیا نہ گالیان | کیسی برس پڑی ہی جو دہائی بہری ہوئے

بہتان مرگ کا ہی شہیدان عشق پہ
مرتی نہین وہ جو ہین کسی پہ مری ہوئی

کیا درد تہا کہ مردہ عاشق ہی گور مین
اک ہاتہہ دل پر ایک جگر پہ دہری ہوئی

سینچے ہے سر پہ نخل چمن روز باغبان
بلبل کی آنسوؤن سی ہین تہالی بہری ہوئی

فرہاد و قیس ہین تری وحشی کی ساتہہ
جس طرح طفل پیش معلم ڈری ہوئی

سمجہے ہین مجکو وحشی نازک مزاج طفل
یہ وہ نفسی جہای سنگ ہین دامن بہری ہوئی

کیسا سیاہ خانہ ہمارا ہی خوفناک
آتی ہین مہر و ماہ تو اسمین ڈری ہوئی

مشتاق جی اوٹہین جو عیادت کو آؤ تم
بیچاری بسترون پہ پڑی ہین مری ہوئی

مشتاق بادہ خوار ہین ساقی پلا بہی دے
کب تک رہین گی طاق پہ شیشے دہری ہوئی

وحشت کا رعب بعد فنا بہی وہی رہا
آئی جو قبر مین تو فرشتی ڈری ہوئی

زیر فلک ہی ظلم فلک سے نہین نجات
مردون کی چہاتیون پہ ہین پتہر دہری ہوئی

آئی بہار باغ مین ساقی گئی خزان
سوکہی بدن فسردہ دلون کی ہری ہوئی

مزدور اگر نہین ہین تو کیا ہین سپہر بادشاہ
ساری جہان کا بوجہہ ہین سر پہ دہری ہوئی

آیا وہ ترک تیغ جو میدان مین کہینچ کر
الٹین صفین تہی برہم و درہم بہری ہوئی

نو دولتون کو گرم مزاجی نی کہو دیا
سرسام ہو گیا ہی بلند اختری ہوئی

زلفین جو اوڑ کی یار کی آنکہون پہ رہ گئین
سمجہا مین قید دام مین آہو پری ہوئی

عیبون کی قدر کرتی ہو کیا خوب ہی سمجہہ
کہوٹی جو تہی تمہاری نظر مین کہری ہوئی

عبث اون ہمیشتی منہ نہی لگایا کبہی نہ جام
کیون منہ چڑہی ہین شیشون کی صورت بہری ہوئی

سینے مین رنگ رنگ کی مضمون نہین آتش
صندوق ہین یہ لعل و گہر سی بہری ہوئی

حق ہی کہ کون حسن مین تیرا جواب ہی
سب مہ جبین ستارہ ہین تو آفتاب ہی

رنگینی میری ہجر مین بستر سحاب ہی
تکیہ [illegible] بغل مین یہ مشک پر آب ہی

دم مین تمام ہون کسی ایذا کی تاب ہی
بسمل کا اضطراب مرا اضطراب ہی

ہنستا ہو چشم فکر تو دریا بھی ہی حسین
ابرو ہی موج آنکھ کی صورت حباب ہی

راتون کو اسکی ناوکسی آتی نہین ہی نیند
پہلو مین دل کہ جان کا اپنی عذاب ہی

آو کہ حال ہجر سی بیمار ہے ضرور
کیا جانتی نہین کہ عیادت ثواب ہی

خط لکھی ہین اوس بت سفاک کی نظر
گھر سی خدا کی نامہ برون کو جواب ہی

کردون کو آنکھ اوٹھا کی نہین دیکھتی ہین مست
اس جام کی شراب کی مٹی خراب ہی

کتنی تری خیال مین گرمی ہی سیم تن
آب سرشک دیدہ تر نقرہ تاب ہی

دریا کی سیر کو نہین جاتی وہ بی نقاب
اندیشۂ نظارۂ چشم حباب ہی

کیا واعظا ہی خوشہ انگور کا ہو وصف
پوشیدہ ہر ستاری مین اک آفتاب ہی

دریا ہماری طبع کا دریا سی ہی جدا
گوہر ہی اسمین موج نہ سرکش حباب ہی

کوئی بہک گیا تو رہا کوئی ہوش مین
دولت کسی کو آب کسی کو شراب ہی

گنتی ہین ہجر یار مین گن گن کی ساعتین
یوم الحساب آج ہماری حساب ہی

تم حسن مین ہو فرد تو مین عشق مین ہون فرد
میرا جواب ہی نہ تمہارا جواب ہی

مٹی خراب اب نہ رہیگی مری اسیر
قصد زیارت لحد بو تراب ہی

جو ہی سوار اسپ وہ پا در رکاب ہی
کتنی سمند عمر روان مین شتاب ہی

بربادی ایام جہان خراب ہی
اشتر بہ گنجفہ ہی کہ گم آفتاب ہے

ہر وقت چہرہ یار کا زیر نقاب ہے
جب دیکھو جزو دان مین پنہان کتاب ہے

واقف ہین مست دختر رز کی مزاج سے
باطن مین ہی یہہ آگ تو ظاہر مین آب ہے

سمجھو نہ ہیچ سونکو ہی بی گفت و بی شنود
واقف زبان موج سی گوش حباب ہے

کس کام کی وہ آنکھہ مروت نہ جسمین ہو
بیکار بزم مین قدح بی شراب ہے

صبح شب وصال عیان ہو تو جی اوٹھون
مردہ وہ ہون کہ مجکو مسیح آفتاب ہے

خالی پھرا ہو کوچۂ جانان سی نامہ بر
سمجھے یہہ ہم کہ زیست ہمکو جواب ہے

مومن کی کیون نہ نفس کشی پر بندھی کمر
کتنا جہاد راہ خدا مین ثواب ہے

کیا جانی کس صنم پہ پڑی آنکہ وقت حج
شیخ حرم کا خانۂ ایمان خراب ہے

پوچھو نہ مجھ سی کچھہ مری روز سیاہ کا حال
تاریک تر زحل سی رخ آفتاب ہے

ممکن نہین کہ قطرۂ باران کا ہو حساب
باہر حساب سی کرم بیحساب ہے

کرتی ہین کیسی ظلم غریبون پہ یہہ صنم
کچھہ خلق سی حیا نہ خدا سی حجاب ہے

بی آبرو ہی جسکو نہو حفظ کا خیال
کہتی ہین آبرو جسی موتی کی آب ہے

اہل صفا کو کب ہی سر سرکشی اسیر
ظاہر ہی یہہ کہ آب گہر ہی حباب ہی

لذت بغیر سوز جگر گفتگو نہ دے
مجمر مین جب تلک نہ جلی عود بو نہ دے

کہتا نہین کہ پان رقیبون کو تو نہ دے
اتنا لحاظ کر کہ مری روبرو نہ دے

اللہ ری لاغری بدن ایسا ہوا ہی خشک
کہولی جو کوئی فصد ہماری لہو نہ دے

خالی جو خلق سی ہی وہ کس کام کا بشر
کانٹا مری نظر مین ہی جب پھول بو نہ دے

اب تو یہہ میری دل کی ہی اللہ سی دعا
جو چاہی وہ ہی دی پہ ایک مجہی آرزو نہ دے

ساقی وہ کیا شراب کی آفتاب کو
جو مست آسمان کو غلطاں سبو ندے

بیہودہ ہی چاک جیب رفوگر نہیں رہے
قسمیں عبث عبث مجھے پھر رفو ندے

یارب جو قصد شکوہ کروں تیغ یار سے
فرصت بیان کی شدت درد گلو ندے

صیاد دام میں ہیں یہ سب ہمصفیر
امنیں چہرے کسی کو مری روبرو ندے

کیا بیکسی میں جمع کے فراغت سے بیٹھیے
کھٹکا یہہ ہے کہ ہاتھ بغل میں سبو ندے

مانگوں جو میں تو پیر مغاں دے مجھے شراب
زاہد کبھی تو آب بھی پھر وضو ندے

تو جسکو دے مجال ہے اوسکو ندے کوئی
کیا کوئی دے سکے اوسے جسکو کہ تو ندے

اے گل نہیں چمن میں مناسب خرام ناز
بوسہ کہیں قدم کو لب آب جو ندے

دانہ زمیں سے نہیں اگتا بغیر آب
سرسبز خاک ہو وہ جسے آبرو ندے

بیفائدہ ہے منعم ممسک سے چشم فیض
ساغر شراب کا کبھی دست سبو ندے

کیسا اسیر ہے سبب زمانہ بدل گیا
وہ دوست دے رہے ہیں جدا [illegible]

مری حیرت گلستاں میں اگر رنگ اثر باندھے
رگ گل [illegible] طائر نکہت کی پر باندھے

تصور [illegible] کا [illegible] لازم ہے [illegible]
فنا فی الغیب ہو جائے تو مضمون [illegible]

صدا آئی جاناں آرہی ہے جا بجا [illegible]
[illegible]

نہیں ممکن کہ [illegible]
[illegible]

تری آنکھیں فرصت [illegible]
[illegible]

کرے قصد عدم روح رواں [illegible]
[illegible]

محال عقل ہے [illegible]
[illegible]

کتابون پر عبث نافہم کو ہی علم کا دعوی
شہور زن مرد میدان الا کہ شمشیر و سپر باندہے

وہ نخل خشک گلشن ہین دست سیر ہی جانکی دشمن
جدا ہو مجہ سی جو تیا وہی تجہیر تبر باندہے

وہ بحر حسن آجا ہی جو دریا ہین نہانیکو
شہ ہین یارونکی یہہ آنکہین کہ پل گرد نظر باندہے

ہمین کو وای قسمت ہنجان اوس تن کی چہوڑا
ہزارون کاٹ کر غنچا کہ ہین گلشن کی ثمر باندہے

ریاض دہر سی آخر کو خالی ہاتہہ جاتا ہی
گرہ ہین کیا کوئی وہ جو دن کو مثل غنچہ زر باندہے

گرایا خون کافر بہی اگر اسمین تکلف کیا
جہاد نفس پر لازم ہی انسان کو کمر باندہے

ابوجہل ای فلک ہو سیر نعمت ہای دنیا سے
شکم پر سنگ فرط جوع سی خیر البشر باندہے

پلا ای تیغ قاتل فی سبیل اللہ یہ پانی
رہین منہ مثل صائم کب تلک زخم جگر باندہے

گرای اشک گلگون شوق دید یار مین جسدم
نگہ کی تار سی گلدستہ گلہای تر باندہے

رہا فکر سخن مین بہی خیال وصل یار ایسا
غزل مین قافیی موصولہ ہمنی بیشتر باندہے

نصیحت آج توسن کی نگر وڑ ہی یہ ناصح سے
کہین یہہ کو ریاطن وز آنی کی ندکر باندہی

اسیر اپنی حقیقت کیا یہ ناحق کوشش ہی خلقت
کہا ساحر نی گو افتری علی اللہ پر باندہے

جس دل مین سوز عشق نہین ہی فسردہ ہے
جو چشم اشک ریز نہین ہی برمردہ ہے

کیا کہی دل فراق مین کیسا فسردہ ہے
مردہ ہی جان زار بدن گور مردہ ہے

سو بار تیغ ارہ یہہ غم مژگان نی کر دیا
پہلو مین دل نہین ورق کرم خوردہ ہی

کیونکہ نہ ہجر یار مین ہو میکشی حرام
مردہ لبا شراب ہی می خون مردہ ہے

ای چرخ کیا مین لقمہ غم کا مزہ کہون
خوردہ نہ بردہ بلکہ فقط درد گزیدہ ہے

پیری مین کیون نہ ہو اتنی کیفیت سخن
اچہی وہی شراب ہی جو سال خوردہ ہے

پیوند خاک ہو گئی ہی دل ہی مرا غنچے
فیروزہ فلک مری نظروں مین مردہ ہی

روتا نہین وقت ولادت کی کون طفل
رخت حیات پیرہن شوب خوردہ ہی

ابتک شب فراق نچھوٹی سحر کی توپ
ای چرخ توپچی کو مگر درد گردہ ہی

ملک عدم کو چل نہین کچھ خوف کا مقام
رستہ نیا نہین ہی یہ راہ سپردہ ہی

ارزان یہہ نرخ جنس سخن ہی جہان نہین
زندہ ہون پہ کلام مرا مال مردہ ہی

دیتا ہی غنچہ کو تو دہن سی تری مثال
ظاہر پرست راہ معنی نبردہ ہے

کیونکر ہو اسمین عکس فگن شکل عیش کی
دل گرد غم سی آئینہ زنگ خوردہ ہی

ٹھہری کی چھوڑ اوڑا نہ زر گل کو ای نسیم
یہہ خسرو بہار کا گنج شمردہ ہے

تاریک ہجر یار مین ہی محفل چمن
ٹھنڈا چراغ لالہ ہی گل شمع مردہ ہے

نفرت مری سخن سی ہی یہ گوش یار کو
سنجیدہ حرف ہی سخن نا شمردہ ہے

تم گھر کو کیا گئی کہ چمن سی گئی بہار
پژمردہ پھول ہین دل بلبل فسردہ ہے

پوچھو نہ حال ضعف مین مجھ اشکبار کا
اشکون مین جسم زار خس آب بردہ ہے

ٹلتی ہین کوئی جنگ مخالف مین راست باز
ہر نخل باغ وقت خزان پا فشردہ ہی

ماہی و ماہ لالہ و طاؤس دل مرا
جو ہی وہ سوز غم سی تری داغ خوردہ ہے

جان آفرین کو دونگا کسی روز نقد جان
مین ہون اسیر یہہ مال سپردہ ہے

چاہئی زندہ ہی مردی کی قناعت رکھئے
گھر سی باہر نہ قدم تا بقیامت رکھئی

صورت آئینہ جو صاف طبیعت رکھئے
قصد آمیزش ہفتاد و دو ملت رکھئی

سر وہی سر ہی کہ ہو عشق کا جسمین سودا
دل وہی دل ہی کہ جو درد محبت رکھئی

گوش وہ ہی جو رہی تیری سخن کا مشتاق
چشم وہ ہی جو تری دید کی حسرت رکھی

وہی سمجھی تجھی جو کچھہ نہ کسی کو سمجھے
وہی جانی تجھی جو غیر سی نفرت رکھی

شوق سی کر مجھی کم نہ در گمشا کر ای عشق
مگر اتنا کہ یہہ دل صبر کی طاقت رکھی

کبھی ماتم مین خوشی ہمکو جو ہوتی ہی تو یون
تعزیت خانی مین جیسی کوئی نوبت رکھی

ہمہ تن ہوکی زبان دیتی ہی آوازہ تیغ
سر جھکائی جو تمنای شہادت رکھی

پیاسی ہم رہ گئی اک جام نہ ساقی نی دیا
کیا کسی سی کوئی امید مروت رکھی

کیا غم ہجر کی پنجہ سی چھڑایا ہمکو
ملک الموت خدا تمکو سلامت رکھی

ابر سی سیکھہ روش پرورش عالم کی
اس سخاوت پہ نہ احسان نہ منت رکھی

تم بوسہ لب دو ایسی قدرت ہی خدا کے ۔ منہ غیر کا میٹھا ہو نمک خوار کے ہوتی
تیغ ابرو کی قاتل کی جو سر بیچ کے لیتا ۔ ایک ایک کی دو دو تو خریدار کے ہوتی
خورشید بنا نہین منوی تو منوی ہم ۔ ذرے ہی کسی روزن دیوار کے ہوتی
ست ہو کے سزاوار رہی افسر شاہی ۔ لیتی متحمل جو ہم اس بار کی ہوتی
آتنا نہ ہو ضعف نی چھوڑا مری تن مین ۔ لب سنج ہو ادہر سی بہر کی سوفار کے ہوتی
قاتل ہمین شوق مزہ زخم نے مارا ۔ جا دشتے ہو کشتی تری تلوار کی ہوتی
کیون شہر مین آتی شہانی مرگ غریبی ۔ کانٹے ہی تو ہم جا بقدم خار کے ہوتی
دہ زار ہین ہم دوڑکی ادہر تک نہ پہنچے ۔ پیرو جو کسی سایہ دیوار کے ہوتی
جہ معز کی میکاہش جان کا بیکو ہوتے ۔ ہم سان جو وہ حال دل بیمار کے ہوتی

قاتل مری قتل کو آتی ابھی اور ٹھہر کر
یہ تیر کی مانند جو تلوار سے ہوتی

ماخوذ ہوئی دل کی عوض حشر مین اعضا
پکڑی گئی بے جرم گنہ گار سے ہوتی

کعبی کی طرف ہم تو نجائین گی نجف سے
لے کون صدف گوہر شہوار سے ہوتی

گل باغ مین سنتی ابھی ہو کر یہہ تن گوش
نالی جو رسا مرغ گرفتار سے ہوتی

مجھ سی یہہ نہوگا کبھی ای شیخ
مسجد کو چلون خانہ خمار سے ہوتی

جیو ٹون بہی وہ تعریف اسیر اسکی جو کرتا
آفاق مین شہرہ مری اشعار کی ہوتی

وطن سی نامہ بر آئین تو نجائین نشان غم کی
خط احباب سمجھا ہی ہون لیکر داغون کی الم کی

وہ بیکس ہین تماشی دیکھتی ہین مرکی عالمگیر
لکھی ہین قبر کی تعویذ مین خط ساغر جم کی

تمہاری نخل قد سی ہمسری جو نخل کرتی ہین
یقین ہین روز محشر ہونگی وہ کندی جہنم کی

وہ عاشق صلح کل کی ہین کہ نفرت ہی لڑائی سے
نہ قد تیری کا بہاتا ہی نہ گیسو ہمکو پیچ و خم کی

بڑا فاسد ہجانا ہی کارخانہ کو وہی جانی
خدا جانی کہ گذری کتنی آدم قبل آدم کی

گوارا غیر کا احسان نہین نمکین مزاجونکو
ہوی داغ یہہ طاوس کب محتاج مرہم کی

بہت روئین جو ہجر یار مین عشاق سے انکی
نہ دی الزام انہین کیا یقین فرزند آدم کی

سنین ہین ہجر مین یہہ لکہ ابر سیہ ساقی
ڈرا فی کو ہماری سامنے نکلی ہین جہنم کی

چمکی سیر کو وہ مہر وش جب صبح آتا ہی
گلو نکی ہوش اڑجاتی ہین قطری بنکی شبنم کی

ملین کیا طبع گر مجھ صاف دل سی راست ہجا ہیر
کہ سینہ اوٹھتی ہین کا غنچہ دلکی حرف خاتم سے

جو تو لاہتی ہی بی نیازی کی ترازو مین
بہار نکلی چلی کل تارون جو و حاتم کی

زمین کو تی جانان ہی ملنا لیکی سنتی ہین
صدا آتی ہی ... سا کون عرش اعظم کی

تپ غم کیا فراق یار میں چڑھتی اوترتی ہے
تن لاغر کی اسکے استخوان زینے ہیں سلم کے

کیا دولتوں نے سیر دل ساقی نے مستونکا
خوشا تقدیر بادہ نوشوں کی ہیں جو مہمان ایسے حاتم کے

الٰہی پیچ پہ تقدیر ہمکو پیچ دکھلائے
بڑھیں دو ایک حلقے اور اوس گیسوئے پُرخم کے

اولٹنا پردہ وہ رخسار آئین طور سے ہووے
کہو برق تجلی سے ابھی چمکی ذرا تھم کے

اسیر اب ہم بھی غزلوں کی ہیں لازم مرثیہ کہنا
ہوا ساماں ماتم دن قریب آئے محرم کے

جواد نا ہیں وہی اعلا ہیں نزدیک اہل عالم کے
کہ انگشت کہیں ہر ہاتھ میں لئے ہیں حاتم کے

شریک اس نامخین رزوار کب میرا اہل ماتم کے
نظر آتی ہیں گل خنداں ہائیں دنی پہ شبنم کے

غضب پہ صاف ظاہر ہے کہ رحمت اوسکی غالب ہے
کہ جنت آٹھ ہیں کل سات طبقے ہیں جہنم کے

کہو اہل زمیں سمجھیں نہ آسان ہمسر نا ہونکو
ہلا دیتی ہیں دل یہ ساکنان عرش اعظم کے

پدر سے قاتل فرزند جس میں وہ یہ دنیا ہے
پسر کی خون سے جوہر ہوئی تر تیغ رستم کے

کسی نے بزم میں ہمکو بچشم لطف سے دیکھا
رہی مشتاق کان اپنے صدائے خیر مقدم کے

گنہگار دنسی کہدو اوسکی رحمت نے ہوا ہے
گل گلزار جنت بنگئے شعلے جہنم کے

الٰہی کشتہ کس چاہ ذقن کا ہوں کہ تربت پہ
چھڑکتا جاتے ہیں حاجی لا کے شیشے چاہ زمزم کے

سنبھلنے دیتی ہے کب ابلق ایام کی شوخی
اوکھڑ جاتے ہیں آسن شہسوار رنگی جہان کے

جگر کی داغ دل کی آبلے دیکھے جو [illegible]
تو سمجھے ہم کہ یہ ہیں پھول [illegible] ماتم کے

گماں [illegible] ہوں [illegible] عارض کا [illegible]
منہ [illegible] ہیں مری داغونکو مرہم کے

انہیں [illegible] جاتی عرش تک [illegible]
یہ ساقی آسمان میں [illegible]

نظارہ [illegible] رخسار کا [illegible] مشکل [illegible]
[illegible]

تن بیجان میں ڈالی جان اے پیر مغان تونے
نہین عیسی کی قائل ہم تو عاشق ہین تیرے دم کے

اسیر اپنی طبیعت سے عجب راحت ہے مضمون کا
مقام امن روح اللہ ہے دامن مین مریم کے

وصل ہوتا بھی ہے تو ہجر کا ڈر رہتا ہے
عید کے دن بھی محرم مرے گھر رہتا ہے

گرم پیری مین کوئی داغ جگر رہتا ہے
شمع کا نور کہان وقت سحر رہتا ہے

چشم وہ چشم ہے جسکو ہے تری دید کا شوق
گوش وہ گوش جو مشتاق خبر رہتا ہے

آنے پاتا نہین میری دل خرسند کے پاس
درد پہلو مین ادہر اور اودہر رہتا ہے

غیر کے غم مین سوم تک وہ سیہ پوش رہے
تین دن جیسے کہ عقرب مین قمر رہتا ہے

چال سے کوچۂ شطرنج محبت کی نئی
جیت اوسکی ہے جو اس راہ مین مر رہتا ہے

کیون مری لاش پر آئے وہ چھپائے منہ کو
مرے آنکھون مین کہان نور نظر رہتا ہے

شش جہت چھان چکے پر ہمین معلوم نہین
کسطرف ہے وہ کہان ہے وہ کدہر رہتا ہے

دل پہ داغ متقرر ہے خدا کو بھی پسند
مصحف پاک مین طاوس کا پر رہتا ہے

مار ڈالا تری خنجر کی رکاوٹ نے مجھے
چل کے ہر وقت یہ گردن پہ ٹھہر رہتا ہے

دیکھو ہی خندۂ گل چار پہر جلوۂ مہر
کم بقا ہے وہ جسے نشۂ زر رہتا ہے

دل ہم و دیدہ کی منزل جو نہین کیا ہو
قافلہ ایک نہ ایک اسمین اتر رہتا ہے

رہ گئی کیونکہ کمر ہین انکے لعل کے ہم
سنتی ہین جیسی و شیر و شکر رہتا ہے

کون ہین جنکو فراموش ہے دنیا مین جفا
ہم کسی کام مین ہون دھیان اودہر رہتا ہے

مرد کو بھی تری شوق شہادت مین ہے شرط
سر تو مشتاق ہے جلاد کا ڈر رہتا ہے

زندگی ہجر مین مر مر کے بسر کرتا ہون
روز ہنگامۂ محشر مری گھر رہتا ہے

اوٹھہ سکین داغ غم و زخم جگر ضعف مین کیا
زور کا اوٹھتا ہی تو وہ دل نہ جگہ رہتا ہے

خاک پیری مین رہی چہرۂ انسان کا فروغ
دن جو ہوتا ہی کہان نور قمر رہتا ہے

بزم مین آئینہ مشتاق حسینون کا ہی آپ
چشم سایل کیطرح دست نگر رہتا ہے

کبھی کرتا ہون تمنا جو ہم آغوشی کے
ہنسکے کہتے ہین مجھی درد کمر رہتا ہی

شعر و یار ہی قاصد مرا پروانہ ہے
یہی باعث ہے کہ وہان جا کی جو مر رہتا ہے

نفس امارہ پر آخر کو ہوا دل غالب
جو بہادر ہی وہی جنگ مین ور رہتا ہی

کوئی شاہد جو نہین عالم بالا پہ اسیر
وجہ کیا کیون رخ خورشید ادھر رہتا ہے

صبر و طاقت لئی جاتی ہی جدائی تیری
لوٹتا ہی مجھی قزاق دہائی تیرے

شدت غم مین تجلی نظر آئی تیری
دل جو ٹوٹا تو مجھے آواز سنائی تیری

نہ تو جنت نہ جہنم کی ہین قابل ہم لوگ
وصل جنت ہی جہنم ہی جدائی تیری

قید کو طول نہین تجھین نہ گھبرا ای روح
اسی ہفتہ مین ہی اک روز رہائی تیری

ہار اب میری گلی کا ہوا ای طوق گران
جبتلک جسم مین طاقت تھی اٹھائی تیری

بس اسی زور پہ یہ کبر یہ نخوت نمرود
تہین لے ایک ہی پشہ نے خدائی تیری

شان اپنی جو دکھائی ہوی منظور نظر
شکل اللہ نے بی مثل بنائی تیری

اسنے کشتون مین کسی کو نہ جلایا قاتل
دیکھ لی دیکھ لی اعجاز نمائی تیری

آستین مین جسی کہلاتی ہی [illegible]
ملک الموت کا پنجہ ہے کلائی تیری

نہ تو آغاز ہے تیرا نہ تو انجام خدا
[illegible] تیری

[illegible]
[illegible] تیری

عشق پیدا جو کیا تو نی تو معلوم ہوا
بس یہ ایجاد سی ہی علت غائی تیری

قافلی سے کہین آگاہ نہ رہزن ہو جاین
ای جرس خوب نہین ہرزہ درائی تیری

عبث ای نالہ بلبل ہی تجہی قصد فلک
گوش گل تک نہین گلشن مین رسائی تیری

سیر کر شوق سی صحرای جنونکی ای قیس
بوجہ کانٹون کو نہین آبلہ پائی تیری

نہ کرم عشق کی بندون پہ نہ رحمت کی نظر
ای صنم ہم تو نمانین گی خدائی تیری

یا علی کافر و مومن سی نہین تجکو غرض
صلح للہ سے للہ لڑائی تیرے

کس شہ حسن کی کوچی کا گدا تو ہی اسیر
بادشاہی ہی حقیقت مین گدائی تیری

پہنچ کی سامنی اوسکی یہ حال ہوتا ہے
کہ ہمکو آپ مین آنا محال ہوتا ہے

جو رنج دی اوسی حاصل ملال ہوتا ہے
کہ خار چبہتا ہی جب پایمال ہوتا ہے

پلائی کیون نہ ہمین جام جام پر ساقی
سخی کا فیض علی الاتصال ہوتا ہے

سیاہ ہجر مین ہی کیا مرا سیہ خانہ
کہ پاؤن رکہتی ہی یوسف بلال ہوتا ہے

ارادہ یار کا ہمسے کبھی نہین چہپتا
صفائی تن سی عیان دلکا حال ہوتا ہے

ہماری پاؤن مین ملتا ہی کیا حنا شب کو
سحر جو نکلے خورشید لال ہوتا ہے

سیاہ بخت ہون ایسا کہ میری تربت پر
چراغ جل کے زبان غزال ہوتا ہے

بجا ہی خوش ہو جو کشتونکو دیکھہ کر وہ ترک
کہ کہیت کاٹ کی دہقان نہال ہوتا ہے

ہوا ہون سیر دکھائین مجہی وہ کیا ابرو
کہین سحر کو بہی پیدا ہلال ہوتا ہے

ندی کی دلکو رہائی کبہی ہنسا کو وہ زلف
عزیز بندہ یوسف جمال ہوتا ہے

بنا تہا آگ سی ابلیس ہو گا داخل نار
جو بد ہین نیک کب انکا مآل ہوتا ہے

ملی جو راہ میں وہ تندخو تو پوچھوں میں
کبھی مزاج مبارک بحال ہوتا ہے

ملاپ شاہ و گدا کا جہان میں مشکل ہے
کہیں گلیم میں پیوند شال ہوتا ہے

گناہ یاس کا چلتا ہے تیر تیغ کی ساتھ
ہمارے ساتھ یہ قاتل حلال ہوتا ہے

وہ بادہ کش ہوں جو پیتا ہوں ایک قطرۂ مے
وہ قلزم عرق انفعال ہوتا ہے

سو صنعت زیب دکھاتا ہے حسن نیرنگے
کہ آئینہ میں ہجوم مثال ہوتا ہے

وہ تیغ کیوں نہ مرے خون گرم سے چمکی
پڑی ہے جو آگ میں لوہا تو لال ہوتا ہے

اسیر پوچھ نہ کچھ حال دل کہ صورت شمع
یہ نخل آگ میں جلکر نہال ہوتا ہے

غفلت نہ زمین خواب سے بیدار ہوئی
شور محشر مری زنجیر کی جھنکار ہوئی

ہوں وہ مقتول جو جوہر مرے کیا قتل مجھے
تیغ جوہر کی سلاسل میں گرفتار ہوئے

خندہ زن ہیں جو ہمیں زخم تن بسمل پہ
تیغ قاتل ہوئی قہقہہ تلوار ہوئی

کب گئی وصل کی شب اور کب آئی بارے
کہ ابھی شام ابھی صبح نمودار ہوئی

کشتنی وہ ہوں جو مقتل میں کبھی آ نکلا
سینہ سپر تیغ زنوں کا تلوار کی بوچھار ہوئی

ہم جو مر جائیں تو کیا ابر دسی جانا انکا مقصود
خون مقتول سے کب تیغ گنہگار ہوئی

غمکدہ بزم طرب ہے شب ہجر بیماروں کو
کہا ئی نرگس نے ہوا باغ کی بیمار ہوئے

روح آئی تھی عدم سے کہ کرے سیر جہاں
چار دیوار عناصر میں گرفتار ہوئی

کب تلک بار غم ہجر اٹھاؤں اے بخت
عشق محبوب نہ ٹھہرا کوئی بیگار ہوئی

کیا خفا کی ہے لیا بوسہ خال تمکین
کیوں خفا ہیں تپ خال سے سرکار ہوئی

[illegible] گلشن سے گیا گل جو سنی نالان بلبل
[illegible] صبح [illegible] کی [illegible] ہوئی

تختہ گو ہے بنا تخت سپہر رکھا جو قدم
تیری درویش کو شاہی نہ سزاوار ہوئی

پاے گیسو میں نہ کیونکر دل عشاق چلیں
شمع روشن ہوئی گھر گھر جو شب تار ہوئی

چشم دل کو نظر آیا نہ کبھی جلوۂ دوست
گرد کلفت یہہ اوٹھی ہیکی پہ دیوار ہوئی

خواب میں بھی نہ کبھی وہ رخ سیمیں دیکھا
کب میسر ہمیں یہہ دولت بیدار ہوئی

ہاتھ آیا نہ کسی کو بھی ترا افعی زلف
مارگیروں میں ٹیڑھی بہوت ٹیڑھی مار ہوئی

سر کٹی یار پڑی واہ کس انداز سے پاؤن
چال تیری نہوئی تیغ کی رفتار ہوئی

ہون وہ دیوانہ کہ سنکر مری آواز قدم
دشت میں جو رہ خوابیدہ تھی بیدار ہوئی

خاکساری ہی ضرور اہل تنعم کو اسیر
جھک پڑی خاک پہ جو شاخ ثمردار ہوئی

دی چھری تم نے جو اکدم کی لئے آ کی چلی
مرغ بسمل کی طرح سے مجھے تڑپا کی چلے

غیر کے ساتھ وہاں یار نے کی بادہ کشی
جام پر جام یہاں خون تمنا کی چلے

وای غفلت ہمیں اتنا بھی نہ معلوم ہوا
کہ کہاں سے ادھر آئے تھے کہان آ کی چلی

گالیاں دیں مجھے یارب کہ پڑہا سورۂ حمد
کچھ تو چلکی سے سر قبر دعا پا کی چلی

نزع میں کچھ تو نظر آئی ہمیں سیر کہ ہم
طیب خاطر سے مزے چھوڑ کی دنیا کی چلے

اک ذرا کھینچ گیسو میں سمجھ کر شانا
اڑہ سر سے نہ کسی عاشق شیدا کی چلی

جسطرف شہر میں آمد تری وحشی کی ہوئی
غول کی غول آدھر اہل تماشا کی چلی

گو کہ احباب نے تربت میں سنائی تلقین
دو گھڑی آپ نہ ٹھیرے مجھے سمجھا کی چلی

شب کو تا صبح جو دربان نے نکلوا دیا
سر کو عاشق در و دیوار سے ٹکرا کی چلی

کہدو حسرت سے کہ جانے کو چلی کبر سے چال
کا سُنکر تو غریبو نکی نہ ٹھہرا کی چلی

نہ ہی تاب وہ کو تھی سہی اوتر کر وہ ڈری / طور پہ ساتھ جو ہم حضرت موسیٰ کی چلی

بیچ دھارے مین قدم اپنا رہا ساحل پہ / ہوگئی غرق کنارے سے جو دریا کے چلے

حال یہ سب کو ملا آئی لحد مین لیکن / بات تک بھی نکی اونسی تو گھبرا کی چلی

ہے جو عاشق کی نظر آئی جو اونکو سر راہ / کیا تنفر ہی کہ وہ راہ کو کترا کی چلے

ولہ

لکھہ ابر سیہ جھوم کی پیہم برسے / یہ مری دیدۂ گریان سی بہت کم برسی

لی حقیقت ہی جو ہی آپ ثنا خوان اپنا / صاف ظاہر ہے جو گرجی وہ بہت کم برسی

ای جنون یہ بھی وہ خانۂ زندان کہ جہان / دنکو تو دہوپ پڑی رات کو شبنم برسی

برق کسطرح چمک کر ادہر آیا ہی جو تو / ابر شمشیر ہی ای قاتل عالم برسی

خانہ گور ہوا فرقت محبوب مین گم / کیون نہ حسرت در و دیوار سی پیہم برسی

فیض تبدیل طبیعت پہ یہ جا در ہو جای / نور بن جنکے سر تربت پر حاتم برسے

زخم دل اپنی دکھاؤن جو مین بیمار کبھی / خون نہ ری آنکھو لینی ای عیسی مریم برسی

آگ جو دل مین لگی ہی وہ کوئی بجھتی ہی / لاکھہ ابر مژہ دیدۂ پر نم برسے

سال بہر کیا کسی کیفیت کا ہی ماتم منظور / کیون آو ترتا نہین ملبوس محرم تن سے

مین جو کہتا ہون وہی اوس سی یہان کر جاتا / سیکھی پیغام رسانی کسی مخبر سے

سب کچھ کرتی ہین اشارہ یہ مری دیدۂ تر / آ لگا نوح کا طوفان جو کبھی ہم برسے

بادۂ گلگون سے تو ہی چمن آتی ہی ہر چیز بیخودی کو / ساقیا ابر سی کہہ دی کہ چہا چہم برسی

عمر گو جی [illegible] کسی گرچہ ... اسیر / کیا عجب ابر سی پانی [illegible] برسی

کل یہان جو عدم آباد سے آ کے رہے
نہیں معلوم کہ وہ آج کہان جا کے رہے

جب تلک تا نہ رہا فصل بہاری سے چمن
کیسی کیسی نہ ہجوم اہل تماشا کے رہے

آشنا موج کی مانند کنارے سے نہ پہنچے
شکل گرداب ہمین پھیر مین دریا کے رہے

سیکڑون ہست کئے نیست سے پہر نیست سے ہست
کارخانے ہی اللہ تعالی کے رہے

تاک کے ہی کہ ہو صرف تماشا ہے جمال
ایک جلوے مین بجا ہوش نہ موسی کے رہے

ذائقہ موت کا چکھا تو یہہ لذت پائے
کہ ذرا ہمکو نہ پہر یاد نہ دنیا کے رہے

نہ تو وہ تخت نہ وہ تاج نہ لشکر نہ علم
نام باقی فقط اسکندر و دارا کے رہے

دشت مین خاک بگولے نہ اڑاتے ہین کیونکر
چلنے والے نہ ہی نقش کف پا کے رہے

تیرے گیسو ہین وہ پوچھے کہ بدل کر صورت
مدتون شکل عصا ہاتھ مین موسی کے رہے

خانۂ گور ہوا ہمکو جو قسمت نے دی سیج
کیسی آرام سے ہم پاؤن کو پہیلا کے رہے

بندھ گیا اسیکہ اون انکھون کا تصور تا صبح
پھول سینہ پہ مرے نرگس شہلا کے رہے

قدردان کون ہے معشوق کا عاشق کے سوا
سر پہ مجنون کے قدم ناقۂ لیلا کے رہے

بوسۂ لب نے بھی زائل نہ کیا درد جگر
مرض اچھا نہ ہوا پاس مسیحا کے رہے

مرکے بھی خاک پر اک روز نہ برسا پانی
منتظر ہم کرم عالم بالا کے رہے

ایک آفت جو ٹلی دوسری آفت آئی
تا دم مرگ بکھیڑے ہی دنیا کے رہے

جسم سے دم ہوا فرط نقاہت سے اسیر
روح کو بھی سینۂ تنگ مین کہان جا کے رہے

شاعری مین کچھ خطا ہو تو طعنہ فضول ہے
قول امام ہے نہ حدیث رسول ہے

خار اوسکی زمین گلشن جنت کا پھول ہے
سنت ... کی نکتہ سنجی طوطی ببول ہے

مقبول دل ہی یار ندی حسن کی سند
خال سیہ نہین ہی یہہ مہر قبول ہے

کرتا ہی رقص محفل یار و غنا مین کیا
صوفی سی کہہ دو رقص تر ای اصول ہی

دانا ہی تو اگر تو نہ کہانا فریب نفس
رہزن ہی سنگ راہ ہی شیطان ہی غول ہی

گیسو کو اپنی دیکہہ لو تم قصد مختصر
پوچہو نہ داستان شب فرقتکی طول ہی

بیٹہی ہین دہو کی قاصد جانانکی پاؤن ہم
ہمسر قدم رسول کا پائی رسول ہی

کیونکہ بیان ہو اوسکی کرن سہول کی صفت
جسکو خضر ان سی کام نہین وہ سہول ہی

دیکہین گی اب نہ ہم رخ دنیای زشت کو
آنکہون مین آب رحمت حق کا نزول ہی

اٹہ چلا کیا زکر بانی آٹ نہ کے
مزبان سی اوسکی کسکو مجال عدول ہی

کیون جا کی خوان نعمت منعم پہ ہون طفیل
ایسی پلاؤ سی تو قبولی قبول ہے

ای فکر کیا سبب جو سیہ آتا نہین ہی ہاتہہ
مضمون تازہ کیا کوئی گولر کا پہول ہی

پست و بلند کیون نہ زمانہ مین ہون بشر
جو نزد بان ہی وہ صعود و نزول ہی

صد شکر اوسکی سایہ مین پائی جگہہ اسیر
پہل ہین شجر کا خلد ہی اسلام پہول ہی

اوج فلک سفلہ سے بیداد گردنسی
اوڑتا ہی سپیر اور مرید ونکی بیردنسی

گہبراتی ہین سنکر مری نالی شب ہجر
سب اہل محلہ نکل آتی ہین گہرون سی

گردون پہ شفق باغ مین گل کوہ پہ لالہ
آفاق بہرا ہی تری خونین جگرونسی

ہاتہون مین لیی پہرتی ہین کچکول گدائی
برگشتہ ہوا ہی یہہ فلک تاجورونسی

ہی بال سی باریک ہمارا تن لاغر
رشتہ ہی محبت کا جو نازک کمرونسی

لازم ہی کہ خود لیکی چلون اپنا مین نامہ
خاطر کو تشفی نہین ان نامہ برونسی

ہی وادی وحشت سی مرا قصد سوی شہر
کہولین نہ دکانین یہہ کہو شیشہ گرونسی

کہلتا ہی نہین مثل صدف دیدۂ انصاف
ای چرخ یہہ تنگی تجہی عالی گہرون سی

وہ اوس فلک حسن کا کوچہ ہی کہ جس مین
خورشید و قمر چلتی ہین آنکہونسی سرونسی

اس شہر شر انگیز مین کتنی ہی فسادت
امید بپا ہی فسادونسی شرونسے

خونریزہ یکتر دو چار آئینہ بیکار
شمشیر تہمتن کی نہین سکتی سپرونسے

مستان می عشق کی دل ساغر جم ہین
آفاق کی پوچہو خبر ان بیخبرونسی

وحشت مین ہین صورت مردم سی بہی نفرت
ہی قصد کہ بہلائیی دل جانورونسی

دنیا سی گئی جتنی اسیر اہل شرف تہی
باقی نرہا ایک بہی ان نامورونسے

وہ بی نقاب بہی زیر نقاب رہتا ہی
فروغ عارض روشن حجاب رہتا ہے

کسی کی آنکہ سے یہہ دل خراب رہتا ہے
ہماری کعبی مین دور شراب رہتا ہی

تمہاری عارض روشن ہی جہان روشن
کدہر ہی ماہ کہان آفتاب رہتا ہے

رتبہ مرشد مینا سے ہے بیمروت کو
کہ طاق پہ قدح بی شراب رہتا ہی

چلین ثواب کی راہ کیونکر تپاک واعظ
ہمیشہ جان پہ نازل عذاب رہتا ہی

اسیطرح تو وہم ترح ہونگی آنکہین بند
یہی خیال ہمین وقت خواب رہتا ہی

فقیر ہی تری در کا یہہ شاید اسی خسرو حسن
ہمیشہ کاسہ بکف آفتاب رہتا ہی

ہماری رونی سی صحرا نہین فقط دریا
کہ کوہ تا بکمر غرق آب رہتا ہی

ہمارا خیال بہی کیا یار کا مصاحب ہی
کہ گہر مین آٹہ پہر باریاب رہتا ہی

جنہین دلیر مصاحب مین ہو خفا نہ کری
نہ خلق سی نہ خدا سی حجاب رہتا ہی

ادھر وصال وصال اُدھر اُدھر فراق فراق
یہی طرح کا سوال و جواب رہتا ہے

سمند فکر نے ایسا کیا ہے پا برکاب
کہ سر ہی جیب میں پا در رکاب رہتا ہی

جو روی یار کی مشتاق ہی نرالی چشم
کہ روز ابر نہاں آفتاب رہتا ہے

وہ گالی دیتی ہیں بس دیکھتی ہی قاصد کو
زبان پہ میری خط کا جواب رہتا ہی

نئی مزاج میں شوخی نئی دماغ میں بو
بہار رہتی ہی جب تک شباب رہتا ہی

خدا کی یاد ہی لازم کہ ہو درستی دل
مکان بغیر مرمت خراب رہتا ہی

ثبات بحر جہاں میں کہاں ہی سرکش کو
کہ سر اوٹھا کی کوئی دم حباب رہتا ہی

جو بہر فاتحہ دو روز تم نہیں آتے
لحد میں مردوں پہ کیا کیا عذاب رہتا ہی

ہمارا خانۂ دل گر گیا خدا جانے
کہ کس مکان میں اب اضطراب رہتا ہی

حسین ہی آئنہ پیش چشم ایک نہ ایک
نظر میں ماہ نہیں آفتاب رہتا ہی

اسیر دل کا پتا ان کو کیا ہے کہتے ہیں
مجاور لحد بو تراب رہتا ہے

کہاں نہ قطرۂ خون رگ گلو ٹپکی
خدنگ ناز سی جانباز جا بجا ہو ٹپکی

فراق یار میں اشکوں نے ہی عجب لذت
ثمرہ ملا ہی نخل آرزو سے ٹپکی

نئی طرح کی ہی گرمی کہ جا رہتا ہی فلک
عرق کی جا مری جبہہ سی آبرو ٹپکی

اثر شکستہ دلی کا بجای مرگ کی بعد
جو سبزہ بھی خاک لحد سی نکلی سبو ٹپکی

خدنگ یار مری کہیں دل نہ معرکہ مارا
ہزار ہو سخت کمان جنگ جو ٹپکی

عدو دکھا سکے تب عشق کی اثر اولٹا
کہیں چکیدہ اگر کاسنی لہو ٹپکی

مکان گنبد میں کیونکر غریب کی ہم اسیر
جو سقف تنگ ہی چھت میں چار سو ٹپکی

اسید دل نہ بر آئی چمن مین بھی اچھے — ثمر جو نخل سے ٹپکی میان جو ٹپکے
سر شک خون سیہ جاری ہین طفل اشک فروش — جنہین سمجھتا ہی سینہ ورییہ کی تو ٹپکی
جو جنس کر کی نچوڑی وہ اپنے بالونکو — جو قطرہ خاک پہ ٹپکے وہ مشک بو ٹپکی
نگاہ یاس تہ تیغ کر وہ ای بسمل — کہ چشم جوہر شمشیر سی لہو ٹپکے
قسم جنون کی ہی ای طوق خار وانجیر — وہ کر خراش کہ خون رگ گلو ٹپکے
جو سا منا تری عارض کا ہو تو ہو یہ خجل — کہ روی گل تو عرق ہو کی رنگ و بو ٹپکی
اوسی ہی چاہیے ہم رند ہو نہین ظرف شراب — جو ریش شیخ سی پانی دم وضو ٹپکے

نگاہ مہر کری مجھپہ آسمان جو اسیر
یقین ہی دیدہ مریخ سی لہو ٹپکی

خط سیہ اثر خوبیِ حسن جانان ہی — قطار مور صفتِ ماتمِ سلیمان ہی
ولا سیہ قاتلِ نفرت وجود انسان ہی — کہ عمر جیسی سیہ پیدا ہوا گریبان ہی
جنون لشکر کا جدا ہی جنون شہر کا جدا — یہ فصل گل مین وہ فصلِ جنونِ بیابان ہی
شباب کہتی ہین جسکو اوسی قرار کہان — شمیم گل ہی رم آہوی بیابان سے
کلام یار ہی کرتا ہی نامہ بر جو کلام — جو کہہ رہا ہی پیمبر خدا کا فرمان ہے
برنگ شیشہ وہ نازک مزاج ہون ساقی — کہ سنگ نہ چمین مجکو سنگ باران ہی
زبانِ تیغ سے ہمنی سنا ہی یہ مصرع — جہاد نفس کری جو وہ مرد میدان ہی
کسی سے شہر خموشا نہین یہ نہ ہمنے سنا — سنہ جھوٹا ہی گدا کا یہ قصر سلطان ہی
سو ہی یہ مرتے ہین اخفای عشق پہ عاشق — تیغ فراق سے مارا اجل پہ بہتان ہی
جبین یار کی افشان ہی یا وہ جبین مرگ — ہر ایک قطرہ مری خاک پہ چراغان ہی

گذری ہی کوچہ زنجیر مین تو کیا پروا
قدم کی ساتھ یہان مثل کلک میدان ہے

ہماری قتل سی ننگ مین فقط نہین قاتل
کہ زلف جوہر شمشیر تک پریشان ہی

ہماری پلکون سی جھڑتی ہین خاک کلفت دل
یہہ وہ ہی ابر کہ جسکا غبار باران ہی

ہیبت دو نون سی مین پھرتا ہون بکف قاتل
ضرور لی اسی سودا یہہ دست گردان ہے

ہنوگی زخم جگر کی کبھی خلش موقوف
نگہ کی تیغ کا جوہر جو ہوی مژگان ہی

چھپا ہی ہی کوئی چھپتا ہی جوہر باطن
کہ زیر پردۂ فانوس شمع عریان ہی

ہوا یہہ تیز سے ہے گلشن مین آہ بلبل کی
تمام دفتر اوراق گل پریشان ہے

نہ آوینگا تمہی ورنہ کہ تاب خشم نہین
تمہاری چین جبین مجکو چوب دربان ہے

طپان ہی سینہ مین دل جوش گریہ ہوگا ضرور
جو لوٹین خاک پہ طائر دلیل باران ہے

اسیر آئے جو بت دیر مین بلا بھیجین
عزیز شیخ تو سمجھا کہ مسلمان ہی

حریصونکا یہہ مطلب ہی فقط بیمار ہونسی
کہ پانی بھی پئین تو یہہ سمجھا کر چاندی سونیسے

جرائم عفو ہون انسان کی کیونکر نہ رونسی
نجس جامہ جو ہو وہ پاک ہوجاتا ہی دہونسی

بہت مضطر ہی بعد مرگ تنہائی سی دل میرا
نکل آتی کوئی حور ای خدا تربت کی کونسی

مری رونسی کیا جاتی گا اوسکا عقدۂ خاطر
گرہ مضبوط ہوجاتی ہی پانی مین بھگونسی

کری بیناد و تقلید بلکونکی تو کیا حاصل
درم بنتا نہین بنتا تو ان مین زرد ہونسی

بجا ہی گوشۂ تربت مین مردی ہین اگر غافل
سفر کی ماندگی موقوف ہوجاتی ہی سونسی

حریصون سی کہو کیا شکوہ گردونسی [illegible]
[illegible] سا ہوتا ہی کر دونسی

مآل خاکساری ہی اسی چمن مین سربلندی کا
شجر ہوجاتی ہین پیدا زمین مین تخم بونسی

جو عالم صاحب دولت ہو جاے خرفگیری کیا — مزین ہوتی ہین اکثر ورق قرآن کی تنویسی
نمک حیدری کا کیا ہی کسکو کہتی ہین لب شیرین — نہ ہین آگاہ میٹھو سے نہ ہم واقف سلونیسی
بہ رنگ نکہت گل ہم ہین اس گلزار عالم مین — دماغ خلق تازہ ہے مری برباد ہونیسی
خیال موی کمر آتا ہی مین یہ دل فریاد کرتا ہی — کہ جیسی رگ کا کہلتا ہی منہ نشتر چبہونیسی
زمین پر وزن زیر نخل سوتی ہین تری جسنے — غرض کچھ اوڑہنی سے ہی نہ کام انکو بچہونیسی
کہان ہی مجھ سا گریان مثل شبنم آسمان تہہ — زمین سیراب ہوتی ہی مری آنسو ٹپکنیسی
مزہ کوئی ہمین حاصل نہین اس خوان نعمت پر — نہ لب میٹھی ہوے واقف ہین منہ اپنا سلونیسی

آتش سودا جو آئی ہین غضب کی تیز ہی — صبح محشر سے سوا ہی شام شور انگیز ہی
بسکہ ہر مصرع مین اک مضمون درد انگیز ہی — جو غزل ہی مرثیہ کی طرح رقت خیز ہی
بادشاہ عشق سی پائی ہی جاگیر جنون — ہتکڑی ہی ہاتہہ مین اپنی کہ دست آویز ہی
جی اوٹہا مین گو بناکر بات قاصد نی کہی — صدق سی بہتر دروغ مصلحت آمیز ہی
پیتی ہین خون چھپکی کہاتی ہی یہ عاشق کا جگر — چشم جانان بہی عجب بیمار بدپرہیز ہی
محتسب آتا ہی ساقی اب کہان یہ بزم مے — دور آخر ہے پیالہ شیشی کا لبریز ہے
آدمیت اسکو کہتی ہین اوگی مرہم گیاہ — مرگئی پر اپنی خاک گور مرہم خیز ہی
منہ مین جو آتا ہی کہتا ہی زبان رکہتی نہین — قتل پر میری ستمگر کی چہری کیا تیز ہے
تازہ روی دل ٹپکا دیتی ہی اون آنکہونکی پلک — خار مژگان راہ دار شوق کو مہمیز ہی
نقد جان دینی پہ بہی ملتی نہین ہی جنس حسن — آج کل کیا نرخ بازار محبت تیز ہے
دل کی سہندی سب گہڑی چپکی بجائی یار نی — ہم یہہ سمجہی طائر رنگ حنا کی پرنیز ہی

سیر آتش بازی سودا دکھائینگی اوسی
آستین اپنی ہجوم داغ سی گلریز ہے

مردی بھی جی اوٹھتی ہین جا بجا ہونی جنبش تیغ سے ہم
غل مری زنجیر کا بھی شور رستاخیز ہے

شعر مین باندھی ہین مضمون اوس طلائی رنگ کی
ہی بجا گر اس قلمرو کی زمین زر ریز ہے

اب اگر توبہ کرین می سی ہمین مانع نہو
ساقیا ساغر ہماری عمر کا لبریز ہے

ناف وا ہو سی بچی کیا جان اوس دریای حسن
موج شور انگیز ہی گرداب آفت خیز ہے

ہون قریب المرگ ساقی اب تو دی جام شراب
ہو مرض مہلک تو پھر کیا حاجت پرہیز ہے

کرتی ہین دہقان عبث گہبرا کی باران کی دعا
آنسوؤنکی میری آنکھون سی روان کاریز ہے

شکر ہے اوس لعل میگون کا ملا بوسہ اسیر
بادۂ مقصود سے جام آرزو لبریز ہے

پیش نظر ہین گال کسی گلعذار کی
آنکھون کو دن خدا نے دکھائی بہار کے

ہم وحشت گزشتی ہین مژگان یار کی
جنگلا بناؤ گرد ہماری مزار کے

مطلب کسی کی عیب سے کیا ہین ہنر پسند
چنتے ہین پہول ہم شجر خاردار کے

سینے پہ ایک پردہ نشین کی شبیہ ہے
آئین جو قبر مین تو فرشتے پکار کے

کیا کام نیک و بد سے کہ مانند آئینہ
اپنی تو ایک بات ہی منہ پر ہزار کے

عریان تنی کا شوق لحد مین بھی ہے ہمی
کوٹے مین رکہدیا ہی کفن کو اوتار کی

ہون وہ خدا پرست پکارین صمد صمد
ترشین اگر صنم مرے سنگ مزار کے

ساقی وہ مست ہون مجھی اتنی نہین خبر
کب آئی کب چمن سی گئی دن بہار کے

دولت کو کچھ قرار نہ وقفہ شباب کو
جہونکی ہین غافلو یہ نسیم بہار کے

اوس گل کی جوش حسن نے ہو دی ہی پانچ شاخ
بستان گلی مین تازہ رہی پہول ہار کے

لائین زبان پہ شکوہ شکار افگنوں کا کیا
تو دہ لاغری سے ہم نہیں قابل شکار کے

سمجھے جوانی موی سپہ ہوگئی سفید
نیرنگ ہین یہ قدرت پروردگار کے

یہ عدہ یہ سحاب نہین زیر آسمان
روتا ہے کوئی میری طرح سے پکار کے

آتی ہی سیکدی مین گیا خشم محتسب
شیشے مین سے سنبد کیا جن اوتار کے

زندان سی چھوٹتا ہی جو قیدی کوئی اسیر
پھرتا ہے آکی گرد ہمارے مزار کے

زندون سی مردے کچھ نہین کہتی پکار کے
کیا جانے کیا گذرتی ہی پیچھے مزار کے

بیمار ہے جو عشق مین گیسوی یار کے
راتونکو درد پیٹ مین رہتا ہی مار کے

عیار تہا عجب زلیخا کا جذب عشق
کنعان سی ماہ مصر کو لایا ابھار کے

کیونکر خمبر قیس مین ہوتین نہ شور شین
خدی سے تہے کچھ شریک ہماری غبار کے

سودا امر کیا نہ کسے روز سال بھر
ابکی تمام سال رہی دن بہار کے

آخر مآل عجز سے ہے تیرے غرور کا
ای باغبان خزان بہی ہی پیچھے بہار کے

عاشق کا دل جو اور جلاتا ہی آپ کو
مہندی لگاکی باندھیی ہتی چنار کے

مردون سے زندگی مین یہ ہیں نہیں ہیں کم
جب دیکھیے سوار ہین کاندھی پہ چار کے

وہ صاف اعتقاد ہین ساقی شراب کیا
پانی بہی ہم پئین تو سر خم پہ وار کے

کیونکر نہ سوز غم سی مسلمان کا دل جلے
دیتی ہین برہمن کو وہ صدقہ اوتار کے

کہتے تھے ہجر مین پیتا نہین مژہ
قطرے لہو کی ہین مجھے دانہ انار کے

بین کاہ سے سبک ہوئی کوہسار گرین
صدمے اوٹھین گی کس سے غم انتظار کے

پستان یار سے نہین ممکن مقابلہ
کہتی ہین ہیر جانت ہوئی ہین انار کی

عریاں تن [illegible] کا لگ [illegible] گیا [illegible] شور عدم
دیکھیں کہ اب کی آتی ہیں [illegible] یا نہیں

جاتا ہی جو وہ جامۂ ہستی اوتار کے
رخصت ہوی ہیں ہاتھ پہ وہ ہاتھ مار کے

نقاش اسیر ہم جہاں سے گذر گئی
باقی ہیں نقش خامۂ معنی نگار کے

آئی بہار [illegible] رائگاں ہوئی
توبہ مری حضرت پیر مغاں ہوئی

مطلق حضور یار نہ گویا زباں ہوئے
وہ چشم سرمگیں ہمیں مہرباں ہوئے

اسطرح کھنچ گئی ہیں ہی تیوریں پہ [illegible]
جس طرح پیر ہو کے زلیخا جواں ہوئے

ہے سرکشی عدو کی لیے ضرور
کیوں اسقدر کھچی کہ کبادہ کماں ہوئے

دیکھا نہ غیر نور سے بیٹھے عمر بھر
رحلت مری جہاں سے شب [illegible] سیاں ہوئے

کیسی ہماری آہ نے کی ہی دشمنی
چڑھنے لگی جو تپ [illegible] نردباں ہوئے

دم بھر میں تیغ [illegible] مشرق و مغرب میں کر دیا
شمشیر یار کی [illegible] کہکشاں ہوئی

نکلا جو یار سیر شب ماہتاب کو
پرتو سے ماہتاب کی چادر کتاں ہوئے

مثل [illegible] ماہتاب سے [illegible] منفعل
دولت جو مل گئی تھی عبث رائگاں ہوئے

گندم نما نصیب لگی [illegible]
تشنہ لبی کو وہ سنگ فساں ہوئے

صبح شب وصال مرا دم نکل گیا
لبیک مرگ مجکو صدای اذاں ہوئے

کیسے [illegible] اسیر [illegible] ہیں [illegible]
معلوم ہی نہیں کہ قیامت کہاں ہوئے

یا سادہ [illegible] خشک
جو موج آب تھی رگ سنگ گراں ہوئی

کلفت [illegible] خیال دوست
شیشہ ہوا جو صاف پری میہماں ہوئے

منظور وصف دست حنائی تو تھا ہمیں
پہ کیا کریں کہ لال ہماری زباں ہوئے

دیکھا جو رو ہی سرخ ہرا زرد ہو گیا
باد بہار صبحکو جو آئی خزان ہوئے

رکھا جو ہمنے دُور مری بحر اشک سی
نکلے ہمارے ہی بادبان کیا طپان ہوئے [?]

زینت نی اوسکی اور کیا ہمکو لٹگا
تحریر سرمہ تیز نگہہ کو کمان ہوئے

دینار داغ دل مین مری جسقدر ہیں
اوتنی ہی جنس حسن ہماری گران ہوئے

صبح شب وصال جلا وہ صنم اسیر
ہمنے خدا کو یاد کیا جب اذان ہوئی

کم نہین کمری سی ہمکو بھی دیوار کے
سیر گلشن سے کیا کرتے ہیں ہم یار کے

دل بکا دیتی ہی الفت ابروی خمدار کی
امر آسان کچھ نہین ہی آنچ ہی تلوار کی

ہون وہ زخمی خوش نہ آیا مجکو قاتل کا حجاب
پٹیان آنکہون پہ باندہی زخم پہلدار کی [?]

آبلی ہین کفش پا درکار کیا جشتین کفش
ہوہی سر دستار ہین حاجت نہین رفتار کی [?]

آفتاب صبحکو دیکھو نہو زینت پسند
گل سی جاتی ہی پریشانی کوئی دستار کی

یاد گیسو مین دباتی ہی سیاہی شام سے
شب بسر ہوتی ہی مشکل تیرے بیمار کی

کیون نہ قیمت سیر یاد آئی مجھی قبر مین ہوت
جادہ راہ عدم تہی سیر روش گلزار کی

ہی جو مژگان کی محبت مین گرفتار مرض
ہو گئی ہی نبض منشاری تری بیمار کی

کیون نہ دیکھون مر رہا جا کر حسینونکا جمال
نور آنکھون مین ہی طاقت پاؤن مین رفتار کی

خط کا طوطی بولتا ہی اب کہان وہ آب و تاب
کھل گئی قلعی ترے آئینہ رخسار کی

بوی گل تعلیم کرتی ہی یہہ مجکو باغ مین
چاک کر پیراہن تن راہ لی گلزار کی

ہم پس دیوار اوسی ہر وقت نظارہ نصیب
واہ ری تقدیر چشم روزن دیوار کی

مرگئی پر قید محنت سی نہ نکلا کوہکن
ہو گئی زنجیر پا چوٹی اوسی کہسار کی

دیدۂ تر کا ہمارے ہو گیا جب سامنا
کھل گئی ساری حقیقت ابر دریا بار کی

سانپ بنکر کیا سما جاتا ہے اوسمین عکس زلف
آرسی ہی ہاتھ مین اوسکی کہ پانی مار کے

وصف ابرو مین جو لکھتا ہون صفائے تیغ تیز
قط نہین میری قلم پر پارہ ہے تلوار کی

چھوڑ کر تجکو ہوا جو تابع فرمان غیر
راہ لی مسجد سے گویا خانۂ خمار کی

خون کی میرے اگر پیاسی نہین ہے اے اسیر
منہ سے باہر کیون نکل آئی زبان تلوار کی

یار آیا ہم نہ اوٹھے جانفشانی کے لیے
مر گئے دل کیونکہ نہ تڑپی زندگانی کے لیے

مرتبہ سے ہے وصف زلف یار جانیکے لیے
سے ہے شب معراج لازم اس کہانی کے لیے

دل جلا کر کس سے آنسو بہانا کیا ضرور
دوڑتی ہو کیون لگا کر آگ پانی کے لیے

گرم کی جس خوبصورت نے کچہری حسن کے
لگگیا فرد نظر کو مین نشانی کے لیے

خرمی ہو لاکھ پر سینہ مین ہنسی آتی نہین
حیف مین ہی دل کھولکر رونا جوانی کے لیے

کیون نکرتا ہمکو وہ بہر ظہور صنع خلق
لفظ تھے درکار تفہیم معانی کے لیے

پہول سا رخسار سنبل سے نہین ہے کیلف
ہے خزان اک دن بہار زندگانی کے لیے

طالب دیدار ترسین کبتلک دیدار کو
انتہا بھی ہے تمہاری لن ترانی کے لیے

بعد مدت تیری گھر مہمان ہوا ہون ماہ شر
ذبح کر ساقی بط مے میہمانی کے لیے

ساقیا ہر شب بلایا کر مجھے تھوڑی سی مے
چاہیے روغن چراغ زندگانی کے لیے

خنجر خونریز دشمن سے نہین کچھ ہمکو خوف
موت کافی ہے بشر کی پاسبانی کے لیے

آئینہ سے جام ہے جمشید و اسکندر نہین
جمع اسباب جہان کس زندگانی کے لیے

بال سے بھی ہو چکا باریک یہ جسم زار
انتہا بھی ہے الٰہی ناتوانی کے لیے

راہ ظلمت مین مبارک ہو مشقت خضر کو
کون مرنے جاے آب زندگانی کی لیے

کس گلِ رخسار کا کشتہ تھا مین جو بعد مرگ
بلبلین آتی ہین لحد پہ نوحہ خوانی کی لیے

کیون درِ زندان پہ دربان بٹھاتی ہین اسیر
کم نہین ہی ضعف اپنا پاسبانی کی لیے

غیرون پہ شب حضور کی کیا کیا کرم ہوئے
اچھا ہوا کہ آپ کی محفل مین ہم نہ تھے

ذرہ بھی خدا نے کیا تمکو آفتاب
رونق فزود آپ کہان تھی کہ ہم نہ تھے

خرمن پہ میری برق نی ناحق کرم کیا
شعلے جگر کی آگ لگانے کو کم نہ تھے

دفتر تمہاری فیض کا ہوتا تھا جب تمام
دونو جہان مین تم شگافِ قلم نہ تھے

طاؤس و کبک لاکھ چلی اوسکی چال پہ
دیکھا تو دو قدم بھی قدم بہ قدم نہ تھے

تقسیم غم مین کوئی ہماری سوا نہ تھا
بیٹھا تھا جب سرور زمانہ مین ہم نہ تھے

انسان جیتی سی جو ڈرتی ہین اسقدر
گویا کبھی یہہ ساکن ملک عدم نہ تھے

کیونکر کہون کہ گھر سی وہ نکلی تھی وقتِ شب
دیکھا جو صبح کو یہین نقشِ قدم نہ تھے

کیا رعب حسن بھی ملک الموت تھا کوئی
جبتک حضور یار رہی زندہ نہین ہم نہ تھے

گلشن مین جا کی غور سی دیکھ آئی ہوشیار
سنبل مین تیری گیسوونکی پیچ و خم نہ تھے

پوجا برہمنون نی بتون کو غضب کیا
قابل یہہ پوجنے کے خدا کی قسم نہ تھے

داغِ الم مین سجے تھی کیون اوہ دیکھتے
تیری فقیر صاحب تاج و علم نہ تھے

کانٹون نی ہم سے کس لیے کہولی زبان طعن
خالی تو آبلو سے ہماری قدم نہ تھے

آئے جو تم مزار پہ میرا بھلا کیے
ایسے عنایتون کے سزاوار ہم نہ تھے

نامے کو اوسنے چاک کیا کس غرور سے
مضمون شکایتونکی تو قاصد رقم نہ تھے

کیونکر مسافران عدم آگی بڑھ گئی
پیچھے کسی ہی راہ مین اپنی قدم تھے

وارِ جہان مین تپ سی چلی آئی ہم اسیر
بیدار سے اکنان دیارِ عدم سے تھے

جان تن کی بجانب فنا جلتی ہے
کونسی شی ہی جو زنار فنا جلتی ہے

کہو خورشید قیامت سی کہ یہ جلد غروب
دیر گذری ہی کہ سب خلق خدا جلتی ہی

جیلی گل کہانیکو تم غیر کو دیتی ہو تو دو
جسکو جلنا ہی بلی میری بلا جلتی ہی

یون ہماری دل صد چاک مین ہی داغ الم
جسطرح شمع مزار شہدا جلتی ہے

منہ لگایا مری جلتی ہوئی ہڈی کو مگر
صورتِ شمع جو منقار ہما جلتی ہے

غیر نے مجکو جلایا تہا یہ اوسکی ہی سزا
گور کافر کے جو تم سے سوا جلتی ہی

میری عریانی کا باعث نہ جنون مین پوچھو
تن مین آگ ایسی حرارت کہ قبا جلتی ہے

گرمیان اتنی ہی ای آتشِ یاقوت نگر
تیرے گرمی سی گلیم فقرا جلتی ہے

تپِ فرقت ہی مری ظاہر و باطن مین اسیر
جسم جلتا ہی جدا جان جدا جلتی ہی

رونق افزا آج محفل مین محبت پارہ ہی
شمع ساں جسکا گریبان نور کا فوارہ ہے

ولہی وحشت مین کب ہمسا کوئی آوارہ ہے
داغ سودا سرِ اپنی کوکب سیارہ ہے

رہنے دیتی ہی کسی کو گھر مین کب بادِ بہار
نالۂ زنجیر بوئی گل وطن آوارہ ہے

یار جاتا ہے گہر اپنی ہم سوی ملکِ عدم
صبح کی نوبت ہماری کوچ کا نقارہ ہے

ادبیدہ گونگ جاکی لاتا ہی خبر کیا جلد جلد
کیا اسیر ایک تصور اوسکا نامہ کا رہ ہی

سرگئی ... پہی ہی اشک فشانیکا جوش
جو ستارہ مقبری کا ہی وہ اک فوارہ ہے

میکشی ... انہ کی ساقی کو جرمانہ ... با
منزل ہستی مین آنا اور جانا ایک ہے

کیا بیان ہو ہجر ساقی مین وفور جوش غم
دل جلاتا ہے مرا برسات مین سوز فراق

ہے یہہ تیری دید کا سودا کہ ... شعاع
باعث غم ہجر مین ہی بسکہ سامان نشاط

طفل جو پیدا ہوا ہے اوسکو آخر ہے فنا
شاہد بازاری وہ پردہ نشین دونون ہین ایک

سرنگون رہتی نہین ہین یہہ تواضع کی سبب
قافلہ پہولون کا راہی ہی عدم کو باغ سے

کسنے یہہ دیبی دکہایا عارض گلگون مین

حسرت لازم قضا ہی ... کا نقارہ ہی
روز مولد شادیانہ کر ... نقارہ ہے

شیشہ مثل حلق بسمل خون کا فوارہ ہی
شب کو جو جگنو چمکتا ہے وہ آتشپارہ ہے

نارہ تارا ہی مہر میرا دامن نظارہ ہے
ذرہ ذرہ پہولون کا نظر مین خار کا پشتارہ ہے

گل رہی ہوگا جنازہ آج جو گہوارہ ہے
فرق اتنا ہے کہ یہہ ثابت ہی وہ سیارہ ہے

معصیت کا سر سرا اہل زہد کی پشتارہ ہے
غنچۂ گل کا چمکنا کوچ کا نقارہ ہے

دامن گلچین ہمارا دامن نظارہ ہے

بدلے قاصد کے کسی مزدور کو ڈہونڈو اسیر
خط شوق ایسا ہے طولانی کہ اک پشتارہ ہے

میکدہ باغ دلکشا ہے مجھے
غیر کا رنج بیستا ہے مجھے

صورت جادہ فرش راہ ہون مین
چاہتا ہون چلو نہ تم سر راہ

داغ اشک ہون مین زیر فلک
باغ شیشہ کان کیون نہ دین

جام جام جہان نما ہے مجھے
کف افسوس آسیا ہی مجھے

پائے مالی کا کچہ مزا ہے مجھے
غیرت چشم نقش پا ہے مجھے

گردش چشم آسیا ہے مجھے
قلقل آواز آشنا ہے مجھے

ہمیں کیا تنگ کیا ہجر نے دن لیکن — کیا کرون منہ یہ آ دکہا ہی مجھے

تقصیر مین اسیکہ جسم زار ہی جنون — کیسی پیچ و تاب بوریا ہی مجھے

نامہ شہان سے اسی دن ہی تو تیغ — راست بازی مری بلا ہی مجھے

حشر کی دن کرینگے کیا عصیان — تیری رحمت کا آسرا ہے مجھے

تو نہ دیکھے صنم تو کیا پروا — میرا اللہ دیکھتا ہے مجھے

دل مین حب علی و احمد ہے — یہہ سہارا یہ آسرا ہی مجھے

معتقد مرتضی کا ہون مین اسیر
اور مطلب کسی سے کیا ہے مجھے

کون کہتا ہے وہ اسجدہ زار کی مسجود ہی — ہوش قائم ہین علامت آجتک محمود ہے

جو عدو اسکا ہے شیطان کی طرح مردود ہے — خاک ہے انسان ملائک کا مگر مسجود ہے

خلقت آفاق سے حاصل فقط ہی تیری ذات — علت غائے علل مین جس طرح مقصود ہے

ظاہری لذت ہی باطن مین ہی مرگ سمیت — نعمت دنیا ئی دون حلوای زہر آلود ہے

کبر چھوڑو سرکشی اچھی نہین ای اہل کبر — ذوق پیشہ اک دن مغز سر نمرود ہے

میہمان ہے غم تو حاضر ہین دل و جان و جگر — کیا تامل کی جگہہ ہی آدمی مین جو موجود ہے

جلوہ گر ہوتی ہے یہہ جب دم وہ اوڑجاتی ہی صاف — اک دولت ہی سیاہی بخت کی بارود ہے

منکر توحید معتقد ہ دولت مین ہی کون — سوالعت لکہین تو اونکی ایک ہی مقصود ہے

دم شرعت حق فی دنی مین اوسکی مسعود ہے — حسن مین یوسف تو ش [illegible]

[illegible] — [illegible]

[illegible] — [illegible]

تو خطوں نے کام کیا رخسار سادہ ہی چند
ہیں تو ہوں اوس شمع کا پروانہ جو بے دود ہے

جو مجھکو خلق خدا سے رتبۂ عالی ملے
ختم ہوں اب حرم میں اسلیے مسجود ہے

وصل شیریں کا ہی مشکل تیشہ تو ڈالی کوہکن
کب تلک خارا تراشی دردِ سر بیہودہ ہے

سائلوں کو دی اسی میں خیر ہی کہ خیاتی بخیل
جسکو تو نقصان سمجھتا ہی وہی بہبود ہے

چشم بلبل میں سیری ہیں اشک کیسے ان ای باغبان
آتش گل ہر چمن میں آتش بیدود ہے

بے تماشائی حقیقت کا سبب سیر مجاز
سبزۂ نوخیز خضر منزل مقصود ہے

بدسرشتو سے نہ ہو نفرت کیوں نہ ہمکو ای اسیر
پیر و شیطان سے ہے جو اللہ کا مردود ہے

ہوس نظارے کی اپنی دل حزیں میں رہے
نگاہ آنکھ سے نکلے تو دوربیں میں رہے

ہمیشہ روح تلاش رخ حسیں میں رہے
کبھی سمن کبھی بو نیکی یاسمیں میں رہے

لحد میں سوئی حسینوں کی لیکی تصویریں
پری یہ خلوتی نہ خالی بغل زمیں میں رہے

کیا نہ کب ہدف ناوک ستم مجھکو
کمان چرخ ہمیشہ مری کمیں میں رہے

جو ناز سینہ پر آوسکو تو اسکو ساعد ہے
ہمیشہ بحث گریبان و آستیں میں رہے

ملے کسی کو فراغت نہ آسمان کی تلے
یہ مثل دولت ممسک نہاں زمیں میں رہے

یہ ہم نے صاف کیا اپنے دل کا آئینہ
کہ وہم بزم حسیناں مہ جبیں میں رہے

کہو خدا کے لیے ہاں کہاں تلک آنکھ اس
شب وصال بہت کم ہمیں نہیں میں رہے

جہان کو قتل کیا تیغ بے نیام کی طرح
اگرچہ ساعد محبوب آستیں میں رہے

فلک کو توڑ کے پہنچے کبھی نہ عرش پر آہ
صدا لپیٹ کی اسی گنبد بریں میں رہے

شب وصال مری حق میں ہو گئی عجب
بغل میں تیغ تھی میری اوسکے آستیں میں رہے

ہم ... کے حلقۂ گیسو کو ہاتھ سے تو چھوا
بلا سی گردن اگر طوق آہنین مین ہے

برنگ آئینۂ دل صاف کہہ جو موسن ہے
صفا کا لطف ہے کیا جب اگر یمین مین ہے

جہان کہ بیٹھ کے ہم روے ایک ساعت بہی
ہزار دہوپ پڑے پر تری زمین مین ہے

ظہور خط ہو تو کیا بوسہ لین ہم اوس لب کا
شمول ہر سے لذت نہ انگبین مین رہے

پہ شانۂ دل صد چاک سے کیا سیدہا
شکن ذرا بہی نہ اوس زلف عنبرین مین رہے

اسیر خانۂ غیر اب کہان قدم رکہے
کسی طرح کی نہ گنجائش اس زمین مین رہے

غنچہ سان جیب سے ظاہر غم پنہانی ہے
عین جمعیت خاطر مین پریشانی ہے

شان ہستی سے عیان شوکت سلطانی ہے
کشتی بادہ مجہے تخت سلیمانی ہے

تاب و یارا ہے کس آنکہ کو امہر جمال
لاکہہ پوشش کے برابر تری عریانی ہے

چرخ رکہتا ہے حسینونکو بہی پابند بلا
آنکہین بیمار ہین زلفونکو پریشانی ہے

شب کو ہے ساتہہ ترے شیر بہو مشعلچی
جانتا ہون کہ یہی غول بیابانی ہے

جوش باران ہوا وحشی نہین جامی خطر
وہ گدا ہون مہر ہی کملی مجہے بارانی ہے

اے ہما دیکہہ نہ آتا مری ہڈی کی طرف
مجکو منظور سگ یار کی مہمانی ہے

حق نے پیدا جو پیمبر کو کیا بے سایہ
یہہ اشارہ ہے کہ محبوب یہہ لاثانی ہے

کہینچتا ہے جو یہہ تصویر خیالی اوسکے
کیا مرا کلک تصور قلم مانی ہے

جیسے دل گیسو سے جانا نہین گرفتار ہوا
کیا کہون کیا مرے خاطر کو پریشانی ہے

زنگ پا کا نگوارہ مین بہی وحشت کا اثر
جس عدالت کا مین ناظر ہون وہ دیوانی ہے

اوس ... کا ہے تصور جو دم گریہ مجہے
سلسلہ اشک کا تسبیح سلیمانی ہے

[illegible]

اہل دنیا کی وہ ہین کام کہ کافر نکرے
اس شقاوت پہ بھی دعوی مسلمانی ہے

صبح سے شام نہین شام ہی تو صبح نہین
اس دو رنگی سے ہے ظاہر کہ جہان فانی ہے

بد نما ہے جو نہو حلقۂ خاتم مین نگین
داغ سجدہ اوسے لازم ہی جو پیشانی ہے

لوٹنے کو مجھے آؤ گی تو کیا پاؤ گی
رہزنون پاس مرے جامۂ عریانی ہے

اے شکرلب ہی تری سامنی یون شاخ نبات
جس طرح نیشکر خام کا رس پانی ہے

ہمہ تن آئنہ ہون محفل عالم مین اسیر
جبسی دیکھا ہے اوسے عالم حیرانی ہے

قسمت دکھائے دیکھیے کب دن وصال کے
امیدوار ہین کرم ذو الجلال کے

اٹھی مزے نہ بیکری سے وصال کی
پچتائے ہم کمر مین تری ہاتھ ڈال کے

لاکھون نہ ہے داغ دل سنے دیے ہین ملال کے
کیا تنگ ہون بغل مین ہین دشمنکو پال کے

صیاد کا بڑا ہی یہ بلبل کو اشتیاق
بیٹھی ہے آشیانے سے گردن نکال کے

پہلو مین غیر کے جو وہ بیٹھی اوٹھا یہ درد
ہاتھون سے رکھ لیا مین کلیجہ سنبھال کے

بالون مین اوسکے مانگ جو دیکھی تو یقین
رکھدے کسینے تیغ سپر پر نکال کے

یارب ہون ختم ہجر کی راتین اوسطرح
جس طرح جلد جلد کٹی دن وصال کے

سمجھے ہین جنکو گوہر نایاب جوہرے
قطرے ہین کچھ مرے عرق انفعال کے

گلگشت بوستان اجل جنکو ہے پسند
ہنستے ہین شکل زخم لہو منہ سی ڈال کے

قسمت تو دیکھتا کہ ملا نامہ بھی جواب
تجا لی لفافہ اوسکو دیا خط نکال کے

منہ سی کوئی جا کی یہ کہدی کہ ہم نہین
نظارہ باز حسن عدیم المثال کے

دیتا ہے رشت سوئے عدم لیچل الجنون
غم سے او نہین گے ہم سی نہ اس سبزہ زار کے

جاکر فلک پہ کوکب سیار بن گئے
ذرے جو کچہ اوڑے مری گرد ملال کے

ماتند غنچہ حبس نفس سے ہے زند کے
پہنچاون گا صدا مین دہن سے نکال کے

ساقی عجب نہین جو بط بادہ اوڑ چلے
پائے ہین پاون کبک کی پر بسنتی لال کے

اے قیس جتنے خار ہین تولی ہین برچھیان
رکہنا قدم کو دشت جنون مین سنبھال کے

پلسے صدف کی طرح جو سائل در مراد
لازم ہے یہہ کہ بند کرے لب سوال کے

بخشتا ہے کوئی سا تہہ امیر و فقیر کا
دیکھے نہین گلیم مین پیوند شال کے

لیلی کے پاس قیس نے بہیجا جو دیکہی خط
پر لگ گئے بہ رنگ کبوتر غزال کے

کیا پہنچین عاشقونکو تیری قیس و کوہکن
گذرے ہوے وہ ذکر یہہ قصّے ہین حال کے

ممکن نہین کہ آ کی نہ پہنچائے مرغ غم
سوراخ میرے سینے کی حلقی ہین جال کے

پہر نثار زلف منگائے نہ آپ نے
مٹی دھرے دھرے ہوئی نافی غزال کے

یون جرم دور کرتے ہے حب علی اسیر
جیسے ہوا سے جہڑتے ہین پتی نہال کے

جبین کے سامنے پتہر کی سجدہ گاہ رہے
خدا کے سجدے مین بہی کچہ تو فرق راہ رہے

کہلے جو آنکہ دم صبح دیکہیے قدیار
بلند چاہیے انسان کے نگاہ رہے

جو دون کو تخت پہ بیٹہی تو خاک پر شب کو
سبطاہ حال کہ راضی گدا و شاہ رہے

تمام عمر ہنوز نہین ہوئی بسر اپنے
ہزار شکر گناہ و اقف گناہ رہے

[illegible] نہین ہم کہاں [illegible]
ہمین سے راہ رہے یا انہین سے راہ رہے

[illegible]
[illegible] بہی ملاقات گاہ نگاہ رہے

یہہ خون دیدہ و خون جگر کی خواہش ہے
زمین سرخ رہے آسمان سیاہ رہے

جو کوئی سامنے آیا مریض عشق ہوا
فروغ حسن سے تم شمع بیگناہ رہے

خبر سنی جو مرے مرگ کی تو بن کیا
خدا کے سایہ میں یہ حضرت پناہ رہے

جو آج حشر میں کہتے ہیں خون نا حق سے
تمام عمر مرے ساتھہ یہہ گواہ رہے

نگاہ میں کیوں نہ ہوئی یار سے تمہاری باریک
جو آفتاب نہ نکلے تو دن سیاہ رہے

رہو نہ جیسے جیسا حفظ ہو اگر منظور
چراغ حسن تہ دامن نگاہ رہے

ہوا شرف یہ میسر تمہاری جلوے سے
مکان کے گرد شب روز مہر و ماہ رہے

بغیر ساقی کوثر ہو پار کیا بیڑا
بھنور میں کشتی بے ناخدا تباہ رہے

سمجھ کی کیا در دولت سی نکلواہ ہوا
تمہیں کہو کہ کہاں جا کے خیر خواہ رہے

ہوئی حصول جو دولت فقط امیر ہوئے
گدا جہان میں ہم جب تلک تہی شاہ رہے

دکھائے بخت نے جب تک نہ منزل مقصود
ہزار طرح کے گیسو کے میان ماہ رہے

یہہ لاغری کی ہے خواہش کہ جسم زار مرا
نگاہ سے بھی نہاں صورت نگاہ رہے

یہہ شکل شمع تقاضای سوز دل ہی اسیر
دراز عمر سے بھی بڑہ کے مدآہ رہے

کے

حق یہ اپنی تو تمہیں ہیں دو نالۂ دل کے
نکیرین آ گئی ہیں فرشتے چاہ بابل کے

رہیں گے چپ جو محشر میں وہاں تم تجاہل کے
گواہی خون کی رنگینی حنائی ہاتھہ قاتل کی

گلستان جہاں میں یون بہار زندگی گذری
ہنسی مانند گل کھا کھا کی جیبکی تیغ قاتل کے

ہوئی ہے زندگی مشکل فقط اس خلد جیسی
نہ دل کہنے میں ہے اپنے نہ ہم کہنے میں ہیں دل کے

قریب المرگ ہیں ہم اب کہاں ہے عشق جو آئی
پریشان ہو گئی ساتھی جو پہنچے پاس منزل کے

کیا ہی قتل کس مقتول کو عسکی یہ شادی ہے
کہ نوبت بج رہی ہی آج دروازی پہ قاتل کی

وہ وحشی ہون مجھی ہر گام جکڑا دشت وحشت نے
بنی زنجیر کی کڑیان سمٹ کر کوس منزل کی

غبار کلفت خاطر نکے گر یہ ہی ایسا
مری اشکون کی قطری ہی ہین ذری یک بسمل کے

بندھا ہی نقش ہین ایسا عب تیری تیغ کا قاتل
فرشتے بہاگ نکلی کو دکرشا نونسی بسمل کی

نظر چشم حقارت سے نہ کر زنہار اسی زاہد
نقیب الاولیا ہین خضر ہم مستونکی محفل کی

روان آہستہ کرناقی کو اپنی نجد ہین لیلی
جنازہ قیس کا آتا ہی پیچھی پیچھی منزل کے

نشان دینا ہمین مشکل ہی کیا دیوان محشر مین
کہ فرد دل پہ خط وخال لکہہ کی ہین قاتل کی

عجب احوال ہی فرقت مین تیری بیقرارون کا
کہ اون کے دست و پا بھی بال تو ہین نیم بسمل کے

بنائی آئینے لیجا کے ان آئینہ سازون نے
گری تہی آنسو ونکی ساتہہ جو ٹکری مری دل کے

کیا کشتہ او سہی چشم محبت سی حسی دیکہا
تری میٹھی نظر مین خاصی ہین زہر قاتل کی

تفاوت محتاج ہو اخو دمال و دولت اوسی کیا ہاتھین
ملے سائل کو کیا جائی جو در پہ ازہی سائل کے

ظہور حسد سے ہادی اکی ہو زمانی مین
ورایمان کہلین او سہ جائین سب ہی حق و باطل کے

ہوا ہے جوش بحر گریہ دندا نمین اسیر ایسا
کہ حلقے حلقہ گرداب ہین طوق وسلاسل کی

علاج مرگ ہوا مجکو دور بینی سے
جرمی تین کی بو آئے جو تپ پہ سینے سے

دہان یار کا مضمون بندہ گیا لیکن
ہزار فکر ہرے وقت آفرینی سے

جو تیرے در پہ جگہہ پائین پاؤن کہتی گئے
اوٹھائین ہاتہہ مسیحا فلک نشینی سے

فروغ رخ دمی کتابی نی کر دیا اندھا
خلل نگاہ مین آیا کتابی بینی سے

شکم ہے یار کا چلنی سی ہی کہین شفاف
کمر کی بال کو نسبت ہی سو ہی چینی سے

غزل مین کوئی تو مضمون چاہیے عالی
باندھے ہے رنج النسا کی شان بینی سے

جنون نے دل مرا توڑا ہنسا کیے دیندار
کسی نے درد بٹایا نہ درد دینی سے

برنگ آئینہ یکسان نظر مین ہین بد و نیک
کسی سے کام نہین کچھ صفا گزینی سے

اساتذہ سے جو پہنچا ہے اسکو فیض کلام
اسیر صاحب خرمن ہے خوشہ چینی سے

باوفا بیوفا نہین ہوتے
حرف مدغم جدا نہین ہوتے

کیا گلہ کیجے جو غیر ہے غیر
آشنا آشنا نہین ہوتے

باغ مین آئے فصل گل تو کیا
دام سے ہم رہا نہین ہوتے

دو موافق نیام سان ہو جو ایک
تیغ سی بھی جدا نہین ہوتے

تیری عاشق ہین سب ہی مستغنی
طالب ماسوا نہین ہوتے

ہے بجا گوشہ گیری عنقا
نامور خود نما نہین ہوتے

ضعف سی شل ہین دست و پا دونون
ہمسے بیدست و پا نہین ہوتے

لاکھ زیبا عروس دولت ہو
متوجہ گدا نہین ہوتے

میرے تغییر حال پر نہ ہنسو
سانحے ایسے کیا نہین ہوتے

کام کسدن بگاڑتے نہین غیر
کب وہ ہم پر خفا نہین ہوتے

شیخ صاحب تمہارا کیا کہنا
ایسے خاص خدا نہین ہوتے

پنج وقتہ نماز پڑھتے ہو
کبھی روزے قضا نہین ہوتے

سنتے ہین آپکے محلے مین
جمع کب مہ لقا نہین ہوتے

پھر تو کہیے کہ اونکی صحبت مین
آپ ہوتے ہین یا نہین ہوتے

لکھنؤ مین ہو کیون خراب اسیر
راہ سے کربلا نہین ہوتے

ہو گئے ہین اب تو قیدی عالم ایجاد کے
دیکھئے کیونکر گذرتے ہین یہ دن میعاد کے

قید ہو کر ایسے راتو نکو سنائی داستان
چار و ن مین ہم مصاحب ہو گئے صیاد کے

ہنگامہ میرے دیکھنے والے ہی میری جان کے
کان یہ میری سننے والے ہین مرے فریاد کے

دیکھیے لڑتی ہی کسکی کسکی آئی ہی اجل
مجرمونکی صف کھڑی ہی سامنی جلاد کے

ابکی قسمت سے ہی اگر مجکو اسیری سی نجات
دام کیسا مین نہ آؤن خواب مین صیاد کے

آج جو پیدا ہوا کل ہی ضرور اوسکی وفات
تعزیت بھی چاہیے پیچھے مبارکباد کے

ہوگیا زخمی تمہاری کھو سے لانے آیا جو فصد
نشتر مژگان جگر مین چبھ گئی فصاد کے

خوش ہین مرگ کم سنتے سی ہم مگر اتنا ہی رنج
آسمان کی دل مین ارمان رہ گئی بیداد کے

مدتین گذرین کہ ہچکی ہی کبھی آتی ہمین
تم سلامت ہو بھلنے والے ہماری یاد کے

تہا مین وہ بیکس کہ مجھپر رحم دشمن نے کیا
آنکھین بہرآئین تو آنسو گر پڑی جلاد کے

ہم وہ طائر ہین اگر ہو ہمکو شوق آشیان
تنکے چن لیجائین صحن خانہ صیاد کے

کیا تکلف سر پہ خسرو کی جو پہرتا ہے ہما
ڈہونڈتا ہے استخوان بہر غذا فرہاد کے

چاہیے اہل جہان کو خوف کچھ نہ ہو فلک
بیخبر بیٹھے ہین ساکن قصر بے بنیاد کے

جان دی ہی ہمنے سرو قامت محبوب پر
تختے ہین رکہنا میری قبر کو شمشاد کے

ماتم حافظ کیا شیراز مین جاکر اسیر
خوب روئی ہم کنار آب رکنا باد کے

کیا مزے حاصل ہین ہمکو ہاتھ سے جلاد کے
گھونٹ شربت کی ہین زخم ہی خنجر فولاد کے

ہین عیان یہ چار ابرو سی ستم ایجاد کے
ایک جا لکھی ہین دو مطلع کسی استاد کے

عشق کامل کچھ نہ کچھ دیتا ہی پہل مر گئی بعد
ہین ثمر شیرین نہال تربت فرہاد کے

باغبان ہر گل سی آتی ہی یہی بوئی غرور
پیڑ کیا سینچی ہین تونی خون سی شداد کے

کر لی قتل عام کیون مقتل مین لب جاتا نہین
پانون ہی کیا شل ہین ہاتہون کی طرح جلاد کے

دام مین ڈالی جنہین سمجھا تہا اپنا مرغ دل
تہی وہ کچھ ذرے غبار خاطر صیاد کے

تہی قفس مین اسقدر میری خوشی آزاد پسند
پر ادہر نکلی ادہر ہوش اوڑ گئی صیاد کے

مردم بینا کا کیا مذکور انکو ہی یہ شرم
سامنی آتی نہین اعمی مادر زاد کے

کیا بنائی چشم نرگس کیا بنائی گوش گل
ہاتہ چومون نخلبند گلشن ایجاد کے

خوف ہی مجکو رگ جان پر نہ پہنچی نیشتر
کانپتی ہین ہاتہ میری فصد مین فصاد کے

گریہ آتا ہی جو اس خمسہ ہو جاتی ہین گم
سنکی معنی کاف و ہا یا و عین و صاد کے

تذکری کرتی ہین باہم حور و غلمان تا فلک
خلد تک پہونچی ہین شہری حسن آدم زاد کے

ہو گئی شاید تری شمشیر ابرو پر فقیر
پہنی رہتی ہین اتیت اکثر کڑی فولاد کے

پہر وہ کامل ہی جو ہین ٹہوکرین کہاتی نہین
کیا کنوین شاگرد جانکین کی جگت استاد کے

دام نکلا سبزہ جسکو جانتا تہا مین اسیر
رخت کا ہی دام مین لایا مجھے صیاد کے

تسلیم کیا کرتے ہین دربان کو ادب سے
ہم تو نہین کہتی سگ جانان کو ادب سے

حیوان کی برابر ہی نہین جسمین ہی جوہر
انسان سمجھتی ہین ہم انسان کو ادب سے

تو ہی وہ پری رو کہ تری بزم ادب مین
بیٹھی ہوئی دیکھا ہی سلیمان کو ادب سے

حافظ ہین تری مصحف رخ کی جو مسلمان
رکھ چھوڑتی ہین طاق پہ قران کو ادب سے

ہر چند کہ اوڑے ہمیں غبار اپنا ہی آندہی / پر چہو نہیں سکتا تری دربان کو ادب سے

ہر چند قدم ورسی بڑہانے نہیں دیتا / کچھ کہہ نہیں سکتے تری دربان کو ادب سے

آتا ہی جو فردوس مین تسلیم نبی کو / جبریل صدا دیتی ہین رضوان کو ادب سے

تہہ غیر سے تمیز کی امید نہ رکھو / کیا کام ہی اس غول بیابان کو ادب سے

پکڑی گا مرا اشک روان وہ ہن قاتل / بہرہ نہیں اس کودک نادان کو ادب سے

جو لوگ کہ رستے ہین اسیر آنکہ سخن مین / رستے ہین وہ سر پہ مری دیوان کو ادب سے

اپنی مزۂ شعر مین کیا جای سخن ہے / جو ہی غزل اک مثنوی میر حسن ہے

ہی پھول سا رخسار تو غنچہ سا دہن ہے / نظارۂ محبوب تماشای چمن ہے

کیا بات سنی کیا وہ مری حال کو دیکھے / نرگس کی جو آنکھیں ہین تو غنچی کا دہن ہے

مسکن ہی جو اپنا ہی آخر کو ہی مدفن / جامہ ہی جو تن پر ہی اک روز کفن ہے

نادان ہین جو اللہ کو سمجھی ہین مجسم / معشوق کو دیکھیں نہ کمر ہی نہ دہن ہے

احوال جو غفلت کا ہی کچھ ہمسی نہ پوچھو / مخمل کیطرح خواب یہان جزو بدن ہے

سیراب کیا کرتی ہی پیاسو نکو ہمیشہ / کیا تیغ حسینی مین تری خلق حسن ہے

بخشائی گا کیا حشر کی دن بادہ کشون کو / شیشہ کی طرح پیر مغان پنبہ دہن ہے

دیکھیں ملک الموت بھی دیکھیں کہ نہ دیکھیں / تن زار یہ اپنا ہی کہ بستر کی شکن ہے

سونگھی ہی یہ مجھ وحشی آوارہ کی بو ہی / وحشت ہی سگ یار کو ایسی کہ ہرن ہے

گلشن کو یہ جلوی نی تری آگ لگا دی / جو نخل ہی وہ شمع جو تھالہ ہی لگن ہے

خود دیکھ جبین سی تری کاکل ہی پریشان / خود تلخ زبانی سی تری تنگ دہن ہے

غربت مین جو دیکھی ملک الموت کی صورت
سمجھی کہ یہی قاصد یاران وطن ہے

زیبا ہے جو پروانہ گری شمع کے اوپر
جو مردہی دنیا مین اوسی خواہش کفن ہے

سنبل کو ہی کیا گیسوی محبوب سی نسبت
یہ پیچ نہ یہ خم نہ یہ خوشبو نہ شکن ہے

پہولون سی ہمین کام نہ گلزار سی مطلب
جلسہ ہی جہان لالہ رخون کا وہ چمن ہے

بیخود ہین ہم ایسے مزۂ بیوطنی مین
معلوم نہین دور کہ نزدیک وطن ہے

صدقی ہین لی بوسہ جو ہمکو تو عجب کیا
خط چہرۂ جانان پہ نہین چاہ ذقن ہے

عیسی ہو سخن فہم تو شاید اوسی سمجھے
جس شعر مین معنی نہین بیروح بدن ہے

چلنا ہی تو چل فکر اسیر اسمین ہے بیجا
نزدیک بہت روضۂ سلطان زمن ہے

یارب خبر سنی ہی یہ کسکی ورود کی
شاخون پہ لی رہی ہین جو غنچے نمود کی

صحرا کی سب زمین مری وحشت کی ہی سند
نقش سم غزال ہین مہرین شہود کی

جاتی ہی آپ بام فلک پر نماز عشق
بیکار نردبان ہی قیام و قعود کی

منصور دار پر بھی انا الحق کہے گیا
حق پوچھیئے تو بات بڑی کی نمود کی

آیا ہی کون گل کہ معطر ہی ساری بزم
دود چراغ کشتہ مین خوشبو ہی عود کی

رکھنا سمجھکی قدم چاہیئے یہان
دنیا نہین صراط ہے یوم الورود کی

افشان سی آشنا ہوئی کس ماہ کی جبین
لیتی ہین آفتاب سی ذرّی نمود کی

خوشبو نسیم لاتی ہی اوس گل کی اسطرح
ای دل درود پڑھ یہ جگہ ہی درود کی

کرتی دعا خدا سے کہ پیدا نکر ہمین
ہوتی خبر جو ہمکو عدم مین وجود کی

لب تشنگان وادی عسرت کیواسطے
کافی ہی ایک موج تری بحر جود کی

نیلی کریگا جسم غریبون کے زہر غم
گردش اگر یہی ہی سپہر کبود کی

دیکھین نگاہ بد سی جو اوس مہر وش تجھی
ہون کور مثل شپرہ آنکھین حسود کی

شفقت نہین ہی میری نالہ پر دردیدہ بت
دہشت نہین ہی کچہ انہین تب آلودود کی

لازم ہی اجتناب معاصی سی غافلو
کیا داستان سنی نہین قوم ثمود کی

اوٹھہ اوٹھہ کی بیٹھنی کی کہان تاب ای اسیر
قیدین نماز مین ہین قیام و قعود کی

سنگ سین وشن سے اون پر یہ روشن صاف ہے
خط سی رخسار کتابی یار کا و شفاف ہے

شکل آئینہ بدن وس سادہ رو کا صاف ہے
پرتو چاہ زنخدان ہی کہ اوسمین ناف ہے

دہگئی پر حب حیدر سی دل ایسا صاف ہے
صورت در نجف سنگ لحد شفاف ہے

خلق کو دکھلا رہا ہی جلوۂ شام و شفق
جلوہ گر جوئی مین تیری رخ جو موباف ہے

بوسہ لینگی خط پشت لب کی کچہ پروا نہین
ہم بلانوشونکو ساقی ایک دُرد و صاف ہے

مین کف افسوس ملتا ہی غیر ہاتون مین ملے
تمہی منصف ہو ذرا یا تہ آپکی انصاف ہے

آئینہ کو دیکھکر روشن ہوئی ہمپر یہ بات
دوست دشمن دونو یکسان ہین اگر دل صاف ہے

خط بنایا ہی تو دکھلائین سکے گا ہو ضرور
کیا رہیگا ماہ تو پنہان کہ مطلع صاف ہے

قطعہ استاد کیا دیکھین کہ ہمکو ضعف ہے
طور ہی ہر طرح طی قاف کوہ قاف ہے

جاہلونکی خوب ہین معلوم ہمکو اعتقاد
قائل عطار کوئی پیر و ندّاف ہے

بھیجدی تصویر ہی اپنی جو وہ آتا نہین
اہل دوزخ کی لیی باغ بہشت اعراف ہے

واقعی ہی بات کچہ اسمین بناوٹ کی نہین
سانپ جوگی سانپ کی کینچل تیرا موباف ہے

غم و نجشا ہی کہ جس سی صبر بہاگی دور تھا
صبر کا پہر حکم ہوتا ہی نیا انصاف ہے

ای خیال یار تو بھی ہو مری دلمین مکین
حور کا مسکن ہی جنت گھر پری کا قاف ہے

ایک دن ہوتی ہی افزایش بھی انسانکی لیے
فصل سرما مین زیادہ روزی ندّاف ہے

پاک جو گرد کدورت سی ہی وہ ہی بیگناہ
نامۂ اعمال بھی ہی صاف گر دل صاف ہے

بھول کر بھی تم مری گھر مین کبھی آتی نتھے
آج کیا ہی جو یہ بندہ مورد الطاف ہے

بسملو کیون قافیہ ہی تنگ اوسی آتی تو دو
مصرعۂ شمشیر سی دم بھر مین مطلع صاف ہے

جو ہی ثابت بلائی سخت مین میرا ہی دل
بار کاکل سی جو اٹھجائی وہ تیری ناف ہے

دل جو قرآن ہی تو میرا سینہ تفسیر ای اسیر
ہین جو اہل کشف او نہین کیا حاجت کشاف ہے

آنکھین بیکار ہین وہ نہین جو نہ صورت تیری
دل وہ کیا دل ہی نہو جسمین محبت تیری

نخل ہستی سی نمودار ہی قدرت تیری
اصل وحدت ہی تو ہی فرع ہی کثرت تیری

جلد ای روح سفر پیش کر خاکی سی نکل
چند روزہ ہی ملاقات غنیمت تیری

کوئی پہونچا نہ تری جلوہ گہہ ناز مین یار
راہ ڈھونڈا کئی ہفتاد و دو ملت تیری

کیا عذاب شب فرقت سی چھڑایا ہمکو
مہربانی تری ای مرگ عنایت تیری

غنچہ دل کو مری چاک نکر ڈرتا ہون
کہ پریشان نہو بوی محبت تیری

اسلیی ہی پر طاؤس کی قرآن مین جگہ
کہ دکھاتا ہی یہ نیرنگی قدرت تیری

باغ مین بلبل و گل بزم مین پروانہ و شمع
بھیس بدلی ہوئی پھرتی ہی محبت تیری

شعلۂ نار سقر سی جو ڈری اہل گناہ
ابر بنکی برسنی لگی رحمت تیری

سرکشی صورت آتش نکر ای پتلۂ خاک
ذرّی ذرّی کو ہی معلوم حقیقت تیری

چیلی نرگس کی اوگئین گھر پہ آنکھین سالک
راہ دیکھا کئی ہم تا بقیامت تیری

دعوی خون ہمین درکار ہی کیا عشق کی نذر
سرخ مہندی سی ہی انگشت شہادت تیری

پاون کانٹونکی سنانون پہ ہین دیوانہ تکی
راہ کیا سخت ہی ای وادی وحشت تیری

دفن زر کی لیی کہدوائی ہی تعلق جو زمین
دیکہہ منعم کہ اسی جا ہو تربت تیری

ہو چکا محکمہ دربارہ رخسان کی ہوئی بند
دیکہتی رہ گئی ہم حشر مین صورت تیری

ہی بجا دیدہ عاشق سی گرین اشک جو گرم
آگ بدلی کو لگاتی ہے شرارت تیری

ایک ساغر مین کیی سیکڑون پیاسی سیراب
دیکہی ای پیر مغان ہمنی کرامت تیری

مین جہکا مہندی لگانی تو وہ ہنسکر بولی
پاؤن کو ہاتہ لگائیگا یہ طاقت تیری

سیر بازار کو تو روز نکلتا ہے اسیر
آگئی کیا کسی یوسف پہ طبیعت تیری

داغ کہاکر غم جدائی سے
دل ہوا سیر آشنائی سے

الحذر طاعت ریائی سے
خوب رندی ہی پارسائی سے

دل مرا کاشش آستین ہنجائے
کہ لپٹ جای اوس کلائی سے

ہین یہ مومن عباد ریوسف
گذری اس گرگ آشنائی سے

دستگیرون نی ہاتہ کہینچ لیا
تہک گئی میری شکستہ پائی سے

موت آئی کہین کہ بہتر ہے
شب تربت شب جدائی سے

طوق و زنجیر قید رنج مین ہین
کیا خوشی ہو مجہے رہائی سے

ہجر مین یہ مرض کو طول ہوا
لگ گئی پیٹہہ چارپائی سے

آئینہ غرق بحر حیرت ہے
سادہ رویون کی خودنمائی سے

دیکہی شمع طور کو نسبت
کیا جہہ کر تری کلائی سے

ی ... ہی سی ست گیا صدمہ
کس طرح چوٹ مومیائی سے

سجدہ کرتا تھا کون ابرو کا
کعبہ ہی میری جبہہ سائی سے

خوان پنجہ تو میری آتی ہین رو رو
مچھلیاں اوس کف حنائی سے

لکھہ کی تعریف چشم ولب کاتب
بڑھ گیا جامی و شفائی سے

ہر سحر مہر کانپتا ہے اسیر
دہشت پنجہ حنائی سے

ہستی سی نیستی کو اوٹھا کر محن چلے
غربت مین جب ہوا نہ گذارا وطن چلے

کچھ گل کی نازکی نہ حضور بدن چلے
غنچے ہون دلگرفتہ جو ذکر دہن چلے

غارتگرون سی مر کی نہ حاصل ہوئی نجات
ہمرہ مری جنازہ کے وزد کفن چلے

مشتاق یہ ہوئی تری طرز خرام کے
طاؤس و کبک چھوڑ کی صحن چمن چلے

مدت ہوئی کہ موت کا بازار بند ہے
تلوار کی جو چال چلو تم چلن چلے

وہ جنگ جو جو معرکہ آرا ہوا کبھی
جی اونکی چھوٹ چھوٹ گئی تھی جو من چلے

شکر خدا کہ اب نہین تقدیر کا بگاڑ
بگڑی رقیب سی وہ مری کام بن چلے

کانٹے ہین اس چمن کی نہایت دراز دست
دامن ذرا بچا کی نسیم چمن چلے

طول شب فراق سی گھبرا گیا ہی جی
ہو صبح تو صبح کی یا ذوالمنن چلے

ادنا کی دوڑ دھوپ سی چھالی لگا ہی فرق و تیغ
رہ جائین پاؤن تھک کی تو کیونکر بدن چلے

آیا شکار کھیلنی صحرا مین جب وہ ترک
چارون طرف سی چوکڑی بھولی ہرن چلے

پیری مین ہمکو جامہ ہستی وبال ہے
دیکھین کہ کب تلک یہ لباس کہن چلے

پہونچی ہوئی تو خال کی دانی پہ کی نظر
پیاسی ہوئی تو جانب چاہ ذقن چلے

شیرین کا وصل قصر فلک کا تہا بہانہ
کیونکر گری نہ دوڑ کی جب کوہ کن چلے

دریا ہی دل جو پیر مغاں کا تو کیا کرین
ہم بادہ کش غریب تو تشنہ وہین چلے

پوچہا نشان مرقد مجنوں جو نجد مین
آنکہوں سی ہمکو راہ بتاتی ہرن چلے

عقبی کی سمت طالب دنیا کرین رجوع
کعبی کو تبکدی سے اگر برہمن چلے

خط لکہہ کی جب تال کا آیا اسیر دہیان
قاصد کی ساتہ اشک مری قطرہ زن چلے

کہین دنیا سی بہتر ہی نئی دنیا مری دل کی
اس آئینہ مین ہی کیا خوب محفل عکس محفل کی

کہی گی بیقراری کیا کسی سی تیری بسمل کی
لہو نی لال کر دی ہی زبان شمشیر قاتل کی

پڑینگی کیسی کیسی رنگ رنگی خون ابہی کیا کیا
سلامت دست و بازو خیر یارب میری قاتل کی

خدا جانی یہ کسکی جلوہ گاہ ناز ہی دنیا
ہزاروں اٹہہ گئی کثرت وہی باقی ہی محفل کی

سفر مین ساتہ داغ ہجر یاران وطن لیجیل
ولا تدبیر لازم ہی چراغ شام منزل کی

دو دستی تیغ سی مقتل مین لاکہوں سر اوترتی ہین
پڑی رہتی ہین دونوں آستینین میری قاتل کی

الہی خون کا دعوی کرینگی حشر مین کسکی
کہ وقت ذبح صورت ہی نہ دیکہی ہمنی قاتل کی

جو خط قاتل کو لکہین ہم تو رنگ اڑ جای کاغذ کا
دوات اپنی کری سیدا سپیدی چشم بسمل کی

صدا یہ ہر رگ گردن سی وقت ذبح آتی ہی
کہی کرتا نہ ہی خنجر قسم ہی تجکو قاتل کی

تری مجنوں پہ سرزنش تیری ہی کرتی ہین اتنی لیلی
کری سجدی اگر ہون سجدہ گاہین خیمہ محمل کی

کری ہی دست انت گویائی زبانکی ہو گئی ہی بانی
ہوئی خاموش محفل جل رہی ہی شمع محفل کی

خدا نی نہین کہینچا ہی قتل غیر پر خنجر
لبہای زخم بسمل ہنس رہی ہی مروت قاتل کی

دلیل زندگی دنیا بجز اہل دنیا ہی
کثافت سی یہ دنیا لوٹتی ہی منزل کی

تمہاری چہرۂ خندان کی ہین ہم دیکہنی والے
پسند آتی ہی کسکو روتی صورت شمع محفل کی

امید زندگی تہی بعد مردن یہ نسمجہا تہا
کہ عیسی دہوم سی دعوت کرینگی بیہی قاتل کی

جما گلشن مین ایسا رنگ میری بیقراری کا
اگر تہا ہلا آواز آئی نالۂ دل کی

اسیر اس بزم مین غفلت سی بہی ہی منفعت کیا کیا
مسافر بہولتا ہی خواب مین تکلیف منزل کی

خط رخسار جانان نی کدورت دل کی زائل کی
شعاع مہر تہی جاروب صحن خانۂ دل کی

جگہ کشتی یہی یارب کسی شیر شمائل کی
جو شربت آب دریا ہی تو شکر ریگ ساحل کی

کمی کی کچہ برش مین تیغ نی تو مر ہی جاونگا
قسم کہاتا ہون اپنی شوق شہادت تیغ قاتل کی

برابر رزق عالم کا ہی اوسکی خوان نعمت پر
نہین لقمہ اوٹہانی کی بہی ہتہی انامل کی

نہ کہتی قتل سی محروم ہمکو سخت ڈرتی ہین
یہ عشوہ دست قاتل کا یہ لغزش پای قاتل کی

وہ گل ہی تو کہ تیری یاد مین جنگل بنی لالان ہے
زبانین ہین یہ کانٹونکی کہ منقارین عنادل کی

وہی مجمع ہی مجمع جسمین کوئی خوبصورت ہو
چمن کی گل ہین زینت شمع سی رونق ہی محفل کی

ہزارون آرزوئین تہین تجہی جبتک نہ دیکہا تہا
تجہی دیکہا نہین باقی کوئی بہی آرزو دل کی

کوئی کعبی کو جاتا ہی کوئی ہی دیر کو راہی
تفاوت اسقدر ہی رہروان مین ایکمنزل کی

بہت دشوار ہی بوسہ ملی اوس روی روشن کا
لگی کیا ہاتہ یہ دولت کہ اسپر مہر ہی تل کی

شریک حال عالم ہی جو انسان نیک سیرت ہو
رعیت کم نہین ہی فوج سی سلطان عادل کی

فراق یار کی صدمی ہین دل پر وصل اب کیسا
جہاز آیا جو طوفان مین گئی امید ساحل کی

بہار آئی ہی ای صیاد ہمکو بہی رہائی دی
صدائین آرہی ہین گلشن مین عنادل کی

ہماری کعبۂ دل مین چراغ داغ روشن تہا
نہتی قندیل محراب فلک مین ماہ کامل کی

اسیر آیا نہ وقت نزع وہ عیسیٰ عیادت کو
بدن سے جان نکلی آرزو دل ہی میں باقی

شراب خون دل پیتا ہوں میں فرقت میں قاتل کی
صراحی چاہیئے گردن ہو گویا مرغ بسمل کی

نہ اہل ہوش سمجھے نالان کا کیا درد جگر جانیں
سنا ہے آئینہ ہستی ہیں گل کون تماشائی دل کی

نہ دیکھنے آنکھ پھیری ہی کہ ایسی تیرگی چھائی
زبان آ ہو گئی صراحی ہر شمع محفل کی

نہ آؤ گی کبھی وعدہ عبث آنیکا کرتی ہو
مجھی روشن ہی سب کہتی تو کہدو آنکی دل کی

ہوا ثابت نہیں کچھ بعد ہستی عدم ایسا
جو دوری وہ پھر میں طی ہوئی مشکل ہی منزل کی

مسلمانوں کی صحبت کب اثر کرتی ہی کافر کو
نہ کہوئی نور عارض نی سیاہی ایک ان تل کی

سزا ہم تو مجرم ہیں امید رحم رکھتی ہیں
مبارک بیگناہوں کو عدالت رب عادل کی

سفینہ بیکسوں کا غرق ہوتا ہی تو ہوتا ہے
کسی پر ہو ابلا جاتی سبکساران ساحل کی

مصور تازگی ہی گلشن انصاف کی لازم
شبیہ گل میں لالی صرف کر خون عنادل کی

ہزاروں گردنیں کٹتی ہیں لاکھوں سر اوترتی ہیں
نہ گرتی ہے نہ مڑتی ہی کبھی شمشیر قاتل کی

پی گلگشت یا رب آج کس قاتل کی آمد ہے
چمن میں نرگس شہلا نہیں آنکھ ہی بسمل کی

مے گلگوں لہو سی کم نہیں ہی ہجر ساقی میں
پیالی ہی کٹوری قبضۂ شمشیر قاتل کی

مگر پھر موسم گل میں جنونکی آمد آمد ہے
مری کانوں میں پھر آواز آتی ہی سلاسل کی

اسیر اک ایک قدم پر آبلوں سی خون ٹپکتا ہی
پر افشانی ہی اپنی چال گویا مرغ بسمل کی

جو گیا ملک عدم کو وہ کہاں پھرتا ہے
چھوٹ کر تیر کوئی سوی کمان پھرتا ہے

کس تکلف سی وہ گلگوں تہ دامان پھرتا ہے
رقص طاؤس کا آنکھوں میں [illegible] پھرتا ہے

ڈیگا پانی مجھی کیا خنجر عریان تیرا
خود انگالی ہوی یہ خشک زبان پہرتا ہے

قتل کا شوق یہ ہی جاتی نہ رہا پہر زخمی
منہ چھپائی ہوی جلاد کہان پہرتا ہے

مرگ کی بعد یہ ہی خنجر قاتل کی تلاش
سنگ مرقد صفت سنگ فسان پہرتا ہے

خواہش اک جام کی ہی خم نہ چہیا جائینگی ہم
پیٹ پکڑی ہوی کیون پیر مغان پہرتا ہے

ہر جگہہ دل کو مری چاہ ذقن کا ہی خیال
ساتہ یوسف کی سفر مین یہ کنوان پہرتا ہے

بسکہ ہی کوچۂ جانان کی ہوا چوبائی
مارا مارا مری اہون کا دہوان پہرتا ہے

کبرا پہیا نہین عشاق سی ای مہر وشو
دم مین تیرا بکیطرح رنگ جہان پہرتا ہے

سر فروشونکی ہی کتنی تری خنجر کو تلاش
ڈہونڈہتا پیاسون کو یہ آب روان پہرتا ہے

در و دیوار کی تصویرین ہین قربان کس پر
شکل فانوس خیالی جو مکان پہرتا ہے

کچہ خبر ہی تجہی زاہد کی بہی ای قاضی شہر
اینڈتا تاک کی سایہ مین جوان پہرتا ہے

قدر عاشق کی حسینونکو ہوئی شکر خدا
ماہ پالی کیطرح گرد کتان پہرتا ہے

ہرزہ گردون کا کبہی ساتہ نہ دی گوشہ نشین
مہر و مہ لاکہہ پہرین قطب کہان پہرتا ہے

استخوان چور ہوی پیر فلک کی کیونکر
بنکی پہیا مری نالون کا دہوان پہرتا ہے

ہند سی چل طرف روضۂ شبیر اسیر
یہی رستہ طرف باغ جنان پہرتا ہے

رہی درست طلسم حیات یا ٹوٹی
کسی کا دل نہ کبہی ہم سے یا خدا ٹوٹی

کہو فلک سی نہ مجہسی ضعیف کو چہیڑی
یقین ہی خار سی اوسکی تو آبلا ٹوٹی

جہان کو رحم عطا کر یہ ای خدای جہان
سبہی جو دانہ دل سنگ آسیا ٹوٹی

شتر ہی شرط پلا جام جلد ای ساقی
نہ ہت تا چار مین مستون کی دست یا ٹوٹی

جہان مین زیست کا باعث فقط سہارا ہے
کمر ضعیف کی ٹوٹی اگر عصا ٹوٹی

فلک خوشی سی کری رقص ہی وہ ظلم پسند
زمین پہ گر کے اگر کاسہ گدا ٹوٹی

عبث تہی آمد و شد ان تہونکی گلیون مین
کہ ہاتہ کچہ نہ لگا پاؤن بار ہا ٹوٹی

وہ درد غافلی سے ہو نہ ذرّون کو خبر
مچا نہ شور غضب تجہپہ ای درا ٹوٹی

مدد ہی دل کی رگین کی نہ اشک ستم کبھی
ملا ہو بحر سے سوتا تو چاہ کیا ٹوٹی

ہمارا عقدۂ خاطر کسیطرح نہ کہلی
لگائے ہاتہ تو دست گرہ کشا ٹوٹی

فلک سی سنگ جفا کب نہ بیکدی پہ گرے
خم و سبو کی نہ کسکی وز دست و پا ٹوٹی

یقین معنی لا تقنطوا رہے دل کو
خدا سے آس نہ ای بندۂ خدا ٹوٹی

نہ استخوان ہوئی ضایع نہ مرکی لحم اپنا
ہزارون زاغ گری سیکڑون ہما ٹوٹی

نہوئی وون کسی ظرف شراب کو بیکار
بناؤن جام اگر شیشے کا گلا ٹوٹی

وہ جنس دل ہے ہماری کہ دیکہنکو جسکو
حسین ہر ایکطرف سی ہزار ہا ٹوٹی

اسیر کسنے یہ گلزار کو کیا تاراج
زمین پہ پہول پڑے ہین ہزار ہا ٹوٹی

ہوا خط آشکارا حسن عارض کی تمامی ہے
دہن کا اسکی بوسہ دو یہ باقی لا کلامی ہے

قلم نے وصف اسکی لعل شیرین کا جو لکہا ہے
جہان مین مثل طوطی شہرۂ شیرین کلامی ہے

جہکی کیونکر نہ خفت سی اسرافیل محشر مین
مری اعمال بد سی پلہ میزان سلامی ہے

وہ سیاکش ہون کہ عالم مجہ ہی پیش نظر سا ہے
کہ ساغر کا نہ یہ ہی خط ساغر شرح جامی ہے

بربہ کعبہ سیاد الولد فی ات حید کی
محب اسکا جلالی ہی عدو اسکا حرامی ہے

نہ سلیمی نہ تف وہ نالی گرم مین جی
کہا پہ ملک تا آسمان جل ہنگی نامی ہے

گمان کیونکر نہو اوسپر جو دل سینے سی غائب ہو
ترا دزد حنا سب جانتی ہین جو ر نامی ہے

نہو مایوس انسان عالم ذلت مین عزت ہے
مہ کنعان کو زینہ بام رفعت کا غلامی ہے

وطن سے ہو سفر مشکل نہ کیونکر خام طبعونکو
جدا ہوشاخ سے کب جبتلک میوہ مین خامی ہے

جو بے پروانگی اوس شمع تک پروانہ آتا ہے
تو کہتا ہے محب اس بزم مین بی انتظامی ہے

چلے جب بے وقدم مردنی مین مین ہوگئی زندہ
قیامت باداونکو شیوہ محشر خرامی ہے

حسین جو ہے وہ ہی تیری قد آزاد کا بندہ
خط رخسارہ ہر سرو قد خط غلامی ہے

حفاظت سی رہی یوسف کنوی مین نہین جو فنا
اوسی کیا خوف ہی جسکا خدا آفت مین حامی ہے

نہین ہم وحشیونکو اور سیرا بنکی کچہہ حاجت
کہ مخمل سبزہی مہتاب کی چادر تمامی ہے

مخمس مین بہی کوئی وصف حسن یار مین لکہون
جہا نہین اسقدر مشہور خمسے سی نظامی ہے

اسیر زار کو سب قصیدے روان اتنا تو کہتی ہین
کہ مشتاق نہین یہہ بہی صاحب طبع گرامی ہے

تنگئ غم دل کو آخر باعث راحت ہوئی
اسقدر سمٹی پریشانی کہ جمعیت ہوئی

چہین سے لے گا کس طرح اسکو زبردستی کوئی
مفلسی بہی کیا کسی زردار کی دولت ہوئی

پوچہنے آئے ہو اب بیمار فرقت کی خبر
مرچکا گذرا زمانہ گرچکا مدت ہوئے

یار نے وعدہ کیا تہا خواب مین آئینگی ہم
شب کو ہم جاگا کئی ہم سی بڑی غفلت ہوئی

تیغ ابرو کا لیا بوسہ تو اوس بت نی کہا
کیا خدا کی شان ہی تمکو بہی یہہ جرات ہوئی

ساعتین گن گن کی کاٹی رات ہمنی ہجر کی
گرد کلفت دل مین ریگ شیشہ ساعت ہوگئی

تیغ قاتل کو دیا سر جان عزرائیل کو
تنگدستی مین کہان قاصر مری ہمت ہوئی

میرے مرنیکا تماشا نہین کس کس کا غذاب
ہتکڑی کو طوق کو زنجیر کو فرصت ہوئے

رنگ یکرنگی دورنگی سے نے کیا کیا آئینہ
رفتہ رفتہ میری صورت یار کی صورت ہوئی

ذہن مین آیا بڑی مشکل سے مضمون دہن
اس معمی کی سمجھنی مین بڑی دقت ہوئے

عشق عم کا حسن سی کی عشق سے نمایید حسن
آپ کی مجھسے تو میری آپ سی شہرت ہوئی

بہوک کا غم بہوک مین کہایا کئی ہم عمر بہر
جب ہوئی ہمکو تلاش رزق بی بہت ہوئی

آئینہ دیکہا اگر پیری مین یاد آیا شباب
اگلی صورت اور تہی اب اور ہی صورت ہوئے

وصل کی دولت میسر کوئی ہوتی ہی بزور
بیستون مین رائیگان فرہاد کی محنت ہوئی

جتنی کامل ہین فنا کی بعد ہی اونکی نمود
خلق سی معدوم جب عنقا ہوا شہرت ہوئی

بعد مدت قید سی محبوس چہوٹا ای اسیر
جسم خاکی سے جو نکلے روح کو راحت ہوئی

رو بہ منشون کو مجہ سے کد ہے
یا شیر خدا دم مدد ہے

ہر ایک بلا اسیر رد ہے
لب پر مرے یا علی مدد ہے

بیہوشی و ہوشیاری اپنی
دریائے جنون کا جزر و مد ہے

ای چرخ کہان تلک یہہ بیداد
ہر چیز کی آخر ایک حد ہے

محشر مین کرینگے دعوی عفو
تحریر خط جبین سند ہے

نزدیک ہماری اوس پری پہ
وحشی جو نہو وہ بیخرد ہے

جب دیکہو وہ رخ ہی زیر گیسو
یہہ آئینہ عاشق نمد ہے

خامہ مرا ذوالفقار حیدر
حاسد عمر ابن عبدود ہے

اوس سے بہی یہہ آدمی ہے بدتر
شیطان کا یہان نہین نام بد ہے

ہے دل مین مری جو داغ الفت
یہہ پہول گل سر سبد ہے

ہے دختر رز کو پردہ لازم
زاہد کی بہت نگاہ بد ہے

صادق ہی ہمارا دعوی عشق
آنکھین ہین گواہ دل سند ہے

آمد سی ہے اوسکی سینہ مجروح
ناوک سے ہے الف کمان مد ہے

ہے مسئلہ ذہن خلاسفے
جو آپ کہین وہ مستند ہے

ہٹتا نہین اپنا جسم خاکے
گویا کہ سکندری یہ سد ہے

سب پر ہے اسیر اوسکی رحمت
یہہ ابر محیط چار حد ہے

آئے بہار پیر مغان کا زمانہ ہے
جام و سبو ٹھی ہین نیا کارخانہ ہے

آنسو زمین کو آہ فلک کو روانہ ہے
الفت مین بھی نشیب و فراز زمانہ ہے

دور فلک سی اہل زمین کو نہین قرار
ہر مہرہ اس بساط کا خانہ بخانہ ہے

گردش کی احتیاج نہین مثل آسمان
پہنچے کا منہ تلک جو مقدر کا دانہ ہے

چل بزم معرفت مین ذرا سن لگا کی کان
منصور نغمہ سنج انا الحق ترانہ ہے

دل جنکی صاف ہین وہ تواضع پسند ہین
پانی زمین پہ جانب پستی روانہ ہے

ہے دولت جہانکو محبت بخیل سے
قارون کے ساتھ اب بھی زمین مین خزانہ ہے

سلجھاتے ہین وہ بال الجھتا ہی دل مرا
وہان شانہ ہو رہا ہی یہان دردشانہ ہے

کیونکر بچیگا ناوک مژگانسے دل مرا
ناوک فگن یہہ بال کا باندھا نشانہ ہے

کچھہ حال عمر و خواہش دنیا نپوچھئے
تھوڑی ہی رات طول بہت یہ فسانہ ہے

مضمون چار ابرو جانان جو ہین رقم
جو بیت ہی غزل مین مری چارخانہ ہے

مہمانسرا ہے دہر نہین منزل قیام
آگی یہان کوئی کوئی پیچھے روانہ ہے

سوچ کا ہے زیارت شبیر مین ثواب
حق پوچھیے تو کعبہ یہی آستانہ ہے

کیون کر سمند عمر رواں ہو نہ تیز رو
جو رشتۂ نفس ہے اسی تازیانہ ہے

حیلے کرین جو مردم دنیا تو کیا عجب
درکار یہان اجل کی لیے بھی بہانہ ہے

دنیا ہے زور ملتی ہے کسکو بغیر زور
اچھی ہین اہل زور انہین کا زمانہ ہے

بہتر ہے دور چار عناصر سی نار عشق
اوڑ جائے گا **اسیر** یہ بارود خانہ ہی

پیدا تمہارے ذات سی سارا زمانہ ہے
مقصود تم ہو خلقت آدم بہانہ ہے

آیا ہے جو عدم سے عدم کو روانہ ہے
دو دن کی زندگی کا عجب کارخانہ ہے

دیتا ہے ظالمون کو فلک دولت جہان
بندوق جو جہان مین ہے صاحب خزانہ ہے

کافی ہے فرش خاک جنھین ہین بجای فرش
ہر نخل سایہ دار بھی شامیانہ ہے

نادان ہین مال و زر پہ جو رکھتے ہین اعتماد
دولت کسی کی ہی نہ کسی کا زمانہ ہے

دونون جہان مین ایک حسین ہی وہ بیمثال
کوئی برابر اوسکے نہوگا یگانہ ہے

ہے جمع کاروان عناصر تو کیا ہوا
یہ چار دن مین چار طرف کو روانہ ہے

تجھسا کمان ہی کوئی کماندار ای فلک
تیرے خدنگ ظلم کا عالم نشانہ ہے

پست و بلند بزم خرابات مین نہین
اس بزم مین جو صدر ہی وہ آستانہ ہے

ہے غول عاشقون کا جو اوس سرو قد کی ساتھ
پیچھے سپاہ ہی علم آگے روانہ ہے

محفوظ ہین جہان مین آفت سی خاکسار
اسپ گلی کو کیا خطر تازیانہ ہے

ممکن نہین بچے کوئی اوس تیر ناز سے
آئی جو زد پہ طائر سدرہ نشانہ ہے

کیونکر فلک خرام نہو یا خدای قنبر
تسمہ مرے کمر کا اسی تازیانہ ہے

دیکھا ہمیشہ مور و مگس کو شکر کے گرد
دولت ہی جسکی پاس اوسی کا زمانہ ہے

کیونکر بسر نہ ہجر مین کرتے اسیر عمر
قابو کبھی وصال پر اپنا نہ تھا نہ ہے

یاد کی زلف عدم کو تری رنجور چلے
شام جب ہونے لگی چھوٹ کی مزدور چلے

دیکھنے کو جو ہم اوسکا رخ پر نور چلے
خلق چلائی کہ موسی طرف طور چلے

ساقیا دور ہو غم لگی پھپولی پھوٹین
فصل گل آئی ہی جام مئے انگور چلے

یکشو چاہئے ستان گذشتہ کی بھی یاد
ساتھہ ہے جام کی جمشید کا مذکور چلے

آئے مقتل مین بہر طور تمہاری جانباز
تھک گئی پاؤن تو آنکھونسی یہ مسرور چلے

کرچکا مین سفر ملک عدم کا سامان
میرے ہمراہ ہو چلنا جسے منظور چلے

ہم تھی محروم مین عیش سی کیا مطلب تھا
راہ دوزخ نہ ملے خلد کو مجبور چلے

سطح گردون کیطرح خاک پہ تاری چھٹکے
میری آنکھونسے جو آنسو شب دیجور چلے

پھر گیا سوز جگر خواہش مے مین ساقی
ہو گئی زخم کہن تازہ جو انگور چلے

موت آجائے اگر معرکہ آرائی پر
زور رستم کا نہ سہراب کا مقدور چلے

رخصت ای اہل جہان سوی عدم جاتی ہین
پھر کی آئینگی نہین آپکی صحبت دور چلے

جلوہ گر نور مین ہوا وہی نورا ساقی
چاندنی شب مین کوئی ساغر بلور چلے

سرفروشونکو نہ کیون سر ہو وبال گردن
دوش پر رکھہ کی جو تلوار وہ مغرور چلے

دار کہتے ہے کہ سردار وہی عشق مین ہو
جو قدم بر قدم حضرت منصور چلے

غم نہین ہے جو کبھی ہاتھہ نہ آیا پس مرگ
گور آئے عدم آیا وسی ہم گور چلے

کون اب کوہی حسینا نہین زیادہ ہو قلیل
گھورنا تھا جنہین دو چار گھڑی گھور چلے

ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھی ہین عدو اسیر
فصل گل آئے کہین کام بدستور چلے

آمد شام جدائی سی جہان پر شور ہے
کیا سیاہ آندھی ہی اسمین کس بلا کا زور ہے

راست قد اتنے گئے ہین چرخ کی زیر زمین
کم نہین ہے ترکش پر تیر سی جو گور ہے

کہتے ہین رہرو گذرتی ہین جو مجنہ نالا اونکی سمت
کیا قیامت کا ہی دن یہ یا جو ایسا شور ہے

جتنا جی چاہی تمہین گوروی ہماکو فشار
ایک مشت استخوان ہین کیا ہمارا زور ہے

واہ رے تحریر توصیف لب شیرین کا فیض
خط مرا شیرین ہے خامہ نیشکر کی پور ہے

کیا حقیقت تیری مہر و ماہ کی ای آسمان
روزنکو اک اسمین ہے تو دوسرا شب گور ہے

اوس رخ رنگین پہ زلفین دیکھکر کہتے ہین سب
واہ کیا صحن گلستان مین گھٹا گھنگھور ہے

لوگ جسدم غیر مردی کا جنازہ لیچلے
ہم یہ سمجھے مار مردہ پر ہجوم مور ہے

دل چرائی کوئی اوس فرد حنا پر ہو گمان
کیون ہو بدنام عالم مین یہ نامی چور ہے

چشم تر مین پھر لی کتنا ہی تصور یار کا
چاہیے مشق شنا پانی کا اسمین زور ہے

نطق شیرین کیا نہ شاعر کو کری گا نامور
کس قدر پھونسی شور ہی کا جہان مین شور ہے

سب بدونکی قدر نیکون کی کہان آفاق مین
پاسبان بیکار ہے جبتک مقید چور ہے

اوڑتے ہین ہوش اونکی گاتی پر بجا نیسی سوا
رشتۂ آہ اثر نارسا یہ بھی ڈور ہے

دوڑتی پھرتی ہے پر اس سی نکل سکتی نہین
آسمان ہی طاس اسمین عقل انسان مور ہے

حل مشکل کی لئے کوئی سہارا چاہیے
مرد الکن کو سخن تکیہ عصائی کور ہے

آج اوٹھے کل اوٹھے اس دار فانی سی اسیر
بیٹھی ہین تکیہ مین ہم بستر کنار گور کے

کب آتی ہین وہ جھوٹ یہہ آنیکی خبر ہے | نادان مین نہین مجھکو زمانیکی خبر ہے

بالین سے مری اوٹھہ گئی ڈرکر جو احبا | شاید ملک الموت کی آنیکی خبر ہے

کچھہ منہ سی نہ کہئی جو مجھے قتل کیا ہے | اغیار نہ سن لین یہہ چھپانیکی خبر ہے

بیہوش کیا ہے خبر یار نے ایسا | اپنی نہ خبر ہے نہ زمانیکی خبر ہے

کیون مجھہ سے کہا اوسنے تری خطکو جلایا | قاصد یہ مری دلکی جلانی کی خبر ہے

بیہوش مین آیا تہا گیا وہ ہر سی بیہوش | آنے کی خبر مجھکو نہ جانے کی خبر ہے

محروم تماشا ہو نہین یا ور نہین آتا | محشر مین جو دیدار وہ کہانیکی خبر ہے

پہنا وہ خوشی سے جو میسر ہوا جامہ | ہمکو نہ نئی کی نہ پرانیکی خبر ہے

اک پہر سحر سے پس دیوار لگی ہے | دروازے تلک کیا ترے آنیکی خبر ہے

بولا جو سنا اوسنے لحد مین مرا گریا نا | ہان جھوٹ نہین ہے یہہ ٹھکانیکی خبر ہے

مرنیسے مرے اونکو ہوئی زیب فراموش | آئینہ سی اب کام نہ شانیکی خبر ہے

کہتے مین یہہ سب ہی او نہین منظور جلانا | روشن ہے کہ یہہ آگ لگانیکی خبر ہے

رجعت تو ضروری ہی اسیر اس مین نہین شک
کعبہ مین یہ قرآن اوٹھانیکی خبر ہے

موت کا ڈر ہی جو ہر دم جان کسکی تن مین ہے | سر گریبان مین نہین ہے تیغکی دامن مین ہے

کچھہ نہ تہا مین ضعف سی تربت مین کیون ہی تنگ | پوچھ لینا تہا یہہ پہلے کوی اس مدفن مین ہے

حبس سی کہتا ہون کہانی اپنی رعد یتا ہی | شکر ہے تاثیر با تو نہین اثر شیون مین ہے

عالم پیری مین ہی صحبت جوانونسی نصیب | سبزہ بیگانہ ہون پر جا مری گلشن مین ہے

آرزوے تیغ رکھتا ہون نہ قاتلکی ہوس | تیغ کی دوری کا عالم ہر رگ گردن مین ہے

صاف دو ٹکڑی کری گی ضرب شمشیر اجل — لاکھہ جوشن پوش پنہان قلعۂ آہن مین ہے

ظاہرا آبراستہ رکھتی ہین یہہ خود نخواہ خلق — دیکھیی جس گرگ کو یوسف کی پیراہن مین ہے

مرگیا اک مہروش کی عشق مین یہہ ہو کی زار — قبر مین مردہ نہین ذرہ کوئی روزن مین ہے

نخل تک رکھتی ہین سودای قد موزون یار — طوق قمری کی طرح شمشاد کی گردن مین ہے

وصف مژگان نظم کرتا ہون ثنای نخل ساتہہ — بوی گل دیتا ہی جو کانٹا مری گلشن مین ہے

آئی اب سیلاب یا بجلی گری پروا نہین — ازدحام مور دانو منی سوا خرمن مین ہے

سخت دل کب ہی حاصل تیغ اہل صفا — آب گوہر مین ہی آتش سنگ اور آہن مین ہے

وحشی یکرنگ ہون مجکو دوئی ہی کام کیا — چاک جو میری گریبان مین ہی وہ دامن مین ہے

یاد چشم مست ہی لازم رخ گلگون کی ساتہہ — بادہ خوارو بادہ خواری کا مزہ گلشن مین ہے

عالم افلاس ہی لیکن ہین ہم عالی دماغ — بوی شاہی اپنی درویشی کی پیراہن مین ہے

زندگی کا ہی نہ دولت کا جہان تہین اعتماد — قصر عالی مین جو کل تہا آج وہ مدفن مین ہے

حق یہہ ہی کس میوۂ پختہ مین ہی ایسا مزہ — ذائقہ جو تیری گدرای ہوی جوبن مین ہے

چشم عالم سی چھپا یا خاکساری نی مجھے — خاصہ اس تن وہی ہی جو الو یا انجمن مین ہے

انقلاب عالم فانی تماشا ہی اسیر
زن لباس مرد مین ہی مرد خست زن مین ہے

کان مین اوسکے دیکھہ کر بجلے — لوٹتی ہے ادہر اودہر سب جلے

نامہ برکو روانہ کرلون مین — ابر تہم جا ذرا ٹھہر سب جلے

ہوئی غائب چمک کی پیش نظر — تہی مگر یار کی کمر سب جلے

پہرے خو من تلک نہین آتے — بہر وقت ہے کسقدر سب جلے

مر گئے اوسکے جلوۂ رخ پر
بندے کے آنکھ دیکھ کر سب جلے

دم میں آنکھوں سے ہو گیا غائب
تو سن یار تھا مگر سب جلے

خرمن صبر جل کے خاک ہوا
سے تیز مگر یار کے نظر سب جلے

خط میں لکھا ہے حال بیتاب
کیا عجب ہو جو نامہ بر سب جلے

رہ گیا درد دل چمک کے اسیر
ادہر آئے گئے اودہر سب جلے

بتا شیشی سی ساقی یہ مئی گلنار گرتی ہے
تڑپ کر ابر سی یا برق آتشبار گرتی ہے

عجب وحشی ہوں وہ زنجیر جو مجکو پنہاتا ہے
سفارش کو قدم پر زلف سو سو بار گرتی ہے

عجب کیا روتی گر گئیں پلکیں اگر میری
بہت پڑتا ہے مینہ جب سب مکان کی دیوار گرتی ہے

مری پلکوں سی آنسو بہتی ہیں یوں بہر جاتا ہیں
دہان مشکل ہے یا بجلی جیسی بار گرتی ہے

یم رحمت برستا ہی پئی سرسبزی عالم
گمان تجکو ہی شبنم بات کو بیکار گرتی ہے

وہ مجرم ہوں کہ میری قتل کی مشتاق ہی اسے
کہ ہر دم پائی تیر جلاد کی تلوار گرتی ہے

خرابی لاتی ہیں روتی پہ جب آجاتی ہیں آنکھیں
کہیں چت بیٹھی جاتی ہی کہیں دیوار گرتی ہے

مشقت بھر کا رخلق تجکو بہی مناسب ہے
کنوین میں ہر قدم سو زن مرفتار گرتی ہے

نہیں بام رفیع یار کا نظارہ کچھ آسان
سر پیر فلک سی مہر کی دستار گرتی ہے

اثر اس میں بہی ہے ای باغبان کیا شفقت بلبل کا
کہ دیوار چمن آٹھ آٹھ کی سو بار گرتی ہے

الہی سیر کو یہ کون یوسف بی نقاب آیا
کہ غش ہو ہو کی سب خلقت سر بازار گرتی ہے

ہماری اشک اگر چشم صدف میں دیکھ لیتی ہے
نظر سی آبروئی گوہر شہوار گرتی ہے

نگاہ یار یوں گرتی ہی جا نیاز دلوں کی مجھ پر
کسی خرمن پہ جیسی برق آتشبار گرتی ہے

بنا ای کوہ کن اوٹھہ کر لحد سی کوہ کارستہ
کہ شیرین کھا کی ٹھوکر راہ مین ہر بار گرتی ہے

نگاہ یاس میری دل ہلا دیتی ہی قاتل کا
لرزجاتی ہین بازو ہاتھہ سی تلوار گرتی ہے

چمن مین نالہ موزون نکر ای دل سمجھہ اتنا
نگاہ باغبان سی بلبل گلزار گرتی ہے

جو محفل مین کوی کرتا ہی ذکر اوس تیغ ابرو کا
تو شمع آسا زبان کٹ کر دم گفتار گرتی ہے

زیان جزو ہی نقصان کل نزدیک عاقل کی
ٹھہر سکتے ہی کوئی سقف اگر دیوار گرتی ہے

نمد اجانی نظر کسکی لگی اس طاقت دل کو
تنزل ہر گھڑی ہی روز یہہ سرکار گرتی ہے

اسیر اس خانۂ تن کا بھروسا کیا ہی پیری مین
عمارت جو پرانی ہوتی ہی ناچار گرتی ہے

مجکو اونکی اونکو میری چاہ ہے
ہے مثل سچ دلسی دل کو راہ ہے

سرد مہری عمر کو کرتی ہے کم
دیکھہ لو سرما کا دن کوتاہ ہے

ہے چھری اوس طفل کی گویا زبان
مرغ بسمل مرغ بسم اللہ ہے

منہہ سی جو نکلا وہ ہے کرتا ہمین
قول اپنا حکم نادرشاہ ہے

بڑھ گیا مجنون سی بہی میرا جنون
عشق کی سرکار عالیجاہ ہے

کھینچ ہے ای ترک تیغ آبدار
پیاس مین دریا کی ہمکو چاہ ہے

اسقدر تمکو جو نفرت ہو تو ہو
اسے بتو بندے کا بہی اللہ ہے

وصف تیرا عمر بہر کیجیے تو کیا
طول افسانہ ہے شب کوتاہ ہے

دیو گذرے گہر سے باہر آ نئے
در پہ حاضر بندہ درگاہ ہے

نیک و بد مین فرق ای واعظ نکر
آب کوثر تی سبیل اللہ ہے

سنتے ہین ہم بھی کہ ہی اوس کا دہن
سچ ہے کیا جانے کہ یہہ افواہ ہے

پرکیہ قدم شرع رسول اللہ پر | باغ جنت کی یہ سیدہی راہ ہے

ہون مین اوسکا جس کی باعث ہی اسیر
رونق شرع رسول اللہ ہے

کاکل جو اوسکی چاند سی رخ سی سرک گئی | شب چاندنی سی ساری مکانمین جہلک گئی
ساقی تمام بزم یکایک مہک گئی | بوتل لنڈہی کہ عطر کی شیشی لنڈہک گئی
کشتی ہماری موج کا رکتی ہی خاصتہ | مٹ جای گی اگر لب ساحل تلک گئی
دارالقضا کی سامنی کہنچی لگی شراب | قاضی سی میفروش کی پگڑی اٹک گئی
آنسو گرے مژہ سی تو یا دل برس پڑا | اوٹہا جگر مین درد تو بجلی چمک گئی
قاتل نی جلد جلد کئے ایسے سر قلم | روحونکو قبض کرنیکی موت تہک گئی
میرے دل گرفتہ پہ کیا کیا لڑے حسین | پہولونمین ایک غنچہ کی بابت چٹک گئی
تشبیہ دی جو ہمنی لب لعل یار سے | یاقوت آبدار کی رنگت چمک گئی
صیاد خود فروش نی گلشن مین نار سے | پہر کی لگائی ایسی کہ بلبل پہڑک گئی
شام فراق لیگئی تہی جنس جان قضا | دیکہا جو صبح کو تو مرے سر ٹپک گئی
جام آگیا نظر جو ترے چشم مست کا | زاہد کی مثل مست طبیعت بہک گئی
دوگام اگر مین وحشی آتش قدم چلا | کوسون زمین وادی وحشت کی پک گئی
پوشیدہ ظلم اہل ستم نی کئی تو کیا | دل دکہہ گیا کوئی تو خبر عرش تک گئی
مین کیا نہ میری گہر سی اوٹہا سلطنت کا بوجہ | دیوار یار ظل ہما سے مسک گئی
دولت ہوئی نصیب جو آئی وہ قتل کو | ہلکی جو سر پہ تیغ تو قسمت چمک گئی

پایا نہ کوئی مثل جرس جادہ رس اسیر

فریاد کرتی کرتی زبان اپنی تہک گئی

جبتلک زور رہی صورت جم جام چلے
چال وہ چل کہ عدو ماتی مین ترا نام چلے

دور میدان قیامت نظر آتا ہی بہت
ای فلک تیز ذرا ابلق ایام سے چلے

ہو تہ آزردہ جو مجہ مست سی شیشی ٹوٹی
ساقیا شیشۂ گردون کا بہی کچہہ کام چلے

منزل دہر مین ہم گرم سفر بیٹہی ہین
کوچ مین دیر نہین صبح چلی شام چلے

دور آخر تو نہ ہم عیش سی محروم رہین
ساقیا عمر چلے جام چلے جام چلے

مرگئے شیب مین غفلت مین کٹا عہد شباب
شب کو سو یا گئی ہم صبح کی ہنگام چلے

دار فانی مین ذرا ہم ٹہرتے لیکن
کر چکے خوب جو چلنے کا سرانجام چلے

نوجوانی مین یادن آنکہونکا ہی عالم کچہہ اور
کیون نہو قدر کہ تازہ ہین یہ بادام چلے

ہاتہ پہ ہاتہ دہری بیٹہی ہین عنادل تمام
ایسے مین موسم گل آئی تو کچہہ کام چلے

ہو جو اوس ماہ کو منظور سواری کا جلوس
آگی آگی آہی نیزہ لیے بہرام چلے

جس طرف خانۂ صیاد سی مین قصد کرون
ہی یقین سایہ صفت ساتہ مری دام چلے

بلبل و فاختہ لینے کو چمن مین آئین
سیر گلگشت جو وہ سرو گل اندام چلے

تیری کوچی کو جو عشاق چلی سب نی کہا
طرف کعبہ یہ مومن پئے احرام چلے

تازہ بلبل کو ہی کیا صحن چمن مین آیا
دام کش دوش پہ رکہہ رکہہ کی جو گلدام چلے

دل مین ہی اوس رخ و گیسو کا تصور پس مرگ
ساتہ ہم لیکی جہان سی سحر و شام چلے

عید قربان ہی بتو میش پہ چلتی ہی چہری
میری گردن پہ بہی قاتل تری صمصام چلے

صبح کو خواب سی جب آنکہہ کہلی اپنی اسیر
طرف کوچۂ محبوب دلارام سے چلے

ہوئی تجھی تو خوشی ہم حزین ہوئی تو ہوے
لیا تو بوسۂ رخ مورد عتاب سہی
بلا سی غیر تری ہمنشین ہوئی تو ہوے
شہید خنجر چین جبین ہوے تو ہوے

نظر مین ایک سی ہی پستی و بلندی دہر
نشان تک نہین رہنے کا لوح تربت کی
ذلیل ہوے تو خوشی ہم زمین ہوئی تو ہوے
برائی نام جو کندہ نگین ہوئی تو ہوے

خطا معاف ہو صاحب گناہگار سہی
فنای اہل جہانسے جہان کو کیا پروا
قصور ہمسے جو صادر نہین ہوئی تو ہوے
مکان کو غم نہین غارت مکین ہوئی تو ہوے

کہو کرین نہ وہ گہبراکی ترک چوک کی سیر
چلی ہین خلد کو حوروںسی دل لگائین گے
دو چار راہ مین ہم سی کہین ہوئی تو ہوے
خفا وہ ہمسے دم واپسین ہوئی تو ہوے

دل و دماغ فقیرون کو کب ہی شاہی کا
کہانسی لائین گی ہم عز آب و تاب گہر
ملوک صاحب تاج و نگین ہوئی تو ہوے
حباب بحر جو بالانشین ہوئی تو ہوے

زمین مین گر چکی ہم ای اسیر کیا مطلب
فساد زیر سپہر برین ہوئی تو ہوے

دیوانی سر کتی ہین در یار سی کوئی
در پردہ پتا حضرت واعظ نے بتایا
ورسے کوئی لپٹا ہی تو دیوار سی کوئی
آگاہ تہہ خانۂ خمار سے کوئے

دل بیٹھ گیا فرقت ساقیمین ہمارا
دربند کیا شام سی تم یہ بہی نسمجھے
لگّہ جو اٹھا ابر کا کہسار سے کوئے
ٹکرا ے گا سر تا تو نکو دیوار سی کوئی

مرغان قفس سے ہی یہ صیاد کی تاکید
بیاروں سے وصیت ہی دم نزع تو اتنی
بیصاف کری اپنی نہ منقار سی کوئی
آئی مری مرقد پہ نہ اغیار سی کچ کی

موذی ہی جہان دست کشی اس سے ہی لازم
کاٹی اگر افعی کو چہوہی بیمار سی کوئی

خورشید بھی ہی ماہ بھی انجم بھی فلک پے
بہتر نہیں آوس آئینہ رخسار سی کوئی

ہوتی ہین کہین اہل صفا باعث ایذا
زخمی ہوا موج کی تلوار سی کوئی

ہی صید ہوا اٹھاتا نہین پشتارۂ مکتوب
نکال بلا لائی بانہ اڈسے کوئی

ورنہ کیا تم ہی غرا سہ بھی تو سوچو
بھاگی نہ تمھین وزن دیوار سی کوئی

آتی ہو تو ترپ ہو نہ اسیران قفس کو
بھوکا ادھر آجائی جو گلزار سی کوئی

ہوتی ہی عطا سنگ کی کیڑی کو بھی روزی
محروم نہین آپ کی سرکار سی کوئی

عریان وہ ہوئی ولین سیہ ترا کی شب وصل
ڈرجائی جھلکتی ہوئی تلوار سے کوئی

خس پوش ہی وہ چاہ ذقن خط سیہ سے
تا اسیر ہو شربت دیدار سے کوئی

کیون ملتی ہی آب بقا خضر سے ہوتا
کرتا جو سفارش مری خمار سے کوئی

عاشق کو تم اغیار کا مرنا نہ سناؤ
کہتا ہے خبر مرگ کی بیمار سے کوئی

کیون تنگ ہو بوسہ دہن تنگ کا دیکر
ہوتا ہے ترش اپنی نمکخوار سی کوئی

دل نرگس جانان سی اسیر اپنا ہی واقف
پوچھی مزہ اس جام کا میخوار سے کوئی

حال ظاہر ہی گواہ عشق رخ زرد ہے
ہاتھ رکھ سینہ پہ آہستہ کہ دل مین درد ہے

عالم وحشت مین ظاہر ہی مری سرگشتگی
گرد باد وحشت کیا گردون گردان گرد ہے

سینہ کیا سد سکندر مین بھی یہ روزن کرے
فی الحقیقت تو ہی مین اوسکا نتیجہ فرد ہے

جو کرے خوش مجکو اوسکا بھی عدو ہے چرخ فلک
زعفران کشمیر مین مجکو ہنسا کر زرد ہے

ہی خریدار اوسکے مانند زلیخا اپنی جان
رو برو جس ماہ کی بازار یوسف سرد ہے

یہہ چلے دو گام وہ سارا زمانہ طی کرے
باد پا ہی یار سے باد بہاری گرد ہے

ہے چمک پر ہر گھڑی لیکن نظر آتا نہیں
جلوہ اوس کا کیا کسی عاشق کی [illegible] کا جوہر فرد ہے

عشق چار ابرو سی جاناں ہمین ہی مرنا عین زیست
یہہ وہ جو پڑے کہ جب ہیں مرگ [illegible] ہے

باغبان تجھکو بھی ہی پرویز کی دولت نصیب
موسم گل مین زر گل گنج باد آورد ہے

وسعت ہمت جو رکھتا ہی بہادر ہی وہ ہے
جس کسی کے ہاتھہ یہ میدان رہی وہ مرد ہے

فکر جنت سنکی واعظ سی مجھی ہوتا ہی ارغ
خوگر غم اسقدر یہہ جان غم پرورد ہے

کیا ہماری خاک پہنچے تجھہ تلک اے شہسوار
تیز رو ہی اسقدر توسن کہ صرصر گرد ہے

ہجر مو غالب ہی کتنی اوسکی رحمت قہر پر
ایک اشک گرم مین سارا جہنم سرد ہے

ایک صورت پر نہ یکسی نعمت خوان فلک
مہرباں گرم ہی مہتاب نان سرد ہے

کیا حقیقت غیر کی ہی منہ مری چشتا ہی کیا
بیجگر ہے بزدلی ہی بیزہی نامرد ہے

مر گئی پر بھی وہی آوارگی باقی اسیر
خاک اپنی گرد باد آسیا یاں گرد ہے

در پر جو ترے لحد بنی ہے
بے شمع و چراغ روشنی ہے

اللہ رے ہجر کے ڈرا [illegible]
دن دونی مین رات چوگنی ہے

پڑ رہے ہے کسی شجر کے نیچے
کیا چھاؤن دلا گھنے سے ہے

زندہ تو فراق مین ہون لیکن
چھائی ہوئی منہ پہ مردنی ہے

لا جلد شراب صاف ساقی
کیا صاف چمن مین چاندنی ہے

سائل ہو فلک سی کوئی کیا خاک
ممسک ہے بخیل ہے دنی ہے

فرقت مین جو وصل ہو عجب کیا
بگڑی ہوئی بیشتر بنی ہے

محفل ہے جہان چراغ ہو تم
ساری یہہ تمہاری روشنی ہے

دل کرتی ہی زخمی اوسکی رفتار
کیا کفش مین تیزی کی انی ہے

درکار نہین جنون مین نشتر
کانٹا جو چبہی ہین سوزنی ہے

بیرنگ نہین ہی یہ مرقع
تصویر جو ہی وہ روغنی ہے

ہی قصر فلک مکان تمہارا
ہی کاہکشان کہ الگنی ہے

ہم وحشیونکا مکان نپوچہو
صحرای جنون مین چہاونی ہے

مین ہمتو اسیر پاک طینت
اغیار کو خبث باطنی ہے

ساتہ ہر اشک کی سو لخت جگر کی نکلے
جو صلی آج مری دیدۂ تر کی نکلے

تاری آنکہونکی جنہین آہ سمجہتا تہا یہ دل
خوب دیکہا تو وہی داغ جگر کی نکلے

بال کیطرح کیا فکر نے لاغر لیکن
طبع نازک سے نہ مضمون کمر کی نکلے

بعد مدت کی جدائی جو وہ آئی شب وصل
جو صلی خوب ادہر اور ادہر کی نکلے

سچ کہو کام تہا کیا تمکو کہان تہی ابتک
شام کیوقت جو آئی ہو سحر کی نکلے

روز و شب ہجر مین سامان محرم کا رہا
خوب رویا جو علم شمس و قمر کی نکلے

سخت نادان ہین جو ہین ہم غذا کی طالب
خشک روٹی کی لیی دانت بشر کی نکلے

اوڑ گیا کوچۂ محبوب مین قاصد کیونکر
پر کبہی صورت طائر نہ بشر کی نکلے

ہی گدائی در دولت کی لیی ننگ سوال
پانون گہر سی نہ تری سنگ در کی نکلے

شکر لِلّٰہ کہ اوٹہی چہرۂ جانان سی نقاب
آج ارمان دل اہل نظر کی نکلے

ساتہ ہی جوش بہارانکی بڑہا جوش جنون
داغ چمکی مری یتی جو شجر کی نکلے

جہسا دیوانہ ترنجی لقب مسلسل کا کمان
کہ قدم خانۂ زنجیر سے مر کی نکلے

دیکھہ لین ایک نظر اورکہ بالین پہ ہی یار
دم ہے کہدو کہ جو نکلے تو نظر کی نکلے

بٹ گئی میری مضامین شعرا مین پس مرگ
کئی حصے کہین اس مال مین زر کی نکلے

بحث سی فائدہ جب غور کیا ای ناصح
سارے پہلو تری باتون مین ضرر کی نکلے

کیا لہو تہا تری سودائی الفت کا کسیں
جوہر ایسی جو تری تیغ نظر کی نکلے

تن بی روح دربار سی نکلی ہی اسیر
روح کو چاہیے نہ اوس شک قمر کی نکلے

لب پہ ای دل گلۂ یار نہ آئی پائے
بات مین فرق خبردار نہ آئی پائے

وصل کی رات تو نکلی ہوس بوس و کنار
نیند ای طالع بیدار نہ آئی پائے

نامہ بر سی ہی یہ نفرت کہ ہی اونکی تاکید
کوئی طائر سر دیوار نہ آئی پائے

دیکھہ مشاطہ سوا ہوگا حسینونکو غرور
آئینہ بزم مین زنہار نہ آئی پائے

پا بگل ہون نہ رہ عشق مین ہم بادیہ گرد
عرق ای گرمی رفتار نہ آئی پائے

دختر رز سی ہی تاکید یہی ساقی کی
ہوش مستونکو خبردار نہ آئی پائے

آشیانہ سر گلبن وہ بنا ای بلبل
اشک شبنم کی بہی بوچہار نہ آئی پائے

شمع و گل سی ہوئی پروانہ و بلبل ہمراہ
ہم تری بزم مین ای یار نہ آئی پائے

تو وہ یوسف ہی تری گہر مین تو آتا کیسا
در تلک مردم بازار نہ آئی پائے

کوچۂ تنگ سی کہتا ہی یہ مطلب وہ پری
کہ سلیمان کا ہوادار نہ آئی پائے

باغبان سیچ مری خونسی پیونکی درخت
کہ خزان جانب گلزار نہ آئی پائے

چاہیی گرد کدورت سی رہی دامن پاک
دل کی آئینہ مین زنگار نہ آئی پائے

زن مریدونکو رہی زال جہاں کی خواہش
گہر مین مردون کی یہ مردار نہ آئی پائے

تمہین کہتی ہو کہ کوچہ ہی مراد از شفا ... اسیر یہ حکم کہ بیمار نہ آنی پائے

رکہہ کبہی دل پہ نہ باریکی عالم کا خیال ... بال آئینہ مین زنہار نہ آنی پائے

بیمروت نظر آئی ہی شب وصل ای دل ... نیند آنکہون مین خبردار نہ آنی پائے

کوچہ بازار ہی اوس غیرت یوسف کا مگر ... حکم ہے یہ کہ خریدار نہ آنی پائے

نامہ اوس شوخ کو لکہیو فصاحت سی اسیر ... چاہیے لفظ کی تکرار نہ آنی پائے

دولت آتی جو کہین آج ہی کل مین نرہی ... یہ دولہن ایک ہی دولہ کی بغل مین نرہی

کب ٹہرتی ہی کسی گہر مین عروس دولت ... جب یہ کسری و فریدون کی محل مین نرہی

کبہی فارغ نہو آقتل سی وہ قاتل خلق ... تیغ قبضی کی سوا اوسکی بغل مین نرہی

وسیلی قتل اگر ہی خط پشت لب یار ... گفتگو خضر و مسیحا کی اجل مین نرہی

ہولی وہ بیتاب کہ جبدن سی تری تصویر کہیچی ... ایک ساعت کف نقاش ازل مین نرہی

ہاتہ قاتل کا ہوا شاخ شکستہ مری بعد ... تازگی نام کو بہی تیغ کی پہل مین نرہی

با وضو ہو کی تری مصحف عارض کو چہوا ... جای انگشت مری حسن عمل مین نرہی

عیش تہا نعمت دنیا مین نہ سمجہی یہ حریص ... یاد زنبور انہین ذوق عسل مین نرہی

تم جو بی پردہ ہوئی ہو گئی روشن نہ فلک ... تیر کی نام کو رخسار زحل مین نرہی

دل وہ کیا دل ہی جو فریاد سی لبریز نہین ... نی ہمیشہ ہی گولی جو نغل مین نرہی

دور گردون نی ریاست سی کیا یہ محروم ... کہ زمین شعر کی بہی اپنی عمل مین نرہی

خامشی خوب ہی کچہ عالم پیری مین اسیر ... فکر کس کام کی شوخی جو غزل مین نرہی

پھر دیر سے بتون کی مجکو پیام پہونچے — کعبے کے رہنے والو تمکو سلام پہونچے
اتنی تو پھر کی لا مے پھر خدا سبو مین — سب میکشونکو ساقی اک ایک جام پہونچے
وہ مرغ خوش نوا ہون آیا جو مین چمن مین — صیاد ہر طرف سے لی لیکے دام پہونچے
نزدیک رہ گئی ہے ہستی عدم کی منزل — برسون چلے ہین رستہ اب صبح شام پہونچے
ہمسایون مین کسی سے راہ اونکو ہے مقرر — پایا جو وقت فرصت بالای بام پہونچے
کس کا لہو بہا کر آسئے ہین وہ الٰہی — ہین سرخ آستینین گلگون تمام پہونچے
بزم جہان مین ایسی قسمت تھی ہی اپنی — ممکن نہین کہ ہم تک لبریز جام پہونچے
رزاق ہے وہ سب کا دیتا ہے سبکو روزی — کیونکر نہ رزق سب کو تا وقت شام پہونچے
یہ پیاس کی ہے شدت جی ڈوبتا ہے میرا — یارب کہین گلی تک آب حسام پہونچے
محفل مین اوسکے جانا ٹھہری اگر ہمارا — نوبت کلام کی بہی پہر لا کلام پہونچے
مقبول ہین خدا کی ساری رسل پیمبر — اونکو درود پہونچے انکو سلام پہونچے
اپنے نصیب مین ہے اس دور مین کہان مے — ساقی لگا نہ سکا اپنی ہم تک جو جام پہونچے
ارباب حق کے آگے سدّ زبان ہے لازم — تسبیح خوان رہے چپ جب تا امام پہونچے

دہشت اسیر کیسی رحمت ہوئی خدا کی
پہونچی قضا جو اپنی بارہ امام پہونچے

ساتھ ابرو کے رخ پہ خال بہی ہے — ماہ بہی نجم بہی ہلال بہی ہے
ضعف بہی رنج بہی ملال بہی ہے — کچھ نہ پوچھو کہ مجھ مین حال بہی ہے
آپ ہین لطف و قہر کے مختار — لب ہلاؤن مری مجال بہی ہے
ہون تو مجرم مگر نہین مجھے پاس — جرم کے ساتھ انفعال بہی ہے

رنگ اوڑایا ہے کیا مرا تیرا
سیب جو زرد ہی ہے لال بہی ہے

خوش ہو ظاہر مین میری مرنی بہی
سچ کہو دل مین کچہ ملال بہی ہے

ساتہ تابوت کے چلا جو وہ شوخ
مین یہ سمجہا کہ اسمین چال بہی ہے

خواب کا قصد ساتہ غیرون کے
کچہ کسی کا تمہین خیال بہی ہے

میری طالب ہین سب جو مثل ہلال
نقص کے ساتہ کچہ کمال بہی ہے

دیکہ لے آسمان پہ حال قمر
کاملون کی لیے زوال بہی ہے

مر ہی جاؤن گا دیکہ کر اوسکو
ایکدن وصل ہی وصال بہی ہے

ترک مطلب کی کر خدا سے دعا
اس سی بہتر کوئی سوال بہی ہے

دو بلاؤن مین پہنس گیا ہی یہ دل
عشق خط ہی ہی عشق خال بہی ہے

چپ ہو سنکر جو میرے مرنیکو
کیا کوئے اور احتمال بہی ہے

کر دیا وصف چشم سنے یہ شوخ
کہ غزل ہی یہ غزال بہی ہے

یہ جو تمنی غزل کہی ہے اسیر
عاشقانہ ہی حسب حال بہی ہے

ہر کو چمین اوسکی جستجو کی
چہوٹی نہ گلی رگ گلو کی

باقی نہین دل مین کوئی حسرت
حسرت ہی تو ترک آرزو کی

منصور پکارا اوٹہا انا الحق
تہا مست بہک کی گفتگو کی

گلشن مین نقاب تم ہی اولٹو
گل لینی لگی ہین رنگ و بو کی

زاہد تری زہد خشک سی ہی
شکل ایک تیمم و وضو کی

دامن سے جو تہی اشک پونچہے
ہجہ خاک نشین کی آبرو کی

ای تیغ جفا کے نکہ نا | سوگند تجھے مری لہو کی
بند آنکھ ہوئی نہ ہجر کی شب | حالت رہی چاک بی رفو کی
حقا کہ وہ تیغ سے شناسا | گردن گردن گلو گلو کی
دیکھی شب ہجر جب کو اب | سمجھی کہ یہ فوج ہی عدو کی
ٹھکرا کے نہ چل مزار عاشق | او سالک راہ بد سلو کی
پہنا جو کفن سفید سے تجھے | یہ صبح سے ہے شام آرزو کی
اول تو رہی تلاش دنیا | آخر کو اجل کی جستجو کی
عبرت سے کہا بنی جو تربت | سرحد ہی یہ ملک آرزو کی

ہی زخم دہن اسیر اپنا
جو آہ ہے دہار ہے لہو کی

تصور مین جو روئی لالہ گون ہے | گریبان نظر گرداب خون ہے
پری دیوان سی فکر وصل ای دل | غضب سودا قیامت کا جنون ہے
کرین زیر فلک کیا خاک آرام | کہ مسکین زیر سقف بی ستون ہے
دم تحریر غم نالان سے ہے ہر کلک | قلمدان بھی ہمارا ارغنون ہے
کیا ہی ضعف نی اسد رحیہ حس | کہ جنبش بھی مری عین سکون ہے
مری گی بیان عشق ای قیس | تجھی سودا ہی وحشت ہی جنون ہے
فلک ہی یا کوئی شیشہ ہی ساقی | شفق ہی یا شراب لعل گون ہے
تلف جیسی ہوئی فرہاد کی جان | سر تیشہ خجالت سے نگون ہے

اسیر اسکو نہین میرا جو ماتم

لباس آسمان کیوں نیلگوں ہے

کسی دن طور پر وہ گل جو بہر سیر آ نکلے
شجر سے انت منی انت منی کی صدا نکلے

ہوئی یہ حیا کو مدت کہ غل زنجیر کرتی ہے
رہا ہو جلد یہ قیدی مری گھر سے بلا نکلے

جوانی دی اگر تو نے تو یہ بھی اے خدا اس سے
شباب آشنا ٹھہر جائے کہ دل کا حوصلہ نکلے

خیال ضبط ایسا ہے جو پتھر سے کوئی توڑے
نہیں ممکن کہ اپنے شیشۂ دل سے صدا نکلے

تصور ہے جو مرنے پر بھی اوس کندن سے چہرے کا
کھلیں تختی جو اپنی قبر کی کان طلا نکلے

مٹا دیتی ہے ظلمت شب تاریک جدائی کی
سہا چمکی تو کیا چمکی قمر نکلی تو کیا نکلے

عبث رکھتا ہے زاہد ہم پہ تہمت بت پرستی کی
چلی تھی جانب مسجد سوئے بتخانہ آ نکلے

بلایا ہے ہمیں خط لکھ کے اوس خورشید طلعت نے
روانہ ہوں قمر عقرب سے جلدی اے خدا نکلے

یہاں تک خلاف ہے کہ اوسکی مصحف رخ میں
جو دیکھی فال ہے عاشق خلاف مدعا نکلے

غبار راہ تاثیر سیہ بختی سے سرمہ ہے
میں بن جب قافلے میں خاک آواز درا نکلے

ترش ہو ہو کے کیا کیا گفتگو ہے تلخ کرتی ہو
کہوں میں بھی اگر امیا تو کہیے کیا مزا نکلے

یقیں ہے آدمیت کا نشان مر کر نہ زائل ہو
بجائے سبزہ اپنی خاک سے مردم گیا نکلے

شمیم برگ گل ملتا ہے کہیں صحن گلستاں سے
تمنائے دل بلبل قفس میں اے صبا نکلے

وجود اللہ کا ہے خلقت کونین سے ثابت
نتیجہ جس طرح صغرا و کبری سے جدا نکلے

تپ حاسد سے کر کے بیمار ایسے رہے حکیموں کو
مریض عشق اگر ہو کر سوئے دار الشفا نکلے

زمین گور کو ہم ملک بیگانہ سمجھتے تھے
بہت سے لوگ لیکن اپنی صورت آشنا نکلے

اسیر اپنی کروں طاعت اگر ہو دیر میں جانا
کہیں تحسین برہمن بت کی منھ سے مرحبا نکلے

ہجر مین عیش کہان بادہ او جام مین ہے
جامہ بھی میری طرح گردش ایام مین ہے

صرد تک طرفہ تری چشم سیہ فام مین بھی
مشک نافہ عوض مغز اسی بادام مین ہے

صید لاغر تھا پھنسایا مجھی چوکا صیاد
مین نہین وہ دام مین گیا وہ مری دام مین ہے

در جانان پہ دی جاکی جو دستک مینی
سوت بولی کہ ٹھہر وہ ابھی آرام مین ہے

چشم معشوق سی اس بی بصری ہی عوی
سخت بیمغز ہی سودا سر بادام مین ہے

رہنی آیا نہین اس منزل ہستی مین کوئی
جو مسافر ہی وہ چلنی کی سرانجام مین ہے

ایک بھی ہو نہ سکا وصف لب اوسکا ہر چند
عمر گذری کہ زبان اپنی اسی کام مین ہے

پہاندی یار کی دیوار غنیمت ہی یہ وقت
تیرہ شب خواب مین ہین پاسبان سگ آرام مین ہے

خوف تنہائی سی لرزتا ہون تو کہتی ہین یہ لوگ
کثرت مے سی یہ رعشہ تری اندام مین ہے

خانہ تن کا بھی معلوم ہی منعم کو ثبات
اسقدر صرف جو تعمیر در و بام مین ہے

دیکھہ لی کلک شکستہ کی قلمدان مین جگہہ
توڑ کر پاون جو بیٹھا ہی وہ آرام مین ہے

کیا ہوا سرخ جو ہین تیرہ دلونکی چہرے
شام تاریک ہی سرخی شفق شام مین ہے

تن ہوا زار نہایت تو بنا موی کمر
عشق کہتی ہین جسی حسن وہ انجام مین ہے

میری قسمت کی جو دانی تھی سبہی ای صیاد
چاک غربال کی مانند تہ دام مین ہے

سیر عالم کی اگر جام مین جم کرتا تھا
ساقیا سیر دو عالم کی مری جام مین ہے

نخوت حسن ہی بیفائدہ سوچو تو ذرا
اک حسین اور بھی آئینہ حجام مین ہے

جو مشرف ہوا دوری کی زیارت سے اسیر
سر برآوردہ وہی حلقۂ اسلام مین ہے

کیا کہین ہم عدم سی کیا لائی
اک دل دردآشنا لائی

بتکدے مین بہل گیا دل زار
اب حرم مین ہمین خدا لائے

مہندی قاتل کی ہاتہ تک پہونچی
دیکہین اب یہ رنگ کیا لائے

مرگئی ہم تو بولی قبر سی موت
تیری روٹہے کو ہم منا لائے

دی کی دل اوسکو نقد بوسہ لیا
کچہہ بگاڑا تو کچہہ بنا لائے

درد دل جب سنا بگڑ کی کہا
لو نئی داستان بنا لائے

نہوی سبزہ زار خاک لحد
خضر تشریف بارہا لائے

ضعف سی ہم ہین شکل نادیدہ
کوئی خاطر مین ہمکو کیا لائے

نہ ہنسا لوگ تیری محزون کو
زعفران زار بہی دکہا لائے

روبرو اوس صنم کی ہم لب تک
ڈرتی ڈرتے خدا خدا لائے

خط نی اوسکی دکہائی شام فراق
مورچی فیل کو لگا لائے

ہو گرسنہ اگر سگ لیلے
استخوان قیس کی ہما لائے

قاصدون کو جواب جب نملا
پرزے مکتوب کی اوٹہا لائے

دل بیغما اسیر برد ز من
سروقدی بلند بالا لائے

عشق گیسو و جو چاک سینہ ہے
حال شانے کا ہمین آئینہ ہے

ہم بہی اوس پیر مغانکی ہین مرید
خضر جسکا خادم دیرینہ ہے

دی کی می تہوڑی بہت ساقی نشاط
آج ای ساقی شب آدینہ ہے

وصف قاتل مین لکہو مین شعر نو
شاہنامہ دفتر پارینہ ہے

بال اوسکی جہک کی کتنی ہو گئے
تیری وحشی کو یہی پشمینہ ہے

کیا ملی بوسہ وہ رخ ہی زیر زلف
سانپ کی مٹھی مین یہ گنجینہ ہے

لب ہی مشکل بام وحشت پر عروج
راہ ناہموار صحرا زینہ ہے

جلا اوسکا جو آیا روبرو
روی جانان آتشی آئینہ ہے

عشق رخ مین یہ خمیدہ ہو گیا
سر ہی مصحف رحل اپنا سینہ ہے

کیا کرون ای خضر مین آبحیات
حال اسکندر مجھے آئینہ ہے

کارگر کیا ہو گی تیغ اعتراض
ہر رباعی اپنی چار آئینہ ہے

کام کیا گرد کدورت سے اسیر
صاف اپنا سینۂ بی کینہ ہے

تیری در کی نہ کبھی مجھسے گدائی چھوٹے
ای شہ حسن اگر سارے خدائی چھوٹے

چاندنی شب مین جو بی پردہ وہ مہرو نکلے
شرم سی ماہ کی چہرے پہ ہوائی چھوٹے

مخلصی زلف کی زنجیر سی پائی لیکن
قید الفت سی نہ ہم بعد رہائی چھوٹے

وصل ہونی پہ رہی ہجر کا کھٹکا باقی
چاہیی ہاتھ سی اوسکی نہ کلائی چھوٹے

ترک ہم رند بھی بی شبہہ کرین بادہ کشی
زاہدو تم سی اگر زہد ریائی چھوٹے

چاہ یارون مین کہان قصۂ یوسف ہی دلیل
جوش یاری جو حسد بھائی سی بھائی چھوٹے

تیری کشتونکی جلانی مین مسیحا کو ہی خوف
جی نہ کیونکر دم اعجاز نمائی چھوٹے

وہ مسیحا جو خبر لے کبھی بیمارون کی
مرض و طمع کی بحران مین لڑائی چھوٹے

اسقدر وصف مین اوسکی کف رنگین کی لکھون
کہین بازار مین کاغذ نہ حنائی چھوٹے

آستین یار کی ہاتھون مین الہی آجائے
دامن دل سی کبھی داغ جدائی چھوٹے

سرخرو روز قیامت ہو شہیدون مین شمار
جب اسیر او ترک ترا دست حنائی چھوٹے

ای جرس مغز پریشان ہی یہی تو سیف کا
خوب ہو تجہسے اگر ہرزہ درائی چھوٹے

عمر بہر کیون نہ ملون مین کف افسوس اپنے
ہاتہ سے میری جو وہ دست حنائی چھوٹے

رنگ غم جس سی ٹپکتا ہی خوشی ہی تو یہ ہے
خون فشان زخم کی صورت ہون ہنسی ہی تو یہ ہے

مہر بہی رکہتی ہین الفت بہی وفا بہی عاشق
صبر کا نام نہین ان مین کمی ہی تو یہ ہے

نشۂ مے کا ہی انجام خمار ای ساقی
سب طرح کا ہے مزا بدمزگی ہی تو یہ ہے

رونق جادہ ہی پرزون سی مری دامن کی
وحشت مین پارچی والونکی گلی ہی تو یہ ہے

سیکڑون حادثہ مردہ جلا دیتا ہی
لب جانان مین مسیحا نفسی ہی تو یہ ہے

تیغ جلاد گلی سے ہمسے ملے گی آکر
عید اضحی کی غریبونکو خوشی ہی تو یہ ہے

بادہ صاف تو سبکو ہمین دردتہ جام
کرم پیر خرابات کبہی ہی تو یہ ہے

ساتہ ہی آئین سگے بالین پہ امید دم نزع
ملک الموت کی آنی کی خوشی ہی تو یہ ہے

چلتی چلتی سر قرطاس ٹہر جاتا ہے
حسن سب اپنے قلم مین ہی بدی ہی تو یہ ہے

فقر اسے ہی یہ سپید ہا امرا سی ٹیڑہا
راستی ہی تو یہ ہی دل کی کجی ہی تو یہ ہے

عاشق احمد مختار مرا دل ہی اسیر
اس زمانی مین اویس قرنی ہی تو یہ ہے

لیجیے دل اگر ارادہ ہے
کیا کوئی آپ سی زیادہ ہے

منہ نہ شیشے کا بند کر ساقی
در توبہ ابہی کشادہ ہے

رند زاہد کی کیون کرین تعظیم
کیا کوئی پادشاہزادہ ہے

کوئی پہرتا ہی جا کی عہد شباب
یہ بہی مخدوم کا اعادہ ہے

ابھی کم سن ہے خط نہین نکلا / ورق روی یار سادہ ہے

ہون سوار جنازہ ہو کی خجل / کہ ہر اک آشنا پیادہ ہے

کون پیاسا ہی واجب التعظیم / آب شمشیر ایستادہ ہے

جسکو کہتے ہین لوگ موی کمر / صاف مالک عدم کا جادہ ہے

لاغری سے ہی ابتو یہ عالم / کہ مرا رخت تن لبادہ ہے

زور وحشت سی مری قبضہ مین / قوس گردون تلک کبادہ ہے

کچہ نہین فرق سب اِیہ مین / ایک بارہ کا خانوادہ ہے

کون گلرو ہے وار میدان / معرکہ باغ سے زیادہ ہے

گل اسوار ہے ہر ایک سوا / ہر پیادہ گل پیادہ ہے

فی الحقیقت تری سخن مین امیر / ایک عالم کو استفادہ ہے

باغ مین آکر جو شبنم رو گئی / بلبلونکی حق مین کانٹے بو گئی

کس کا شکوہ کیجیے کسکا گلا / تھی بقدر مین جو ہونی ہو گئی

ہجر کی شب منتظر ہون دیر سے / موت یارب مرگئی یا سو گئی

نشۂ زر مین یہ منعم کو ملا / عقل سی بیدار دولت سو گئی

مرحبا اشک ندامت مرحبا / خط عصیان کی سیاہی دھو گئی

وصل کی شب بھی نہ نکلا کام دل / جاگ اٹھی وہ میری قسمت سو گئی

ہین پیام مرگ یہ موی سفید / جاگ غافل صبح پیدا ہو گئی

بی ثباتی اس چمن کی دیکھکر / بھر رہی تھی خوب شبنم رو گئی

قیصر و خاقان و کیکاؤس و جم
چار دن سبکی حکومت ہو گئی

کون مجھ بیکس کا ماتم دار تھا
خاک پر ہان آ کی بدلی رو گئی

کوئی قاتل سے بچاتا تھا اسیر
پھنس گئی آفت مین جان آتو گئی

سرکی بھل سوی بت بدخو چلے
یون چلی ہم جسطرح آنسو چلے

وصل کی محفل ہوئی میدان جنگ
تیر مژگان خنجر ابرو چلے

باغ ہستی مین سبکروحی سی ہم
مثل رنگ آئی برنگ بو چلے

کب تلک الفت رہی بیراہ رو
ہم جو تھک کر گر پڑی آنسو چلے

جانتی ہین ہم تجھے ای چشم یار
سامری پر بھی ترا جادو چلے

کالیون سی بات کی بھلت یہنین
کیا کسی کی تجھسے ای بدخو چلے

قد جانان سی ہی باغی سرو باغ
وار پر رکھدون اگر قابو چلے

ہمکو چلنا ہو نقاہت سی محال
ای صبا کوچین اوسکی تو چلے

تیغ چل جاتی تو کیا اسکا عجب
جسجگہ ذکر خم ابرو چلے

میوۂ فصلی ہمین بھی چاہیے
دیجیی بوسہ کہ شفتالو چلے

رحم پر لائی سنا کر درد دل
رات اوس سی ہم بہ پہلو چلے

غیر اوسکے پاس ہم ہوای اسیر
کیا کرے جسکا نہ کچھ قابو چلے

جو مزی جینی کی تہے سب جا چکے
جان بھی جاتی کہین جب گھبرا چکے

مدتین گذرین وہی ہے آج کل
ہی یہی آنا تو بس تم آ چکے

ترک الفت دل نہین کرتا قبول
حق جو سمجہانے کا تہا سمجہا چکے

وای قسمت تب ہوی وا اپنی آنکہہ
جب سرا سی سب مسافر جا چکے

اب تو اوٹہو اسنے کو تابوت آئی
لوگ مردی کو مری کفنا چکے

دیکہو یکتائی کا یہ کس منہ پہ ناز
آئینہ ہی ہم تمہین دکہلا چکے

روز کی دہڑ کے کہان تک واعظو
ہو قیامت کو جو آنا آ چکے

اب نہ ماننے دل جہنم مین پڑے
ختم حجت ہو چکے سمجہا چکے

وصل مین شک ہی کسی کافر کا کام
کر کے وہ وعدہ قسم بہی کہا چکے

سر کٹے ہو روز کا قصہ تمام
کہینچیے خنجر کہین جہگڑا چکے

ای فلک تو ہی لگا تیر ستم
ان نگاہدارون کو ہم چلا چکے

جنکو رہنا تہا وہ پیچہے رہ گیے
جنکو جانا تہا وہ آگے جا چکے

جانتا ہون بید ماغی آپ سے کے
دل مرا باتون مین تم بہلا چکے

عاشقی سے اب تو باز آؤ اسیر
دی سے کے دل سو بار دہوکا کہا چکے

جب دیکہتی ہین پاتی ہین چین بر جبین تجہے
پہینکین گی چاک کرکی ہم ای آستین تجہے

اللہ رے نور دین داغ سجود کا
سجدی مین صاف دیکہہ رہی ہی جبین تجہے

منظور حق ہوا کہ ہو بی پردہ قتل عام
کہینچی نہ تیغ قہر بنایا حسین تجہے

ناداں نہ بہاگ گور غریبان ہی سے قدر
آخر تو ایک روز ہی آنا یہین ہی تجہے

کرتا نہ کوئی قدرت کامل کا اعتقاد
کرتا اگر نہ خلق جہان آفرین تجہے

ای غم ہماری گہر سے نجا دیکہہ کہتی ہین
ایسا تو سیج گہر نہ ملے گا کہین تجہے

نفرت ہو گئی ہی ایسی مجھی تجھسی ای نانک
نفرین کرون اوسی جو کہی آفرین تجھے

تیری قدم کہان مرا او جٹرا امکان کہان
اتنو بحال جذب کا آیا یقین تجھے

بزم خیال اہل جنون مین ہی تو بیدست
کرتی ہین نالہای جہان جو رہین تجھے

شیرین ہی تو یہ خسرو و فرہاد کا ہی زخم
سمجھا ہی قیس لیلی محمل نشین تجھے

حق تو یہ ہی کہ کرتی ہین سب ادعوی ورد
میری سوا کسی نی بہی دیکھا نہین تجھے

ترجیع ہی سخن پہ خموشی کو ان دنون
دم بہر اسیر فکر کی فرصت نہین تجھے

جاؤ سب ہے تمکو اگر جانا ہے
اپنی قسمت ہی مین مرجانا ہے

آشنائی پہ تری بیٹھے ہین
اودہر آنا نہ اودہر جانا ہے

چاہیے شکر جو گذری گذری
آخر اک روز گذر جانا ہے

اس سرا مین ہی مقام اک شب کا
شام آنا ہی سحر جانا ہے

ہم تہی بخت کہان عیش کہان
دن فقط زیست کی بہر جانا ہے

گہر سے نکلے ہین سر راہ مگر
نہین ثابت کہ کدہر جانا ہے

خط لکہی یار تو دولت ملجای
ہنڈوی کا یہ سکہر جانا ہے

عشق ابرو نہ کرین جسم کہو نکر
تیغ کی گہاٹ اوتر جانا ہے

کوچہ اوس ترک کا ہی جادہ تیغ
پانون رکہنا نہین سر جانا ہے

کہو جو ڑی سی نزو کی رستہ
زلف کو تا بکمر جانا ہے

دم رفتار دم سرد بہرین
ٹہنڈی ٹہنڈی ہی جنہین گہر جانا ہے

ہجر مین جسم ہی بیجا ای جان
اپنا جینا نہین مرجانا ہے

شام سے کیا ہمین نیند آئی اسیر
کہ سفر پچھلے پہر جانا ہے

گلی مین یار کی بہرے لو پہر بہاری ہی پہولونکی
یہان ہی تیسرا دن اور طیاری ہی پہولونکی

تمہاری خوشنویسی یا گلستان کا تماشا ہی
جو وصلی ہی خط گلزار کی کیاری ہی پہولونکی

حسین خاموش تہی صد شگوفہ باتین کہین من کہلے
نمائش ہو چکی غنچونکی اب باری ہی پہولونکی

تونگر چار دن کو پہول لین بی اصل دولت پر
جہان مین مالداری انکی زرداری ہے پہولونکی

خدا حافظ ہی طفل باغبان کا ہمکو کہٹکا ہے
کہ وہ نازک بہت اور ٹوکری بہاری ہی پہولونکی

کیی کتنی فلک نی طاق میخوانونکی بیرونق
نہ مینا کاری مینا نہ گلکاری ہے پہولونکی

جا دی بادۂ گلرنگ کا ہی رنگ ای ساقی
چمن مین بہینی بہینی بو کہینچی پیاری ہے پہولونکی

حسین کہنی لگی جیسے سر بازار گلباری
بن آئی گلفروشونکی خریداری ہی پہولونکی

فراق یار مین گل اسقدر اعضا پہ کہائی ہین
کہ اپنی قصر تن مین چار دیواری ہے پہولونکی

